# زبدة اللغات

المعروف بہ

# لغات سروری

یہ ایک کتاب جامع لغات مفید ارباب مدارس ہی ایک تادہ سے جسقدر الفاظ عربی خواہ فارسی
یا ترکی یا مشترک اللسانین جہانتک جملہ کتب درسیہ متعارفہ متداولہ مطول اور مختصرین
مستعمل ہین مع شرح معانی زبان اُردو مین وہ سب مفصلاً و مشروحاً اس کتاب مین مندرج
ہین اس کتاب کے اٹھائیس باب اور فصول ہین عمدہ تر یہ ہی کہ یہ کتاب واسطے شعرا اور
قافیہ سنجون کے ازبس مفید ہی کہ اسمین ردیف ابواب ہر لغت کے آخر پر رکھی ہی اور فصول
مین تغیر و تبدل حرف اول مین لحاظ ترتیب حروف تہجی کا بھی رہا ہی یہ مجموعہ شگرف و نادر

**مصنفہ سخنور عالی گوہر جناب مفتی غلام سرور صاحب لاہوری**

جنکی تصانیف سے خزینۃ الاصفیا و گلدستہ کرامت و گنجینہ سروری و گلزار شاہی وغیرہ ہین
انھون نے چند سال کی مشقت مین بہت تحقیقات کے ساتھ یہ مجموعہ کتاب کا جمع کیا
کتب معتبرہ غیاث اللغات برہان قاطع صراح وغیرہ اور فرہنگون معتبرہ سے اور حق تالیف اس مطبع کو دیا

بنظر افادۂ عام بار سوم
مطبع نامی منشی نولکشور واقع لکھنؤ مین طبع ہوئی

١٨٩٨ع

اطلاع — اس مطبع مین ہر علم و فن کی کتب کا ذخیرہ سلسلہ وار فروخت کے لیے موجود ہے جسکی فہرست مطول ہر ایک شائق کو چھاپہ خانہ سے ملسکتی ہے جسکے معائنہ و ملاحظہ سے شائقان اصلی حالات کتب کے معلوم فرماسکتے ہیں قیمت بھی ارزان ہے اس کتاب کے ٹیٹل پیج کے تین صفحہ جو سادے ہین انمین بعض کتب لغت اُردو و فارسی وغیرہ درج کرتے ہین تاکہ جنس فن کی یہ کتاب ہے اُس فن کی اور بھی کتب موجودہ کارخانہ سے قدردانون کو آگاہی کا ذریعہ حاصل ہو۔

## کتب لغات عموم المنفعت اُردو

کریم اللغات — فارسی و عربی لغات کا اُردو بیان مولفۂ مولوی کریم الدین —

نفائس اللغات — الفاظ اُردو کی تشریح بزبان فارسی مولفۂ مولوی اوحد الدین بلگرامی —

امان اللغات — مولفۂ مولوی امان الحق معناً عربی کے مشتقات کا بیان —

نصیر اللغات — ترجمۂ اُردو غیاث اللغات — لغات فارسی معین اُردو مشتقات صیغہا سے فارسی کا بیان اُردو مین —

لغات کشوری — مولفۂ سید تصدق حسین —

لغات ناصری — ہر قسم کے لغات بترتیب حروف تہجی —

اربع عناصر — چار زبانون مین لغات یعنی عربی و فارسی و اُردو وانگریزی مصنفۂ مولوی ناصر علی آروی —

جامع اللغات — عربی و فارسی و اُردو کے لغات کی تصریح اور روزمرہ محاورے جنکا علم ہر شخص کو ضروری ہے کامل دو جلدون مین —

## کتب لغات عامہ غیر مختص فارسی

کشف اللغات — مستند از فاضل عبد الرحیم کامل در دو جلد مطبوعہ شہر ہند —

غیاث اللغات — مع چراغ ہدایت و نقشۂ کرۂ زمین —

غیاث اللغات — بغیر چراغ ہدایت —

نصاب — مع احسن النصاب یعنی شرح لاجواب از مولوی محمد حسن —

برہان قاطع مع تکملہ واضح قلم مشہور لغت —

بہار عجم — مشہور از ٹیکچند بہار —

مؤید الفضلا — عربی و فارسی و ترکی لغات مستند ومعتمد کامل در دو جلد —

لغات المبتدی — رائج کتب درسیہ از ملا سیف اللہ —

نصاب الصبیان — نظم از ابو نصر فراہی —

فرہنگ گلستان — از میر ابن حسن مرحوم —

فرہنگ بوستان — 〃 〃

فرہنگ سکندرنامہ بری — 〃 〃

فرہنگ زلیخائے جامی — 〃 〃

فرہنگ لغات — مثنوی مولانائے روم از شاہ عبد اللطیف —

شرح معمائے نصیرائے ہمدانی — از امام بخش صہبائی —

ہفت قلزم — لغت مین کالم کی سات جلد مین یکجائی بڑی نامی وگرامی کتاب جو غازی الدین حیدر بادشاہ اودھ کے حکم سے مولوی قبول محمد نے مرتب کی مطبوعۂ ۱۸۹۱ء

فرہنگ جہانگیری — از جمال حسین مستند معروف

بعون صانع مکین و فضل خلاق زمین و زمان

یہ لغت کی کتاب لاجواب فائدہ بخش شیخ و شاب الموسوم بہ

# زبدۃ اللغات

المعروف بہ

# لغات سروری

مصنفہ مفتی معنی پرور سخنگوی نامور مفتی غلام سرور لاہوری

مطبع نامی منشی نولکشور لکھنؤ میں مزین بہ طبع ہوئی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نام ہے کیا نام نام کردگار ۔ جسکا ہے سارا زمانہ مدح خوان
ہر گھڑی ہر وقت جسکے نام کا ۔ رکھتے ہین اہل زبان ورد زبان
ہر زمین ہر ملک و ہر اقلیم مین ۔ جسقدر ہین صاحب نطق و بیان
اپنی اپنی اصطلاحون مین تمام ۔ ہین لگے اسکے ذکر سے رطب اللسان
اسکو رب اہل عرب کہتے ہین سب ۔ اور فارس مین خداوند جہان
کہتے ہین کرتار و پرمیشر اوسے ۔ ساکنان خطۂ ہندوستان
مشتغل ہین اسکے ذکر و فکر مین ۔ حور و غلمان وحش و طیر و انس و جان

سرورا کر یاد اس خلاق کو
ہر گھڑی ہر وقت ہر دم ہر زمان

بعد حمد ثنائے رب العالمین و نعت سید المرسلین خاتم النبیین احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلے اللہ علیہ وسلم و مدح خلفائے راشدین رضوان اللہ تعالے علیہم اجمعین بندہ احقر غلام سرور خلف مفتی اشرع الامجد غلام محمد قریشی لاہوری خدمت مین ارباب دانش و بینش و صحاب اہل بصیرت کے یہ عرض کرتا ہی کہ اس سے پہلے بھی مولف نے چند کتابین مثل گلدستۂ کرامت و خزینۃ الاصفیا و گنج تاریخ و اخلاق سروری و مخزن حکمت و مخزن پنجاب و گلزار شاہی و دیوان سروری و لغت سروری

و گلشن سروری و حدیقۃ الاولیا لکھی ہیں جو بار بار چھپکر تحفہ نظر احباب ہو چکی ہیں۔ اب یہ ارادہ ہوا کہ ایک اور مفید نسخہ لغت کے علم میں ایسی طرز سے لکھا جائے کہ شعرا کو قافیہ و ردیف میں مدد دے اور شائقین لغت کو لغت میں۔ اور ردیف ہر ایک لغت کے اخیر حرف پر رکھی جائے پہلے حرف کی ردیف کی تغیر و تبدل کا بھی از روے حروف تہجی لحاظ رہے فارسی و عربی کے لغات معانی اردو زبان میں تحریر ہوں۔ چنانچہ چند سال کی محنت کے بعد یہ مفید نسخہ تحریر میں آیا اور بڑی بڑی کتابوں برہان قاطع و غیاث اللغات و منتخب و رشیدی و صراح وغیرہ سے لغات انتخاب ہوکر اسمیں درج ہوئی اور لغات سروری نام رکھا گیا اور اٹھائیس باب پہ اسکی تقسیم عمل میں آئی فصلیں ہر ایک باب کے پہلے حروف تہجی کی رعایت سے علیحدہ علیحدہ قرار پائیں اور ابواب اخیر حروف کے شمار پہ قائم ہوئی اور نشان ہر ایک زبان کا ہر ایک لغت کے ساتھ تحریر ہوا۔ یعنے جو عربی لغت ہے اُسکے ساتھ عین اور فارسی کے ساتھ فا اور ترکی کے ساتھ تا۔ اور یونانی کے ساتھ یا علی ہذا القیاس تحریر ہوا۔

قطعہ تاریخ اختتام کتاب از مفتی غلام صفدر خلف مولف کتاب تخلص صفدر لاہوری

لغات سروری نادر کتابے است
که مطبوع همه خلق جهان است

زبان دار و زبان دانے که در کام
چو نقش دائما رطب اللسان است

کنند گنج معانی حاصل از وے
هر آن مردے که مرد نکته دان است

گهر ہائش ببازار معانے
چو مروارید در قیمت گران است

بهر سوئے و بهر ملک و بهر شهر
چو دریائے روان فیضش روان است

پئے هر لفظ تفصیل معانی است
برائے هر لغت شرح و بیان است

معانی بر معانے لفظ بر لفظ
بصد خوبی نوشته اندران است

اگر ناخوانده خواند خوانده گردد
که این تحریر استاد زبان است

رفو قافی رقم شد سال تاریخ
که دالا مخزن اہل زبان است
۱۲۹۳

ایضاً از مفتی غلام حیدر تخلص حیدر

بعلم لغت نادرست این کتاب
شد این منبع علم و فضل و ہنر
سخن سنج دانائے شیرین زبان
بسر برد و رغم کر این کار خیر

عجب نسخۂ علم حاصل ہے علے
بہ پنجاب جاری بفضل خدا
فصیح البیان سرور باصفا
باندیشہ و رنج و غم سالہا

چو شد ختم حیدر بسالش نوشت
کہ شد تحفۂ سرورے بے بہا
۱۲۹۳

پہلا باب اُن لغات کے بیان مین جنکے
شروع مین الف ہے اور پہلا حرف
ہجی تمام حروف تہجی کے ساتھ اپنے
اپنے موقع پر بدلتا جاتا ہے اسمین
انتیس فصل ہین

## پہلی فصل

اُن الفاظ کے ذکر مین جنکے اول
و آخر الف ہو اور اول کا الف اور
حروف تہجی کے ساتھ اپنے اپنے
موقع پر شامل ہو جاتا ہے

### الف با الف یعنے الف ممدودہ

آبا ع پدران باپ دادا یہ لفظ اب کی جمع ہے
آبلاف کشمیر مین ایک نہر کا نام ہے۔
آتش پا ف بیقرار و مضطرب و بے آرام

آشناف شناور شناوری تیرنے والا اور تیرنا
مجازاً دوست و روشناس و واقف۔
آلاع نعمتین یہ لفظ الا کی جمع ہے۔
آل تمغات۔ جاگیر دنیا نسلاً بعد نسل اور زمین بخشنا
آل عبا خطاب آل محمد صلے اللہ علیہ وسلم
آہا۔ ف یہ ایک کلمہ تعجب و افسوس کا ہے۔
آہن رباف مقناطیس یعنے چمک پتھر۔
آیا۔ ف کلمہ افسوس و استفہام و تعجب ہے۔

### الف با باء

اِبتغاع خواہش آرزو چاہ۔
اِبقاع باقی رہنا۔ ہمیشہ رہنا۔
اِباع انکار کرنا کسی اقرار یا بات سے۔
اَباع آش و شوربا جو آبدار ہو۔
اَبناع ابن کی جمع ساتھی ہمجنس بھائی برادر۔
اِبلاَع محنت مین ڈالنا۔
اِبطاَع توقف کرنا ٹھہرنا ڈھیل کرنا۔
اِبناَع پسران یعنے بیٹے و اولاد صلبی۔

اِبْنَاء بنا کرنا بنیاد رکھنا آغاز کرنا۔
اِبْرَاء بری ہونا بیزار ہونا پاک ہونا۔
اِبْدَاء ظاہر کرنا پیدا کرنا۔
اِبْتِدَاء آغاز کرنا شروع کرنا۔

## الف با تار

اِتِّقَاء پرہیز کرنا بچنا خوف کرنا۔
اِتِّکَاء تکیہ کرنا بھروسا کرنا۔
اِتِّفَاقًا اچانک کسی صورت سے۔
اَتْقِیَاء جمع تقی پرہیزگار لوگ و بزرگ لوگ۔

## الف با ثار

اَثْنَاء میانہ اور موقع درمیانی ہر چیز کا
اِثْنَاء دو یعنے دو کی تعداد۔

## الف با جیم

اِجْتِبَاء اختیار کرنا اجابت کرنا قبول کرنا۔
اِجْتِنَاء پھل چننا میوہ جمع کرنا اکٹھا کرنا۔
اِجْتِرَاء جرات کرنا دلیری کرنا۔
اَجِلَّاء جمع جلیل کی بہت بزرگ لوگ۔
اِجْرَا اجرِی جاری ہونا اور وظیفہ مقررہ۔
اِجْزَاء جزیہ دینا اور جزا دینا۔
اَجْزَاء کسے چیز کے ٹکڑے اور جزو۔

## الف با حا

اِحْصَاء شمار کرنا گننا کسے چیز کا۔
اَحِبَّاء جمع حبیب کی بہت دوست۔

اَحْلَا و اَحْلٰی بہت شیریں اور لذت دار۔
اِحْیَاء زندہ کرنا جلانا بیجان چیز کا۔
اَحْشَاء جو چیز شکم میں ہو مثل روده وغیرہ۔
اِحْتِمَاء حمایت کرنا اور پرہیز کرنا بیمار کا مفز خوراک سے
اَحْیَانًا جمع حین کی گاہ گاہ کبھی کبھی وقت بوقت۔

## الف با خار

اِخْصَاء خصی کرنا خصیہ نکال ڈالنا۔
اَخِلَّاء یاران دوستان جمع خلیل کی۔
اَخِسَّاء جمع خسیس کی کمینی رذیل لوگ ناچیز لوگ۔
اَخْترِجوزا ایک ستارہ عطارد جسکا گھر جوزا ہے۔
اِخَاء برادری رشتہ داری قرابت بھائی پن۔
اِخْفَاء چھپانا پوشیدہ کرنا۔

## الف با دال

اُدَبَاء جمع ادیب استاد لوگ ادب سکھلانے والے۔
اِدِّعَا دعوے کرنا آرزو کرنا مطلب بیان کرنا۔
اَدَا پہونچانا گذارش کرنا کسی امر کا۔
اَدْنٰی زبون ناکارہ بہت نزدیک۔

## الف با ذال

اِذَا ہر گاہ جب جس وقت جس موقع پہ
اَذٰی تکلیف دینا ایذا پہونچانا دکھ دینا۔
اَذْکٰی بہت دانا بہت زیرک عقلمند۔

## الف با رائے

اِرْتِقَاء بلند چلنا اوپر کو جانا ترقی کرنا۔

اِرجاء ع امیدوار کرنا بھروسا دینا۔
اردیاء ع ہلاک کرنا اردینا بیجان کرنا۔
اَرمیاء نام خضر یا الیاس پیغمبر کا۔
اِرتجاء امیدوار کرنا بھروسا کرنا۔
اِرخاء ع نرم سست کرنا۔
اِرتشاء ع رشوت کہانا کسی کارروائی کیواسطے ناجائز طور
اَرخات پشت یعنی پیٹھ جسکو قفا کہتے ہیں۔
اِرواء ع سیر کرنا تازہ کرنا۔
اِرتضاء ع راضی ہونا پسند کرنا کسی چیز کا۔

## الف با زاے

اِزاء ع مقابلہ و برابری۔
اَژدہا ف بڑا سانپ اور قسم سانپ کا۔
آزمات آزمانے والا کسی چیز یا شخص کو۔
اَزیرا ف اسلیے اسواسطے اس سبب سے۔
اَزکیاء جمع زکی کی ذہین آدمی۔

## الف باسین

اِستغناء ع غنی ہونا دولتمند ہونا اور بے پروائی۔
اِستبقاء ع باقی رہنا یا مدام رہنا درست رہنا۔
اِسقاء ع پانی پلانا یا شراب وغیرہ پینے کی چیز۔
اِستواء ع برابر ہونا ہم قد ہونا ہمدوش ہونا۔
اِسترضاء ع رضامند ہونا خوشنودی ظاہر کرنا۔
اِستا۔ نام کتاب شرح زند مصنفہ زردشت پیشوا مجوس
اِستدعاء التجا کرنا مانگنا خواہش کرنا۔

اِستقصاء ع نہایت درجکی خواہش ظاہر کرنا۔
اِستعفاء ع معاف کرانا اپنے جرم و خطا کا۔
اِستیفاء ع تمام کرنا پورا کرنا خاتمہ پر پہونچانا۔
اِستیلاء ع غالب ہونا غلبہ کرنا۔
اِستعلاء ع بلند ہونا اوپر چڑہنا
اِستثناء ع الگ ہونا علیحدہ ہونا نکالنا۔
اِستحصاء ع شمار کرنا گننا حساب کرنا۔
اِستسقاء ع پانی مانگنا اور ایک بیماری کا نام ہو
اَسارٰی ع جمع اسیر قیدیان بندی لوگ۔
اِستہزاء ع ہنسی تمسخر ٹھٹھا کرنا ایک دوسرے
اِسترخاء ع لٹک جانا۔ آویزان ہونا۔
آسا ف مانند مثل لفظ تشبیہ۔
آسیا ف چکی و آسیاب آٹا پیسنے کا پتھر۔
اِستنجاء ع بے نجس پاک کرنا دہونا پاک جگہہ کو۔
اِستلقاء ع پشت پر سونا سونیکے وقت۔
اَساء ع بدی کرنا۔ اسے ع رنج و دکھ مصیبت
اِستیناء ع ٹہرنا جنبش سے آہستہ ہونا
اَسماء ایک معشوقہ تھی جسپر سعد عاشق تہا۔
اِستجلاء ع روشن کرنا صاف کرنا جلا دینا۔
اِسفاء ع غم و اندوہ و اندیشہ و فکر۔
اَسخیاء ع جمع سخی بہت سے سخی لوگ۔
اِستشفاء ع شفا طلب کرنا آرام مانگنا۔
اِستضیاء ع طلب روشنی کی کرنا۔

## الف با شین

اَشقِیا ء جمع شقی بہت سے گمراہ لوگ فاسق فاجر
اِشتِرا ء خرید کرنا بیع مین لینا کسی چیز کا۔
اَشہیٰ ء بہت مرغوب نہایت دل پسند۔
اَشدا ء سختی کرنے والے سخت دل بے رحم
اِشتِہا ء خواہش آرزو تمنا بھوک۔
اَشیا ء جمع شے چیزین اسباب ہر قسم کا۔

## الف با صاد

اِصغا ء سننا گوش کرنا بات کا۔
اَصفِیا ء جمع صوفی صوفی لوگ صوف پوش لوگ
اَصدِقا ء سچے دوست راست گو لوگ۔
اَصلاً ء ہرگز بات بغیر آمیزش کی۔
اِصطِفا ء برگزیدگی و نیکوی و خوبی و صفائی۔
اِصحا ء تندرست لوگ جو بیمار نہون۔

## الف با ضاد

اِضحیٰ ء چاشت کے وقت کام کرنا۔

## الف با طا

اِطفا ء چراغ کا بجھانا یا آگ کا۔
اِطرا ء مبالغہ کرنا تقریر وغیرہ مین۔
اَطِبّا ء طبیب لوگ علاج کرنے والے۔

## الف با عین

اِعیا ء ماندہ ہونا یا ماندہ کرنا۔
اَعتا ء نافرمان لوگ جمع عتو کی۔
اَعمیٰ ء نابینا اندھا جسکو کچھ نظر نہ آتا ہو۔
اَعشیٰ ء نام ایک شاعر عربی کا۔
اِعتزا ء نسبت رکھنا اور منسوب کرنا۔
اِعصا ء نافرمانی و بلوہ و ہجوم کرنا۔
اَعضا ء جسم کے جوڑ جو علیحدہ علیحدہ ہین۔
اَعدا ء جمع عدو دشمن لوگ بدخواہ لوگ۔
اَعلیٰ ء بہت بلند بہت اونچا۔
اِعتلا ء بلند ہونا اونچا چڑھنا۔
اِعلا ء بلند کرنا اونچا کرنا کسیکو۔
اِعتنا ء غمخواری کرنا غم مین شامل ہونا۔
اَعِفّا ء جمع عفیف پاک لوگ صاحب عفت۔
اِعطا ء دینا اور بخشنا کسی چیز کا۔

## الف با غین

اِغرا ء جنگ پر آمادہ کرنا کسی جوانمرد کو۔
آغا ء صاحب مالک۔
اَغنِیا ء جمع غنی کی دولتمند لوگ۔
اِغضا ء چشم پوشی چھپانا آنکھہ کا۔
اِغوا ء بہکانا فریب مین لانا۔
اِغنا ء تونگر کرنا بے نیاز کرنا دولتمند کرنا

## الف با فا

اِفنا ء فنا کرنا پیدا کرنا نابود کرنا۔
اَفعیٰ ء کالا سانپ زہریلا اور ایک قسم کا سانپ
اَفسا ء افسون گر منتری آدمی۔

افشاء ع ظاہر کرنا کسی راز کا جو چھپا ہو۔
افترا ۔ بہتان اور جھوٹھ باندھنا۔

## الف با قاف

اقتضاء ع خواہش کرنا طالب ہونا تقاضا کرنا۔
آقا ف مالک و صاحب فرمان فرما۔
اقنا ع سرمایہ دینا و کسب کرنا کمانا۔
اقتنا ع حاصل کرنا کسی چیز کا۔
اقتفا ع پیروی کرنا پیچھے چلنا تابع ہونا۔
اقصا ع دوری و گناہ و محرومی۔
اقصے ع دورتر و نام بیت المقدس کا۔
اقربا ع عزیز و رشتہ دار و قرابتی لوگ۔
اقوا ع تمام ہونا اور نام ایک عیب کا عیوب قوافی سے جو نظم میں ہوتا ہے۔
اقلیمیا ع چاندی سونے کا میل جو مشہور چیز ہے
اقتدا ع پیروی کرنا پیچھے چلنا۔
اقضے ع بڑا قاضی اور اعلے حاکم ملک یا شہر کا۔
اقوی ع صاحب قوت زبردست۔
اقویا ع بہت سے زور آور لوگ زبردست۔

## الف با کاف

اکفا ع ہمسران و ہمنشینان و دوستان باہمی۔
اکتفا ع کفایت کرنا بس کرنا۔

## الف با لام

آلا ع خبردار رہو ہوشیار رہو۔
آلاء ع بمعنے نعمت و نیکی۔
التمغات پرگنہ و جاگیر جو کسیکو پادشاہ سے ملا ہو۔
الا ع نہیں تو و گرنہ اصل میں ان لا تھا۔
التمغات فرمان شاہی بابت ایمہ و جاگیر وغیرہ
التقا ع آپس میں ملنا ملاقات کرنا۔
القا ع پہونچانا پیشکش کرنا۔
التوا ع لپیٹنا مختصر کرنا کسی چیز کا۔
الفا ع پانا۔
الفا الفت کرنے والے دوست لوگ۔
الجا ع بدی سے بچانا گناہ سے بچانا۔
الجا نزاع میں ڈالنا دشمنی میں ڈالنا۔
التجا ع پناہ لانا آرزو کرنا کسے سے۔

## الف با میم

اما ع جمع است گروہا جماعتیں آدمیوں کی۔
آما ع کنیزک باندی زرخرید عورت۔
اما ع ترجمہ یا کہ اور جو۔
امّا ف لیکن پر اصل میں ام ما تھا۔
امضا ع نشان و علامت جو بادشاہی فرامین پر ہوتی
امرا ع جمع امیر بہت سے امیر اور حاکم لوگ
املا ع پر کرنا اور یاد سے لکھنا جیسے ہجا کی ترکیب سے
امنا ع امانت داران خزانچی لوگ۔
امعا ع رودہائے شکم پیٹ کی آنتیں۔
ام القری ع نام شہر مکہ معظمہ اور خطاب اسکا۔

## الف با نون

اِنطِفَاء آگ بجھانا افسردہ ہونا بجھنا۔

اَندَرْوَات آویختہ ونگون سا رہونا۔

اَنحَا جمع نحو طریقے اور رستی اور نحو ایک علم کا نام ہے

اُنَسَا جمع اَنیس بہت دوست اور مہربان۔

اِنزِوَا گوشہ نشینی و علحدگی وخلوت۔

اِنتِمَا بڑہنا بہولنا زیادہ ہونا۔

اِنہَا خبر دینا اطلاع پہونچانا۔

اِنحِنَا خم کہانا ٹیڑہا ہونا خم دار ہونا۔

اِنطِوَا لپیٹا جانا کاغذ وغیرہ کا۔

اَنَات ترکی مین والدہ اور عربی مین مین درہم کے معنے بہین

اِنجِلَا خالی ہونا میانہ تہی ہونا۔

اِنَا وقت وحین و موقع۔

اِنَا برتن وظرف کسی چیز کا بنا ہوا برتن۔

اِنتِفَا نیست ونابود کرنا فنا کرنا۔

اِنقِضَا گذرنا کسی مدت کا اور زمانہ کا۔

اِنتِہَا انجام و اخیر ہر چیز کا

اُستُے مادہ و عورت زن۔

اِنشَا پیدا کرنا شروع کرنا اور نام ایک علم کا اُس سے ترکیب عبارت نثر کی دریافت ہو سکتی ہے

اَنگُشت نما مشہور و ظاہر و رسوا۔

## الف با واو

اَوْلیٰ اچھا و نیک و سزاوار عمدہ۔

اَوْلیٰ مونث لفظ اول یعنے پہلی عورت۔

اَوْلیَا جمع ولی بہت سے دوست اور خویش

اَوْصِیَا بہت سے وصیت کرنیوالی جمع وصی

اوی شغال گیدڑ جو مشہور چارپایہ ہے۔

## الف با ہا

اِہدَا ہدیہ بہیجنا تحفہ دینا۔

اَہوَا بہت خواہشین اور آرزوئین۔

اَہلاً وسَہلاً و مرحبا یہ الفاظ خوشامدانہ عرب مین کسی مہمان وعزیز کے آنے کے وقت کہتے ہین

## الف با یا

اِیلیا سریانی زبان مین ماست کو آدمی اور نام ایک شہر کا اور نام بیت المقدس کا اور لقب مرتضے علی کا اور نام خضر پیغمبر کا۔

اَیَا ف کلمۂ افسوس و استفہام کا ہے۔

اَیرِسَا بیخ سوس وقوس قزح۔

اَیضًا وہی یعنے وہی چیز جو اول مذکور ہو چکی ہے

اُیہَا بمعنے ہیہات اور بمعنے الماضی۔

اِیشِیَا بیایۂ شمائم آداوہر

اِیفَا وفا کرنا کسیکا حق دینا جو آتا ہو۔

اِیطَا پائمال کرنا مکرر قافیہ شعر مین لانا۔

اِیمَا خبر دینا اطلاع کرنا اشارہ کرنا۔

اِیذَا رنج پہونچانا تکلیف دینا

## دوسری فصل

## ان لغات کے ذکر مین جنکی آغاز مین حرف با۔ اور اخیر مین الف ہی

### با با الف

بالابالا ف اوپر اوپر علاوہ بغیر پوچھنے کے۔

بارخدا ف خدا تعالے بزرگ خدا تعالے پاک۔

بالا ف اوپر قد و قامت و بلندی و درازی۔

بادپا ف تیز رفتار و اسپ تیز رو جو تیزی سے چلے

باسا ع سختی و رنج و تکلیف و فقر و فاقہ۔

باب السماء ع کہکشان جو آسمان پر باریک تارے ہین

بابا ف باپ دادا نانا وغیرہ جو بزرگ ہون۔

باد صبا ف شرق شمال گوشہ کی ہوا۔

بادپروا ف۔ دریچہ جو واسطے ہوا کے لیے کہولا ہو

باتا ف مرد کثیر الجماع اور سات کسی چیز کے۔

### با با با

ببغا ع طوطی جو ایک جانور مشہور ہے۔

### با با تا

بتا ع گذارنے چہوڑنا۔

### با با حا

بحیرا ع نام ایک راہب کا جو عرب مین رہتا تھا۔

### با با خا

بخارا ف نام ایک مشہور شہر کا ہے۔

بخشا ف بخش کر رحم کر مہربانی کر۔

بخلاء ع جمع بخیل لوگ ممسک لوگ

### با با دال

بدلا ع عوض معاوضہ بدلا کسی چیز کا۔

بدلا ع یہ نام سات اولیا کا ہے جو ہمیشہ سات کی تعداد پر رہتے ہین اور تصرف اُنکا تمام زمانہ پر ہوتا ہے سوائے گرد ابدال کے سبکی تعداد ستر آدمیونکی ہے

### با با را

برگ و نوا ف کہانے پینے کا سامان۔

برملا ف سب کے روبرو جو بات پوشیدہ نہو۔

برنا ف مرد جوان و مرد بالغ بارہ برس سے اوپر کا

برایا ع عام خلقت زن و مرد۔

برصیصا ع نام ایک ولی کا جو آخر کافر ہوگیا تھا۔

برخیا ع نام پدر آصف وزیر سلیمان پیغمبر علیہ السلام

برپا ف محکم و قایم و استادہ یعنے کہڑا ہوا۔

### با با سین

بسا ف بہت بے اندازہ جسکی حد نہو۔

### با با شین

بشرے ع مژدہ و خوشخبری۔

### با با طا

بطحا ع نام شہر مکہ معظمہ زمین حرم۔

### با با عین

بغرا ع نام ایک بادشاہ کا جو ترک تہا۔

بَغضاء بغض و عداوت دشمنی۔
بُغاء خواستن مانگنا سوال کرنا استدعا کرنا۔
بِغاء زنا کرنا اور فاحشہ ہونا۔ بدکاری کرنا۔
بَغتۃً اسیوقت فوراً بلا توقف۔
بُغراتٌ ایک کہانے کا نام ہے جو ترک پکاتے ہین

## باب قاف

بَقاء باقی رہنا پائدار رہنا ہمیشہ رہنا۔

## باب کاف

بُکاء بحالت بے قراری آواز کے ساتھ رونا

## باب لام

بَلواء بلا و زحمت اور آزمانہ بحالت سختی کے۔
بلاء کیسیکو آزمانہ بذریعہ رنج یا راحت کے مجازاً۔
رنج و تکلیف و زحمت۔
بُلَغاء مردان اہل بلاغت۔ جمع بلیغ کی۔
بلے ہان آوے جو ابی لفظ ہے۔

## باب نون

بَنّاء معماران اور بنیاد رکھنے والے لوگ۔
بِناء بنیاد اور نیو اور ابتدا ہر چیز کی۔

## باب واو

بُویا ف خوشبودار سونگھنے والا خوشبو کا۔
بُو علی سِینا ء نام ایک حکیم کا جو بخارا مین تھا۔
بُو العلاء نام پدر حکیم خاقانی شاعر۔
بُو الہیجاء خطاب علی المرتضے علیہ السلام کا۔
بوحنا ء کنیت یحیے پیغمبر علیہ السلام کی۔
بوم طلا ف زرخیز زمین جس سے کچھ پیدا ہو

## باب ہاے

بہا ف مول قیمت اور عربی مین روشنائی و زیبائی

## باب یا

بینوا ف بیسامان فقیر و مفلس آدمی بیدولت۔
بیدپا ء نام حکیم ہندی جو فاضل تھا۔
بیداء جنگل و بیابان و ویرانہ غیر آبادی۔
بیضاء روشن و آفتاب و نام شہر۔
بیتُ الاقصےٰ ء نام بیت المقدس جو شام مین ہے
بیتُ الخلاء پاخانہ جہان رفع حاجت کرین
بیتُ الشفاء معالجہ کا مکان جہان علاج بیمارونکا ہو
بے ریا ف وہ شخص جو ظاہر و باطن یکسان ہو

# تیسری فصل

## ان لغات کے ذکر مین جنکے اول بای فارسی اور اخیر مین الف ہے

## باب الف

پا ف بیخ بنیاد جس سے چلتے ہین۔
پای ترسا ف کنایۃً جام شراب۔
پارسا ف نیک آدمی پرہیزگار اچھا آدمی۔
پالا ف کوتل گہوڑا جسپر زین نہو۔

پایرجا ف ثابت قایم محکم و مضبوط۔

## بای باذال

پذیرا ف مقبول اور استقبال کرنا۔

## بای باراے

پروا ف فرصت والتفات و توجہ و فراغت۔ و میل و رغبت و حاجت۔

پرہما ف کلغی جو بادشاہ سر پر رکھتے ہین۔

پردہ سرا ف خیمۂ و دربا نیوالا و مطرب۔

پرپا ف کبوتر پا موز جو ایک قسم کبوتر کا ہے۔

## بای بانون

پنج دعا ف نماز پنجگانہ جو اہل اسلام پڑھتے ہین۔

پنج پا ف خرچنگ و سرطان جو ایک جانور آبی ہے۔

## بای باواو

پویا ف دوڑنے والا آدمی یا گھوڑا۔

پور سینا ف خطاب حکیم ابو علی بن سینا کا ہے۔

پور سقا ف خطاب شیخ صنعان جو ایک ترسا کی لڑکی پر عاشق ہو کر کافر ہو گیا اور پھر مشرف باسلام ہوا

## با بایای

پیرا ف آراستہ کنندہ الزیب و زینت دینے والا۔

پیغولا ف کونا کھترا کسی چیز کا۔

پیما ف ناپنے والا بذریعہ گز وغیرہ کے۔

پیل پا ف بیماری کا نام ہے جو ساق ورم ہو کر ہاتھی کے طرح پانو ہو جاتا ہے۔

پیشوا ف امام مرشد جسکی پیروی کیجائی۔

# چوتھی فصل

## اُن لغات کے بیان مین جنکے اول مین حرف تا اور اخیر مین الف ہو

## تا باالف

تا ع عربی مین خاک نرم اور فارسی مین بمعنے عدد چیز کیا دو تا و سہ تا و بمعنے تہ جامہ و تختہ کاغذ اور یہ لفظ واسطے تنبیہ و آگاہی و شرط کے بھی استعمال کیا جاتا ہے

## تا با با

تبرا ع بیزاری علیحدگی الگ ہونا یا بری ہونا۔

## تا باحا

تحت الثرے ع مقام زیر زمین۔

## تا باخا

تخمینا ع اندازہ سے خواہ کچھ کم یا زیادہ ہو وے۔

## تا باراے

ترسا ف نصاریٰ و آتش پرست وغیرہ۔

## تا باعین

تعدا ع ظلم و تعدی و جور جفا و ستم۔

تعالےٰ ع بلند شان یہ لفظ اسماے الٰہی کے شامل ہوتا ہے۔

## تا با قاف

تقاء پرہیزگاری و نیک کرداری۔

تقاضاً خواہش مانگنا بار بار سوال کرنا۔

تقریباً تخمیناً ایک تعداد کے قریب یا کم یا زیادہ۔

## تا با کاف

تک و تاف دوڑنا اور گھوڑے کا دوڑنا۔

## تا با لام

تلالاء روشن و نعرہ قلندران۔

تلقاء طرف و جانب رخ اور دیدار کرنا۔

تلاف سونا جسکو عربی مین طلا کہتے ہین۔

تلخاف پتہ جو عضو صفرا کا گہر ہے۔

## تا با میم

تمام اجزاء تن کامل و بے قصور پوری چیز۔

تماشاف آپسمین ملکر پیادہ چلنا اور دیکھنا۔

تمنا و منی آرزو التماس پکارنا باندھنا

تمغا نشان و مہر داغ سند سلطانی۔

## تا با نون

تنہاف خالی اکیلا اور بہت سے تن یعنے بہت لوگ

تنگلوشاف نقارخانہ تصویرخانہ و نام حکیم۔

## تا با واو

تولاو تولی امید آرزو محبت۔

تولات سگ بچہ جسکو ہندی مین پلا کہتے ہین۔

توتیاف سرمہ آنکھون مین کرنے کا۔

تواء ہلاکت مرجانا جان دینا۔

توانات طاقت و زور آور پہلوان جسیم۔

## تا با ہا

تہ و بالا۔ زیر و زبر نیچے اوپر۔

## تا با یا

تیر کا کل رباف جو تیر نشانہ پر گرے۔

تیاء دفع کرنا اور انتظار۔

تیغاف چھوٹی تلوار خنجر اور نام ایک ہتیار کا

# پانچوین فصل

## اُن لغات کے بیانمین جنکے اول حرف ثا اور اخیر مین الف ہے

## ثا با را

ثریا پروین یہ چہ تارے آپسمین ملے ہوے ہین

ثرے زمین نمناک یعنے تر زمین۔

## ثا با لام

ثلاثاء روز سہ شنبہ منگل کا روز اور تیسرا عدد دین

## ثا با نون

ثنایا چار دانت اگلے انسان یا حیوان کے۔

ثناء ستایش و تعریف وصفت۔

## چھٹی فصل

## اُن لغات کے ذکر مین جنکے اول

## حرف جیم اور اخیر مین الف ہے

### جیم با الف

جابلسا ایک شہر کا نام ہے۔

جابجاف ہر جگہہ ہر مقام۔

جاف جگہہ مقام یا مکان۔

جان گزاف خوفناک جس سے اندیشہ جان ہو۔

جانبقا یہ ایک شہر کا نام ہے۔

جام جہان نماف کیخسرو کے پیالہ کا نام ہے

جاری مجری ع قایم مقام جابجا۔

### جیم با بے

جباء اپنا پیالہ دوسرے کی تواضع کرنا۔

جبرا ع بحالت بے اختیاری۔

### جیم با دال

جداف جداء الگ شئے جو کسی سے پیوند نرکہتا ہو

### جیم با راے وزاے

جرجلیس باقیاء نام ایک نبی کا جو کئی مرتبہ قتل ہوکر زندہ ہوا

جزاء بدلہ جو نیک کام کے عوض مین حاصل ہو۔

### جیم با شین

جشاء آروغ جسکو ڈکار کہتے ہین۔

### جیم با فا

جفاء ظلم دستم و بے رحمی وجور وجفا۔

جفاء خاشاک و سیل اور چاندی سونے کا میل۔

### جیم با لام

جلاء گہر سے نکالنا وطن سے بیوطن کرنا۔

جلاء روشن کرنا زنگ دور کرنا۔

جلاء روشن کرنے والا صفائی دینے والا۔

جلساء جمع جلیس ہمنشینان۔

### جیم با میم

جمادی الاولی ع پانچوین قمری کا نام ہے۔

جمادی الاخری ع چھٹے ماہ قمر کا نام ہے۔

جمیعًا ع سب کے سب تمام بالکل۔

### جیم با نون

جنود کبریا ع فرشتو نکا گروہ۔

## جیم باواو

جُوزبویا ع جایفل جو مشہور پہل ہے۔

جَوزا ع بروج آسمانی سے تیسرے برج کا نام ہے

جُویا ف ڈہونڈہنے والا جستجو کرنے والا۔

## جیم باہا

جُہلا ع بہت سے جاہل جمع جاہل کی۔

# ساتوین فصل

## ان الفاظ کے بیانمین جنکے اول جیم فارسی اور اخیر مین الف ہے

## جیم فارسی بالام

چلیپا ف سولی جو نصارا کہتے ہین اس شکل پر۔

## جیم فارسی باواو

چوخا ف جامہ پشمین جو فقیر لوگ پہنتے ہین۔

چوبا ت تہونی بلی کہم۔

## جیم فارسی باہا

چہا ف یہ لفظ کبھی تعجب اور کبھی تعریف کے مقام پر آتا۔

## جیم فارسی بایا

جھجلا ف نرم پہاڑ نرم زمین اور گوشت جو عورتون کے رحم مین پیدا ہوجاتا ہے و نام بیماری۔

# آٹھوین فصل

## ان لغات کے بیانمین جنکے اول حرف حا اور اخیر مین الف ہے

## حا باالف

حاشا ع پناہ و امان چنانچہ حاشا للہ

حالا ع اُسی دم ابہی بہت جلد۔

## حابابا

حبذا ع خوب و بہتر بہت اچہا و پسندیدہ۔

حُبا ع بخشنا مہربانی کرنا لطف کرنا۔

حُبلے ع حاملہ عورت پیٹ والی عورت۔

حَبالے ع حاملہ عورتین جمع حبلے کی ہے۔

حُباری ع چرز جو ایک جانور زرد و سیاہ ہوتا ہے۔

## حاباجیم

حَجی ع حریص و بخیل و ملایم ہونا۔

حِجی ع عقل و خرد و کنارہ و سرد و گران

## حا باد ال

حُدیٰ ۔ سرود شتربانان بلوچ نگار اگ۔

حُدّا ۔ اونٹ کا چلانا اونٹ کا ہانکنا۔

## حا با ذال

حِذا ۔ برابری ہمدوشی برابر ہمدوش۔

## حا با رای

حَرّا ۔ سزاواری لائقی وشایستگی۔

حِرا ۔ مکہ شریف کے پاس ایک پہاڑ ہے اوس مین ایک غار ہے اوسکو بھی حرا کہتے ہین۔

## حا با سین

حُسنےٰ ۔ مونث احسن نیکتر خوبصورت عورت۔

حَسنا ۔ عورت خوبصورت حسین عورت۔

## حا با شین

حَشا ۔ جو چیز پیٹ مین مثل معدہ و روده وغیرہ کے ہو۔

## حا با صاد

حَصا ۔ جمع حصات سنگریزہ کنکر پتہر کے۔

حَصبا ۔ سنگریزہ کنکر پتہر کے چونہ کے کنکا۔

## حا با قاف

حَقّا ۔ درست ہے قسم خدا کی یہ بات درست ہے

## حا با لام

حَلفا ۔ بوریا بنانے کی گہاس جسکو وخ بوخ کہتے ہین

حُلَفا ۔ قسم کہانے والے لوگ جو قسمین کہانیکی عادت رکہتے ہین

حَلوا ۔ شیرینی اور میٹہا الذیذ۔

## حا با میم

حَمرا ۔ سال سخت اور عورت سرخ رنگ خوبصورت

حُمیرا ۔ سرخ پوش عورت اور لقب عائشہ صدیقہ۔ کا جو زوجہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی تہین۔

حَمقا ۔ زن کو بیک وسیلہ قدر احمق وبی توقیر

حَما ۔ گل سیاه یعنے کیچڑ۔

حَمقا ۔ بہت سے احمق یہ لفظ احمق کی جمع ہے۔

حِمیٰ ۔ چراگاه ستوران سبزه زار۔

حُمّیٰ ۔ تاپ گرم تیز تپ۔

## حا با نون

حِنا ۔ مہندی جس سے ہاتہہ رنگتے ہین۔

## حا با واو

حَوّا ۔ نام پہلی عورت کا جو زوجہ آدم کی تہی۔

حَورا ۔ زن سفید پوست وخوبصورت۔

حَوبا ۔ تن انسان کا اور جسم وبدن آدمی کا۔

## حا با یای

حَیثما ۔ ہر کجا ہر جگہہ ہر مقام جابجا۔

خَیاء شرم و باران و فراخی سال۔
خَیضَاء حایضہ یعنے حیض والی عورت

## نوین فصل
## اُن لغات کے بیان مین جنکے اول

## حرف خا اور اخیر مین الف ہی

### خا با الف

خَاتُون یَغْمان کنایۃً آفتاب جس سے عام فایدہ ہوتا
خَاراء سخت تر بہت سخت چیز یا پتھر سخت۔

### خا با با

خَباء پوشیدگی و باران و گیاہ۔
خَبایا خیمہ ہا و پردہ ہا جو کپڑے وغیرہ کے بنائے جاتے ہین
خَباء خیمہ و سراپردہ پردہ دار جگہہ۔

### خا با دال

خُداء صاحب و مالک سب کا مالک۔
خدایا ء اے مالک اے صاحب۔

### خا با رای

خُرماء چھوہارا یعنے درخت کھجور یا اُسکا پھل۔

### خا با صاد

خُصُوصًاء خاص کرنا اور خاص طور پر بیان کرنا۔

### خا با ضاد

خَضْراء سبزہ و گیاہ یعنے سبزہ و گھاس۔

### خا با طا

خَطِّ اِسْتِوَاء یہ ایک خط موہوم آسمانی کا نام ہے۔
خُطَبَاء جمع خطیب خطبہ پڑھنے والے لوگ۔
خِطَاء گناہ غلطی بھول چوک سہو۔
خَطَاء گناہ کرنا اور توران مین ایک شہر ہی
بعض اسکو ختا بحرف تا لکھتے ہین۔
خَطِّ تَرْسَاء انگریزی خط جو پرپیچ ہوتا ہے۔
خَطَایا ء جمع خطیہ بہت سے خطا اور تقصیرین۔

### خا با فا

خَفَایَاء پوشیدہ چیزین یا چھپی ہوئی چیزین۔
خَفَاء پوشیدگی اور تری کی مین عنقبنا ک۔

### خا با لام

خُلَفَاء جمع خلیفہ بہت سے نایب و خلیفے۔
خَلَاء آب خانہ و جائے خالی اور پاخانہ اور خالی ہونا

### خا با میم

خُم عَلَیہِ عیسی نبی کا خم جو پاٹنے سے بھرا رہتا تھا۔

ہر ایک رنگ کا کپڑا اوسین سے رنگ دیتے تھے۔

## خا با نون

خفنا ء کرم سرگین گوبر کا کیڑا جسکو جعل کہتے ہین۔
خنثے ء جسکو مرد اور عورت کی دونو علامتین ہون۔
خنکات خوشا و خوشخبری و تازگی اچھی چیز۔
خنکاف موٹا ہٹا کٹا جسیم آدمی فربہ بدن۔
خنیا ء سرود و نغمہ اور راگ جو گاتے ہین۔

## خا با واو

خوشا ء بہت خوش نہایت دلپسند و مطبوع۔
خوان یغما ف عام کہانا اور لنگر جس سے ہر کوئی کہائے
خون بہا۔ ف خون کا مول جو قاتل سے لیتے ہین۔

## خا با یای

خیفا ء وہ گہوڑہ جسکی ایک آنکہہ سیاہ اور دوسری سفید
خیوا ء خوارزم کے ملک کا نام ہے۔

## دسوین فصل

## اُن لغات کے ذکر مین جنکے اول

## حرف دال اور اخیر مین الف ہے

## دال با الف

دارا ف نام بادشاہ اور ہر ایک بادشاہ اور دولتمند اور مالک اور رکہنے والا۔
دار الفنا ء دنیا و عالم و دنیا جو ناپائیدار ہے۔
دار القضا ء عدالت خانہ حکومت کا مقام۔
داما ء دریا سمندر بحر محیط۔
دایما ء ہمیشہ جسکا اندازہ اخیر تک کا نہو۔
دار البقا ء بہشت و خانہ عاقبت و پایدار۔
دار الشفا ء دوا کی خانہ ہسپتال مریضو نکا۔
دار الصفا ء خانہ کعبہ بیت اللہ جہان حج کرتے ہین
داء ء دوکہہ و بیماری و مرض و رنج۔
دانا ف صاحب عقل و صاحب علم و فضل و ہنر و دانش

## دال با با

دُبّا ء کدو جو ایک قسم کی ترکاری مشہور ہے۔

## دال با جیم

دجی ء تاریکی شب رات کا اندہیرا۔

## دال با رای

دریغا ف اے افسوس اے دریغ۔
درا ف جرس ٹلی گہڑیال بجانے کا۔

درختک واف یہ درخت جزیرہ اندلس مین ہوتا ہے اوسکی پتی جو کوئی سر کے نیچے رکھکر سو دے بھولی ہوئی بات اسکو یاد آجاتی ہے۔

درواف سرنگون و آویختہ و محتاج و حاجت۔

درداف افسوس یہ لفظ افسوس کے مقام پر بولا جاتا ہے

دریاف پانی کی ندی مشہور لفظ ہے۔

## دال بارای

درخشاف وہ سفیدی جو مہندی لگاکر ہاتھ مین رہجاے

## دال باسین

دست وپاف تلاش و محنت و مزدوری۔

دست بالاف غالب و زبردست و زور آور۔

دست موسیٰ ف کنایہ از آفتاب یعنے سورج۔

## دال باعین

دعاع مانگنا سوال کرنا۔

دعوے ع خواہش کرنا اظہار حال کرنا۔

## دال باغین

دغاع فریب و مکاری و کھوٹا پن۔

## دال بافا

دفعتاع فی الفور اوسیوقت بلاتوقف۔

## دال بالام

دلاساف تسلی اطمینان و دلجمعی۔

دلرباف دل پسند معشوق جسکی طرف طبیعت مائل ہو۔

## دال بامیم

دماع جمع دم بہت سے خون یعنے لوہو۔

## دال بانون

دنیاع یہ جہان اور بہت نزدیک ہونیوالے عورت

دنیع ناقص و نالائق و ناتمام و کمینہ۔

## دال باواو

دوبالاف دوچندان اونچا دوگنا المضاعف

دوتاف دو پردہ دوہرا دوتہ

دوسراف دو جہان دین و دنیا و ظاہر و باطن۔

دوشاف شیر دار چارپایہ و دودہ دینے والا جانور

## دال بایای

دیاقوذاع یونانی زبان مین شربت خشخاش۔

دیباف حریر پتلا ریشمی کپڑا پہننے کا۔

دَیرِ مِینَاف نصارا کے ایک گرجا کا نام ہے۔
دِیرِ یَاف دیر تک رہنے والا قائم رہنے والا۔

## گیارہوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جنکے اول

## ذال اور آخر الف ہے

### ذال باالف

ذاء ایمرو یہ مردیہ شخص۔

### ذال باکاف

ذِکاء دانش و زیرکی اور نام سورج کا۔
ذوی القُربَا رشتہ دار اور قریبی لوگ۔

## بارہوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جنکے اول

## حرف راے اور اخیر مین الف ہے

### رای باالف

رَا- فارسی مین علامت مفعول کی ہے چنانچہ زید و عمر را-

رَانَا- ہندی مین راجہ کو کہتے ہین اور بادشاہ کو-
رُؤسَاء جمع رئیس بہت سردار و رئیس لوگ-
رَاہ نُمَاف رستہ دکہلانے والا پیر و مرشد-

### رای بابای

رِبَاء زیادہ لینا زیادہ ہونا مجازاً سود لینا بیاج کہانا
رُبَاف لیجانے والا اشتیاق دلربا- وغیرہ-

### رای باجیم

رَجَاء امید وامیدوار ہونا اور ڈرنا و جانب و کنار ہ پایا

### رای باحا

رَحَاء آسیا یعنے چکی آٹا پیسنے کی-
رُحَمَاء جمع رحیم کی رحم کرنے والے لوگ نرم دل-
رَحَی سنگ آسیا دہ چکی آٹا پیسنے کی

### رای باخا

رُخشَاف مخفف رخشان چمکنے والا روشن-
رَخَاف نرمی و سستی و فراخی-

### رای بادال

رِدَاء چادر اور جامہ سر کا جو اوپر اوڑہا جاتا ہے

### رای باذال

رذایا ع. جمع رذیہ ناقہ خورد چھوٹی اونٹنی۔

## رای بازای

رزایا ع غم و مصیبتین و رنج والم۔

## رای باسین

رسا ف پہونچنے والا کسی مقام تک اور پہونچانے والا

رسوا ف ذلیل و خوار بیعزت بے آبرو و کم رتبہ۔

## رای باشین

رشا ع رسن و منازل قمر سے پہلی منزل کا نام ہے

رشا ع ہرن کا بچہ یا چھوٹا ہرن۔

## رای باضاد

رضا ع خوشنودی و مسرت و رضامندی۔

رضا ع غم و راحت مین خوش رہنا اور لقب علی ابن امام موسیٰ کا

## رای باعین

رعایا ع جمع رعیت کی محکومان بادشاہ وقت۔

رعا ع عامت و گیاہ یعنے گہاس سبز۔

رعا ع چرانا اور چرانا اور گلہ مویشی کا۔

رعنا خوشنما و چالاک و متکبر معشوق اور ایک قسم کا پہول

## رای بافا

رفقا ع جمع رفیق بہت سے دوست و صاحب فاقت

## رای باقاف

رقبا ع جمع رقیب نگہبانان و پاسداران۔

رقطا ع وہ شے مونث جسپر سیاہ اور سفید خال ہون

اور صنعت شعری جسمین ایک حرف منقوطا اور دوسرا بے نقطہ ہو

رقص ملّا ایک قسم کا رقص ہے ایران مین۔

## رای باواو

روستا ع قریہ و گانو صفت روستائی۔

رویا ع جو حال خواب مین نظر آئے یعنے خواب کی حالت

روسا ع سرداران و رئیسان و دولتمندان۔

روہینا ع ایک قسم کا فولاد جوہر دار ہے۔

روح توتیا شراب و رجلا ہوا جست جو آنکہون مین ڈالتے ہین

## رای باہا

رہا ف خلاص ہوا ہوا چھوٹا ہوا بے قید

رہنما ف پیر و مرشد و استاد راستہ دکہلانیوالا۔

## رای بایای

ریختہ پا ف اسپ تیز رفتار اور بہت چلنے والا۔

ریا ع نما ہر داری جو بات دکہلانے کے لئے کیجائے۔

ریمیا ع ایک علم ہے کہ اسکے عمل سے ایکدم مین جہان چاہے جا سکتا ہے۔

ریش بابا ف کابل مین ایک انگور کا نام ہے۔

## تیرہوین فصل

## اون لغات کے بیان مین جنکے

## اول حرف زا اور اخیر مین الف ہو

### زا با الف

زاغ یاف طعنہ وسرزنش اور نام ایک جانور کا

### زای با با

زبان تعقاف ایک قسم کی تعذیب ہے جو زبان پیچھے سے نکالتے ہین اسکے صدمے سے انسان جاتا ہے

زبّا نام دختر ایک بادشاہ کی جو نہایت عقیلہ تھی۔

زُبانا ء منازل قمر سے سوہوین منزل کا نام ہے

زَبا ء بلند زمین جہان دریا کا پانی نہ پہونچے۔

### زای با رای

زرقا ء عورت ازرق چشم اور نام ایک عورت تیز نظر کا

### زای با کاف

زکریا ء نام ایک پیغمبر کا جسکا بیٹا یحیے تہا۔

### زای با لام

زلیخا ء نام عاشقہ یوسف پیغمبر علیہ السلام کا

زِلیبا ء قسم شیرینی جسکو جلیبی کہتے ہین۔

### زای با نون

زنا ء غیر محرم عورت سے جماع کرنا جو شوہر دار ہو

### زای با واو

زوایا ء علیحدہ مقام اور گوشے جمع زاویہ کی۔

زَوْرا ء نقرہ کا پیالہ اور نام ایک بازار کا مدینہ مین

### زای با ہا

زہر گیاہ ء ایک مہلک گہاس ہے اوسکو کہا کر جانور مرجاتا ہے۔

زہرباف طعام جسمین زہر ملا ہوا ہو۔

زہرا ء خوبصورت عورت اور لقب بی بی فاطمہ خاتون جنت دختر نیک اختر محمد صلے اللہ علیہ وسلم کا

### زای با یای

زیرباف ایک قسم کے کہانے اور آش کا نام ہے

زیباف لایق آراستہ اچھا عمدہ بہت خوب۔

زیرپاف سرفرش و پاپوش یعنے جوتی۔

## چودہوین فصل

## ان لغات کے بیان مین جنکے اول

## حرف سین اور اخیر مین الف ہو

### سین با الف

ساف مانند و شکل و مثل یہ تشبیہ کا لفظ ہے۔
سارِاف خالص و بے آمیزش۔
سابقاً ع اول سب سے اول اور اس سے پہلے
سالماً و غانماً ع سلامت غنیمت یافتہ بامراد۔

## سین با با

سبا ع یمن مین ایک شہر ہے جسمین بلقیس حاکم تہی۔
سبع امعاء ع سات آنتین انسان کے معدہ صایم دو دقیق۔ اعور۔ قولون۔ اثنا عشر۔ مستقیم۔
سبکپاف تیز رفتار آدمی یا گھوڑا وغیرہ۔

## سین با تا

ستا ع ایک قسم کا راگ اور طنبور جو ایک ساز ہے۔
اور شامیانہ اور امر ستودن کا یعنے صفت کر۔

## سین با جیم

سجا ع عنوان کتاب و نامہ اور دیباچہ خط کا۔
سجایا ع خوئین اور عادتین اور خصلتین۔

## سین با خا

سخا ع سخاوت و کرم و بخشش و مہربانی۔
سخت ساف گستا کشتی مین ایک داؤ ہے۔

## سین با دال

سدرۃ المنتہی ع یہ ایک بیری کا درخت بہت
بلند ساتوین آسمان پر ہے جبرئیل وہان رہتا ہے۔
سراف گہرا اور امر سرائیدن کا یعنے صفت کر۔
سرا ع نرمی و راحت و حالت خوشحالی و فارغبالی۔
سرماف جاڑا سردی کا موسم سرد بہار۔
سرناف نفیری مشہور باجا ہے جو بجاتے ہین۔
سروپاف تمام سر سے پاؤن تک۔
سرو رعناف کنایۃً معشوق یعنی سیدھے قد کا آدمی
سر در ہواف پریشان و آوارہ و بیسامان۔
سراپاف تمام اور خلعت اور تعریف تمام جسم
معشوق کی جو نظم مین ہو۔
سرّا و ضرّا ع رنج و راحت و نرمی و سختی۔
سرتنہاف اکیلا فرد جسکے ساتھ کا دوسرا نہو۔

## سین با زای

سزکاف بشما چہ تم کو کیا تم کو کیا مطلب۔
سزاف لایق اور گنہ کی جو سزا دیجائے۔

## سین با عین

سعد سوفا نیک اور نام ستارہ مشتری و نام مرد کا۔
سعد و اسما ع نام عاشق و معشوق جو عرب مین تہے

## سین با فا

سفہا ع جمع سفیہ بہت سے احمق و نادان بیوقوف

## سین با قاف

سقمونیا ع یہ ایک گوند نہایت تلخ ہوتا ہے جو دوا مین مستعمل ہے

سَقَّا ۔ پانی پلانے والا جسکو بہشتی کہتے ہین ۔

## سین با کاف

سُکبا ۔ یہ ایک قسم آش کا ہے جو پکا کر پیتے ہین ۔

سَکَنے ۔ رہنا اور رہنے والا شخص ۔

سَکوبا ۔ نام ایک مرد ترسا کا ہے ۔

سُکارٰی ۔ مست لوگ جنہون نے نشہ کیا یا ہو ۔

## سین بالام

سُلّا ۔ خار درخت خرما یعنے کہجور کے درخت کا کانٹا

سَلوٰی ۔ نام مرغ جسکو مرغ آسمانی کہتے ہین ۔

سَلمےٰ ۔ معشوق اور نام ایک معشوقہ کا ۔

## سین با میم

سَما ۔ بلندی مجازاً آسمان بلند ۔

سمیرا ۔ نام موضع جو مکہ کی راہ مین ہے ۔

## سین با نون

سَنا ۔ روشنی و سفیدی و خوب صورتی ۔

سَنا ۔ بلندی اور ایک گھاس جو دست لاتا ہے

سَنگپا ۔ ت پہانوا پانون صاف کرنے کا پتہر ۔

## سین با واو

سُوفسطا ۔ ایک علم حکمت کا نام ہے جسکی بنا وہم پر ہے

سَودا ۔ سیاہ و نام خلط جسم و دیوانگی و جنون ۔

سِوا ۔ غیر و بغیر یعنے بغیر اوسکے ۔

سَوا ۔ برابری و برابر ایکدوسرے کے ۔

سُوَیدا ۔ نقطہ سیاہ جو دل پر ہے و تصغیر سودا ۔

سُوق الثلاثا ۔ نام بازار بغداد جہان منگل کے روز تجارت ہوتی ہے ۔

## سین با ہا

سُہا ۔ ایک باریک ستارہ کا نام ہے آسمان پر ۔

سَہوا ۔ بہول کر جو کام کیا جاوے چوک جانا ۔

## سین با یا

سِیمیا ۔ علم طلسم و انتقال روح ایک جسم سے دوسرے جسم مین

سِینا ۔ شام مین ایک پہاڑ ہے جسکو طور سینا کہتے ہین

سِینا ۔ نام جد حکیم ابو علی سینا بخاری کا ہے ۔

سِیما ۔ پیشانی اور نشان نیک و بد کے پہچاننے کا ۔

سِیّما ۔ خاصہ و خاص یعنے خصوصًا ۔

# پندرہوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جنکے اول حرف شین اور اخیر مین الف ہے

## شین با الف

شانہ بہاف کنایہ قیمت اندک اور تہوڑا ۔

## شین با تا

شِتا ۔ موسم سرما و زمستان یعنے سردیکا موسم ۔

شَتّٰی ۔ جمع شتیت پراگندگی و کثرت ۔

اشتان بشیبا ع ترجمہ یعنے فرق دونون مین ہے۔
اشتریات سورج مکہی کا پہول جو چوڑا ہوتا ہے۔

## شین با رای

شرا ع خریدنا اور بیچنا یعنے خرید اور فروخت۔
شرسے ع صحرا و پر درخت اور نام ہیا ہی کبوتی پنیر
شرفا ع جمع شریف شریف لوگ اچہے لوگ۔
شرکا ع جمع شریک وہ لوگ جو آپسمین شراکت کرتے ہین

## شین با ظا

شظایا ع ونداندو ریشہ ہای ہر چیز او ر حرام مغزکے رسیشے یہ لفظ جمع شظیہ کی ہے۔

## شین با فا

شفا ع صحت اور نام کتاب مصنفہ حکیم ابو علی سینا۔
شفا ع بے ہمزہ آخر عمر و کفارہ وطرف ہر چیز۔

## شین با کاف

شکریات وہ شخص جو پاؤن مین لنگ کرتا ہو۔
شکوی ع شکایت و گلا جو پیٹھ پیچھے غیبت کیا اسے
شکیبات صبر کرنے والا ٹھہرنے والا۔

## شین با لام

شلیخا ع نام ایک اصحاب عیسے علیہ السلام کا۔

## شین با نون

شنوات سننے والا آدمی یا حیوان۔
شناات تیرنا اور نام ورزش کشتی کا جسکو فند کہتے ہین

## شین با واو

شوا ع گوشت بریان یعنی پوست دست پا۔
شوری ع مشورہ لینا ایک دوسرے سے

## شین با ہا

شہروا ع کم قیمت دینار اور خر مہرہ و سکہ کم حیثیت
شہر حداث ماہ رجب جسمین جنگ حرام ہے۔
شہبا ع سیاہ و سفید گہوڑیان مونث لفظ اشہب
شہلا ع زن میش چشم اور نرگس کا پہول جسمین بجائے زردی سیاہی ہوتی ہے اور اسکے ساتھ آنکھ کو تشبیہ دیتے ہین اور زرد قسم کو عبہر کہتے ہین۔
شہدا ع جمع شہید جو براہ خدا قتل ہوے ہون

## شین با یا

شیدات دیوانہ آشفتہ حال و دل باختہ۔
شیوات فصیح و بلیغ صاحب فصاحت و بلاغت
شیر خداات لقب علے المرتضے کرم اللہ وجہہ کا
شیر بہات نقد و جنس جو داماد و بخانہ عروس بہیجتا ہے۔ ہندمین اوسکو بری بھی کہتے ہین۔

## سولہوین فصل اون لغات کے بیانمین جنکے اول حرف صاد اور اخیرمین الف ہی

### صاد باالف

صاحب جوزات ستارہ عطارد جسکا گھر جوزا ہے

### صاد بابا

صَبَا ء مشرقی ہوا جو بہارمین چلتی ہو خوش ہوا۔
صِبَا ء کودکی وطفلگی اور لڑکپن کم عمری۔
صَبَا ء میل کرنا کھیلنا لڑکون سے اور عاشق ہونا

### صاد باحا

صَحرَا ء بے درخت جنگل جسمین سایہ درختونکا نہو
صَحنَا ء جمع صحنات جو ایک قسم نان خورش کا ہے

### صاد باخا

صَخرَہ صَمَّا ء یہ ایک پتھر مقام بیت المقدس میں ہے معلق

### صاد بادال

صَدَا ء وہ آواز جو گنبد اور چاہ اور پہاڑ سے نکلے
صَدپات کنکھجورہ جو ایک مشہور جانور ہے۔

### صاد باغین

صُغرٰی ء زن کوچک یا ہرچیز مونث جو چھوٹی ہو

### صاد بافا

صَفَا ء پاک بے غش بے کدورت اور نام ایک پہاڑ کا مکہ مین۔
صَفرَا ء چار خلط بدن میں سے خلط زرد رنگ ہے۔
صَفُورَا ء نام دختر شعیب پیغمبر جنکو حضرت موسٰی نے بیاہا

### صاد بالام

صَلَا ء بلانا کسیکو واسطے کھانا کھلانے کے یا کچھ دینے کے
صِلَا ء بریان یعنے آگ سے بھونی ہوئی چیز۔

### صاد بامیم

صَمَّا ء بہری عورت جو بات نہ سن سکے اور سخت پتھر

### صاد بانون

صَنعَا ء یہ ایک قصبہ یمن کے ملک مین ہے۔

### صاد باواو

صَومُ العَذرَا ء روزہ بی مریم علیہا السلام کا۔

### صاد باہا

صَہبَا ء شراب انگوری مایل بسرخی مونث ہے

## سترہوین فصل اُن الفاظ کے بیانمین جنکے اول

ضاد اور اخیر مین الف ہے

## ضاد با رای

ضَرَّا ء سختی و گزندہ تکلیف و رنج و دکھ۔
ضُعَفَا ء بہت سے کمزور و ضعیف لوگ۔

## ضاد با یای

ضِیَا ء روشنی آفتاب یعنے دہوپ۔

# اٹھارہوین فصل

## ان لغات کے بیان مین جنکے اول

حرف طا اور اخیر مین الف ہے

## طا با الف

طَاطَا ء سر پست کرنا اور رکوع مین جانا۔
طٰہٰ ء نام سورۂ قرآن و نام محمد صلے اللہ علیہ وسلم

## طا با رای

طَرْفَا ء درخت گز جسکو جھاؤ کہتے ہین۔

## طا با غین

طُغْرا ء ایک قسم کا خط پیچیدہ اور ایک کتاب کا نام

## طا با لام

طِلا ء زر سرخ اور وہ دوا رقیق جو کسی عضو پر لگائین
طَلا ء زر و رنگ و ملمع کرنا کسی چیز کو۔
طُلَبا ء طالب کی جمع یعنے طلبگار لوگ۔

## طا با واو

طُوبیٰ ء مونث اطیب بمعنی خوشبو و بشارت و عیش و خوشی اور نام ایک درخت کا جو بہشت مین ہے
طُور سینا ء شام مین ایک پہاڑ ہے جسپر موسے کو تجلی ہوئی
طَوْعًا و کَرْہًا ء خواہ مخواہ خوش و ناخوش۔

## طا با یای

طیب الادا ء خوشگو و خوش آواز افسان۔

# اونیسوین فصل

## اُن لغات کے ذکر مین جنکے اول

حرف عین اور اخیر مین الف ہے

## عین با الف

عاقرقرحا ء ایک مشہور دوا کا نام ہے جو دانتو نپر ملتے ہین
عاشورا ء دہم محرم روز شہادت امام حسین۔

## عین با بای

عَبا ء گلیم بمعنی گودڑی فقیرون کے پہننے کی۔

## عین با دال

عدا ۔ جمع عدو یعنے دشمن جو عداوت رکہتے ہوں
عَدُوَا ۔ حد سے تجاوز کرنا کسی چیز کا۔
عَدآ ۔ دو شکار و نیز ایک دوسرے پر مارنا۔

## عین با ذال

عُذرا ۔ طاہرہ زن دوشیزہ و نام معشوقہ جسپر وامق عاشق تہا اور نام برج سنبلہ کا۔

## عین با رای

عرق النسا ۔ ایک رگ سرین سے نکلکر تا لنگ اس حاقی ہے اور نام ایک بیماری کا۔
عُروۃ الوثقےٰ ۔ دستہ دوست آویز و محبت سے
عَرا ۔ درگاہ و قصر و محل بلند۔
عَرآ ۔ کشادگی و حجاب و صحراے بید رخت۔
عُرَفا ۔ جمع عارف پہچاننے والے لوگ خداشناس

## عین با زای

عزا ۔ ماتم و صبر بر مصیبت و آفت و رنج و بلا۔
عُزّیٰ ۔ ایک درخت تہا جسکو کفار پوجتے تہے خالد بن ولید نے محمد صاحب کے حکم سے اوسکو اکہاڑ ڈالا

## عین با سین

عسےٰ ۔ قریب ہے اور شاید ایسا ہو۔

## عین با شین

عِشا ۔ تاریکی رات کی نماز کا وقت۔
عَشا ۔ مرض شب کوری رات کو اندہا ہونا۔

## عین با صاد

عَصا ۔ چوب دستی اور صیغہ ماضی عصیان سے
عَصےٰ ۔ نافرمانی کی اور گناہ کیا۔

## عین با طا

عَطا ۔ مہربانی بخشش اور کچہ انعام دینا۔
عَطای کُبریٰ ۔ عمر طبعی یعنے ایکسو بیس سال عمر

## عین با ظا

عُظما ۔ جمع عظیم یعنے بزرگ لوگ باپ دادا استاد وغیرہ
عُظمےٰ ۔ بڑی عورت بڑا مقدمہ اور ہر چیز بڑی جو ہو

## عین با فا

عَفرا ۔ نام معشوقہ عورت کا۔
عَفرنا ۔ شیر درندہ جنگلی شیر۔

## عین با قاف

عقول اولی ۔ فرشتگان مقرب حضرت باریتعالی
عُقَلا ۔ جمع عقیل یعنے بہت سے دانشمند۔

## عین با لام

عَلیا ۔ بہت بلند بلند مرتبہ و صاحب عزت۔
عَلا و عَلا ۔ بلندی و بزرگی و رتبہ و درجہ و عزت۔
عِلّت اُولی ۔ کنایہ عقل اول سے یعنے نور محمدی و جبرئیل۔
عَلا عَلا و عَلا لا ۔ شور و غوغا و بلند آوازی۔

علٰے ؏ اوپر۔ اسمین یا بجائے الف ہے۔
عُلَمَا ؏ جمع عالم کی یعنے بہت سے صاحب علم لوگ

## عین با میم

عَمَا ؏ گمراہی و نابینائی و ابر غلیظ و تاریکی۔
عَمْیَا ؏ زن نابینا و چیز پوشیدہ از چشم۔
عَمَدًا ؏ قصدًا یعنے جان بوجھ کر کام کرنا۔
عمی ؏ اندھاپن نابینا ہونا اندھیراپن۔

## عین با نون

عَنَا ؏ رنج و آفت و تکلیف جو کسی سے حاصل ہو
عَنْقَا ؏ ایک طیر کا نام ہے جسکو کسینے دیکھا نہین

## عین با واو

عَوَّا ؏ کتا بھونکنے والا اور نام تیرھوین منزل قمر کا
عُوَا ؏ سگ و گرگ و شغال و روباہ وغیرہ وحوش
عَوجَا ؏ کمان جس سے تیر چلاتے ہین۔

## عین با یا

عِیشَا ؏ عورت کا رحم یعنے بچہ دان جسمین بچہ پیدا ہوتا
عِیسٰی ؏ نام ایک نبی کا جسکے پیرو عیسائی کہلاتے ہین

## بیسوین فصل

## ان لغات کے بیان مین جنکے اول

## حرف غین اور اخیر مین الف ہے

## غین با الف

غَانِمًا ؏ اوس حالت مین جو غنیمت کہتا ہو اور فایدہ پایا

## غین با بار

غَبْرَا ؏ مونث غبر زمین یعنے دہرتی۔
غُبَیْرَا ؏ شراب کا درس اور سیدہ جسکو سنجد کہتے ہین

## غین با دال

غَدًا ؏ کل کا دن جو آئیگا بخلاف دیروز کے

## غین با ذال

غِذَا ؏ خوراک کہانا جو بہو کہہ سکے مقدار پر ہو۔

## غین با رائے

غَرَا ؏ چپکنے والی چیز اور مچہلی کی سریش۔
غَرَّا ؏ ہر چیز مونث جو سفید و روشن ہو۔
غُرَبَا ؏ بہت سے مسافر اور عجیب چیزین۔

## غین با زای

غَزَا ؏ دشمن دین کے ساتھ لڑنا جہاد کرنا۔

## غین با شین

غِشَا ؏ پوشش پردہ اور پتلا چمڑا یعنے جہلی۔

## غین با طاء

غطا ء پردہ و پوشش لباس پہننے کا۔

### غین با لام

غلبا ء وہ جگہ جہاں بہت سے درخت ہوں اور گنجان
غلا ء قحط و گرانی غلہ و خشک سالی تنگ روزی

### غین با میم

غمر الردا ء بدن چادر سے چھپانا اور پردہ پوش بخشش کا

### غین با نون

غنا ء توانگری و بے نیازی و دولتمندی و امیری
غنا ء نغمہ و سرود یعنے گانا بحالت خوشی۔
غنا ء سود و نفع و فائدہ جو تجارت وغیرہ سے ہو
غنا ء جائے انبوہ مردم یا درختان وغیرہ۔

## اکیسوین فصل

## ان لغات کے بیان مین جنکے اول

## حرف فا اور اخیر مین الف ہے

### فا با تا

فتا و فتی ء مرد جوان و شجاع و سخی و دلیر و بہادر
فتوی ء شرع کا فیصلہ جو قاضی یا مفتی کرے

### فا با جیم

فجاء ء مفاجات یعنی اچانک پکڑا جانا کسی بیاری یا آفت میں

### فا با حا

فحوا و فحوی ء مضمون و معانی و مغز کلام و حاصل کلام

### فا با دال

فدا ء سربہا و سرخرید اور قربان کرنا کسی چیز کا۔

### فا با را

فراف فارسی مین یہ ایک کلمہ ایسا ہے جیسا کہ فراگرفت عربی میں گرفت
فرا ء پوستین و فرا اور لقب ایک گورکھا جو اشنا و تنہا
فرادی ء فرد فرد تنہا تنہا الگ الگ جدا جدا۔
فردا ء کل کا روز جو آئیگا بخلاف دیروز کے۔

### فا با زاے

فزا ء بڑھانیوالا افزائش اور توانگری۔

### فا با ضاد

فضا ء زمین فراخ و فراخی زمین و کشادگی صحن و میدان
فضلا ء جمع فاضل یعنے بہت سے صاحب فضیلت لوگ

### فا با قاف

فقہا ء جمع فقیہ یعنے علم دین کے عالم و فاضل۔
فقرا ء جمع فقیر یعنے بہت سے محتاج لوگ۔

### فا با کاف عربی

فکا ء اوپر کا جبڑا منہہ کا اور نیچے کے دانت

### فا با لام

فلا ء بیابان یعنے جنگل جہان آبادی نہو۔
فلونیا ء ایک مسکر معجون کا نام ہے جو نشہ دیتی ہے

### فا با نون

فنا ء حوالی و نواحی و زمین گرد اگرد پاس پاس۔

فَنَا ء سو نبا جانا نیست و نابود ہونا مرجانا۔

## فا با یای

فَضَا ء ہموار زمین و میدان جہان نشیب و فراز ہو۔

فَیحَا ء جوش جہنم دوزخ کا جوش و ریشہ ہندبا کا

## بائیسوین فصل
## اُن لغات کے ذکر مین جنکے اول
## قاف اور آخیر مین الف ہے

## قاف با الف

قاقم انگشت نماف وہ پوستین جسکو روباہ بال ہو ہون
یا وہ پوستین جنکے ساتھ جانور کی پونچھین جنکا وہ
چمڑا ہو بدستور لٹکتی ہون۔

قاضی بیضا ء صاحب تفسیر بیضاوی کے اور بیضا نام شہر

## قاف با بای

قَبا ء دوہرا کپڑا انگلے مین پہننے کا جو مشہور ہے۔

قَبعثری ء شتر بارکش او نام جانور بحری نام شاعر کا

قبا چاق قبائے خورد جو لمبی ہو۔

## قاف با تای

قَتلے ء جمع قتیل قتل کیے ہوے لوگ مارے ہوے

## قاف با ثای

قِثّا ء خیار و ر ا نیعنے ککڑی جو مشہور ہے

## قاف با دال

قُدَما جمع قدیم کی اور وہ چیزین اور وہ لوگ جو قدیمی ہون

## قاف با ذال

قَذی ء خاک باریک و غبار اور اڑانے والی خاک۔

قَذی۔ ء تنکا آنکھ مین پڑجانا اور بحض نماشاک۔

## قاف با رای

قَرنا و کرنا ء ایک باجہ کا نام اصل مین یہ لفظ خرنا تھا۔

قُربے ء نزدیکی و خویشی و رشتہ داری و بھائی بندی

قِرا ء مہمانی یعنے مہمان کی خاطر داری کرنا۔

قُرا ء جمع قریہ بہت سے گانو و آبادیان و لبستیان ہے

قُرّا ء جمع قاری خوش آواز سے پڑھنے والے۔

قَرا ء آرام و بہت دست و خوشخوان و خوش آواز

قَرات سیاہ رنگ یعنے کالا رنگ ہوسلا رنگ۔

قُربا ء جمع ہے قریب کی یعنے بہت سے قریبی لوگ۔

قُرء ء طہر جو عورت کو حیض کے بعد ہو یعنے مطلق حیض

## قاف با سین

قسطا ء نام کتاب احکام دین آتش پرستان مصنفہ حکیم لوقا

## قاف با صاد

قصوی ء انتہا اور بہت دور صیغہ
مونث ہے۔

گرا ع امر ہے رغبت کر متوجہ ہو۔

گریزپا ف بہاگنے والا انسان یا حیوان۔

گران پا ف سست چلنے والا جو تیز نہ چلتا ہو۔

## کاف با زای

گزپا ف ایک جانور کا نام ہے جسکے پاؤن لمبی ہوتی ہیں

## کاف با سین

کِسا ع گلیم یعنے گودڑے فقیرونکے پہننے کی۔

کِسریٰ ف لقب ہے نوشیروان بادشاہ کا۔

کسنے ع جنگلی کاسنی جو تلخ ہوتی ہے اور دوا مین مستعمل ہے

## کاف با لام

کلّا ع ایسا نہین ہرگز یہ بات نہین ہے۔

کلأ ع سبز گہاس چارپایون کے چرنے کی۔

کلیسا ع پرستشگاہ نصاریٰ انگریزونکا گرجا۔

کلب عَوَا ع کتا بہونکنے والا سگ بلند آواز۔

کُل زعفان ف پہول کا نام ہے جو اندر سے سرخ ہوتا ہے

کمثری ع میوہ امرود جو مشہور میوہ ہے۔

## کاف با نون

کندہ پا ف زنجیر چوبی جسکو کاٹھ کہتے ہین اور قیدیونکو پہنایا جاتا ہے سابق عملداریون مین اسکا رواج بہت ہے

گندنا ف ایک قسم تره یعنے سبزی کا ہے۔

## کاف با واو

گوارا ف خوشمزہ و خوش لذت و ہاضم چیز۔

گونیا ف آلہ چوبی معمارون کے کام سیدہا کرنیکا۔

گویا ف یہ لفظ تشبیہ مین مستعمل ہے زبان فارسی

## کاف با ہا

گہرپا ف کپوچ جو گہاس کو اٹھا لیتا ہے ایک قسم کا گوہر ہے

## کاف با یا

کِبریا ف صاحب خداوند بزرگ پاکیزہ صاحب توقیر۔

کیپا ف ایک قسم کا ترکستانی کہانا ہوتا ہے

کیمیا ف اکسیر یعنے مس یا پارے سے چاندی ہونا بنا لینا ادنے چیز کو اعلے کر دینا۔

گیا ھ ہند کے ملک مین پرستشگاہ ہنود کا نام ہے۔

گیرا ف پکڑنے والا مضبوط گرہ دینے والا۔

# چھبیسوین فصل

## ان لغات کے بیان مین جنکے اول

حرف لام اور آخیر مین الف ہے

## لام با الف

لالا ع بندہ و غلام خدمتگار و روشن و درخشان اور مشغول لولو لولوی لالا بھی کہا جاتا ہے یعنی موتی روشن

لا ع عربی مین معنے اسکی نہین اور فارسی مین تیغ و تہ مقرر ہے

لادعوی ع بے دعوے جسکو کچھ غرض نہو۔

لادوا ع جسکا علاج نہو یعنی بیماری کی دوا نہو۔

لابرلا ف تہ بتہ و تو بتو یعنی ایک تہ پر دوسرا۔

## لام با لے

لبا ء گائے بھینس کے پہلے دن کا دودھ جسکو پیوسی
اگہیس وبہولی کہتے ہین اور غلہ کے معنے بہی ہین۔
لب جراف جینے نخود و میوہ وغیرہ ملون کا۔

## لام با حا

لحا ء جمع لحیہ یعنی ریش مردان مردونکی ڈاڑہیان۔

## لام با قاف

لقا ء دیدار یعنی ایسے شخص کو جسکی خواہش ہو دیکہنا۔
لقا ء جاع وصحبت آپسکی کمال آویزش سے۔

## لام با میم

لما ء ہر گاہ جسوقت جس موقع پر۔

## لام با واو

لوا ء فوج کا علم اور لشکر کا نشان جو کہڑا کیا جاتا ہے
لوذقا یونانی حکیم کا نام ہے جو بڑا حکیم تہا اور نام مستغنا
لوشا نام ایک حکیم کا جو بڑا فاضل تہا۔

## لام با ہا

لہذا ء اسی واسطے اسی مطلب وبات کے لیے

## لام با یے

لیلۃ الاسرے ء شب معراج آنحضرت صلعم
لیلا و لیلے ء معشوقہ جسکے عاشق کا نام قیس یعنی مجنون تہا

## چھبیسوین فصل

## اون لغات کے بیان مین جنکے اول

## حرف میم اور اخیر مین الف ہے

## میم با الف

ما ء حرف نفی بمعنے نیست وکلمہ استفہام بمعنی چہ چیز واسم موصول
بمعنی آنچہ اور فارسی مین جمع متکلم یعنی ہم کے معنی رکہتا ہے۔
ما ء آب یعنی پانی جسکو فارسی مین آب کہتی ہین۔
ماناف نظیر ومانند ہونیوالا وشاید وتحقیق۔
مؤدی ء ادا کیا گیا پہونچایا گیا۔
ماوی ء پہر آنیکی جگہہ یعنی اپنا گہر اور سکونت گاہ۔
مانیا ء بیماری جنون جس سے بیمار کاٹنے کو دوڑتا ہے
ماشرے ء خونی ورم جو سر وپیشانی چہرہ پر ہوتا ہے
مالیخولیا ء نام مرض خلل دماغی وخیال خام۔
ماخولیا ء مخفف مالیخولیا بیماری کا نام ہے۔
مامیثا ء سریانی زبان مین ایک گہاس کا نام ہے
مار افساء افسونگر ماران جو لوگ سانپ پکڑتے ہین
ماسوا ء ذات باری کے بغیر یعنی سوائے اسکے۔
ماضے ء گذرا جو گذرا گذشت آنچہ گذشت۔
ماجرا ء حقیقت واردات ماہیت کیفیت۔
ماناف مشابہ مانند شاید تحقیق۔
ماتقرا ء ایسا لکہا ہوا جو پڑہا جاوے۔
مامن رضا ء اشارہ بمشہد مقدس امام علی رضا۔
مابقے ء باقیماندہ وپس خوردہ جو کچہ باقی ہو۔
مادر بخطاف یہ ایک مشہور گالی ہے۔

## میم با با

مبرّا ع پاک ہوا ہوا صاف جدا ہوا۔

مبتغا ع مانگا گیا آرزو کیا گیا اور طلب کی ہوئی چیز

مبالا ع پاک رکھنا صاف رکھنا درست رکھنا۔

مبتدا ع ابتدا آغاز ہر چیز کا۔

مبتلا ع گرفتار بلا و دکھیا آزاری۔

مبارا ع بیزاری عورت و خاوند کی آپس میں۔

مبدا ع آغاز کرنا اور ظاہر ہونے کا مقام۔

مبدا ع پیدا کرنے والا آغاز کرنے والا۔

## میم با تا

متکا ع جائے تکیہ و پشت پناہ ہر دست کی جگہ۔

متے ع کب اور کس طرح اور کیونکر۔

متمنے ع آرزو کیا گیا خواہش کیا گیا۔

متبنّے ع بیٹا بنایا گیا کسی اور کے بیٹے کو۔

متوفے ع وفات پایا ہوا مر چکا ہوا۔

متجلے ع روشن و آشکار و ظاہر اور سب کے روبرو

## میم با ثا

مثنے ع دوسرے مرتبہ کیا گیا دوبارہ کیا گیا۔

مثوے ع جائے آرام و قرار و دل لگی کا مقام۔

مثنے ع دوبارہ دوسرے مرتبہ۔

## میم با جیم

مچلکا ف اقرارنامہ شرطیہ جو تحریر کیا جائے۔

مجرا ع روان کرنا روان کیا گیا جاری کیا گیا۔

مجرا ع جاری ہونے کی جگہ روان ہونے کی جگہ۔

مجتبے ع برگزیدہ چنا ہوا بہت خوب بہت اچھا

مجلے ع صاف و روشن و ظاہر و ہویدا۔

مجازا ع ایک دوسرے کو جزا دینا بدلہ دینا عوض دینا

مجزا ع جزو جزو کیا گیا پارہ پارہ کیا گیا۔

## میم با حا

محابا ع مروت و فرو گذاشت و رعایت صلح و مدارا

محاکا ع آپس میں باتیں کرنی حکایت کرنا۔

محذی ع رانیں آلۂ چرم و ران چھیدنے کا اوزار

محلے ع آراستہ کیا ہوا زیور پہنایا ہوا خوبصورت

محیا ع چہرہ انسان وغیرہ ذی جان کا۔

محمد پسر یحیے ع امام محمد غزالی کا خطاب ہے

## میم با خا

مخلے ع خالی کیا گیا بولایا گیا الگ کیا گیا۔

## میم با دال

مداوا ع علاج کرنا دوا کرنا کسی بیمار کا۔

مداوی ع علاج کیا گیا دوا کیا گیا۔

مدارا ع صلح کرنا رعایت رکھنا کسی کا۔

مدے ع غایت و نہایت درجہ ہر ایک چیز کا

## میم با ذال

مذبحے ع گلا کاٹا ہوا بسمل گلو بریدہ نیم جان۔

مُرتَجی و مُرتَجا ء امید رکھا گیا یعنی جس سے امید ہو
مِراء جنگ و ستیزہ و خود نمائی و دلاوری۔
مَرعَی ء چراگاہ و گیاہ سبز مویشی کے چرنے کا۔
مُرَبّی ء پرورش پایا ہوا درست کیا ہوا پالا ہوا۔
مُرتَضیٰ ء پسندیدہ اور لقب علی رضہ چوتھے خلیفہ رسول کا۔
مَرضیٰ ء جمع مریض بہت سے بیمار لوگ۔
مَرحَبا ء عربی تعظیمی لفظ ہے یعنی خوش آئے۔
مَرایا ء آئینہا جمع مرات خلاف قیاس جمع ہے۔
مُرغِ عیسیٰ ء شب پرہ خفاش و شب گرد جانور۔
مَردُم گیا ء ایک گہاس ہے جسکی بیخ آدمیونکی شکل پر ہے
مُژدہ ء فال نیک اچھی بات جس سے آیندہ خوبی ظاہر ہو
مِرزا و میرزا ء امیرزادہ امیر کا بچہ امیر کی اولاد
مُرغِ قبلہ نما ء مشہور قبلہ نما ہے تشبیہ مرغ سے دی گئی

## میم بازاے

مُزَکّیٰ ء زکات دیا گیا پاک کیا گیا راست کیا گیا۔
مَزایا ء جمع مزیت افزونیہا و ترقیہاے دولت وغیرہ

## میم باسین

مَسا ء وقت شام بعد غروب آفتاب ابتدای شب
مُستَثنیٰ ء الگ کیا گیا باہر نکالا گیا۔
مَسیحا ء مبارک و لقب عیسیٰ علیہ السلام کا۔
مُستَوفا ء تمام پکڑا گیا اخیر پر پہونچایا گیا۔
مَسنَد آرا ء جانشین کسی بادشاہ یا امیر و حاکم کا صاحب مسند
مُسَمّیٰ ء نام رکہا گیا موسوم کیا گیا۔

مُسبِّحان مَلاءُ الاَعلیٰ ء فرشتگان آسمانی۔
مَسجِدُ الاَقصیٰ ء بیت المقدس قدیم قبلہ پیغمبران

## میم باشین

مُشتَہا ء خواہش کیا گیا مرغوب خاطر و لپسند۔

## میم باصاد

مُصَلّا ء جاے نماز و نام عیدگاہ شیراز۔
مُصطَفیٰ ء برگزیدہ و لقب محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

## میم باضاد

مَضیٰ و مُضی ء گذرا جو گذرا گذشت آنچہ گذشت۔
مَضا ء گزرنا پورا ہونا تمام ہونا زمانہ کا۔

## میم باطا

مُطَلّا ء طلا کیا گیا روشن جڑاؤ کیا گیا۔
مَطایا ء چارپایہ جنپر سوار ہوں سواے بارکش کے
مُطَرّا ء تازہ و تازگی دیا گیا نیا بنایا گیا۔
مَطا ء پشت یعنی پیٹھ انسان یا حیوان کی۔

## میم باعین

مُعَمّا ء چھپا ہوا کور و نابینا اور بات پوشیدہ۔
مُعَلّیٰ ء بلند کیا گیا اونچا کیا گیا چڑہایا گیا۔
مَعَہذا ء باوجود اسکے سمیت اسکے۔
مُعَزّا ء صاحب تعزیت ماتم زدہ سوگوار ماتمی۔
مُعاداء ء عداوت کرنا بدلے در پے کرنا۔
مُعَرّا ء برہنہ و سادہ و بے پردہ و ظاہر نمایان۔
مَعاً ء اوسی وقت فی الفور بلا توقف بغیر دیر کے۔

اِستمطار ع ـ یاری مانگنا مدد مانگنا مدد چاہنا کسی سے۔

اِستفسار ع ـ پوچھنا دریافت کرنا کسی طرح کا حال کسی سے۔

اَستر ف ـ ابرہ یعنی دو تہ کپڑے کی دوسری تہ۔

## الف باشین

اِشعار ع ـ خبر دینا اطلاع پہونچانا آگاہ کرنا کسی کو۔

اَشعار ع ـ جمع شعر ابیات اور سر اور بدن کے بال۔

اَشقر ع ـ ہر چیز سرخ رنگ مائل بزردی و سیاہی اسپ سرخ سرنگ گھوڑا۔

اَشتر ع ـ خود پسند و ستیزہ کار و شریر و خود مطلب۔

اَشجار ع ـ جمع شجر بمعنی درختان۔

اِشتہار ع ـ مشہور کرنا کسی بات کو۔

اَشرار ع ـ جمع شریر یعنی بہت سے لوگ صاحب شرارت۔

اُشتر ف ـ شتر اونٹ جو ایک چار پایہ باربردار مشہور ہے۔

## الف باصاد

اِصطخر معرب استخر نام قلعہ جو فارس کے ملک مین ہے۔

اِصرار ع ـ ضد کرنا ایک کام پر قایم رہنا ہٹ کرنا۔

اِصطبار ع ـ صبر کرنا ٹھہرے رہنا کسی مشکل بات پر۔

اَصاغر ع ـ خوردان یعنی چھوٹی عمر کے بچے اور لڑکے۔

اَصفار ع ـ جمع صفر بمعنی خالی اور نقطے جو دہائی اور سینکڑون کے درجون پر ہون۔

اَصفر ع ـ زرد رنگ یعنی وہ چیز جسکا رنگ زرد ہو۔

## الف با ضاد

اضرار ع ضرر پہونچانا تکلیف دینا دکھ دینا نقصان پہونچانا
اضطرار ع حالت بے اختیاری و بیچارگی کی اور بیقراری کی
اضمار ع ضمیر لانا کسی اسم میں کلام کے وقت اشارہ کرنا۔

## الف با طاء

اطوار ع جمع ہے طور کی بہت سے طور و طریق و طرز۔
اطہر ع بہت پاک اور اچھا جمع اسکی اطہار ہے۔

## الف با ظاء

اظہر ع بہت ظاہر و ہویدا اور سب کے رو برو۔
اظہار ع ظاہر کرنا رو برو لانا اور حقیقت حال جو زبانی کہیں

## الف با عین

اعذار ع عذر کرنا ختنہ کرنا و طعام و ضیافت ختنہ کی۔
اعصار ع گرد باد ہندی بگولا جو گرد پھرا جاتا ہے۔
اعصار ع جمع عصر یعنی بہت سے زمانے اور بہت سے وقت۔
اعتبار ع عبرت پکڑنا اور کسی چیز کو اچھا جاننا۔
اعور ع شخص یکچشم اور نام ایک رودہ کا جو پردہ شکم سے
اعتذار ع عذر چاہنا عذر کرنا کسی بات پر۔
اعمار ع جمع عمر عمرہا و زندگانیہائے انسان۔
اعشار ع جمع عشر کسی چیز کا دسواں حصہ۔

## الف با غین

اغبر ع خاک رنگ و گرد آلودہ و مکدر چیز۔
استغفار ع مغفرت چاہنا بخشش مانگنا کسی سے۔
اغبار ع نم زمین نمناک اور ہلنا اور ہلانا۔

اغمار ع نادان و ناآزمودہ کاران اور جو لوگ
لیاقت نہ رکھتے ہوں۔

## الف با فاء

افتقار ع فقیری و درویشی و عاجزی و افلاس و
ناداری و محتاجی۔
افکار ع جمع فکر بہت سی فکریں و اندیشے جو آدمی کو لاحق ہوں
افگار ف زخمی و زخم دونوں معانی اسکے حاصل مصدر ہیں
افطار ع روزہ کھولنا بعد فاقہ کے کھانا کھانا۔
افدر ع برادرزادہ و خواہرزادہ و برادر پدر یعنی چچا۔
افشار ف نام قوم قزلباش جس قوم سے نادرشاہ بادشاہ ایران تھا۔
افسار ف باگ ڈور گھوڑے کی جو گھوڑے کو باندھتے ہیں۔
آفتاب سوار ف کنایہ فرد صبح خیز جو شخص صبح کو اٹھے۔
آفتاب گیر ف سایبان واسطے اسکے کہ اسمیں آفتاب چھپ جاتا ہے
افتخار ع فخر کرنا بڑائی کرنا اظہار شوکت و شان کرنا۔
افقر ع جو شخص نہایت محتاج اور نادار و فقیر ہو۔

## الف با قاف

آق سنقر ت کہیں اکثر غلاموں کے نام ہوتے ہیں معنی اسکے سفید مرغ
اقطار ع کنارہا و قطرہا و طرفہا و جانبہا۔
اقتصار ع قصور کرنا کوتاہی کرنا چھوٹا کرنا۔
اقتدار ع طاقت ور ہونا صاحب قدر و منزلت ہونا۔

## الف با کاف

اکابر ع عزت دار لوگ امیر لوگ بڑے آدمی۔
اکبر ع بہت بڑا اور بڑی عزت والا خدا تعالی

اَکثَر ع بہت اور زیادہ کثرت کے ساتھ۔
اَکدَرَ ع بہت مکدر و تیرہ تر و صاحب کدورت و خراب
اَکَّار ع زمیندار کاشتکار جو آدمی کھیتی کرتا ہو۔
اَکثَار ع بہت بولنا بہت کھانا بہت کام کرنا ہر ایک بات میں کثرت
اَکسِیر ع کیمیا جس سے تانبے کا سونا اور قلعی کی چاندی بنا لیں

## الف با لام

اَلوَند کُہ نام ایک پہاڑ کا جو قریب شیراز کے ہے اور چند بہت بڑا ہے
اُولُو الاَمر ع حاکم و بادشاہ و امیر جسکا حکم جاری ہو۔

## الف با میم

اَمصَار ع جمع مصر بہت سے شہر و آبادیاں و قصبے۔
اَمطَار ع جمع مطر بارشیں اور ٹپکنا پانی کا۔
اِمرَار ع گذارنا لنگھانا کسی چیز کو کسی مقام سے۔
اَموَاتِ اَحمَر ع مقتولان و شہیدان جو قتل ہو چکے ہوں۔
اَمر ع حکم و کار اگر حکم سے مراد ہو تو جمع اسکی اوامر۔
اور اگر کام سے مراد ہو تو جمع اسکی امور ہے۔
آمیزگار ف خلیق و سازگار اور شخص ملنے والا۔
آموزگار ف اُستاد و شاگرد دونوں معنی رکھتا ہے۔
آمرزگار ف بخشنے والا بخشش کرنیوالا قصور معاف کرنیوالا۔
اُمُور ع امر کی جمع ہے بہت سے کام اور معاملات۔
آمِر ع حکم دینے والا فرمان فرما حاکم کسی ملک کا۔
امیدوار ف امید رکھنے والا طمع رکھنے والا۔
اَمِیر ع حکم دینے والا مالک و حاکم و فرمان فرما۔

## الف با نون

اَنصَار ع یاری دینے والے اور نام گروہ اصحاب رسول جو مدینہ میں رہتے تھے
اِنتِشَار ع پراگندہ ہونا اور قائم ہونا عضو تناسل کا بسبب شہوت کے
اَنظَار ع جمع نظر یعنی بہت سے نظریں اور بینائیاں
اِنفِجَار ع جاری ہونا پانی یا ریم کا دنبل سے اور رواں ہونا
اَنگار ف خیال کرا ہے انگاریدن سے۔
اِنتِظَار ع انتظار کرنا کسی کا راستہ دیکھنا۔
اِنکِسَار ع شکستگی و عجز جو کسی کی طبیعت میں ہو۔
اِنحِصَار ع کوتاہ ہونا اور سمانا کسی چیز میں اور دخل پانا
اَنوَار ع جمع نور شگوفہ ہا و جمع نور روشنیاں ہے دونوں لفظوں کی جمع ہے
اَنمَار ع پلنگان و نام قوم از بنی سبا جو عرب کے رہنے والے تھے
اِنذَار ع ڈرانا اور نصیحت دینا اور دھمکانا کسی کو۔
اِنذَار ع افسانہ و حکایت و کہانی جو کہتے ہیں۔
اَنبُر ت سنڈاسی جس سے گرم لوہا پکڑتے ہیں چمٹا بھی اسکو کہتے ہیں
اَنبَار ع جمع نبر تودہ ہا غلہ و پر کردن و ذخیرہ کردن۔
اِنفِطَار ع پارہ پارہ ہونا اور پیدا کرنا ظاہر کرنا۔
اِنشَار ع زندہ کرنا ظاہر کرنا نشر کرنا۔
اِنکَار ع کسی کا کہنا نہ ماننا منکر ہونا کسی بات سے۔
اَنگُور ف مشہور میوہ ہے جسکی شراب بھی بناتے ہیں۔
انار مشہور درخت اور میوہ ہے جو شیریں و ترش ہوتا ہے۔

## الف با واو

اَوتَار ع جمع وتر تارہائے ساز یعنی سرود کے ساز تار۔
اَوطَار ع حاجات یعنی حاجتیں اور دلی خواہشیں۔
اَوبَار لہر ہوا و بارید کہ مقصد چھلکے ختمی سے اُتارنے ہیں

آذورف برادر پدر یعنی چچا باپ کا بھائی ۔
آوزار ف کاریگروں کے ہتھیار و مصالح طعام اور بعضے سخت گناہ اور ہتھیار اور بوجھ جو پشت پر اٹھائیں ۔
آولی ترف بہت بہتر اسمین کا لفظ زاید ہی یعنی بہت اچھا ۔
آوامر ع جمع امر کی ہو بہت سے امر اور حکم ۔

## الف با ہا

اہار ہ وہ نشاستہ جو پکا کر کاغذ پر لگاتے ہین ۔

## الف با یا

آئیسر ع بہت آسانی جانب چپ یعنی بایان طرف انسان کا ۔
ایدرت اسجگہ اور اب اور اسوقت اور اسطرح ۔
ایثار ع اپنا نقصان اور غیر کا نفع روا رکھنا سخاوت دینا مفت دینا ۔
آیرت ذکر و قضیب یعنی عضو تناسل انسان کا ۔
ایلغار ت با کے غیر ملفوظ بہت دشمن پر جا پڑنا حملہ کرنا ۔
آیار ت بزبان روم چھٹے مہینے کا نام ہی جو گرمی کا مہینہ ہی

## دوسری فصل
## اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف با اور آخر مین را ہے ہو

## با با الف

باقر ع مرد فاضل و دانشمند و لقب امام پنجم پسر امام زین العابدین رضی اللہ تعالی عنہ ۔
باور ف بھرکی جسے لکھڑی کی بنا کر اور رشتہ ڈالکر کھیلتے ہین
بار ف نام خدا تعالی و پشتہ خروار و اپنا روبزرگی و گرانی و بزرگ و نیک نصیحت و رخصت و دخل و بیخ و بن و کرت و رتبہ و بارگاہ و کثرت و انبوہ و ثمرہ و میوہ و حمل زنان و ساز مطربان اور بوجھ والا و لیجہ بانیکو کار ۔
بارجوزہ ف گرمی کا پڑنا گرمی کے موسم مین اور یہ ایام انیسوین تموز سے چھبیسوین تک آٹھ روز مقرر ہین اور یہ آٹھ روز اگر بنہایت گرمی مین گذر جائین تو علامت نزول باران ۔ اور نشان ارزانی کا ہی اور اگر یہ دن سرد ہو جائین تو قحط کا خوف ہی گویا یہ آٹھ روز عالم مین آٹھ ماہ کے احوال پر اول امرداد کے مہینے سے آخر اسفند یار تک
بارگیر ف اسپ شتر و گاو وغیرہ چارپا جو بار اٹھاتے ہین
بادگیر ف دریچہ و روزن گھر کا جسطرف سے ہوا آتی ہو
باغ نظر ف کرمان مین ایک باغ ہی جسکا یہ نام ہی ۔
باہر ع روشن و آشکارا و ظاہر جو سب کے روبرو ہو
باخرز ف ملک خراسان و نواحی قندہار یعنی آفتاب جاہ
پار ف سال گذشتہ یعنی پار سال یہ لفظ ہندی مین مستعمل ہی
پارار ف سال گذشتہ سے پہلے جو سال گذر چکے ہون
باور ف اعتبار استعمال اسکا بلفظ کردن اور داشتن کے ہی
بازار ف جاے خرید و فروخت اور مقام تجارت ۔
بابر ع نام بادشاہ جد اکبر بادشاہ جو ہند تخت پر بیٹھا تھا ۔
باگیر ف کشتی کے داؤ کا نام ہی جس سے حریف کو لات پکڑ کر گراتے ہین ۔
باجدار ف محصول مقرر کرنے والا یا محصول دینے والا

باجگذار ف جو سرکاری محصول دیتا ہو زمیندار وغیرہ
باجگیر ف محصول لینے والا حاکم و بادشاہ وغیرہ۔
باخبر ف حال کا واقف راز کا محرم اور مرد صاحب علم و فضل۔
باربردار ف بوجھ اٹھانیوالا حمال جو بوجھ کو اٹھا کر لیجاوے
بارگیر ف شریک سفر و رفیق راہ اور بار اٹھانیوالا۔
باورہ ف شتابندہ یعنی دوڑنیوالا چالاک۔
بادامہ بجیرہ ف تکرو حلقہ زنجیر جو گلے میں پہنتے ہیں۔
بالعشی والابکار ع صبح و شام دن رات۔

## با با بار

ببر ع ایک درندہ جانور کا نام ہے جو شیر پر غالب آتا ہے شبیہ اسکی شیر و گربہ سے ملتی ہے مگر دم نہیں ہوتی۔

## با با تاء

بتر ف مخفف بدتر اور عربی بے فرزند ہونا بے اولاد ہونا
بتر ع کاٹنا اور بیخ سے نکالنا خراب و ابتر کرنا۔

## با با ثاء

بثر ع آبلہ یا چھوٹے دانہ سرخ و زرد جو بدن پر نکلیں
بثور ع جمع بثرہ آبلہ یا خرد جو انسان کے بدن پر نکلتے ہیں

## با با حاء

بحر ع دریائے شور و بحر بزرگ اور وزن شعر اور بحر نظم کی جو انیس ہیں طویل مدید بسیط وافر کامل ہزج رجز رمل منسرح مضارع مقتضب مجتث سریع جدید قریب خفیف مشاکل متقارب متدارک۔
بحور ع جمع بحر خواہ بمعنی دریا کے خواہ بحر نظم کے معنی۔

بحار جمع بحر دریاہا۔
بحر اخضر ع نام دریا جسکے جانب شرق چین شمال کو ہند اور غرب میں یمن جنوب میں دریائے محیط طول دو ہزار فرسنگ اور عرض پانسو فرسنگ ہے۔

## با با خاء

بخور ع وہ خوشبوئیں جو کسی چیز کے جلانے سے حاصل ہوں
بخت نصر ع نام بادشاہ کا جسنے بیت المقدس گرایا تھا۔
بخر ع بدبو یعنی وہ بدبو جو منہ سے آوے۔
بخار ع دھواں جو آگ یا گرم پانی وغیرہ سے نکلے مجازاً تپ۔
بختاور ف صاحب نصیب صاحب قسمت و دولتمند۔
بختیار ف قسمت والا طالعمند آدمی امیر آدمی۔

## با با دال

بدر ع ماہ تمام و نام مقام متصل مدینہ جہاں مکہ کے کفار پیغمبر صاحب سے لڑتے تھے۔
بدور ع جمع بدر بمعنی چاند جو پورے ہوں۔

## با با راء

برخوردار ف بہرہ مند یہ لفظ اپنے فرزند کی نسبت بولتے ہیں
برانغار ف وہ فوج جو وقت جنگ لشکر کی طرف راست ہو۔
برفور ف جلد و شتاب اور اسی وقت اسی دم۔
برو دار ف غرفہ و دریچہ اور سر خانہ گھر کا اونچا مقام
برقرار ف قائم و پائدار مستحکم و مضبوط۔
بردبار ف متحمل بار اٹھانے والا قائم مزاج۔
برزن ف محلہ و کوچہ و شہر و بازار و بستان

برادر ف بھائی حقیقی باپ کا بیٹا۔

بَرّ ع نام حق تعالی و زمین خشک و بیابان و نیکوکار و مہربان۔

بِرّ ع نیکی و بخشش و خوشنودی و رضامندی و زندگانی۔

بُرّ ع گندم گیہون جو ایک غلہ مشہور ہے۔

بِرث ایک جو پہلا عدد اعداد مین سے ہے۔

## با با زاے

بَزر ع تخم ہر ایک چیز کا جس سے وہ چیز پیدا ہو۔

بُزُور ع جمع بزر بہت سے تخم اور بہت سے بیج۔

بزہ کار ف گنہگار فاسق فاجر عاصی بدکار۔

بزرگر ف تخم بونے والا زمیندار۔

بزرجمہر نام وزیر اعظم نوشیروان کا جو آخر معزول کیا گیا تھا۔

بزرگوار ف بزرگ اور بڑے مرتبے اور بڑی عمر کا آدمی۔

بزگیر ف جو شکار کو لڑاے جانور لڑانے والا۔

بزجگر ف ضد بہادر کم حوصلہ کم ہمت آدمی کمزور شخص۔

## با با سین

بستہ نگار ف ایک راگنی کا نام ہے جو گائی جاتی ہے۔

بُسر ع خرماے خام یعنی میوہ کھجور کا جو کچا ہو۔

بسر نام وزیر قیصرانی جو بڑا مدبر و عقیل تھا۔

بستر ف بچھونا جو زمین یا تخت وغیرہ پر بچھایا جاے۔

## با با شین

بشیر ع خوشخبری دینے والا نیک خبر پہونچانے والا اور نام رسول کریم۔

بشرہ ع چہرہ مکھ یعنی انسان کا چہرہ جو نظر آئے۔

بشر ع انسان و صاحب بشرہ یعنی جسکا چہرہ دیکھا جاے۔

## با با صاد

بصیر ع صاحب بینائی و دانا و عقلمند و صاحب دانش و بینش۔

بصائر ع بینا بینا و جمع بصیرت آگاہ روشن اور سند مضبوط۔

بصر ع بینائی دیکھنا اور آنکھ جس سے آدمی دیکھتا ہے۔

## با با طاء

بطر ع زخم کو چیرنا اور ریم و خون اس سے نکالنا۔

بطر ع دہشت و حیرانی و غفلت و نافرمانی و شادی و تونگری مین شگفتہ۔

## با با عین

بعث و نشر ع روز قیامت یعنی دن اٹھنے اور پھیل جانے کا۔

بعیر ع اونٹ جسکو فارسی مین شتر کہتے ہین۔

بعر ع سرگین شتر و گوسپند وغیرہ یعنی لینڈی جسکو مینگن کہتے ہین۔

## با با قاف

بقر ع گاو نر ہو یا مادہ بخلاف ثور کے کہ نر گاو کا نام ہے۔

## با با کاف

بکتر ف ایک آہنی کپڑا ہے جو جنگ مین پہنتے ہین اور تلوار اسپر کارگر نہین ہوتی۔

بکلر ت امیر و سردار و سپہ سالار و حاکم و فرمان فرما جو حاکم وقت ہو۔

بکر ف زن دوشیزہ و ناکتخدا یعنے جو ابھی کسی مرد کے ساتھ ہم صحبت نہ ہوئی ہو۔

بکر ع شتر جوان و نام قبیلہ و نام ملک و نام علاقہ۔

بکرہ ع وقت بامداد یعنی صبح کا وقت فجر کا موقع۔

بکور ع صبح کو اٹھنا اور فجر کو کام کرنا علی الصباح بیدار ہونا۔

## با با لام

بلجار ت قول و وعدہ و اقرار جو کسی سے کیا جاوے۔

بَلغُور ف دلیا جو دَلکر کہاتے ہین گندم و جو کا دلیا۔

بَلغار ع نام شہر جو ظلمات کے پاس سکندر کا آباد کیا ہوا ہے اور ایک قسم کا چمڑا جسکو ادیم کہتے ہین۔

بلادُر ع نام ثمر جسکو بھلاوان کہتے ہین اور نام زلور۔

بلّور ع نام سنگ جو صاف روشن ہوتا ہے۔

بلعم باعور ع نام ایک زاہد کا بنی اسرائیل سے جسنے موسیٰ پیغمبر پر بددعا کی جسسے موسیٰ چالیس برس تک جنگل مین سرگردان رہا آخر یوشع نبی کی دعا سے اُسکا ایمان سلب ہوا اور وہ کافر ہو کر مرگیا۔

## با با نون

بَندر ع کنارہ دریا جہان کشتیان جمع ہین جہاز نکلے قیام کا موقع ہو

بنجر ف غیر آباد زمین جسمین کھیتی زراعت نہوتی ہو۔

بنابر ف اسلیے اسواسطے اس کام کے لیے اس غرض کے لیے

بنادر ع جمع بندر یعنی بہت سے مقام کشتیوں کے ٹھہرنے کے

بنصر ع وہ انگلی جو وسطی اور خنصر کے درمیان ہے۔

بنی نوع بشر ع فرزندان جنس انسان یعنی تمام آدمی جو آدم کی اولاد ہین۔

بنی عامر ع عرب مین ایک قوم کا نام ہے جو عامر کی اولاد ہین۔

بنیر ع کوہستان شمالی پنجاب مین ایک پہاڑ کا نام ہے۔

پنیر ف دودھ پھٹا کر بناتے ہین اور جو دہی خشک کرکے بناتے ہین وہ قروت کہلاتا ہے۔

## با با واو

بوتیمار ف نام مرغ ماہی خور یعنی بگلا جو مشہور جانور ہے۔

بواسیر ع نام مرض جو مقعد یا ناک مین پیدا ہوتی ہے۔

بور ف بواو مجہول سرنگ گھوڑا جو ایک قسم کا گھوڑا ہوتا ہے۔

بو عمرو سات کس فضلا سے علم قرأت سے ایک کا نام ہے۔

بوذر ع محمد صاحب کے ایک اصحاب کا نام ہے جو مہاجرین سے تھا۔

## با با ہا

بہار عنبر ف خوشبوے عنبر جو ایک قسم کی خوشبو ہے۔

بہادر ت مرد چالاک آزمودہ کار و پہلوان و جوانمرد

بہار ف ابتدائے فصل بہار و موسم گل و نام آتشخانہ و بتخانہ۔

بہار ہ ایک ملک کا نام ہے ہندوستان مین جو مشہور ہے۔

بہیر ہ ہندی مستعمل فارسی بازاری لوگ جو لشکر کے پیچھے رہین

بہتر ف بہت اچھا بہت خوب بہت مناسب۔

بہر ف واسطے یعنی فلان بات کے واسطے۔

## با با یا

بیطار ع معالج چارپایوں کا یعنی جو طبیب چارپایوں کا علاج کرے

بیروزگار ف جو شخص کوئی کام نہ کرتا ہو محض بیکار۔

بیمار ف روگی یعنی وہ شخص جسکو کوئی بیماری ہو۔

بیدار ف ہوشیار و خبردار اور جو شخص بات کو کم سمجھے۔

بیت المعمور ع نام مسجد جو آسمان پر مقابل کعبہ کے ہے۔

بید انجیر ع درخت ارنڈ جو مشہور و معروف درخت ہے۔

بیدر ہ ایک شہر دکن کے ملک مین ہے۔

بیر ع چاہ یعنی کنوان جس سے پانی بھرا جاتا ہے۔

بئس المصیر ع بہت برا مقام بازگشت کا یعنی دوزخ۔

بیت القرار ع خانہ عافیت مجازاً وہ گھر جسمین سکونت ہو

بیلو ف خوردہ فروش جو شخص چھوٹے چھوٹے اسباب کا تاجر ہو

بے نوکر ف یہ لفظ غلط ہی نانوکر صحیح ہی مگر مشہور ہی۔

## تیسری فصل
## اُن لغات کے بیان مین جن کے اول باے فارسی اور اخیر مین رے آہی

### باب الف

پالکی ف دکن مین ایک قوم ہی۔

پاکار ف پیادہ تحصیلی خادم و مزدور و خاکروب خدمتگار و غیرہ

پارہ کار ف شوخ لچا سرکش نافرمان آدمی۔

پاسخاطر ف کسی کی خاطر سے کسی کی رعایت سے۔

پاسدار ف طرفدار کسی کا حمایتی و مددگار۔

پایدار ف محکم و مضبوط اور برقرار رہنے والی چیز۔

پای کار ف وہ جگہ جہان مصالح عمارت کا رکھا جاے۔

پازہر ف زہر مہرہ جو مشہور ہی پر مخفف پادزہر دوا مین مستعمل ہی

### باب تاے

پتھر ہندی اور فارسی مین مشترک ہی جوڑا کیا ہوا لویا پگھلا ہوا لوہا

### باب خاے

پخته خوار ف آرام طلب یعنی کم محنتی پکی پکائی کھانے والا۔

### باب دال

پدیدار ف ظاہر و آشکار جو چیز سبب کے سے پیدا ہو۔

پدر ف باپ جسکے نطفہ سے یہ شخص ہو۔

### باب ذال

پذیر ف قبول کرنا یا ماننے والا اور قبول کرنیوالا۔

### باب راے

پرستار ف خدمتگار مرد ہو یا عورت حکم ماننے والا تابعدار۔

پردہ دار ف دربان یعنی محافظ دروازہ کا ہو اور پردہ نشین شخص

پرخوار ف سرد مکان اور فربہ جانور جسکے بدن پر گوشت ہو۔

پرکار ف قلم دو شاخہ جس سے دائرہ کھینچین اور دائرہ بنائین۔

پروردگار ف پرورش کرنیوالا نام خداے تعالیٰ کا ہی سب کو پالتا ہی

پر ف بھرا ہوا لبالب ہوا پیالہ یا کوئی اور برتن۔

پرکار ف دانا و عیار و عقلمند جو ہر ایک کام کر سکتا ہو۔

پرور ف پالنے والا پرورش کرنیوالا شخص۔

پرہیزگار ف بچنے والا گناہ سے اور نیک کام کرنیوالا۔

پری پیکر ف خوبصورت آدمی اور معشوق جسکا حسن و جمال۔

پر ف بال و بازو جس سے جانور پرند اُڑتے ہین۔

پردہ زنبور ف برقعہ جالی دار جو عورتین پہنتی ہین۔

پریر ف مخفف پریروز یعنی وہ پرسون کا دن جو گذر چکا ہی۔

### باب سین

پسر ف بیٹا جو اپنے نطفہ سے پیدا ہوا ہو اور لڑکا کا عام

### باب نون

پندار ف تصور و تکبر و خیال اور وہم جو اسمیں ہی

پنجر ف جو چیز مشبک ہو اور پنجرہ یعنی جالی۔

### باب واو

پوطوار ف خزانچی جسکی تحویل مین زر نقد رہتا ہو۔

پور ف بیٹا جو اپنے نطفہ سے پیدا ہوا ہو۔

پوسر ہاجر کنایہ اسماعیل ع جو نبی مشہور ہین۔

### باب یاے

پیکار ف جنگ لڑائی معرکہ جو دشمن سے کیا جاے۔
پیداوار ف آمدنی اور کمائی جو کسی کام سے حاصل ہو۔
پیر ف بزرگ بڑی عمر کا آدمی اور مرشد اور پیشوا۔
پیزار ف جوتا جو پاؤن مین پہنتے ہین۔
پیغمبر ف ایلچی پیغام لیجانیوالا اور جو خدا کا پیام لایا ہو۔
پیکر ف شکل وصورت ظاہری ہر چیز کی۔
پیشکار گماشتہ نوکر اور کام کرنے والا۔
پیرانہ سر ف حالت پیری وضعیفی و پیرانہ سالی۔
پیلہ ور ف شیشہ گر وعطار وابریشم فروش۔
پے سپر ف پامال وپریشان وخراب حالتین۔

## چوتھی فصل
## اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف تا اور اخیر مین را ہے

### تا با الف

تار ف ریسمان جامہ یعنی تانا و تاریک وسیاہ وسر
مخفف تارک نام درخت اور ترکی مین تنگ۔
تاجر ع سوداگر۔
تار و مار ف زیر و زبر کج و پریشان۔
تالار ف ماٹھ جو زینیدار چار ستون زمین مین گاڑ کر اور اُس پر
تختہ ڈالکر زراعت مین بناتے ہین اور اوپر بیٹھکر پاسبانی کرتے ہین۔
تابعدار ف یہ لفظ محض غلط ہے بلکہ تبع دار کہنا چاہیے تو بجا ہے۔
تاتار ف نام ایک ولایت کا ہے جو مشہور ہے۔
تاثر ع اثر قبول کرنا کسی کا دباؤ اپنے اوپر لینا۔

تاثیر ع اثر کرنا کسی چیز پر حاوی ہونا دباؤ ڈالنا۔
تاجدار ف بادشاہ صاحب تاج مالک ملک۔
تاجور ف بادشاہ صاحب کلاہ فرمان فرما۔
تاخر ع پیچھے ڈالنا توقف کرنا ٹھہر جانا درنگ کرنا۔
تاخیر ع پیچھے ڈالنا توقف کرنا ٹھہر جانا درنگ کرنا۔

### تا با باء

تبر ف ایک قسم کا ہتھیار ہے تلوار کا کام دیتا ہے۔
تبر ع طلا یعنی سونا جسکو زر کہتے ہین۔
تبار ف خاندان و اولاد اور عربی مین ہلاکی۔
تبختر ع ناز اور غرور سے چلنا مور کی چال چلنا۔
تبور ع خسران وہلاک کا ہلی وسستی وبدبختی وغیرہ۔
تبذیر ع پراگندہ کرنا فضول خرچ کرنا نکلنا گھاس کا زمین سے
تبحر ع بہت صاحب علم ہونا مثل دریا کے ہونا صاحب
فیض ہونا۔
تبادر ع باہم دوڑنا آگے نکلنا تیز رفتاری کرنا۔
تبخیر ع دھوان اٹھانا بخار اٹھانا کسی چیز سے۔
تبصر ع دیکھنا نظر کرنا نگاہ ڈالنا کسی پر۔
تباشیر ف سفید دوا کا نام ہے طباشیر اسکا معرب ہے۔

### تا با تا

تتر ف مخفف تاتار جو ایک مشہور ملک ہے۔

### تا با ثاء

تثمیر ع میوہ چگنا اور نفع پانا فائدہ حاصل کرنا

### تا با جیم

تجبّر ع جبر کرنا زبردستی کرنا ظلم وستم کرنا کسی پر۔
تجاسُر ع دلیری کرنا شوخی کرنا گستاخی ونافرمانی کرنا۔
تجّار ع جمع تاجر سوداگران یعنی بیوپاری لوگ۔
تجربہ کار ف آزمایا ہوا یعنی جس شخص نے بہت سے تجربے کیے ہون

## تا با حاء

تحذیر ع ڈرانا دہشت دلانا دھمکانا خوفناک کرنا۔
تحریر ع لکھنا اور باریک خطوط جو کتاب کے چار و نطرف ہون و نام کتاب علم اشکال مین اقلیدس حکیم سے اور نغمہ گنگری جو گانے والا اپنے گلے سے لمبی آواز نکالتا ہی اور آزاد کرنا غلام کو قید غلامی سے۔
تحسّر ع ملال کے کھنا نفقہ اہل و عیال اور نوکر چاکر پر۔
تحجّر ع پتھر کیطرح سخت ہونا نہایت سخت دل ہونا۔
تحسّر ع حسرت کرنا افسوس کرنا رنج و اندیشہ مین ہونا۔
تحقّر ع حقیر ہونا بیعزت ہونا بے آبرو وخراب ہونا۔
تحیّر ع حیرت مین آنا حیران و پریشان ہونا غمناک ہونا۔
تحویلدار ف وہ شخص جسکی سپرد کوئی خزانہ ہو تحویلدار خزانچی

## تا با خاء

تخمیر ع گوندھنا خمیر اٹھانا کسی چیز کا۔
تخسیر ع کم کرنا ہلاک کرنا نقصان دار کرنا زیان مین ڈالنا

## تا با دال

تدبّر ع پیچھا کام کا دیکھنا مآل کار پر غور کرنا تدبیر کرنا
تدبیر ع کسی کام کے آخیر پر غور کرنا تدبیر کرنا۔
تدمیر ع ہلاک کرنا ہلاکت مین ڈالنا خراب کرنا۔

تدویر گرد کرنا اور دور مین لانا مدور بنانا۔

## تا با ذال

تذکیر ع مرد ہونا مرد بنانا یہ لفظ ضد تانیث کی ہے۔

## تا با راے

تر ف بہت اور تازہ و آبدار و صاف و پاکیزہ جیون گل تر وغیرہ
تریاق کبیر ع ایک معجون کا نام ہے جو نہایت مفید ہے۔

## تا با زاے

تزویر ع مکر و فریب کرنا جھوٹھ کو رونق دینا جھوٹھ کو سچ بنانا۔

## تا با سین

تسخیر ع فرمانبردار کرنا تابع کرنا اپنی متابعت مین لانا۔
تسطیر ع لکھنا تحریر کرنا کسی کتاب یا خط وغیرہ کا۔
تستیر ع چھپانا پردہ مین رکھنا پوشیدہ رکھنا۔
تسییر ع سیر کرنا جابجا پھرنا ملکون مین پھرنا۔
تسییر ع سیر دینا روان کرنا شہر سے نکالنا بدر کرنا کسی کو۔
تساکر ع بغیر مستی اپنے آپ کو مست ظاہر کرنا فریب سے مست بننا۔

## تا با شین

تشہیر ع مشہور کرنا رسوا کرنا بے آبرو کرنا کسی کو۔
تشمیر ع چستی و چالاکی و دلیری کرنا۔
تشویر ع شرمساری و خجالت اور اشارہ کرنا کسی کو۔
تشتر ف نام ایک شہر کا ہے۔

## تا با صاد

تصغیر ع چھوٹا کرنا کم کرنا مختصر کرنا کسی چیز کو۔

تصوّر ع اپنے دلمین کسی چیز کی تصویر کو قائم کرنا۔
تصویر ع صورت شکل کا بنانا نقشا و اُسکی جمع یعنی صورتین
تصدیر ع دیباچہ لکھنا اور مقدم کرنا کسی کو کسی پر
تصور پایہ دار ف تہمت جو کسی بات پر سے بنا ہو۔

## تا با ضاد

تضجّر ع دل تنگ ہونا بے آرام ہونا پریشان و غمگین ہونا

## تا با طا

تطہیر ع پاک کرنا پلیدی دور کرنا صاف کرنا کسی چیز کو۔

## تا با ظا

تظاہر ع پشتی دینا مددگاری کرنا حمایت مین لینا۔

## تا با عین

تعزیر ع سیاست کرنا کسی کو بعض جرم کے جو اقل
درجہ چالیس درہ شرعی ہین۔
تعسّر ع تنگی و دشواری کرنا عسرت کی حالتمین ہونا۔
تعطیر ع خوشبودار کرنا عطر لگانا کسی چیز کو۔
تعییر ع سرزنش و طعنہ دینا ملامت کرنا۔
تعطّر ع خوشبو ہونا خوشبوئی لگانا عطر لگانا۔
تعبیر ع بیان کرنا اور خواب کا مطلب کہنا اترنا عبور کرنا
تعذّر ع دشوار ہونا اور حجت لانا کسی بات مین۔
تعمیر ع عمارت کرنا کوئی مکان بنانا۔

## تا با غین

تغییر ع بوزن تشریف بدلنا پلٹنا کسی چیز کو۔
تغیّر ع بدلنا ایک حالت سے دوسری حالتمین ہونا

تغار ع طشت گلی یعنی مٹی کا طشت مٹی کا رکاب۔
تغایر ع فرق باہمی مغایر ہونا غیر بننا غیریت ہین۔

## تا با فا

تنفّر ع بھاگنا نفرت کرنا الگ ہونا اور رمنا۔
تفسیر ع قرآن کی شرح کا علم و علم معانی قرآن۔
تفاسیر ع جمع تفسیر کی بہت سی تفسیرین قرآن کی
تفاخر ع فخر کرنا بڑائی کرنا بڑا آدمی بننا۔
تفکّر ع فکر کرنا اندیشہ کرنا غور کرنا کسی بات پر۔

## تا با قاف

تقذیر ع پلید رکھنا ناصاف رکھنا خراب رکھنا۔
تقتیر ع تنگی کرنا تنگ رکھنا کسی کو کسی بات پر۔
تقدیر ع اندازہ اور وہ اندازہ جو خدا کے حکم سے ہو چکا
تقصیر وار ف صاحب تقصیر یعنی جس شخص سے کوئی گناہ صادر ہوا
تقصیر ع کوتاہ کرنا سستی کرنا نافرمانی کرنا۔
تقریر ع سخن کہنا قرار دینا اقرار مین لانا کسی کو۔
تقرّر ع قرار پکڑنا ٹھہرجانا کسی مقام پر مقرر ہونا
تقشیر ع پوست اتارنا چوب و میوہ وغیرہ سے
تقاطر ع پے در پے گرنا قطرہ نکالنا پانی کا یا کسی اور چیز سے

## تا با کاف

تکبّر ع بڑائی کرنا اپنے آپ کو بزرگ جاننا غرور کرنا۔
تکبیر ع بزرگ کہنا خدا کو بزرگ کہکر پکارنا اور تکبیر نماز کی
تکدّر ع مکدر خاطر ہونا و رنجیدہ ہونا ایک کی طرف سے خفا یا آزردہ
تکریر ع دوبارہ ذکر کرنا تکرار کرنا کسی بات پر۔

تکرار ع بار بار کہنا اور بار بار ذکر کرنا کسی بات کا۔
تکاثر ع بڑھنا بہت ہونا زیادہ ہونا کثرت کے ساتھ ہونا
تکثیر ع بڑھانا زیادہ کرنا کثرت میں لانا کسی چیز کو۔
تکسر ع بہت ہونا ٹوٹ جانا اپنے اندر آپ سے کسی چیز کا۔
تکسیر ع بہت توڑنا اور تقسیم کرنا کسی اسم کے عددوں کو تعویذ کے خانوں پر۔
تکسّر ع شکستہ ہونا ٹوٹا ہوا ہونا کسی چیز کا۔
تکریر ع بار بار کرنا اور بار بار کہنا کسی بات کا۔
تکفیر ع کفارت دینا کسی کو کافر کہنا کسی سبب سے
تکاور ف اسپ تیز رو و اصل اسکا تک آور تھا۔

## تا با میم

تمر ع خرمای خشک یعنی خشک کھجوریں جو مشہور میوہ ہے۔
تمر ع نام بیماری چشم یعنی آنکھ کی ایک بیماری کا نام ہے۔
تمسخر ع ہنسی کرنا مسخری کرنا کسی سے۔
تمر ت بواو نام بادشاہ مغل جسکو تیمور کہتے ہیں۔
تمام عیار ع کامل عیار یعنی وہ شخص جو سخت عیار ہو۔

## تا با نون

تندر ف رعد کی آواز اور بلبل جو ایک پرند مشہور ہے۔
تناور ف فربہ و سطبر و قوی جثہ و قوی زور آدمی۔
تندکار ف ایک معنی دوا ہے جسکو سہاگا کہتے ہیں۔
تندیر ع ڈرانا دھمکانا خوف دلانا کسی کو کسی چیز سے
تنگ شکر ف کنایہ لب معشوق اور نام ایک فن کشتی کا۔
تنافر ع نفرت کرنا متنفر کے بھی معنی ہیں یعنی کہا گیا

کسی خوفناک چیز سے۔
تنویر ع روشنی اور چاندنی چاند وغیرہ کی۔
تنور و تنورہ ع مشہور لفظ ہے جسمیں روٹی پکاتے ہیں
تنگبار ف وہ جگہ جہاں کسی کا دخل نہو اور راستہ تنگ جہاں کسی کا گذر نہو۔
تنصّر ع نصارا ہونا عیسائی ہونا۔
تنظیر ع مثال بنانا شکل بنانا تشبیہ دینا کسی کا۔

## تا با واو

توریر ع ناحق کسی کو گنہگار بنانا فریب میں پھانسنا۔
توفیر و توافر ع بہت ہونا اور بہت کرنا اور ترقی دینا کسی چیز کو۔
توقیر و توقر ع عزت و حرمت و وقر و قدر کسی چیز یا کسی شخص کی
تور ت لپسر کلان فریدون جسکے نام سے توران کا ملک و ولایت مشہور ہے و بمعنی پہلوان و بہادر اور نام گیاہ ترش مزہ و بمعنی رم و رمیدگی۔
تور ف بواو مجہول جالی و دام ماہی یعنی مچھلی پکڑنیکا جال۔
تور ع تنار کوزہ آب طبق اور انوار اسکی جمع ہے۔
تونگر ف رئیس و دولتمند اصل لفظ توانگر تھا۔
تواتر ف پے در پے اور بار بار ہونا کسی بات کا۔
تواتر ف تنہا تنہا و یک یک اور فرد فرد۔

## تا با ہا

تہوّر ع مردانگی و پہلوانی و جوانمردی و دلیری۔

## تا با یا

تیسیر ع بوزن تحریر آسان کرنا کسی مشکل کام کو۔
تیمار ف غمخواری کرنا خدمت کرنا کسی بیمار و علیل کا۔
تیمور ت فولاد اور نام بادشاہ مغل کا جو مشہور ہے۔
تیر ف تیر چلانے کا ستارہ عطارد و نام ماہ شمسی تقریباً ماہ ...
تیار ع جلد رفتار و جہندہ و مواج دوڑنے و مہیا کامل
بعض اسکو طیار لکھتے ہین وہ قریب صحت ہے۔
تیہ آور ف مکار و حیلہ گر و فریبی آدمی و دغاباز۔

## پانچوین فصل
## اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف ثاے اور اخیر مین راے ہے

### ثا با باے

ثبور ع ہلاک ہونا مرجانا فوت ہونا نیست و نابود ہونا۔

### ثا با غین

ثغر ع دانت اور اگلے دانت اور سرحد درمیان
ملک کفر و اسلام کے جو واقع ہو۔
ثغور ع جمع ثغر دندانہا و سرحدہاے ممالک کفر و اسلام۔

### ثا با فاے

ثفر ع پاسے دم یعنی دمچی جو مشہور ہندی لفظ ہے۔

### ثا با میم

ثمر ع میوہ و بار اور پھل درختوں کا و مال مذر و فرزند و اولاد۔
ثمار ع جمع ثمر میوہ ہا یعنی بہت سے میوے اور پھل و اولاد۔
ثمیر ع میوہ ہر ایک قسم کا اور درخت میوہ دار۔

### ثا با واو

ثور ع گاو نر نہ مادہ مخالف بقر کہ معنی نر اور مادہ کے ہے

## چھٹی فصل
## اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف جیم اور اخیر مین راے ہے

### جیم با الف

جار ع ہمسایہ نگہبان شریک اور پناہ دیا گیا اور
ترکی مین ندا کرنا اور منادی و جیبت۔
جانور ف جو صاحب جان ہو یعنی زندہ ہو مجازاً
وحش و طیور سواے انسان کے۔
چاکر ف جو شخص کسی کا نوکر یا خدمتگار ہو۔
جائر ع جور کرنے والا ظلم کرنے والا راہ حق سے پھرنے والا
جار بلجار ت اندک طلب بسیار طلب آدمی۔
جان دار و جانہ دار ف سلاح دار و دوست و
مددگار و حامی کسی کا۔
جاگیر و جاگیر ف وہ زمین جو بادشاہ کسی منصب دار کو دے
جاغر ت چینہ دانہ مرغان جو مرغ کھاتے ہین۔
جاجنگر ہ ہند مین ایک شہر مشہور ہے۔
جابر ع جبر کرنے والا زبردستی کرنے والا۔
چار ف اربع و مخفف چہارہ جسکے معنی ملاج کے ہین
چار یار ف حضرت ابوبکر و عمر و عثمان و علی رضی اللہ عنہم جو محمد صلعم کے جانشین تھے
چار تکبیر ف نماز جنازہ اور مجازاً ترک کرنا۔

### جیم با باے

جبائر ع جمع جبیرہ چھوٹی لکڑیان جو شکستہ عضو پر باندھتے ہین

امام جعفر صادق جس سے احوال غیب معلوم ہوتا ہے۔

## جیم با کاف

جکر ف بتشدید جسکو ہندی مین جھانک کہتے ہین۔
جگر ف ا بعضو یعنی کلیجا و یعنی رنج و غم و غصہ و آزردگی و تاب و طاقت

## جیم با لام

جلنار معرب گلنار یعنی انار کا پھول یا کوئی سرخ پھول

## جیم با میم

جمہور ع گروہ آدمیون کا اور ہجوم و انبوہ خلقت کا
جماعت دار ف سرگروہ اور جمعدار جو مشہور ہے غلط ہے۔
جم غفیر ع ہجوم تمام یعنی جم یعنی گروہ غفیر یعنی چھپانیوالا چونکہ ہجوم سے زمین چھپ جاتی ہے اسلیے جم غفیر کہا۔
جماہیر ع جمع جمہور آدمیون کے گروہ اور ہجوم خلقت کا۔
جمار ع ڈالنا سنگریزہ حاجیون کا اوس ستون پر جو منی مین ہے۔
جمدھر ہ ایک قسم کے خنجر کا نام ہے۔

## جیم با نون

جنتر ہ نام ساز جسکو بین کہتے ہین۔
جنار ف نام درخت کلان جسکے پتے پنجے کی طرح ہوتے ہین۔
جنبر ف دائرہ دوف و حلقہ و طوق کمند و قید اور چرخ یا زنا۔

## جیم با واو

جوع البقر ع ایک بیماری کا نام ہے جس بیمار پڑنے سے آدمی گرسنہ رہتا ہے یعنی بھوک بہت لگتی ہے۔
جوی شیر ف نام نہر شیرین جسکو فرہاد نے بنایا تھا اور نام دریائے کابل جو کوہ کابل سے نکلکر دریائے سندھ مین آملتا ہے۔
جوئبار ف جس زمین مین بہت نہرین ہون۔
جوار ع ہمسائگی اور بفتح جیم غلط ہے۔
جوہر ع معرب گوہر یعنی قیمتی و اصل خلاصہ ہر چیز اور ضد عرض یعنی وہ چیز جو بذات خود قائم ہو اور عرض دوسرے کے قائم بذات خود نہو بلکہ قیام عرض کا بوسیلہ جوہر کے ہو چنانچہ لوح و نقش لوح جوہر ہے اور نقش عرض۔
جوزہ ع بچہ گاو دشتی معرب گوزہ جسکے معنی بچہ گاو کے ہین
جودر ع وہ گھاس جو گندم مین پیدا ہوتی ہے دانہ اسکا باریک ہوتا ہے
جور ف ظلم و ستم اور جام بھرا ہوا پانی یا شراب کا۔

## جیم با ہا

جہر ع ظاہر ہونا آواز بلند کرنا بلند آواز سے پڑھنا۔
جہار ع ظاہر ہونا سامنے روبرو ہونا پردہ سے نکلنا۔
جہاد اکبر ع ریاضت عبادت و نفس کشی کی ریاضت۔
جہاد اصغر ع کفار سے لڑنا دین کی ترقی کے لیے۔
چہار پیر ف چہار یار ف چہار اصحاب پیغمبر ابوبکر و عمر و عثمان و علی جو محمد کے جانشین تھے۔

## ساتوین فصل

## ان لغات کے بیان مین جن کے اول حرف حا اور اخیر مین را آیا ہے

## حا با الف

حار ع گرم اور گرمی کرنے والا ضد بارد کی۔
حائر ع جو شخص بات کرتے کرتے رک جائے۔
حاصر ع حصر کرنیوالا (گھیرنے والا) اکٹھا کرنیوالا کسی بات میں

حاضر ۔ آگاہ و خبردار و موجود و حاضر۔
حافر ۔ سم اسپ اور چلنے کی چیز کا حافر جو ان کی جمع ہے۔

## حا با باء

حبر ۔ سیاہی دوات کی و دانشمند و نیکوکار اور اچھا آدمی۔
حبور ۔ خوش کرنا اور خوش ہونا و حبر حبر یعنی خوشی کی نیکی میں

## حا با جیم

حجر ۔ تینوں حرکت سے حرام و باز رکھنا کسی جیسے کام اور خراب چیز سے۔
حجر ۔ سنگ یعنی پتھر جو مشہور و معروف چیز ہے۔
حجر ۔ عقل و خرد و لیاقت و ہوش جو انسان کو حاصل ہو۔
حجر ۔ جمع حجرہ یعنی بہت سی کوٹھریاں اور مقام۔
حجر ۔ بغل و کنارہ ہر چیز کا اور گوشہ۔

## حا با دال

حدر ۔ نیچے اترنا بلندی سے تنزل کرنا عروج سے۔
حداد ۔ سیاہ کپڑے ماتم کے۔

## حا با ذال

حذر ۔ پرہیز کرنا اور بچنا کسی نقصان رسان چیز سے۔
حذر ۔ خائف و ترسان ڈرتا ہوا اور خوف کرتا ہوا آدمی۔
حذار ۔ ڈرنا اور خوف کرنا دہشت میں آنا۔
حذور۔ حذریہ ۔ پر خوف و خوفناک اور ڈرتا ہوا آدمی۔

## حا با راے

حر ۔ مرد آزاد و برگزیدہ و نیکوکار کا۔
حر ۔ گرمی اور گرم اور سنگین میں جو نہایت سخت ہو۔

حر ۔ فرج زن و اندام نہانی عورت کا۔
حرور ۔ گرمی اور موسم تابستان جو گرمی کا وقت ہو
حرور ۔ گرم ہوا جو رات کو چلے اور سموم وہ گرم ہوا جو دن کو چلے اور گرمی آفتاب و آگ کی تابش و گرمی۔
حروف جیم دار ۔ دائرہ دار حروف جو ایک قسم کا خط ہو۔
حروف بارگیر ۔ وہ حروف جو کسی کے تکیہ کلام ہوں
حریر ۔ جامہ ابریشمی اور وہ شخص جو غصہ میں گرم ہو
حرف گیر ۔ عیب گیر آدمی جو نکتہ چین اور عیب کا پکڑنے والا ہو۔
حرف جو ہر دار ۔ اچھے حرف جو خوش خط لکھے ہوں

## حا با سین

حسور ۔ ماندہ ہونا اور رہ جانا بینائی کی اندھا ہونا معذور ہونا
حسیر ۔ درماندہ اور رنجیدہ شخص اور بیمار آدمی۔

## حا با شین

حشر ۔ اٹھانا مجازاً قیامت کا دن جس روز سب اٹھائے جائینگے۔
حشر ۔ گروہ و انبوہ و ہجوم

## حا با صاد

حصار ۔ قلعہ احاطہ جسکے چار طرف دیوار ہو و نام شعبہ موسیقی
حصر ۔ گھیر لینا اور احاطہ کرنا اور چار دیواری بنانا
حصور ۔ وہ مرد جو با وجود مردمی کی عورت کے مائل ہو۔
حصیر ۔ بوریا ۔ خرما کھجور کے پتوں کا بوریا۔

## حا با ضاد

حَضَر ع موجود ہونا بخلاف سفر اور نام ایک ولایت مین ہے۔

حُضّار ع جمع حاضر بمعنی حاضران یعنی جو لوگ حاضر ہون۔

حُضُور ع حاضر ہونا بخلاف غیبت اور کلمہ تعظیم نسبت بزرگان۔

حَضاجِر ع کفتار جو ایک درندہ چارپایہ ہے اگرچہ لفظ حضجر کے جمع ہے اور حضجر بڑے پیٹ والے کو کہتے ہین مگر بسبب اسکے کہ وہ درندہ بھی بزرگ شکم ہے اس جمع کو واحد پر اطلاق کیا۔

## حا با طاء

حَظائِر ع جمع حظیرہ بمعنی گورستان و احاطہ گرد چوب۔

## حا با فاء

حَفْر ع زمین کو کھودنا قبر کھودنا مثاک کرنا زمین مین۔

حَفِیرہ ع گور کھودی ہوئی اور مغاک جو زمین مین کھودا ہو۔

## حا با قاف

حَقْ دار ف جسکا حق ہو صاحب حق و صاحب استحقاق۔

حَقِیر ف عاجز بیعزت ناتوان غریب مفلس نادار۔

## حا با میم

حِمْیَر ع نام قبیلہ ہے قبایل بنی سبا سے اور نام ایک جنگل کا عرب مین۔

حَمِیر او حُمُر ع جمع حمار یعنی بہت سے گدہے۔

حِمار ع گدھا جو ایک مشہور چارپایہ ہے۔

## حا با نون

حَنْجَر ع حلق و نلی یعنی گلا آدمی کا۔

## حا با واو

حَوافِر ع جمع حافرہ گھوڑونکے سم اور گھوڑونکے پانون۔

حَوَر ع پونا نور لقصان و زیان۔

حُور ع جمع حورا بمعنی زن سفید رنگ و سیاہ چشم و دراز مو او معشوق جو بہشت مین ہونگے۔

حَوارِی ع انصار و اصحاب عیسیٰ کے۔

## حا با یاے

حَیدَر ف اسد و شیر و نام لقب حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا۔

# آٹھوین فصل

## ان لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف خا اور آخر مین را ہے

## خا با الف

خاتُورت ف ترکستان مین ایک گانون کا نام ہے۔

خارخار ف تردد و فکر و اندیشہ و غم جو کسی کو لاحق ہو۔

خارشتر و شترخوار ف ایک گھاس کا نام ہے جسکو اونٹ کھاتا ہے۔

خانہ گیر ف بازی نرد سے ایک قسم کا کھیل ہے [illegible]

خانہ بیر ف خانہ عطار دبیح جوزا جو عطارد کا گھر ہے۔

خاور ف سمت مشرق و مغرب۔

خاسِر ع صاحب نقصان صاحب زیان [illegible]

خاطِر ع دل اور دل کا خیال جو [illegible]

خاکستر ف راکھ جو آگ سے نکلتی ہے۔

خارجگرف چیز غیر مطبوع جسکو دل نہ چاہتا ہو۔
خاک جگر گیرف جس مین سے اٹھنے کو دل نچاہے مقام آرام۔
خانہ دارف مالک اور پاسبان گھر کا محافظ۔
خاکسارف مانند خاک مجازاً ذلیل و خوار و عاجز۔
خاک خوردن تیرف تیر کا نشانہ پر نہ پہنچنا خطا پڑنا۔

## خا با با

غبار ع نرم زمین اور سوراخ ناک کا یعنی نتھنے۔
خبر ع آگاہی و خبرداری و حدیث نبوی۔
خبرگیرف جاسوس اور خبر لینے والا۔
خبیر ع خبردار یہ نام خدا تعالیٰ کا ہے جو ہر ایک کی خبر رکھتا ہے۔
خبردارف صاحب خبر و آگاہی و صاحب علم و فضل۔

## خا با تا

ختار ع پاک و صاف کرنا کھیتی کا خودرو گھاس سے۔

## خا با جیم

خجیر و خجسیر ع خوب و پسندیدہ و مطبوع و دلپسند [illegible] کے۔
خجہ [illegible] سرحد دو طرح کسی خط یا زمین کے۔

## خا با دال

خداوندگار ف صاحب [illegible] جو سب کا مالک ہے۔
خدر [illegible] پردہ و نقاب حجاب جو کسی پر ڈالا ہو۔
خدر [illegible] سست و بےحس و بیکار و بے جنبش۔
خدر [illegible] سست و کاہلی و بیکار جو کام مین سست ہو۔

## خا با را

خرواریف تودہ کسی چیز کا جو بقدر لد گدھے کے ہو یا اسقدر کہ گدھا اسکو اٹھا سکے یعنی خر بار۔
خرف گدھا ولایتی شراب و بیخ گہرے رنگ و کلاں چنانچہ خرسنگ وغیرہ اور وہ چھوٹی لکڑی جو رباب ستار وچنگ پر لگا کر اسپر تار باندھتے ہین۔
خرطنبورہ وہ لکڑی جو چنگ وغیرہ کے تارون کے نیچے لگاتے ہین ہندی مین اسکو گھج کہتے ہین۔
خریدارف خرید کرنے والا مشتری جو کوئی چیز خریدے۔

## خا با زا

خزر ترکستان کے شمالی زمین مین ایک ملک کا نام ہے۔

## خا با سین

خسر ع عربی مین نقصان اور فارسی مین [illegible] پدر زن۔
خسیر ع وہ شخص جسکا نقصان ہوا ہو اور نقصان اٹھا چکا ہو۔
خسیس ع زیان کار و صاحب نقصان خرابی ڈالنے والا۔

## خا با شین

خشک ریف زر خالص کنایۃً آفتاب یعنی سورج۔
خشت زرف کنایۃً آفتاب یعنی سورج۔
خشت قمارف خشت پر قمار کھیلتے ہین۔

## خا با صاد

خصر ع میان یعنی کمر اور درمیانی موقع ہر ایک چیز کا۔
خصر ع سردی اور سرد ہونا اور سردی کا موسم۔
خصر ع ابر یعنی سرد و ترہیت سرد چیز نہایت سرد۔

## خا با ضاد

خِضر ع نام پیغمبر اور اصلی نام اُسکا ارمیا تھا۔ اور خضر اسواسطے نام رکھا گیا کہ جس راستے سے وہ جاتا تھا سبز گھاس پیدا ہو جاتا تھا۔ آخر یہ سکندر رومی کے ہمراہ ظلمات کو گیا اور آبحیات پیکر لوگون کی نظرون سے غائب ہو گیا اگرچہ وہ زندہ جاوید ہے۔ مگر ہر کسی کو نظر نہین آتا سوا ے حکم خدا تعالیٰ جلشانہٗ کے کسی کو نہین ملتا۔

خَضَر ع شاخ سبز اور سبز کھیتی اور ترہ سبز یعنی سبز ساگ۔

خَضَر ع تازگی و سبزی و رونق و خوبی اور سبز و رنگ

خَضُور ع سبز ہونے والا درخت تازہ ہونے والا بارونق ہونے والا۔

## خا با طاء

خَطَر ع قدر و جاہ و عظمت و بزرگی و آفت و اندیشہ و ضرر و درد و رنج۔

خَطِیر ع بزرگ و صاحب عظمت و صاحب عزت و وزن دار

خطِ جواز ف اجازت نامہ جو کسی مسافر کے گذرنے کے لئے گذربان کو لکھا جائے۔

## خا با فاء

خَفَر ع شرم و حیا و نگہبانی و حفاظت پاسداری و خلا

خَفِیر ع شرمناک و فریادرس و نگہبانی کرنے والا محافظ لحاظ کرنے والا دیا سبان۔

## خا با لام

خَلاَر ع شیراز کے پاس ایک موضع ہے جسکا یہ نام ہے۔

خلیع العذار ع بے لگام و شتر بے مہار و انسان بے قید

## خا با میم

خُمَار ع اودھنی عورتونکی اور ٹھینے کی جو سر پر اوڑھتی ہین

خَمَّار ع شراب پار او میفروش جو شراب بناتا اور بیچتا ہو

خُمَار ع بقیہ نشہ شراب کا و بقیہ مستی شراب کی۔

خَمْر ع شراب جس سے مستی و نشہ حاصل ہو۔

خَمِیر ع وہ چیز جو دوسری چیز کی زیادتی کا باعث ہو۔ چنانچہ مٹی مین پانی ڈالین تو وہ بڑھ جاتی ہے۔

## خا با نون

خُنیاگر ف مطرب سرود کرنے والا گانے والا آدمی۔

خِنزیر ع سیاہ خوک سور خنازیر اسکی جمع ہے یعنی بہت خوک۔

خُنجَر ع وہ بدبو جو ہڈی اور چمڑے کے جلنے سے چھوٹے

خِنصِر ع چھوٹی انگلی جو پانچوین انگلی اور چارون سے چھوٹی ہے۔

خُنور ع ظرف و کاسہ و آوند یعنی برتن ہر ایک قسم کا۔

خُندگار ف مخفف خداوندگار صاحب عالم مالک۔

## خا با واو

خون کبوتر ف کنایہً شراب جو پی جاتی ہے۔

خورده کار ف دانا و باریک بین جو ہر ایک بات مین غور کرے

خُوزَر ع سستی و کاہلی و کم توجہی کام مین۔

خُور ف خوراک و طعام خوردنی و آفتاب یعنی سورج

خُوار ع آواز گاو یعنی گائے بیل کی آواز۔

خوارف ذلیل وخراب اور نام مقام عراق مین۔

خواستگار وخواستار ف طلبگار خواہشمند کسی چیز کا۔

خورشید سوار ف سحرخیز وبیدار دل اور عابد شخص۔

خویش دار ف اپنے آپ کو بچانے والا ہر ایک کام بد سے

خوازہ گر ف خواہندہ وخواہشمند وطلبگار وسوالی۔

خوالگر وخوالیگر ف طباخ وباورچی کھانا پکانے والا

خوشگوار ف لذیذ وشیرین طعام یا شربت وغیرہ۔

خودسر وخودسوار ف جو شخص کسی کا کہنا نہ مانے اپنی مرضی سے کام کرے۔

خوندگار ف بادشاہ وصاحب ومالک وحاکم وفرمان فرمائے

خوگر وخوگیر ف عادت یافتہ جس بات کی کسی کو عادت ہو

خواجہ عبد القادر ع نام ایک استاد کا جو علم موسیقی مین صاحب کمال آدمی تھا۔

## خا با یا ء

خیر ع بہت نیکوکار نہایت اچھا آدمی بہت خوب آدمی۔

خیر ع نیکی وبھلائی ونیکوکاری واعمال حسنہ۔

خیرہ سر ف بیہودہ وخودپسند وسرکش ومتکبر ومغرور

خیار ع ککڑی اور کھیرا جو ترکاریان مشہور ہین۔

خیر خیر ف بیہودہ وبیفائدہ وبیکار وکم رتبہ۔

## نوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف دال اور آخر مین را ہے

## دال با الف

دَاوَر ف حاکم عادل اصل مین یہ لفظ دادور تھا کثرت استعمال سے ایک دال گر گئی۔

دَار ع بی مین محلہ وسرا ہے اور فارسی مین چوب ودرخت اور سولی یعنی صلیب۔

دَارُالعِیَار ع چاندی سونے پرکھنے کا مقام صرافون کی دوکان

دَارُالسُّرُور ع لقب شہر بیجاپور وخانہ فرحت وخانہ عیش وعشرت۔

دَادَر ف ہر دو دال دوست وبرادر وغیرہ جن سے محبت ہو۔

دَارُالبَوَار ع خانہ ہلاکت یعنی دوزخ جسمین عذاب ہوتا ہے۔

دَارُالقَرَار ع لقب شہر قندہار وبہشت اور بعضے تختخانہ ہے۔

دارو گیر ف حکومت ودریا وجنگ وپیکار ومقدمات مرجوعہ

دَابِر ع پیسرو پیچھے چلنے والا تابعدار وفرمانبردار۔

دَادَار ف حاکم عادل اور نام خدا تعالے کا۔

دادگر ف عادل صاحب انصاف حاکم منصف۔

دَایِر ع پھرنے والا دورہ کرنے والا مجازاً آسمان

دَارَ مدار ف لیت ولعل اقرار آجکل کا رکھو نہ رکھے

دَایِرَۃُ نِصفُ النَّہَار ع ایک دائرہ آسمانی کا نام ہے جسکو اہل نجوم نے درستی کار کے لئے فرض کر لیا ہو۔

## دال با باء

دَبُور ع وہ ہوا جو مغرب کی طرف سے چلے یعنی پشت کعبہ سے چلے یعنی پچھوا ہوا۔

دُبِّ اکبر ودُبِّ اصغر ع بنات النعش صغرے وکبرے نام ستارون کے۔

دُبُر و دُبُرع ہر چیز کی پشت مجازاً مقعد بیٹھنے کا مقام -
دَبِیرع نویسندہ و منشی جو کوئی کتاب با خط لکھے -

## دال با ثاء

دِثارع چادر و رضائی جو اوپر اوڑھنے کا کپڑا ہو -

## دال با خاء

دُخترف لڑکی دخت اُسکا اختصار ہے -
دُختندرف دوسرے ماں کی لڑکی یا دوسرے باپ کی -

## دال با راء

دُررع جمع درہ یعنی مروارید بزرگ جو بڑا موتی ہو -
دَرّع گائے اور بکری کا دودھ غنیمت و نیکو خوبی و بھلائی -
دُرّ فرو ازلیہ مشترک فارسی و عربی مین یعنے دونوں زبان مین -
دریای اخضرع کنایۃً آسمان و نام ایک سمندر کا سات سمندر سے -
دُرورع روان ہونا دودھ اور عرق کا اور جاری ہونا
دَرخورف لائق و سزاوار کسی نیکی یا بدی یا جزا یا سزا کے -
دریا بارف بڑا دریا اور وہ ملک جو دریا کے کنارے پر ہو
دربارف حکومت کا مکان کسی بادشاہ و امیر کی کچہری -
دربدرف خراب و خستہ و خوار و آوارہ و پریشان حال -
درکارف کار آمد جو چیز کسی بات کے کار آمد ہو ضرورت کی چیز خواہش کی چیز -
درودگرف نجار یعنی ترکھان جو لکڑی کا کام کرتا ہے -
درف اندر بیچ مین درمیان کسی چیز کے اور دروازہ -

## دال با سین

دستورف قاعدہ و قانون و رخصت و اجازت و
وزیر و امیر و صاحب مسند -
دستارف پگڑی یعنی کپڑا جو سر پر باندھتے ہیں -
دستیارف مددگار و ہتھیار اور قسم زیور جسکو کڑہ کہتے ہیں -
دساتیرف جمع دستور یعنی بہت سے قاعدے و قانون و وزرا و امرا
دستکارف صنعت و صانع و استاد و ہنرمند و صاحب فن آدمی -
دست بسرف متحیر و ناامید یعنی وہ شخص جو کسی افسوس میں ہو -
دست پرورف پرورش یافتہ یعنی وہ شخص جو اپنے ہاتھ کا پالا ہوا ہو -
دستگیرف ہاتھ پکڑنے والا مددگار و قیدی و گرفتار و خدا تعالی -
دستہ شمشیرف ایک آلہ کا نام ہے جس سے تیر چلاتے ہیں یعنی بانک -

## دال با شین

دشخوارف مشکل و دشوار وہ جو کام نہایت مشکل و کٹھن ہو
دشوارف سخت مشکل کام جسکا کرنا آسان نہو -

## دال با فاء

دفترف مجموعہ حساب اور کاغذات ہر ایک قسم کے جو کسی کام کے متعلق ہوں -
دفاترف بلفظ جمع دفتر کے لفظ کی ہے یعنی بہت سے دفتر -

## دال با قاف

دق الحصیرع ایک مکان کی تقریب ہے جیسا کہ کہا جائے اسکو دق الحصیر کہتے ہیں اور فارسی میں بوریا کوب بے خبث و مشقت -

## دال با کاف

دُگرُ ع آذربائجان مین ایک رود کا نام ہے۔
دِگرف اور یا دیگر چیز اور دیگر شخص یعنی دوسری چیز اور دوسرا شخص۔

### دال با لام

دِلاَّرف صاحب دل و جوانمرد و چالاک و بہادر۔
دِلاوَرف صاحب دل و دل والا آدمی جوانمرد۔
دلپذیرف دلپسند اور وہ چیز جو اپنے دل کو اچھی معلوم ہو۔
دِلبَرف معشوق دل والا جس سے محبت و پیار ہو۔
دِلدارف معشوق دل کی تسلی دینے والا دوست۔

### دال با میم

دَمارع ہلاک اور یہ بھی دماغ کے مشہور غلط ہے اور جس چیز کی آدمی کو ضرورت ہو اور دھوان و دم و سانس۔

### دال با نون

دَنانیرع جمع دینار کی جو ایک مقدار کا وزن ہے اور نیز بمعنی سکہ مسکوک و نام ایک دوا کا۔

### دال با واو

دُوَارُف گردش سر جو بسبب کسی بیماری کے سر میں ہوتا ہو۔
دَوّارُف بہت گردش کرنے والا نیز والا دورہ کرنے والا۔
دو پیکرف تیسرا برج آسمانی جسکو جوزا کہتے ہیں۔
دَوائرع جمع دائرے کی یعنی بہت سے دائرے اور وہ برج جو دو برجنہ لڑکون کی صورت پر ہے تو دمان بھی اسکو کہتے ہیں۔
دوتارہ نام ساز مثل سکہ تار جو صرف دو تار کے ساتھ بجایا جاتا ہے۔

دَورف گرد پھرنا چار و نظرف جانا طواف کرنا۔
دورگیرف بادشاہ عظیم الشان جسکے حکم مین زمانہ ہو۔
دور قمرف ہر ایک ستارہ کا دور سات ہزار سال ہے ابتدا دور زحل سے ہوتی ہے اور آدم علیہ السلام ابتداء دور قمر مین پیدا ہوئے تھے جواب وہ دور اختتام پر ہے۔
دوچارف بروزن خمار مقابل و روبرو اور ملاقات و اطلاع ہے۔
دُورف جو چیز بہت سے فاصلہ پر ہو۔

### دال با ہا

دَہُورع زمانہ جمع اسکی دہور ہے یعنی بہت سے زمانے۔
دہر گیرف بادشاہ سرزمین کا۔
دہ روزف کنایہ مدت قلیل یعنی دس روز کے عرصہ مین۔

### دال با یا

دیماہ ف نام روز ہشتم از ہر ماہ شمسی یعنی ہر شمسی مہینے کی آٹھوین تاریخ۔
دیبہرف پندرھوین تاریخ ہر ایک ماہ شمسی کی۔
دیجورف شب تاریک کٹھائیس تاریخ ہر ایک چاندکی
دیاجیرع جمع دیجور یعنی بہت سی اندھیری راتین۔
دیوارف مشہور لفظ ہے جسکو عربی مین سد اور ہندی مین بھیت و بھیتی کہتے ہین۔
دیودارف ایک پہاڑی درخت کا نام ہے جسکی لکڑی عمارتون کے بہت کار آمد ہے۔
دیارع جمع دار یعنی خانہ مجازاً ملک و ولایت و خطۂ زمین کا۔
دَیّارع صاحب خانہ گھر کا مالک گھر کا آباد کرنے والا۔

دیومار ف اژدہا جو بڑے قسم کا سانپ ہی۔
دیوگیر ہ نام قدیم شہر دولت آباد جو دکن مین آباد ہی۔
دیر ف گنبد عبادتخانہ ترسایان و بتخانہ۔
دیرینہ توقف ڈھیل اور وقفہ جو کسی کام مین ہو۔
دیدار ف رخ چہرہ و بینائی اور دیکھنا آنکھ سے۔
دینار و دنّار ع مشہور لفظ ہی اور نام ایک دوا کا اور نام ایک وزن و سکہ کا۔
دیوسار ف یعنی مانند دیو یعنی دیو و شیطان کی طرح۔
دیو ہفت سر ف کنایۃ زمین باعتبار ہفت اقلیم۔
دیگر ف اور چیز دوسری چیز۔

## دسوین فصل
## ان لغات کے بیان مین جن کے اول حرف ذال اور اخیر مین راے ہی

### ذال با الف

ذات الصدر ع صاحب سینہ و داناے اسرار دل و اولیا اللہ اور اطبا کی اصطلاح مین ورم پردۂ سینہ و درد سینہ۔
ذاکر ع یاد کرنے والا ذکر کرنے والا زبان پر رکھنے والا۔

### ذال با خاء

ذخر ع نگاہ رکھنا اور نگاہ رکھی ہوئی چیز۔
ذخائر ع جمع ذخیرہ کی بہت سی جمع کی ہوئی چیزیں۔
ذخیرہ ع وہ چیز جو نگاہ رکھی جاے اور جمع کیجاے۔

### ذال با راے

ذرور ع دوا خشک جو آنکھ مین ڈالین یا زخم پر لگائین
ذرایر ع جمع ذرہ کی یعنی بہت سے خاک کے ذرے۔
ذر ع صیغہ امر بمعنی بگذار یعنی چھوڑ فلان چیز کو۔

### ذال با کاف

ذکر ع یاد کرنا زبان سے کسی یاد کرنا بار بار نام اپنا کسی کا
ذکر ع آلت مرد و نر ضد مادہ و عضو تناسل مرد۔
ذکور ع مردان جمع ذکر یعنی بہت سے مرد۔

### ذال با واو

ذوالخمار ع نام ایک مرد شعبدہ باز کا جو طرح طرح کے شعبدہ دکھلاتا تھا۔
ذوالفقار ع نام شمشیر علی المرتضی جو علی کرم اللہ وجہہ نے پیغمبر صاحب سے پائی تھی اور انکو بعد قتل عاص بن منبہ کے جو ایک کافر تھا جنگ بدر مین حاصل ہوئی تھی ذو یعنی صاحب و مالک اور فقار یعنی مہرۂ پشت گردن سے کمر تک ہی یعنی یہ تلوار انسان کے پشت کے مہرے گردن سے کمر تک توڑ ڈالنے والی ہی۔

## گیارھوین فصل
## اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف راے اور اخیر مین بھی راے ہی

### راے با الف

راہوار ف خوش رفتار و تیز رو و چالاک گھوڑا یا شتر وغیرہ۔
راہدار ف یہ لفظ غلط مشہور ہی صحیح راہوار ہی۔
رامشگر ف مطرب گانے والا سرود کرنے والا شخص مغنی۔

راہبر ف راہ نما وہ شخص جو گمراہ کو رستہ دکھلانے والا ہو مجازاً پیر و مرشد و استاد و واعظ وغیرہ۔

### راے با بار

ربیع الآخر ع چوتھا مہینہ قمری کا نام ہے۔

### راے با خاء

رخسار ف گال اور چہرہ انسان کا۔

### راے با سین

رستگار ف خلاصی پانے والا قید سے چھوٹنے والا۔

### راے با شین

رشتۂ عمر ف سالگرہ جو ہر برس باندھتے ہیں۔
رشتہ دار ف ناطہ دار اور خویش لوگ۔

### راے با فاء

رفتار ف چال جو ذی جان چلتا ہے۔

### راے با کاف

رکاب دار ف جو شخص سواری کے ساتھ ہو اور حلوا بنانے والا۔ آدمی حلوائی۔

### راے با نون

رنجور ف بیمار و دکھیا اصل میں یہ لفظ رنج ور تھا بسبب شہرت کے واسطے رنجور پڑھا گیا۔

### راے با واو

روزگار ف زمانہ اور وہ وقت جو گذرتا ہو۔
روبکار ف سامنا اور جو کاغذ سامنے کسی حاکم کے لکھا گیا۔

رودبار ف جس میں نہریں بہت ہوں۔
روزبازار ف رونق و زینت و ترقی و تازگی۔
روبدلوار ف پریشان دل پریشان حال غمگین و اندوہناک۔
روز دگر ف کنایہ روز قیامت جو آئندہ آئیگا۔

### راے با ہاے

رہگذر ف شاہراہ و سبب باعث و موجب کسی بات کا۔
رہبر ف راہنما راستہ دکھلانے والا پیر و مرشد۔
رہوار ف تیز رو تیز چلنے والا گھوڑا وغیرہ۔

### راے با یاے

ریختہ گر ف سانچہ میں برتن بنانے والا سانچے میں ڈھالنے والا۔
ریاکار ف منافق جو بظاہر صلح اور باطن میں جنگ رکھے
ریچار ف اچار جو مشہور چیز اور ناخورش ہے۔

## بارھوین فصل
## اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف زاء اور اخیر مین راء ہے

### زا با الف

زائر ع زیارت کرنے والا کسی کو دیکھنے والا ملاقات کرنے والا۔
زاجر ع منع کرنے والا دھمکانے والا باز رکھنے والا۔
زاہر ع روشن و تازہ و بلند و خوبصورت۔
زاغر ف مکان روئیدن وانبوہی و بسیاری ضعیف و خوار

زنالان و فریاد و زاری و عجز و اندوہ اور عربی مین یعنی آواز

زئیرع بوزن فقیر شیر کے آواز اور اسکا غرانا۔

زاغونہ ف گھوسلہ مرغان اور آشیانہ پرندونکا۔

### زاے باباے

زبان گیر ف جاسوس جو پوشیدہ کسی جگہ اور ملک کی خبر رکھتا ہو۔

زبورع لکھا ہوا اور نام کتاب جو داؤد کو اتری تھی۔

زبرع بروزن ابر لکھنا و عقل و توانا و محکم آواز دینا۔

زبرع نام ایک کتاب کا ہے۔

زبرع کتابتین اور لوہے کے ٹکڑے اور لوح محفوظ۔

زبرف حفظ پڑھنا لکھے ہوے کاغذ کو پڑھنا۔

### زاے باحاے

زحیرع نام مرض یعنی پیچش و ناخوش و آزردہ و ماندہ و بیمار

### زاے باخاے

زخارع بہت بھرا ہوا اور مالا مال پانی سے اور فارسی مین نعرہ مارنے والا اور شور کرنے والا۔

زخرع بروزن چونا دریا کا پانی سے لبالب ہو کر چلنا دریا کا۔

زخم و اسپ دارع زخم پر گوشت اور ورم کیا ہوا زخم جسکے چار و نطرف ورم ہو۔

### زاے باراے

زرگرف سنار جو سونے چاندی کے برتن و زیور بناتا ہے۔

زرنگارف خوبصورت سونے سے لکھا ہوا کوئی خط یا نقش

زرنیریو ایک دوا کا نام ہے جسکو اکلیل الملک اسپرک کہتے ہین

زرف طلا و نقرہ و نقد و پیر مرد و پیر زال یعنی بوڑھا مرد اور بوڑھی عورت۔

زرمصری ف زر خالص جو مصر کی کان سے نکلتا ہے۔

زردست افشار ف نہایت عمدہ سونا جو ہاتھ مین نرم معلوم ہو

### زاے با عین

زعرورع نام میوہ جو کیکر قسم ہوتا ہے اور کھانے مین بھی لذیذ ہے

### زاے با عین

زغیرع بروزن فقیر کتان جسکو ہندی مین السی لکھتے ہین

### زاے با میم

زمرع نی بجانا بانسری بجانا سرود کرنا۔

زمرع کم مروت اور کم مو ہونا۔

زمرع گروہ ہاے متفرق و نام سورہ قرآن المجید جو قرآن مین شامل ہے۔

زمخشرف خوارزم مین ایک قصبہ کا نام ہے۔

زمہریرع سرماے سخت و نام طبقۂ دوزخ جسمین سردی کا عذاب ہے اور نام کرہ جو وسط کرہ ہوا مین ہے اور کرہ ہوا کا کرہ نار کے نیچے ہے اور کرہ زمین کے اوپر اور بخارات دریا کے جب صعود کرکے طبقۂ زمہریر تک جاتے ہین برودت سے منجمد ہو کر ابر بن جاتے ہین اور ان سے ہوا کی مدد سے پانی برستا ہے زمہریر یعنی سرماے سخت اور بہت برف گرنے والا۔

زمیندارف زمین کا مالک اور زمین مین کھیتی کرنے والا۔

### زاے با نون

زنجیر ف سلسلہ لوہے کا جو قیدیوں کو پہناتے ہیں-

زنار ف جنیو جو ہندو گلے میں ڈالتے ہیں-

زنبور ف مشہور جانور ہے اور ایک قسم کا تیر اور چھوٹی توپ یعنی زنبورک-

زنجار ف معرب زنگار جو ایک مشہور چیز ہے-

زنہار ف پناہ و امان و مہلت و عہد و پیمان و ہرگز و امانت و خوف و شکوہ و پرہیز و حسرت و افسوس و شتاب و جلدی و ہوش و آگاہی اس لفظ کے معانی بہت ہیں-

زنہار خوار ف عہد شکن جو شخص عہد کر کے توڑے

زندان سکندر ف شہر یزد میں ایک عمارت ہے کہتے ہیں کہ اسمیں سکندر کا تابوت رکھا ہے-

## زاے با واو

زواہر ع جمع زاہرہ روشن چیزیں اور بلند چیزیں و شگوفہا-

زواجر ع باز رکھنے والے زجر کرنے والے منع کرنے والے

زور ع دروغ و فریب و مکر و دغا بازی و ظاہر داری-

زود سیر ف ناپائدار جسکو فنا لاحق حال ہو-

زوار ع جمع زائر زیارت کرنے والے لوگ اور دیکھنے والے-

زوار ع صیغہ مبالغہ بہت زیارت کرنے والا ہر وقت دیکھنے والا-

زور ف قوت و توانائی جو انسان کے جسم میں ہو-

## زاے با ہاے

زہار ع فرج زن و ذکر مرد اور وہ سوراخ جو پتھر میں ہو اور اُس سے پانی نکلے-

زہگیر ف وہ انگشتری جو شاخ حیوان سے بنی ہو-

زہر ع جمع زہرہ یعنی شگوفہا و سبزہاے باغ و شگفتگی بہار-

زہیر ع شگوفہ دار و درخت پر شگوفہ و سرسبز و تازہ-

زہر ف سم قاتل جسکے کھانے سے انسان مرجائے-

## زاے با یاے

زیور ع وہ گہنا جو عورتیں پہنتی ہیں اصل میں یہ لفظ زیب ور تھا-

زیبار ف جو شخص قرضدار و عیالدار ہو یعنی جو بوجھ کے نیچے دبا ہوا ہو

زیر و زبر ف اوپر نیچے تہ و بالا الٹ پلٹ-

زیر ف بہ یاے مجہول نیچے اور تلے کسی چیز کے-

زیادہ سر ف سرکش و نافرمان و دلیر و جوانمرد آدمی-

زینہار ف پناہ و امان و ترک و مہلت و عہد و پیمان و قول و قرار

زیر ف بیا معروف آواز باریک مقابل بم و نام پردہ موسیقی

زیروزار ف آواز حزین و آہستہ اور دردناک آوازیں

## تیرھوین فصل
## اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف سین اور اخیر مین را آیا ہے

## سین با الف

ساچق ترع کنٹھے کا پٹہ جو کتے کے گلے میں پہناتے ہیں-

ساقی کوثر ع جناب رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا لقب ہے-

سائر ع سیر کرنے والا اور تمام و مشہور و باقی-

سناگورع کاردیزرگ ہے جیسے کوئی خیر کاٹین -
سالار سالار ع سردار اور سرگروہ قوم کا جو قدیم سے ہو -
ساغرع پیالہ شراب کا جس سے شراب پیتے ہین -
ستارع پردہ پوش آدمی عیب چھپا نیوالا آدمی -
ساحرع جادوگر جو جادو کا علم جانتا ہو -
ساخرع تابع کرنیوالا سخر کرنے والا تسخیر کرنے والا -
سازگار ف موافق طبیعت کے یار دوست ہمدرد -
سافرع سفر کرنے والا راستے چلنے والا -
سالار ف مالک سردار افسر فرمان روا حاکم سرگروہ
سادہ پرکار ف معشوق شوخ و طناز و مطبوع طبع -

## سین با باء

سبزوار ف ایران مین ایک شہر کا نام ہے جو مشہور ہے -
سباغو ف نام پہلوان کا جو بڑا زور آور قوی بازو تھا -
سپہر ف آسمان و فلک یہ مشہور لفظ ہے -
سبکسار ف نازیبا لاابالی و بے تعلق و بے قید -
سبک سر ف فرومایہ و احمق بیوقوف و جاہل نادان -
سپہرکار ف نیکوکار نیک خلق نیک طینت آدمی -
سپیدکار ف صالح و متقی و نیکوکار عابد و زاہد آدمی -
سپیدار ف ایک درخت خوش قامت بے بر کا نام ہے -

## سین با تاء

ستارہ سحر ف ستارہ زہرہ و آفتاب جو صبح کو نکلتا ہے -
ستور ف ستور ہر ایک چارپایہ و وحش جو چار پاؤن پر چلتے ہیں
ستبر ف گندہ و غلیظ اور موٹا لیے وضع بدصورت -

ستخرع تالاب جسمین پانی بھرا رہتا ہے -
ستر ع عربی مین بمعنی مستور اور فارسی مین مخفف استار
ستیر ع نام وزن بقدر پندرہ مثقال کے -
ستر ع پردہ اور ستر اسکا مصدر ہے یعنی پردہ کرنا -
ستمگار ف ظالم ظلم و جور و تعدی کرنے والا -
ستر ع مخفف استر بمعنی خچر جو ایک مشہور چارپایہ ہے -
ستار ع پردہ پوش و نام خدا تعالیٰ کا جو سب کا پردہ پوش ہے

## سین با حاء

سحور ع ماہ رمضان مین اخیر رات کا کھانا سحر کہی کا طعام
سحر ع جادو اور وہ عمل جو شیطانی عمل ہے -
سحر ع پچھلی رات صبح کے قریب وقت ابتدائی صبح -

## سین با دال

سدیر ع نام قصر جو نعمان بن منذر نے بہرام گور کے لیے بنایا تھا
سدر ع حیران دیدہ بازو تیرگی چشم و سبب سرد و دوسرے کے
سدر ع بیری کا درخت جسکے میوے کو بیر کہتے ہین -

## سین با راء

سر ف فکر و خیال و زور و قوت و سردار و مقدم قوم
کا و میل و خواہش و شوق و زبدہ و خلاصہ انتخاب ہر چیز کا -
سرور ف سردار و رئیس و عزت دار و صاحب سردار
تخلص مولف کتاب ہذا کا جسکا اصلی نام مفتی غلام سرور
بن مفتی غلام محمد بن مفتی رحیم اللہ بن مفتی رحمت اللہ
ہے اور کتاب گلدستہ کرامت و خزینۃ الاصفیا
و گنج تاریخ و مخزن حکمت و اخلاق سروری و تکلمۂ شاہ

و دیوان نعت و لغت سروری و مخزن عجائب و گلشن سروری
وغیرہ اُسکے تالیف و تصانیف میں سے مشہور ہیں
سِرّ ع راز پوشیدہ و حال مخفی جو دل میں رکھا جائے
سرشار ف لبریز و لبالب بھرا اور سرمست نشہ شراب ۔
سریر ف تخت و اورنگ و نام قلعہ کشمیر و بادشاہ ۔
سرد مہر ف بے رحم و بے محبت و کم الفت آدمی ۔
سربسر ف تمام بالکل بے نقصان پوری چیز ۔
سراسر ف تمام بالکل بے نقصان پوری چیز ۔
سربار ف سر کا بوجھ جو سر پر اُٹھایا جائے ۔
سردار ف امیر فرمان فرما حاکم و دولتمند ۔
سردسیر ف وہ زمین جو سرد اور سرد زمین جہان برف پڑتی ہی
سردفتر ف افسر دفتر کا منشی خانہ کا افسر بڑا منشی ۔
سرکار ف صاحب ملک و حکومت صاحب و صاحب کار ۔
سرور ع خوشی و مسرت و عیش و تھوڑا نشہ شراب کا
سرائر ع جمع سریرہ کے راز اور بھید جو دل میں ہوں ۔
سروکار ف خواہش کار و تعلق جو کسی کے ساتھ ہو ۔
سرطبلہ دار ف جلد کتاب کی جو بینی دار ہو ۔
سرچشمہ دار ف مخترع و مبتدع کسی کام کا ۔
سرخر ف مخل اور برہم کرنے والا کام کا ۔

## سین با زائے

سزاوار ف لائق مند اور لائق کسی کام کے جو وہ جانتا ہو

## سین با طا

سطر ع لکھنا اور صف حروف کی اور حرفوں کی قطار ۔

سطبر معرب ستبر لکہ و گندہ و غلیظ اور موٹی چیز و
ناہموار و بدصورت ۔

## سین با عین

سعر ع نرخ ہر چیز کا جو وہ فروخت ہو اور اصلی بھاؤ اسکا
سعتر ع نام گیاہ جسکو آدیس کہتے ہیں ۔
سعد اکبر ع ستارہ مشتری جو ستاروں میں
سعد مشہور ہے ۔
سعیر ع آتش افروختہ و نام طبقہ دوزخ جسمیں
آگ کا عذاب ہے ۔

## سین با فاء

سِفر ع کتاب و نامہ ۔
سَفر ع لکھنا ۔
سَفَر ع مشہور لفظ ہے یعنی جانا کسی قدر مسافت
تک ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا ۔
سفیدار ع نام درخت ہے جسکی لکڑی سفید
ہوتی ہے یعنی سفیدا جو مشہور درخت ہے ۔
سفیر ع رسول و پیک و قاصد و پیامبر و ایلچی
اور سفر کرنے والا ۔

## سین با قاف

سقنقور ع ایک جانور سوسمار کی طرح ہوتا ہے ۔
سقوطرہ ع نام جزیرہ جہاں صبر اچھا پیدا ہوتا ہے
اور صبر کو سقوطری کہتے ہیں ۔
سقر ع جمع ہے شکاری جانور ہے کہ جانوروں کا گوشت کھاتا ہے

سقر ر دوزخ جسمین گنہگارون کو عذاب ہوگا۔

## سین با کاف

سکر ر شہر شکر یعنی قند جو مشہور شیرینی ہو۔
سکر ر مستی و نشہ جو شراب بھنگ افیون کے پینے سے حاصل ہو۔
سکندر ر نام بادشاہ جسکا ذوالقرنین خطاب تھا۔
سگسار ر ف بد و پلید مانند سگ کتے کے مانند۔

## سین با لام

سلحشور ر ف سلاح ور یعنی سپاہی جسکے ہتھیار باندھے ہوں۔

## سین با میم

سمور ر ف ایک جانور بشکل روباہ ہو جسکے چمڑے کی پوستین بناتے ہین۔
عین ہے و جمع فریضہ و نام علم تقسیم میراث
جسکی روسے ورثہ تقسیم ہوتا ہے۔

فا با یاے

فیض ع بڑھنا پانی کا اور زیادہ ہونا نیکی
کرنا کسی کے ساتھ۔
فیوض ع جمع فیض کی یعنی بہت سی نیکیان۔
فیاض ع فیض پہونچانے والا نیکی کرنے والا شخص

## بارھوین فصل

ان لغات کے بیان مین جن کے
اول حرف قاف اور اخیر مین ضاد ہے

قاف با الف

قابض ع قبضہ کرنیوالا اپنے اختیار مین لانے والا

قاف با باء

قبض ع درد و گرفتگی شکم یعنی پیٹ کا درد
اور پیچش شکم کی۔
قبض ع پکڑنا اپنے اختیار مین لانا۔

قاف با راء

قرض ع وام و اجب الادا جو وسیا نبے
ذمہ پہ ہو۔
قریض ع شعر یعنی کلام منظوم۔
قرض فرائض ع وہ قرضے جسکے سبب ادا فرائض کے حاصل ہو

## تیرھوین فصل

ان لغات کے بیان مین جن کے
اول حرف میم اور اخیر مین ضاد ہے

میم با تاء

متعرض ع پیش آنے والا مزاحم ہونے والا سوالی

میم با حاء

مُحَرِّض ع ورغلانے والا جنگ پر اُٹھانے والا۔
مُحَرَّض ع ورغلایا گیا بہکایا گیا کسی بات پر۔
مُحِیض ع حیض کی حالت میں جو عورت ہو۔
مُخَصَّص ع خالص اور صرف۔

## میم با خاء

مُخِیض ع دوغ جس سے مسکہ نکال لیا ہو۔
مَخَاض ع دردِ زہ یعنی دردِ جننے کا و شتر مادہ حاملہ و بچہ شتر دو سالہ اور کسی کام میں آنا اور مقام آنے کا۔

## میم با راے

مُرتَاض ع ریاضت کرنیوالا محنتی آدمی مشقت کرنیوالا۔
مَربِض ع جائے گوسفندان جہاں بکریاں رہتی ہوں۔
مُرَوَّض ع ریاضت دیا گیا محنت و مشقت دیا گیا۔
مُرَوِّض ع ریاضت دینے والا محنت و رنج پہونچانے والا۔
مُرَوَّض ع ریاضت دیا گیا محنت اُٹھایا گیا۔
مَرَض ع بیماری جو کسی قسم کی کسی کو لاحق ہو۔
مَرِیض ع بیمار و دکھیا جو کسی بیماری میں مبتلا ہو۔

## میم با سین

مُستَفِیض ع فیض پایا گیا فائدہ پہونچایا گیا۔

## میم با عین

مِعرَاض ع تیر بے پر جسکو تیر گز کہتے ہیں۔
مَعرَض ع ظاہر کرنے کی جگہ عرض کا مقام۔
مُعَارِض ع جھگڑنے والا اعتراض کرنے والا۔
مُعتَرِض ع اعتراض کرنے والا جھگڑنے والا۔
مَعرُوض ع عرض کیا گیا بیان کیا گیا۔
مُعرِض ع روگردانی کرنے والا پیٹھ پھیرنے والا

## میم با فاء

مَفرُوض ع فرض کیا گیا اندازہ کیا گیا مقدار ٹھہرایا گیا۔
مُفَوِّض ع سپرد کرنے والا کوئی چیز کسی کے حوالے کرنے والا۔
مُفِیض ع فیض پہونچانیوالا فائدہ دینے والا۔
مُفَوَّض ع سپرد کیا گیا یعنی وہ چیز جو سپرد کی گئی ہو

## میم با قاف

مَقبُوض ع قبضہ کیا گیا اپنے تحت میں لیا گیا۔
مُقَرَّض ع مقراض کیا ہوا یعنی کتری ہوئی چیز۔
مَقرُوض ع قرضدار جیسے کسی کا قرض دینا ہو۔
مِقرَاض ع کاٹنے کا آلہ قینچی جسکو کہتے ہیں۔

## میم با نون

مُنقَرِض ع کٹ جانے والا الگ ہو جانے والا
مُنخَفِض ع نشیب میں پڑنے والا پست ہونیوالا
مُنقَبِض ع تنگ باندھا ہوا قبض کیا ہوا۔
مُنَاقِض ع توڑنے والا اور مخالف اور دشمن

## چودھوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف نون اور آخیر مین ضاد ہے

## نون با الف

نافض ع جھاڑنے والا ہلانے والا اور تپ لرزہ جو بیماری کا نام ہے۔
ناہض ع بچہ پرند کا جو اڑنے لگے اور پردار ہو جائے۔

## نون با باء

نباض ع نبض دیکھنے والا طبیب معالج الشان کا۔
نبض ع رگ متحرک یعنی وہ رگ جو جنبش کرتی ہو۔

## نون با فاء

نفض ع جھاڑنا لرزہ میں آنا کانپنا۔

## نون با قاف

نقض ع توڑنا کسی درست چیز کا دشمنی و عداوت کرنا۔
نقیض ع توڑنے والا عہدہ و اقرارہ کا مجازاً دشمن۔

## نون با واو

نھوض ع کوچ کرنا روان ہونا اٹھنا ایک مقام سے

## سولھوان باب

اُن لغات کے بیان مین جن کے اخیر مین حرف طاء ہے اور پہلے حروف بر عایت حروف تہجی اپنے موقع پہ بدلتے جاتے ہین اسمین

## بیس فصل ہین

## پہلی فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف الف اور اخیر مین طاء ہے

## الف با باء

ابط ع بغل۔

## الف با حاء

احتیاط ع حفاظت کرنا دورہ مین لینا مجازاً تامل کرنا

## الف با خاء

اختلاط ع ملانا ملنا پیار کرنا محبت و دوستی کرنا۔
اخلاط ع جمع خلط اور نام شہر کا روم مین۔

## الف با راء

ارتباط ع ربط دینا ایک چیز کو دوسرے کے ساتھ ملانا گانٹھ دینا۔

## الف با سین

اسباط ع جمع سبط اولاد پوتے دھوتے اور گروہ و ہجوم قوم۔
استنباط ع بات سے بات کا نکالنا چننا بات کے مغز کو پہونچنا۔
اسقاط ع ڈالنا دور کرنا حمل کا اور خطا کرنا گنوانا۔

## الف با شین

اِسْتِہزا۶ شرہ کرنا سب نکالنا کسی بات مین۔

## الف با غین

اَغْلاط ۶ بہت غلط جو صحیح ہو یعنی عیب دار۔
اِغْلاط ۶ غلط کرنا نادرست وعیب دار کرنا۔
اَغْلاط ۶ جمع غلط کی غلطیان بہت سی نادرستیان۔

## الف با فاء

اِفْراط ۶ زیادہ کرنا بڑھانا کسی چیز کو۔
اَفْراط ۶ بہت سی زیادتیان اور ترقیان۔

## الف با قاف

اِقْط ۶ پنیر جو دہی کو خشک کرکے بنایا جاتا ہے اور نمک اُسمین ڈال کر نان خورش بناتے ہین قُرت اور کشک بھی اُسکو کہتے ہین۔

## الف با لام

اِلْتِقاط ۶ برچیدن یعنی چگنا اور جمع کرنا کسی چیز کو۔

## الف با نون

اِنْبِساط ۶ گستاخی وفراخی وکشادگی اور خوشی اور فرحت وفارغ البالی۔
اِنْخِراط ۶ کسی جماعت مین جانا کسی چیز مین آنا سوئی مین تاگا ڈالنا رشتہ مین کھینچا جانا چھیلا جانا۔
اِنْحِطاط ۶ نیچے اُترنا کم ہونا کم درجہ وکم قدر ہونا۔

اِنْضِباط ۶ مضبوطی کرنا مستحکمی کرنا۔
اَنْبان لفظ وہ حقہ جو بارود سے بھر کر دشمنون پر پھینکتے ہین اور دشمنون کو وہ جلا دیتا ہے۔

## الف با واو

اَوَاسِط جمع اوسط جسکے معنی درمیان کے ہین

## دوسری فصل
## اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف با اور آخر مین طا ہے

## با با الف

بَاسِط ۶ فراخی دینے والا یہ نام خدا کے نامون مین سے ہے جو ہر ایک کو رزق مین فراخی دیتا ہے۔
بادِ شُرطہ باد موافق جس سے جہاز بامراد چلین۔

## با با را

بَرْبَط ایک ساز کا نام ہے جو طنبورہ کی طرح ہوتا ہے اور آواز اُسکی نہایت مطبوع ہوتی ہے۔

## با با سین

بَسْط ۶ فراخی دینا بچھانا پھیلانا کسی چیز کو۔
بُسُط ۶ بچھانا۔
بِساط ۶ فرش وفراخی میدان واسباب سرمایہ وسفرہ وعرصۂ شطرنج یہ لفظ بلاطہ بمعنی گسترون وآراستن وگستردن وچیدن مستعمل ہے

بَسِیط ۶ فراخ اور بچھا ہوا اور ہر چیز جو غیر مرکب ہو اور جزو اسکا کل کے ساتھ تشبیہ نام رکھتا ہو جیسے آگ پانی خاک ہوا اور نام ایک بحر کا بحور نظم سے -

بَسَائِط ۶ جمع بسیط اور مجازاً اربع عناصر -

## با با طاء

بَطّ ۶ نام جانور معروف و مجازاً صراحی شراب -

## با با لام

بَلُّوط ۶ نام درخت ہی جسکو سیتا و سپاری کہتے ہین -

## تیسری فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف تا اور اخیر مین طا ہے

## تا با باء

تَبَسُّط ۶ فراخی دینا کشادگی مین لانا پھیلانا بچھانا کسی چیز کو -

## تا با خاء

تَخَلِیط ۶ ملانا سچ کو جھوٹھ مین سخن سازی کرنا -

## تا با سین

تَسَلُّط ۶ ہاتھ ڈالنا غلبہ کرنا غالب ہونا کسی پر قابض ہونا -

## تا با فاء

تَفرِیط ۶ کوتاہی و کمی کرنا ضائع کرنا نادرست کرنا -

تَفَلسُط ۶ انکار حقائق سے انکار کرنا سچی بات کو نہ ماننا -

## تا با نون

تَنشِیط ۶ خوش کرنا اور خوشی کرنا غم سے علیحدہ ہونا -

## تا با واو

تَوَسُّط ۶ میانہ روی و اعتدال نہ زیادہ نہ کم -

## چوتھی فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف ثا اور اخیر مین طا ہے

## ثا با راے

شَرط ۶ سریش جو مشہور چیز ہے اور دو لکڑیون کو جسسے جوڑتے ہین -

## پانچوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف حا اور اخیر مین طا ہے

## حا با باء

حَبط ۶ ناچیز ہونا معدوم ہونا ضائع ہونا نابود ہونا

حَبُوط ۶ ناچیز ہونا نابود ہونا ضائع ہونا -

## حا با نون

حَنُوط ۶ وہ خوشبو جو چند خوشبو ملا کر مردہ کو ملتے ہین -

حَنّاط ۶ گندم فروش و خوشبو فروش یعنی عطار -

## چھٹی فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے

## اوّل حرف خا اور اخیر مین طا ہے

### خا با باء

خَبَط ع آمیختگی عقل کی جنون کے ساتھ مجازاً دیوانگی ونادانی -

خُباط ع دیوانگی وجنون ونادانی واحمقاپن -

### خا با راء

خَرّاط ع لکڑی کو چرخ پہ چڑھانے والا ترکھان -

خَرْط ع لکڑی چھیلنا اور ہر چیز تراشی ہوئی اور صفائی دینا لکڑی کو -

خَرْبَط ع بط کلان ومرد ابلہ واحمق وبیوقوف ونادان

### خا با طاء

خَط ع لکھنا اور لکھا ہوا کاغذ جو مشہور لفظ ہے -

خُطوط ع جمع خط کی یعنی بہت سے لکھے ہوے کاغذ

### خا با لام

خِلط ع ہر چیز ملی ہوئی اور ایک خلط منجملہ چار قسم کی خلطون کے یعنی دم وبلغم وصفرا وسودا -

خَلْط ع آپسمین ملانا دو یا بہت سی چیزون کو یکجا کرنا -

خَلِیط ع شریک وسہیم وانباز اور ملا ہوا -

### خا با میم

خَمْط ع درخت اراک یعنی پیلو جسمین لقد تلخ و میوہ اُگتا ہے اور ہر چیز جو ترش وتلخ ہو و درخت خاردار -

### خا با یاء

خِیاط ع سوزن یعنی سوئی جس سے کپڑا سیتے ہین -

خَیّاط ع درزی کپڑے کا سینے والا شخص -

خَیْط ع رشتہ یعنی تاگا جو سوئی مین ڈالتے ہین -

## ساتوین فصل
## اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف راے اور اخیر مین طا ہے

### راے با باء

رِباط ع مسافرخانہ سرائے جہان مسافر آرام کرین -

رِباط ع وہ چیز جس سے کسی کو باندھلین مجازاً رسی وغیرہ -

رَبط ع پیوند اور پیوستگی وملاپ والفت وگرہ -

### راے با واو

رَوابِط ع جمع رابط یعنی بہت سے پیوند اور توسل ہے -

### راے با یاء

رَیْط ع چادر ایک پاٹ کی جسکو دوسرا پاٹ نہ لگے -

## اٹھوین فصل
## اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف سین اور اخیر مین طا ہے

### سین با الف

ساقِط ع افتادہ وناکس وفرومایہ وکمینہ وبیقدر -

### سین با باء

سِبط ع آل واولاد پوتے دوھوتے خویش وقبیلہ حقیقی رشتہ دار -

سَبِط ع وہ بال جو گوندھے ہوے نہون یعنی کھلے ہوے بال اور چھوڑی ہوئی زلفین۔

### سین با خاء

سُخُوط ع مکروہ و ناپسند و نامطبوع و زشت و خراب

سَخَط ع خشم و غضب و غصہ اور جوش طبیعت کا۔

### سین با راے

سِرطراطات یا وہ جو سیدہ کا بنا کر اور شربت ملا کر پیتے ہین۔

سَرخَط ف ایک قسم کا تمسک و اقرار نامہ جو مشہور لفظ ہی۔

### سین با قاف

سُقُوط ع ہلاک و تلف ہونا چارپایہ کا مرجانا اُسکا۔

سِقط ع بچہ خام جو پیٹ سے نکل جاے تو مہینے سے اول۔

سَقط ع خطا کرنا حساب و کتاب مین غلطی لکھانا۔

سِقلاط ع سقرلاط جامہ مینات جو مشہور کپڑا ہی اور اونی ہوتا ہی۔

سُقراط ع نام حکیم یونانی جو بڑا فاضل و طبیب تھا۔

### سین با میم

سِمط ع مروارید جسکو ہند مین موتی کہتے ہین۔

سُمُوط ع موتیون کی لڑیان یعنی سلکہاے مروارید

سَم الخِیاط ع سوراخ سوزن جسمین تاگا ڈالا جاتا ہی۔

سِماط ع صفت دو ستر خوان و سفرہ و قطار و جماعت۔

### سین با واو

سَوط ع تازیانہ اور تازیانہ سے مارنا کسی کو۔

### سین با یاء

سِیاط ع تازیانہ ہا یعنی بہت سے تازیانے۔

## نوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جنکے اوّل حرف شین اور اخیر مین طا ہی

### شین با باء

شُباط ع نام ماہ رومی تقریبًا ماہ پھاگن جو آخیر شمسی مہینہ ہی۔

### شین با تاء

شترغلطاف کشتی کا داؤ ہی جس سے حریف کو پہلو پر لٹا دیتے ہین۔

### شین با راے

شَرط ف باد موافق و نشان و علامت اور نشتر مارنا واسطے خون نکالنے کے۔

شَرط ف لازم کرنا کسی چیز کا اور عہد و پیمان باہمی۔

شَرَط ف نشان و علامت جو کسی کا قائم کیا جاے۔

### شین با طاء

شَط ع رود و دریا و کنارہ دریا و نہر کا یا پانی کا کنارہ۔

شَطَط ع اندازہ سے گذرنا ظلم کرنا حد سے بڑھنا

دست درازی و زبردستی کرنا۔

شین با واو

شُوط ع دوڑنا گشت کرنا دورہ کرنا تیز چال چلنا۔

شین با یاء

شیر غلط فـ ایک کشتی کا داؤ ہی۔

## دسوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف صاد اور اخیر مین طا ہی

صاد با راے

صِراط ع راہ اور وہ پل جو دوزخ کے سر پہ ہوگا اور ہر ایک اُس سے اُترے گا۔

صاد با لام

صلیبی خط چار گوشہ اس شکل سے + لیجیے سولی کی شکل۔

## گیارھوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف ضاد اور اخیر مین طا ہی

ضاد با الف

ضاغِطا ع ایک بیماری کا نام ہی اور وہ ایک درد ہوتا ہی جس سے بیمار جانتا ہی کہ اُسکے عضو کو کوئی نچوڑتا ہی اصل معنی اسکے نچوڑنے والا۔

ضاغوط ع یہ ایک حالت ہی کہ خواب مین انسان ایسا جانتا ہی کہ اُسکے گلے کو کوئی گھونٹتا ہی۔

ضابِط ع ضبط کرنے والا گھونٹنے والا پنجہ مین لینے والا اپنے قبضے مین کرنے والا۔

ضاد با راے

ضُراط ع تیز اور وہ ریح جو دیجان کی مقعد سے با آواز نکلے ہندی پاد اسکو کہتے ہین۔

ضاد با واو

ضَوابِط ع جمع ضابطہ کی بہت سے دستور و طریق

## بارھوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف عین اور اخیر مین طا ہی

عین با ضاد

عَضرفُوط ع جانور آبی مشہور ہی جسکو باسو کہتے ہین

## تیرھوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف غین اور اخیر مین طا ہی

غین با الف

غائِط ع سرگین آدمی و زمین پست و مغاک و گل ولاے

غین با لام

غَلَط ع خطا اور خطا کرنے والا اور خطا کیا گیا اور بھولنا تحریر و حساب وغیرہ مین پھسلنا کسی جگہ۔

## چودھوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف فا اور اخیر مین طا ہی

فا یا راے

فرطا ع زیادتی و غلبہ و ترقی جو کسی کو حاصل ہو۔

## پندرھوین فصل
## اُن لغات کے بیان مین جن کے
## اول حرف قاف اور اخیر مین طاہے

قاف یا راے

قُرطا ع گوشوارہ اور فرد لیجا نا آواز گلے مین -

قَرواط ع سفینہ و کشتی و مشک جمین جسکو پھونک کر پانی پر تیرتے ہین سرنا سے بھی اسکو کہتے ہین -

قاف یا سین

قسطا ع داد و عدل و حصہ و نصیب اور پارہ ہر چیز کا

قسیط ع ظلم و جور و تعدی و زبردستی کرنا کسی سے -

قُسطُ ع نام چوب جسکو کُٹ کہتے ہین -

قاف یا طاء

قطّ ع کسی سخت چیز کو کاٹنا او پہنچی بس -

قِطّ ع گربہ نر یعنی بلا جو مشہور جانور ہے -

قَطُّ و قَطُّ ع ہرگز و ہمیشہ -

قاف یا میم

قِمَاط ع وہ کپڑا جسمین نوزا دلڑکے کو لپیٹ لیتے ہین ہندی پوتڑا

قاف یا نون

قُنُوط ع نا امید اور نا امید ہونا کسی سے -

قاف یا یاء

قیراط ع وزن نیم دانگ یا چار جو کا وزن -

## سولھوین فصل
## اُن لغات کے بیان مین جنکے
## اول حرف لام اور اخیر مین طاہے

لام یا قاف

لَقیط ع وہ بچہ جو راستہ مین گرا ہوا اٹھا یا ہو -

لام یا واو

لُوط ع نام پیغمبر کا جسکی قوم کے شہر آسمان پر لیجا کر الٹا دیے گئے

## سترھوین فصل
## اُن لغات کے بیان مین جن کے
## اوّل حرف میم اور اخیر مین طاہے

میم یا باء

مَبسُوط ع فراخ کیا گیا اور نام کتاب علم فقہ جو مشہور ہے

میم یا تاء

مُتَسَلَّط ع چھوڑا گیا اور وہ شخص جسپر ہاتھ ڈالا گیا ہو -

مُتَسَلِّط ع غلبہ کرنیوالا کسی پر ہاتھ ڈالنے والا -

مُتَسَاقِط ع فرو ریزندہ یعنی ٹپکنے والا گرنے والا -

میم یا حاء

مُحَاط ع احاطہ کیا گیا گھیرا گیا چار طرف -

مُحتَاط ع احتیاط کیا گیا احاطہ کیا گیا دوری مین لیا گیا

مُحِیط ع پکڑنے والا احاطہ کرنے والا اور دریاے شور جسنے تمام زمین کو احاطہ کیا ہے اور نام کتاب فقہ مین اور نام خداوند تعالی کا -

میم یا خاء

مُخَلِّط ع ملانے والا بہت سی چیزون کو آپسمین دو دوستون مین دوستی بڑھانے والا۔

مُخَلَّط ع ملایا گیا اپنے آپ مین لیا گیا۔

مَخْلُوط ع ملایا گیا کسی چیز مین پیوست کیا گیا۔

مِخْیَط ع سوزن یعنی سوئی جس سے کپڑے سیے جاتے ہین۔

مَخِیْط ع دوختہ یعنی سیا ہوا کپڑا وغیرہ۔

مُتَخَبِّط ع بے وسیلہ مانگنے والا اپنی معرفت سے اور بات کو سوال کرنے والا بسبب شرم کے۔

مُتَخَطِّط ع صاحب خط و صاحب تحریر۔

مُتَخَبِّط ع آپسمین ملا ہوا اور فاسد و تباہ و خرابی جو مزاج مین واقع ہو۔

مُخَاط ع آب بینی و فضلۂ بینی جو ناک سے نکلے۔

مَخْرُوط ع تراشیدہ اور وہ چیز جو ایک طرف سے موٹی اور دوسری طرف سے پتلی گاجر کی طرح ہو۔

## میم با راے

مِرْط ع گودڑی اور چادر اور پراوڑھنے کی۔

مَرْبَط ع جس مکان پر چارپایون کو باندھتے ہین۔

مِرْبَط ع وہ چیز جس سے حیوانون کو باندھین رسّی یا لکڑی کیلا وغیرہ۔

مَرْبُوط ع ربط دیا گیا باندھا ہوا پیوند کیا ہوا ملایا ہوا۔

مُرْتَبِط ع ربط دیا گیا باندھا گیا پیوند کیا گیا ملایا ہوا۔

## میم با سین

مُسْتَنْبِط ع باہر لانے والا نکالنے والا پانی یا علم کا۔

مُسْتَنْبَط ع نکالا گیا جاری کیا گیا باہر لایا گیا۔

مُسَمَّط ع موتی پرویا ہوا اور لڑی موتیون کی اور نام ایک صنعت کا شعر مین۔

مُسَلِّط ع غالب زور آور و زبردست شخص۔

مُسَلَّط ع مغلوب یعنی جسپر کسی نے غلبہ پایا ہو۔

## میم با شین

مِشْرَط ع نشتر جس سے خون نکالتے ہین۔

مُشْط و مِشْط شانہ یعنی کنگھی جو بالون مین پھیرتے ہین۔

## میم با ضاد

مَضْبُوط ع جو چیز مستحکم اور ضبط کی ہوئی ہو۔

## میم با غین

مُغْتَبِط ع حسود جسکو لوگ دیکھکر حسد کرین۔

مَغْبُوط ع محسود جسکا زوال نعمت حاسد چاہے۔

## میم با فا

مُفْرِط ع حد سے بڑھنے والا زیادہ اور بیشا اندازہ سے۔

## میم با قاف

مِقَطّ ع قط زن و قط گیر جسپر قلم کو قط دین۔

مُتَقَرِّط ع گوشوارہ پہنے ہوئے شخص یعنی گوشوارہ زیور پہنا ہوا ہو۔

## میم با لام

مُلتَقَط ع چنا ہوا رفو کیا ہوا اٹھا لیا ہوا۔

مُلتَقِط ع چننے والا رفو کرنے والا

## میم با میم

مُمَشّوط ع کنگھی کیا گیا سنورا۔

## میم با نون

مُناط ع در آویختگی و پیچیدگی و جاے آویختن و پیچیدن۔

مَنُوط ع باندھا ہوا لٹکا ہوا کسی چیز سے۔

مُنخَرِط ع آراستہ و درست اور صاف کی ہوئی لکڑی خراط چڑھائی ہوئی۔

مُنبَسِط ع کھلجانے والا اچھا جانیوالا خوش ہونیوالا خوشی لانے والا۔

## اٹھارھوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جنکے اوّل حرف نون اور اخیر مین طا ہے

## نون با شین

نَشَاط ع خوشی و شادمانی و عیش و عشرت۔

نَشَاط ع جمع نشط جسکے معنی خوش کے ہین چنانچہ کرام جمع کریم۔

## نون با فا

نِفط ع و نَفط ایک قسم کا تیل ہے جو بعض شہرون [illegible]

مین زمین سے نکلتا ہے [illegible]

## نون با قاف

نُقَط ع جمع نقطہ جسکو ہندی مین بندی کہتے ہین۔

نِقَاط ع جمع نقطہ یعنی بہت سے نقطے۔

## نون با میم

نَمَط ع فرش و بساط رنگین و روش و دستور و طریق

## نون با واو

نَوط ع آویختن یعنی لٹکنا کسی چیز کے ساتھ۔

نَوخَط ع نوجوان و نوعمر و بالغ لڑکا۔

## انیسوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف واو اور اخیر مین طا ہے

## واو با سین

وَسْط ع درمیان یعنی بیچون بیچ کسی چیز کے۔

وَسَط ع درمیانہ چیز یعنی متوسط۔

وَسَائِط ع جمع واسطہ و وسیلہ ہا یعنی بہت سے وسیلے۔

وَسِیط ع جو نسبت مین میانہ اور درجہ مین بلند ہو۔

## واو با طا

وَطوَاط ع نام ابابیل اور نام شاعر کا۔

## بیسوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف ہا اور اخیر مین طا ہے

## ہا با الف

ہَابِط ع نیچے اترنے والا بلندی سے

تنزل کرنے والا ۔

ہا با یاء

ہبیط ۶ نیچے اترنا نقصان کرنا تنزل کرنا کم قدر کرنا ۔

ہبوط ۶ نیچے اترنا نقصان مین آنا تنزل کرنا وضد شرف کواکب کی ۔

## سترھوان باب

اُن لغات کے بیان مین جنکے اخیر مین حرف ظا ہی اور پہلے حروف برعایت حروف تہجی اپنے اپنے موقع پر بدلتے جاتے ہین اسمین گیارہ فصل ہین

### پہلی فصل

اُن لغات کے بیان مین جنکے اول حرف الف اور اخیر مین ظا ہی

الف با غین

اغلاظ ۶ چیزہاے درشت و سطبر یعنی سخت اور موٹی چیزین ۔

الف با لام

الفاظ ۶ جمع لفظ کی یعنی بہت سے بول زبان کے ۔

الف با یاء

ایقاظ ۶ بیداران جاگنے والے لوگ جو کم سوئین ۔

ایقاظ ۶ بیدار کرنا جگانا کسی کو نیند سے ۔

### دوسری فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف تا اور اخیر مین ظا ہی

تا با یاء

تیقیظ ۶ بوزن شدید بیداری اور بیدار کرنا کسی کو نیند سے ۔

تیقظ ۶ بیداری اور بیدار کرنا نیند سے کسی کو ۔

### تیسری فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف جیم اور اخیر مین ظا ہی

جیم با الف

جاحظ وہ شخص جسکی آنکھین تاحدقہ باہر کو نکلی ہوئی ہین اور نام ایک عالم کا ۔

### چوتھی فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف حا اور اخیر مین ظا ہی

حا با الف

حافظ ۶ نگہبان پاسبان اور قرآن کا یاد رکھنے والا ۔

حا با ظاء

حظّ ؛ نصیب بہرہ خوشی اسکی جمع حظوظ ہے۔

حا با فا

حِفظ ؛ نگہبانی و حفاظت اور قرآن کو یاد کرنا۔

حَفِیظ ؛ نگہبان اور ایک نام خدا کے ناموں سے۔

حَفَاظ ؛ عار وحمیت و مروت و نگہبانی و ظلم و تواب۔

حُفّاظ ؛ حافظان یعنی بہت سے نگہبانان۔

## پانچوین فصل
## اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف شین اور اخیر مین ظا ہے

شین با واو

شُوَاظ ؛ شعلۂ آتش آگ کا پرکالہ۔

## چھٹی فصل
## اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف عین اور اخیر مین ظا ہے

عین با کاف

عُکَاظ ؛ نام بازار ما بین نخلہ و طائف کے۔

## ساتوین فصل
## ان لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف غین اور اخیر مین ظا ہے

غین با لام

غُلاظ ؛ سطبر و درشت لیعنے سخت اور موٹی چیز

غِلَاظ ؛ جمع غلیظ یعنی سخت و موٹی چیزین۔

غَلِیظ ؛ ضد رقیق سطبر و درشت و ناپاک۔

غِلظ ؛ سطبری و درشتی و ناپاکی۔

غین با یاء

غَیظ ؛ غصہ و کینہ جو دل مین ہو۔

## آٹھوین فصل
## اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف لام اور اخیر مین ظا ہے

لام با حاء

لِحَاظ ؛ نگاہ رکھنا کسی چیز کا آنکھ سے دیکھنا۔

لَحَاظ ؛ دنبالہ آنکھ کا آنکھ پھیر کر دیکھنا۔

لام با فاء

لَفظ ؛ منھ سے نکالنا سخن کہنا اور ڈالنا۔

لام با واو

لَوَاحِظ ؛ دنبالہ ہاے چشم یہ لفظ جمع لحاظ کی ہے

## نوین فصل
## اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف میم اور اخیر مین ظا ہے

میم با حاء

مُحَافِظ ؛ حفاظت کرنیوالا نگہبان کسی چیز کا۔

مَحظُوظ ؛ بہرہ مند و بخت ور و صاحب نصیب و قسمت۔

مُحَظَّظ ؛ بہرہ مند و صاحب نصیب و صاحب قسمت۔

میم باسین

مُستَیقظ ٭ بیدا جو شخص سویا ہوا ہو -

میم بالام

مَلحُوظ ٭ لحاظ کیا گیا آنکھ کے دنبالہ سے دیکھا گیا -

میم باواو

مواعظ ٭ نصیحتیں جو کسی کو کیجائین -

## دسوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف نون اور اخیر مین ظاہر

نون باالف

ناحفاظ ٭ بےشرم وفاسق وبے احتیاط -

نون باعین

نعوظ ٭ استادگی ذکر شہوت کی حالت مین -

## گیارھوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف واو اور اخیر مین ظاہر

واو باالف

وَاعِظ ٭ نصیحت وپند کرنے والا بدی سے باز رکھنے والا -

واو باعین

وَعظ ٭ پند ونصائح جو کسی کو کیجائین -

وِعاظ ٭ جمع ہے واعظ کی یعنی بہت سے نصیحت کرنے والے

# اٹھارھوان باب

آن لغات کے بیان مین جن کے اخیر مین حرف عین ہو اور پہلے حروف بلحاظ حروف تہجی اپنے اپنے موقع پر رہے لئے جاتے ہین اٹھائیس فصل مین

## پہلی فصل

آن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف الف اور اخیر مین عین ہو

الف بابا

اِبداع ٭ پیدا کرنا کسی چیز کا جو نئی اور تازہ ہو اور ظاہر کرنا -

اِبتلاع ٭ حلق مین اُتار لینا کسی لقمہ وغیرہ کا -

الف باتا

اَتباع ٭ بروزن انواع پیروان وخدام یعنی نوکر وخدمتگار -

اِتساع ٭ فراخ ہونا اور نام رنج چشم جس سے آنکھ خونی ہو جاتی ہے -

اِتباع ٭ پیروی کرنا متابعت کرنا کسی کا

الف باجیم

اِجْماع ۶ اتفاق کرنا جماعت کا ایک کام پر۔

اِجْتِماع ۶ جمع ہونا اور باصطلاح منجم جمع ہونا آفتاب اور چاند کا ایک برج مین ایک درجہ اور ایک دقیقہ پر اور ایسے وقت مین چاند نظر سے گم ہو جاتا ہے اور یہ موقع نہایت منحوس ہوتا ہے۔

### الف با خاء

اِخْتِراع ۶ نئی چیز کا پیدا کرنا مشتق خرع سے جسکے معنی کھودنے کے ہین۔

### الف با راے

اِرْجاع ۶ متوجہ کرنا کسی کو کسی کی طرف توجہ دلانا۔

اِرْتِجاع ۶ موڑنا پھیرنا دوبارہ متوجہ ہونا۔

اِرْتِفاع ۶ بلندی اور بلند ہونا اور اٹھانا مجازاً محصول وفائدہ ومحصول زراعت اور دفع اور دور کرنا اور علیحدہ کرنا۔

اَرْباع ۶ جمع ربع منزلہا وخانہا۔

### الف با سین

اَسابِیع ۶ جمع اسبوع معنی اسکے ہفتے اٹھوارے کے ہین۔

اِسْتِمْتاع ۶ نفع چاہنا فائدہ مانگنا سود طلب کرنا۔

اِسْماع ۶ سنوانا گالی دینا سرود کہنا۔

اَسْماع ۶ جمع سمع یعنی بہت سے کان۔

اِسْتِرْجاع ۶ واپس لینا رجوع کرنا۔

اِسْتِشْفاع ۶ شفاعت چاہنا سپارش مانگنا۔

اِسْجاع ۶ سخن مین قافیہ لانا و آواز کبوتر و فاختہ۔

اُسْبُوع ۶ ہفتہ و ہفت روز یعنی سات دن۔

اِسْتِدْفاع ۶ دفع کرنا کسی چیز کو کسی چیز سے الگ کرنا۔

اِسْتِطْلاع ۶ آگاہی ڈھونڈھنا اطلاع چاہنا خبر پوچھنا۔

اِسْتِنْقاع ۶ نقوع لینا یعنی ادویہ کو جو خشک ہون پانی مین بھگو کر اسکا پانی لینا۔

### الف با شین

اَشْیاع ۶ گروہ ہاے دوستان دوستون کی جماعتیں۔

اِشْباع ۶ سیر کرنا اور حرکت زیر زبر پیش کو ایسا پڑھنا کہ حروف علت اس سے ظاہر ہون چنانچہ فتح سے الف کسرہ سے یا ضمہ سے واو پیدا ہون۔

اَشْنَع ۶ بہت قبیح اور بہت برا اور بہت مکروہ

اَشْجَع ۶ بہت دلیر اور بہادر اور نام ایک قسم کے سانپ کا۔

### الف با صاد

اِصْطِناع ۶ نکوئی کرنا اور پھیر جانا۔

اَصْلَعَ ۶ گل یعنی گنجہ وہ شخص جسکے سر کے بال اُتر جائین
اَصَابِعُ ۶ انگشتان یعنی اُنگلیان ہاتھ پاؤن کی
اِصْبَعُ ۶ انگلی انسان کے ہاتھ پاؤن کی۔

## الف با ضاد

اَضْیَعُ ۶ بہت ضائع کرنے والا تلف کرنیوالا۔
اَضْلَاعُ ۶ جمع ضلع بمعنی پہلو و گوشہ و طرف و جانب
اِضْطِجَاعُ ۶ پہلو پر سونا ایک طرف سونا۔

## الف با طاء

اِطْمَاعُ ۶ کسی کو طمع مین ڈالنا امید مین ڈالنا۔
اَطْمَاعُ ۶ جمع طمع یعنی بہت سی امیدین۔
اِطِّلَاعُ ۶ خبر دینا خبر پہونچانا آگاہ کرنا کسی کو۔

## الف با قاف

اَقْطَاعُ ۶ جاگیرین و پرگنے جو کسی کو بادشہ سے ملین
اَقْرَعُ ۶ گل یعنی گنجا جسکے سر پہ بال نہون۔
اَقْطَعُ ۶ بریدہ دست یعنی ہاتھ کٹا ہوا آدمی۔
اِقْمَاعُ ۶ شکستہ کرنا توڑنا ناقص کرنا کسی چیز کو۔
اَقْمَاعُ ۶ بہت سے توڑا اور کوہان اونٹ کی۔
اِقْنَاعُ ۶ قناعت کرنا تھوڑے پر صبر کرنا۔

## الف با کاف

اِکْرَاعُ ۶ پایہاے گاؤ و گوسپند یعنی گاے و بکری کے پاؤن۔

## الف با لام

اِلْتِیَاعُ ۶ سوزش دل جو عشق سے ہو یعنی محبت کی جلن۔
اِلْتِمَاعُ ۶ چمکنا چمکارا دینا روشن ہونا۔

## الف با میم

اِمْتَاعُ نفع پہونچانا فائدہ دینا کسی کو۔
اِمْتِنَاعُ ۶ منع کرنا باز رکھنا بُرے کام سے۔

## الف با نون

اِنْتِزَاعُ ۶ باہر کھینچنا اُکھاڑنا اُکھاڑے جانا۔
اِنْدِفَاعُ ۶ دور ہونا الگ ہونا علیحدہ ہونا کسی سے۔
اِنْصِدَاعُ ۶ پھٹنا شگافتہ ہو جانا۔
اِنْتِفَاعُ نفع لینا فائدہ حاصل کرنا سود لینا۔
اِنْخِلَاعُ ۶ اُکھڑنا علیحدہ ہونا کسی سے۔
اِنْقِطَاعُ ۶ قطع کرنا کاٹنا علیحدگی کرنا۔
اَنْوَاعُ ۶ قسم قسم کی چیز طرح طرح کی چیز۔
اِنْطِبَاعُ ۶ نقش ہونا چھپ جانا ثبت ہونا۔
اِنْقِلَاعُ ۶ اُکھڑنا۔

## الف با واو

اَوْجَاعُ ۶ جمع وجع کی دردہاے جسمی جو انسان کو ہوتے ہین۔
اَوْضَاعُ ۶ جمع وضع کی طور و طریقہ [illegible] چال چلن۔
اَوْتَادِ طالع ۶ منجمین طالع کی [illegible] نزدیک چار ہین اول خانہ [illegible]

تن و جان و عمر و زندگانی ہر دوم خانہ چہارم جو متعلق بمعاش و روزی و ملک و مقام ہر ششم ساتوان خانہ جو متعلق بہ تزویج و مراد و مقصود ہر جو ہتے دسوان گھر جو متعلق بکاوست و شغل و عمل و دولت ہر۔

### الف با یا ی

اِیقاع ۶ واقع کرانا جنگ مین ڈالنا لڑانا۔

## دوسری فصل
## اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف با اور اخیر مین عین ہر

### با با الف

بائع ۶ بیع کرنے والا بیچنے والا کسی چیز کا۔
باع ۶ دونون ہاتھ کی لمبائی مقدار جسقدر ہو۔

### با با دال

بدیع ۶ نیا پیدا ہوا ہوا اور عجائب چیز و مطبوع۔
بدع ۶ نیا پیدا ہونا ظاہر ہونا ظہور مین آنا کسی چیز کا۔
بدع ۶ نئی پیدا ہوئی چیزین جمع بدعت۔
بدائع ۶ جمع بدیع مجازاً عجائبات اور تعجب کی چیزین۔

### با با را ے

برذع ۶ توابع ایران سے ایک ملک ہر جہان سکندر کے وقت نوشابہ کی بادشاہت تھی۔

### با با قاف

بقاع ۶ جمع بقعہ یعنے جابجا و مکانہا یعنی بہت سی جگہین اور مقام۔

### با با لام

بلع ۶ گلے مین اوتار لینا کسی چیز کا نگل جانا لقمہ کا
بلع ۶ منازل قمر سے تیئیسوین منزل کا نام ہر۔

### با با نون

بنی نوع ۶ ایک باپ کے بیٹے یا ایک جنس کی پیدائش اور ایک قوم کے لوگ۔

### با با واو

بوتابع ۶ ایک مرکب معجون کا نام ہر جو مقوی دل ہر۔

### با با یا ی

بیائع ۶ خریدنے والا اور بیچنے والا یہ لفظ دونون معنی رکھتا ہر۔
بیع ۶ خریدنا اور بیچنا یعنی خرید و فروخت کرنا۔

## تیسری فصل
## اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف تا اور اخیر مین عین ہر

### تا با الف

تابع ۶ فرمانبردار خادم نوکر چاکر حکم ماننے والا۔
تاسع ۶ شمار مین نوان اور نوان حصہ کسی چیز کا۔
تاج شمع ۶ شعلہ شمع کا جو بتی کے اوپر ہوتا ہر۔

## تا با باء

تبیع ع گائو بکیا یعنی ایک برس کی عمر کی گائے
تبیّع ع پیروی کرنا اور پیروی کرنے والے اور پیروی کرنے والا۔

تبرّع ع کسی کو اصل مال سے زیادہ دینا اور بخشنا اور وہ کام کرنا جو اُسکے ذمہ پر فرض یا واجب نہ تھا مثلاً نماز کے فرض ادا کرکے مزید بران نماز نفل پڑھنا حکم سے زیادہ خدمت مالک کی کرنا اور واضح ہو کہ عبادت چار قسم ہے قسم ہر فرض و واجب سنت مستحب اور عبادت نوافل مستحب ہے۔

## تا با تاء

تتابع ع پے در پے ہونا بار بار ہونا بعد مرتبے ہونا۔
تتبّع ع پیروی کرنا متابعت کرنا اطاعت کرنا۔

## تا با جیم

تجرّع ع گھونٹ گھونٹ کرکے پینا کسی پینے کی چیز کا۔

## تا با حاء

تحت الشعاع دو یا تین روز اخیر مہینے قمری کے جسمین چاند نظر نہیں آتا۔

## تا با خاء

تخشّع ع فروتنی وعجز وخاکساری ظاہر کرنا۔

## تا با راء

ترجیع ع رجوع کرنا کسی کی طرف متوجہ ہونا۔
ترفّع ع بلندی چاہنا وغرور وتکبر و فخر ظاہر کرنا۔

تراجع ع پھرنا اور لوٹنا منقلب ہونا رجوع ہونا اور رجعت کرنا اکثر کواکب کا مغرب سے مشرق کو۔
تربیع ع سبزہ زار جمع تربیع بوستانہائے سرسبز۔
ترعرع ع پھولنا اور نشو ونما پکڑنا۔
تربیع ع درمیان قمر اور ستارے کے چار برج کا فرق مثلاً قمر حمل مین ہوا اور زہرہ سرطان مین اور چار گوشہ کرنا کسی چیز کو۔
ترصیع ع مرصع کرنا جڑاؤ کرنا شعر یا قافیہ وردیف کہنا مقفے عبارت کا لکھنا۔

## تا با زاے

تزعزع ع جنبش کرنا حرکت مین آنا ہلنا اپنے مقام سے

## تا با سین

تسرّع ع تیزی کرنا جلدی کرنا سرعت کرنا۔
تسع ع نو عدد مین یعنی۔ ۹۔ لعد۔

## تا با شین

تشییع ع رخصت کرنا مسافر کو راہ تک پہونچانا۔
تشنیع ع برا کہنا ملامت کرنا کسی کو کسی جرم پر۔
تشیّع ع اپنے آپ کو شیعہ کہنا اور شیعہ بنانا۔

## تا با صاد

تصنّع ع آراستگی و سنگار کرنا خوشامد وچاپلوسی سے پیش آنا۔
تصدیع ع درد سر و تکلیف رنج وبلا و آفت

## تا با طاء

قطائع ۶ وہ حکم بجالانا جو واجب ہو عبادت تا فطر ادا کرنا۔

## تا با فاء

تفجع ۶ دردمند ہونا دوکھیا ہونا۔
تفزیع ۶ ڈرانا دھمکانا خوف دلانا۔

## تا با قاف

تقطیع ۶ ٹکڑے ٹکڑے کرنا پارہ پارہ کرنا وزن پر لانا کسی مصرع کا چنانچہ سے خدا یا جہان پادشاہی تراہست ۔ اسکا وزن ہے۔ فعولن فعولن فعولن فعول ۔ جب ایک ایک فعولن کو بیت کے علیحدہ علیحدہ ٹکڑوں پر تقسیم کرینگے تو اُسکا نام تقطیع ہے جیسا نچہ خدا یا فعولن جہان با فعولن دشاہی فعولن تراہست فعول ۔
تقریع ۶ بد کہنا ملامت کرنا بیقرار ہونا پہلو بہ پہلو پھرنا۔
تقاطع ۶ ایک دوسرے سے قطع کرنا علیحدگی کرنا۔

## تا با کاف

تکرّع ۶ وضو کرنا ہاتھ دھونا خود اکارے سے

## تا با لام

تلمّع ۶ روشن ہونا چمکنا جلوہ دینا۔

## تا با میم

تمتّع ۶ برخورداری فائدہ مستعمل بلفظ گرفتن و یافتن۔

## تا با نون

تنوّع ۶ قسم قسم ہونا طرح طرح ہونا جنس جنس ہونا۔
تنازع ۶ خصومت کرنا جھگڑنا لڑنا آپسمین ۔

## تا با واو

توقّع ۶ امید و طمع جو کسی سے رکھی جائے۔
تواضع ۶ فروتنی و کسر نفسی اپنی دوسرے کے مقابلہ پر۔
توزّع ۶ پراگندگی و پریشان حالی و پشیمانی ۔
توقیع ۶ نشان بادشاہ کا جو نامہ و منشور کی پیشانی پر ہوتا ہے۔
تودیع ۶ وداع کرنا سپرد کرنا رخصت کرنا کسی کو
توزیع ۶ پراگندہ کرنا حصہ کرنا کسی ایک چیز کو۔
تولّع ۶ حرص کرنا طمع کرنا امیدوار ہونا۔
توسّع ۶ فراخی کرنا فراخ ہونا کسی معاملہ مین۔
تورّع ۶ پرہیزگاری کرنا گناہ سے بچنا متقی ہونا۔
توسیع ۶ فراخ کرنا کشادہ کرنا۔
توجّع ۶ درد پیدا ہونا اور بیماری درد کی ۔

## تا با ہاء

تہوّع ۶ بشدت قے کرنا بہت سا قے کرنا ۔

## چوتھی فصل
اُن لغات کے بیان مین جن کے

اول حرف جیم اور اخیر مین عین ہے

### جیم با الف

جائع ۔ گرسنہ یعنی بھوکھا شکم خالی۔

جامع ۔ وہ مسجد جسمین جمعہ کی نماز ادا کرین اور جمع کرنے والا۔

### جیم با ذال

جِذع ۔ تنہ درخت یا درخت کی شاخ۔

جَذع ۔ گاو و اسپ جو سہ سالہ ہو یعنی تین برس کا بیل۔

جُذوع ۔ شاخہا و تنہ ہاے درخت یہ لفظ جذع کی جمع ہے۔

### جیم با زاے

جزع ۔ بے صبری و بے آرامی و بے چینی و بیقراری۔

جزع ۔ سنگ سلیمانی جو سفید و سیاہ ہوتا ہے۔

### جیم با میم

جمع ۔ تمام اور گروہ اور یکجا اور مجلس آدمیون کی۔

جماع ۔ صحبت عورت و مرد کی اختلاط دو ازن کا

جموع ۔ جمع جمع کے لفظ کی جماعتین اور گروہ

جمیع ۔ تمام اور بالکل اور سرتا پا۔

### جیم با واو

جوع ۔ گرسنگی بھوکھ یعنی طعام کی خواہش

جوامع ۔ جمع جامعہ تمام و ہمہ و بالکل و سرتاپا

جواہر تسع ۔ نو آسمان یا نو جواہر یعنی لعل مروارید۔ الماس۔ زمرد۔ یاقوت۔ فیروزہ مرجان۔ نیلم۔ عقیق۔ یا لہسنیا ہندی مین انکو نورتن کہتے ہین۔

## پانچوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے

اول حرف حا اور اخیر مین عین ہے

### حا با سین

حسن مطلع ۔ دوسرا بیت غزل و قصیدہ سے جو پہلے بیت و مطلع کی طرح پر ہو۔

## چھٹی فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے

اول حرف خا اور اخیر مین عین ہے

### خا با الف

خاضع ۔ فروتنی و تواضع کرنیوالا خاکساری ظاہر کرنیوالا

خاشع ۔ عاجزی کرنیوالا منت و خوشامد کرنیوالا۔

خادع ۔ فریبی مکار دغاباز آدمی۔

خاطر جمع ۔ دل کی تسلی ضد پریشانی کی۔

### خا با دال

خدع و خداع ۔ فریب دینا دغا سے پیش آنا دھوکا دینا

خدائع ۔ جمع خدیعت کی مکر و فریب و دغابازی۔

### خا با راے

خرنق ۔ بچہ خرگوش جو ایک مشہور جانور ہے۔

## خا با شین

خشوع ؛ عجز و فروتنی و خوف و رعب جو کسی پر غالب ہوا

## خا با ضاد

خضوع ؛ عاجزی کرنا۔

## خا با لام

خلع ؛ نکلنا اور نکلنا عضو کا بند و پیوند سے اور اُتارنا کپڑے اور موزہ کا اور خلعت دینا۔

خُلع ؛ طلاق لینا عورت کا بعوض بخشنے حق مہر یا بعوض دینے اولاد اور مال نقد و جنس کے ۔

## خا با میم

خمع ؛ گرگ درندہ یعنی بھیڑیا جو مشہور درندہ ہے۔

## ساتوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف دال اور اخیر مین عین ہے

## دال با رائے

دِرع ؛ زرہ جو پہلوان جنگ کے وقت پہنتا ہے۔

## دال با عین

دَع ؛ صیغہ امر یعنی بگذار اور چھوڑ دفع کر و درگذر۔

دَعّ ؛ مصدر ہے بمعنی دفع کرنا چھوڑنا درگذر کرنا۔

## دال با میم

دَمع و دَمَع ؛ اشک چشم اور نام بیماری چشم جس سے آنکھوں سے پانی جاری رہتا ہے

دُموع ؛ اشکہائے چشم یعنی آنکھوں کے آنسو۔

## دال با واو

دَوافع ؛ جمع دافع دفع کرنیوالے دور کرنیوالے۔

## آٹھوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف ذال اور اخیر مین عین ہے

## ذال با الف

ذائع ؛ آشکارا و فاش و پراگندہ و ظاہر سبکے روبرو

## ذال با رائے

ذِراع ؛ ہاتھ بازو بالشت اور فاصلہ انگشت السبابہ سے آرنج تک اور گز ناپنے کا اور داغ ران شتر جو واسطے نشان کے دیا جاتا ہے اور نام ساتوین منزل کا منازل قمر سے۔

ذَرائع ؛ جمع ذریعہ وسیلہ یعنی بہت ذریعے اور وسیلے۔

ذَرع ؛ طاقت اور بالشت سے ناپنا کسی کپڑے وغیرہ کو

ذَرَع ؛ طمع و بچہ گاو وحشی۔

## نوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف رائے اور اخیر مین عین ہے

## رائے با الف

رَاتِع ؛ چرنے والا بلند ہونے والا۔

رَابِع ؛ چوتھا یعنی کسی چیز کا چوتھا حصہ چار مین سے ایک

رَاجِع ؛ رجوع کرنیوالا توجہ کرنیوالا متوجہ ہونے والا۔

رَاکِع ؛ رکوع کرنے والا جھک جانے والا۔

رَاتِع ؛ چھوٹنے والا بڑھنے والا اور وہ مال جو کھیتی سے

رَاوِعٌ ؏ ہٹانے والا موڑدینے والا واپس کرنے والا۔
رَافِعٌ ؏ اُٹھانے والا بلند کرنے والا پیش کے حرکت دینے والا فریاد کرنے والا عدالت چاہنے والا۔
رَاقِعٌ ؏ کپڑے کو پیوند لگانے والا گودڑی سینے والا۔

## راے با باے

رَبُّ النَّوعِ ؏ ایک فرشتہ کا نام ہے جو ہر ایک مخلوق کی پرورش وحفاظت پر موکل ہے۔
رُبعٌ ؏ چوتھا حصہ اور نام ایک آلہ نجوم کا جو نجومی رکھتے ہین۔
رِبعٌ ؏ وہ تپ جو چوتھے روز عود کرے یعنے تپ چارم روز کا۔
رَبِیعٌ ؏ موسم بہار یعنے ماہ چیت وبیساکھ جس مین موسم سرما نکل کر بہار کا موسم آجاتا ہے اور باغ سرسبز ہوجاتے ہین پھول پھولنے پر آجاتے ہین اور نام ایک مرد سخی کا جسکو ربیع بن فضل کہتے ہین۔

## راے با جیم

رَجِیعٌ ؏ جو چیز ردکیجائے مجازاً سرگین آدمی وستور وشتر لاغر یعنے دبلا اونٹ۔
رَجْعٌ ؏ رجوع کرنا لوٹنا پھر آنا متوجہ ہونا۔
رُجُوعٌ ؏ متوجہ ہونا عود کرنا واپس پھر آنا لوٹنا۔

## راے با ضاد

رَضِیعٌ ؏ طفل شیر خوار اور ہمشیر جن دونون نے عالم شیر خواری مین ایک دایہ یا والدہ کا دودھ پیا ہو یعنے دودھ کا بھائی یا بہن۔
رَضَاعٌ ؏ دودھ پینا بچہ کا اور زمانہ شیر خواری یعنے جبتک بچہ دودھ پیئے۔

## راے با فا

رَفْعٌ ؏ اُٹھانا بلند کرنا فریاد کرنا دعوی کرنا انصاف مانگنا دور کرنا پیش کی حرکت دینا معزول ہونا کسی عہدہ سے۔
رَفِیعٌ ؏ بلند عزت دار اور چڑھا ہوا امیر دولتمند۔

## راے با قاف

رِقَاعٌ ؏ ٹکڑے اور رقعہ ہاے مختصر جمع رقعہ کے لفظ کی

## راے با یاے

رِیعٌ ؏ کھیتی کا بڑھنا اور اُسکی آمدنی یعنے جو روپیہ اُس سے ملے۔

# دسوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جنکے اول حرف زاے اور اخیر مین عین ہے

## زاے با راے

زَرْعٌ ؏ اُگنا اوگانا بونا اور کھیتی جو بوئی ہوئی ہو

# گیارھوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جنکے اوّل حرف سین اور آخیر مین عین ہی

### سین باالف

سَاجِعْ ؛ گانے والا پرند بلبل وغیرہ قافیہ دار بولنے والا۔
سَابِعْ ؛ ساتوان یعنے ساتوان حصہ ایک عدد کا سات مین سے ایک۔
سَاطِعْ ؛ بلند اور چڑھا ہوا امیر غنی مالدار۔
سَامِعْ ؛ سننے والا کسی بات کا کان سے۔

### سین با بار

سَبْعْ ؛ ہفت یعنے سات عدد ہین۔
سَبُعْ ؛ جانور درندہ مثل گرگ و سگ وغیرہ۔
سُبْعْ ؛ ساتوان حصہ اور ساتوان حصہ قرآن کا جو سات منزل مین منقسم ہی اور سات عدد مین سے ایک۔
سِبَاعْ ؛ درندگان یعنے درندے چارپاے مثل شیر و گرگ و پلنگ و سگ وغیرہ جمع سبع کے لفظ کی۔

### سین با جیم

سَجْعْ ؛ آواز طیور خوش آواز جانورون کی جو مطبوع ہو۔

### سین باراے

سَرَاعْ ؛ شاخین تازہ درخت انگور کی اور میوہ دار شاخین۔
سُرْعْ ؛ شاخ تازہ درخت انگور کی جو سرسبز ہو۔
سَرِیعْ ؛ شتاب کرنے والا اور جلد باز آدمی اور نام ایک بحر کا عروض سے جسکا وزن یہ ہی جو لکھا گیا ہی مفتعلن مفتعلن فاعلان۔

### سین با طار

سَطُوعْ ؛ بلند ہونا اوپر کو چڑھنا عزت دار ہونا۔

### سین با میم

سَمَاعْ ؛ سرود راگ اور سننا کسی تقریر یا بات کا۔
سَمْعْ ؛ کان اور سننا۔
سِمْعْ ؛ بچہ گرگ جو گفتار سے ہو یعنی مادہ گرگ کا اور باپ کفتار یا برخلاف اسکے۔

### سین با واو

سُوَاعْ ؛ نام بت جسکو قوم نوح کی پوجتی تھی۔
سَوَاطِعْ ؛ جمع ساطع کے لفظ کی جسکے معنی روشن کے ہین۔

### سین با ہار

سَہْ نوعْ ؛ موالید ثلاثہ یعنے نباتات جمادات حیوانات

### سین با یار

سِیَاعْ ؛ کہگل جو دیوار اور چھت کو کرتے ہین۔

## بارھوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جنکے اوّل حرف شین اور آخیر مین عین ہی

## شین باالف

شافع ۶ شفاعت کرنے والا سفارش کرنے والا یہ لقب جناب محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا ہے۔

شائع ۶ فاش ظاہر آشکارا روشن مشہور۔

شاع ۶ آشکارا و رفاش و ظاہر و مشہور۔

شارع ۶ راہ راست و راہ بزرگ و صاحب شرع۔

## شین بابا

شبع ۶ سیر ہونا طعام سے بخلاف گرسنگی یعنے پیٹ بھر کے کھانا۔

## شین باجیم

شجاع ۶ بہادر دلیر آدمی جنگ اور شخص اور وہ شخص جو ہر ایک کام مین چست و چالاک ہو۔

## شین باراے

شرع ۶ طریق و دین و مذہب اور راستہ۔

شراع ۶ بادبان کشتی کا۔

شرح مطالع ۶ علم منطق مین ایک کتاب کا نام ہے۔

شرائع ۶ جمع شریعت کی یعنے بہت سی شریعتین۔

## شین بامیم

شمع و شمع ۶ موم اور موم کی بتی جو رات کو روشن کیجاتی ہے۔

شموع ۶ جمع شمع یعنی بہت سی بتیان جلانے کی۔

## شین بانون

شنیع ۶ بد و زشت و ناپسندیدہ و مکروہ و نا مطبوع۔

شنائع ۶ جمع شنیع کے لفظ کی بہت سی بد و زشت چیزین۔

## شین باواو

شوارع ۶ بڑے اور سیدھے راستے یہ لفظ جمع شارع کی ہے۔

## شین بایا

شیوع ۶ ظاہر ہونا آشکارا ہونا مشہور ہونا کسی چیز کا۔

# تیرھوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جنکے اوّل حرف صاد اور اخیر مین عین ہے

## صاد باالف

صانع ۶ کاریگر کسی چیز کا بنانے والا اور نام خداے تعالے کا۔

صاع ۶ نام پیمانہ بقدر دوسو چونتیس (۲۳۴) تولہ کے ہندی لوٹیہ۔

## صاد بادال

صداع ۶ چیرنا مجازاً درد سر جو مشہور بیماری ہے۔

صدع ۶ چیرنا کھودنا پھاڑنا کسی چیز کو۔

## صاد باراے

صَرَع ؛ زمین پر گرانا اور نام بیماری مہلک کا جسکو مرگی کہتے ہین۔

### صاد با فا

صَفع ؛ مُکا لگانا گھونسا مارنا کسی کو۔

### صاد با لام

صَلَع ؛ بیماری گنج کی اور اُترنا سر کے بالون کا۔

### صاد با نون

صُنع ؛ کام کرنا پیدا کرنا نیکی کرنا جمع اسکی صنائع ہے۔

### صاد با واو

صَوامِع ؛ جمع صومعہ عبادت خانہ خدا پرستون کا۔

## چودھوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جنکے اول حرف ضاد اور اخیر مین عین ہے

### ضاد با الف

ضائع ؛ تلف و برباد ہوا ہو خراب ہوئی ہوئی چیز

### ضاد با با

ضبع ؛ کفتار۔ چارپایہ مشہور ہے ہندی مین اُسکو بجو کہتے ہین۔

### ضاد با جیم

ضجیع ؛ ہم خوابہ و ہم بستر دوست رفیق ہم صحبت۔

### ضاد با راے

ضَرع ؛ پستان گاو و گوسپند وغیرہ جانورون کا جو دودھ دیتے ہین۔

ضَرَع ؛ زاری و فروتنی وخاکساری وعجز و نیاز۔

ضَرِیع ؛ ایک گھاس کا نام ہے جو دریا کے کنارے پیدا ہوتی ہے اُسکی بدمزگی اور سمیت سے کوئی جانور اُسکو نہین کھاتا اور جو کھاتا ہے مرجاتا ہے۔

### ضاد با فا

ضِفدَع ؛ غوک یعنے مینڈک جو مشہور آبی جانور ہے۔

ضَفادِع ؛ جمع ضفدع یعنی بہت سے مینڈک۔

### ضاد با لام

ضِلَع ؛ استخوان پہلو وحصہ زمین ضلوع اسکی جمع ہے

### ضاد با یا

ضِیاع ؛ جمع ضیعہ اراضی مزروعہ۔

## پندرھوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جنکے اول حرف طا اور اخیر مین عین ہے

### طا با الف

طالع ؛ نکلنے والا چڑھنے والا ستارہ مجازاً نصیب

طامِع ؛ حرص کرنے والا۔

طائع ۶ فرمانبردار اطاعت کرنے والا شخص -

## طا با یار

طبع ۶ سرشت آدمی کی مُہر لگانا نقش کرنا چھاپنا سکہ لگانا روپیہ پیسہ پر مضروب کرنا درہم اور دینار کو۔

طبائع ۶ جمع طبع کی یعنے بہت سی طبعتین اور مُہر اور چھاپے -

طبَّاع ۶ صاحب طبیعت ذکی و کوزہ گر اور چھاپنے والا -

طِباع ۶ سرشت اور خوی آدمیون کی جو زائل نہو و جمع طبع و جمع طبیعت چنانچہ بحار جمع بحر کی -

## ظا با لام

طَلَع ۶ شگوفہ درخت خرما کا جو نیا نکلا ہو -

طُلُوع ۶ نکلنا اور چڑھنا ستارے کا اور پہاڑ پر چڑھنا بلند ہونا -

## طا با میم

طمع و طمَع ۶ امید و حرص و زیادہ طلبی -

طمَّاع ۶ بہت حرص کرنے والا اور امید رکھنے والا -

طامع ۶ طمع کرنے والا شخص بہت طامع -

## طا با واو

طوائع ۶ جمع طائع کی اور نام ایک کتاب کا -

طوع ۶ رغبت و اطاعت و توجہ جو کسی طرف ہو -

## سولھوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جنکے

## اوّل حرف فا اور اخیر مین عین ہے

## فا با الف

فاقع ۶ جو چیز بہت زرد ہو لبستی رنگ کی -

## فا با راے

فرع ۶ شاخ درخت کی -

فُروع ۶ شاخہاے درخت و باصطلاح علماے علم فقہ جو باتین سواے اصول کے ہین اور نام علم کا -

## فا با زاے

فزع ۶ خوف و ترس و بیم و ہیبت و رعب -

فزع ۶ ڈرنے والا خوف کرنے والا ڈرپوک آدمی -

## فا با صاد

فصل ربیع ۶ بہار کا موسم جیٹھ اور بیساکھ کا مہینہ

## فا با ضاد

فضل ربیع ۶ نام وزیر ہارون رشید کا جو بہت ہوشیار تھا -

## فا با طاء

فطیع ۶ شنیع و قبیح جو زیادہ تر مکروہ ہو -

## فا با قاف

فقاع ۶ بوزہ جو چانولون سے بناتے ہین اور اُسکے پینے سے نشہ آتا ہے و شراب غیر مسکر و شیشہ و حباب و پیالہ و کوزہ و شربت -

فقع ۶ شراب بے نشہ مخفف فقاع کے لفظ کا -

## فا با لام

فَلّاغ ۶ چیرنے والا مجازاً کولہاڑا لکڑی چیرنے کا۔

## فا با یا

فی الواقع ۶ حقیقت مین۔

# سترھوین فصل

## ان لغات کے بیان مین جنکے اول حرف قاف اور اخیر مین عین ہے

## قاف با الف

قامع ۶ توڑنے والا برباد کرنے والا خراب کرنیوالا
قانع ۶ قناعت کرنے والا تھوڑی چیز پر صبر کرنے والا
قاطع ۶ کاٹنے والا جدا کرنے والا قطع کرنے والا۔
قاع ۶ زمین ہموار و فراخ و میدان فراخ۔
قارع ۶ فال اور قرعہ دیکھنے والا اور دستور یعنے جانور کشتی کرنے والا اور وہ شخص جسکے سر کے بال بسبب کسی علت کے گر گئے ہون اور مشورت قبول کرنے والا کسی کے منع کرنے سے منع ہو جانے والا۔

## قاف با راے

قرع ۶ کدو سبز تر اور کھٹکھٹانا اور مارنا۔
قرع ۶ گرنا سر کے بالون کا بسبب کسی بیماری کے۔
قرع ۶ جمع قرعہ یعنی بہت سے قرعے فال دیکھنے کے۔

## قاف با طا

قطع ۶ کاٹنا جدا کرنا قطع کرنا الگ کرنا۔

## قاف با لام

قلاع ۶ جمع قلعہ کی یعنی وہ عمارتین جو لڑنے کو بنائین
قُلاع ۶ نام بیماری جو منھ مین چھالے پڑجاتے ہین۔
قلع ۶ اکھاڑنا اور نام معدن ارزیز یعنی قلعی کے کان کا۔

## قاف با میم

قمع ۶ عمود مارنا توڑنا خوار کرنا خراب کرنا۔

## قاف با نون

قنوع ۶ قانع ہونا قناعت کرنا تھوڑے پر راضی ہونا۔
قناع ۶ مقنعہ و پردہ پوش اوڑھنی عورتون کے پہننے کی۔

## قاف با واو

قوارع ۶ جمع قارع حوادث زمانہ یعنی زمانے کی سختیان۔

# اٹھارھوین فصل

## ان لغات کے بیان مین جنکے اول حرف کاف اور اخیر مین عین ہے

## کاف با الف

کاکل شمع ف دھوان جو شمع کے سر سے نکلتا ہے بعض اسکو تاج شمع کہتے ہین۔

## کاف با راے

کراع ۶ پارچہ گوسپند و گاو و ساق حیوانات و بینی کوہ و گروہ اسپان اور وہ لفظ جس سے۔

گھوڑون کو جمع کرتے ہین۔
کَرْعٌ ۶ بارش کا پانی جو کھڑا ہوا اور منھ لگا کر پانی پینا منہ سے بلا ذریعہ ہاتھون کے اور باریک ساق ہونا۔

## کاف با یار

کید قاطع ۶ نام ستارۂ منحوس دُم دار جسکی لمبی پونچھ ہوتی ہے۔

# اُنیسوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جنکے اوّل حرف لام اور اخیر مین عین ہے

### لام با الف

لَامِعٌ ۶ روشن و درخشان یعنے چمکتا ہوا۔
لَاذِعٌ ۶ جلنے والا اور جلانے والا کسی چیز کو۔

### لام با ذال

لَذْعٌ ۶ سوزش دینا جلانا آگ سے۔
لَذَّاعٌ ۶ جلانے والا آگ سے یا آگ جو جلانے والی ہو۔

### لام با سین

لَسْعٌ ۶ کاٹنا سانپ و بچھو وغیرہ کا ڈنک مارنا۔

### لام با میم

لُمُوعٌ ۶ لمعہ روشنیان اور چمکارے اور جلوے۔

### لام با واو

لَوَامِعٌ ۶ جمع لامع ہے یعنی چمکتے ہوئے اور روشنیان

# بیسوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف میم اور اخیر مین عین ہے

### میم با الف

مَائِعٌ ۶ جو چیز رقیق ہو مثل آب و روغن وغیرہ۔
ماہ مُقَنَّعٌ ۶ ماہ نخشب شعبدہ مقنع حکیم کا۔

### میم با بار

مُبْدِعٌ ۶ اپنے آپ سے کوئی چیز پیدا کرنے والا۔
مُبْتَدِعٌ ۶ بدعت کرنے والا نئی بات کرنے والا نئی رسم نکالنے والا۔
مِبْضَعٌ ۶ نیشتر خون نکالنے کا آلہ جس سے فصد لیتے ہین
مَبِیعٌ ۶ کوئی چیز خریدی ہوئی یا بیچی ہوئی چیز۔
مُبَرْقَعٌ ۶ نام نغمۂ موسیقی مین یعنی ایک راگ کا نام ہے۔

### میم با تار

مُتَوَرِّعٌ ۶ پرہیزگار اور پارسا گناہ سے بچنے والا۔
مُتَوَزِّعٌ ۶ پراگندہ و پریشان و بے انتظام۔
مَتَاعٌ ۶ اسباب جس سے نفع لین یعنی سوداگری کا مال۔
مُتَفَرِّعٌ ۶ شاخ نبنے والا۔
مَتْبُوعٌ ۶ متابعت کیا گیا فرمانبرداری کیا گیا۔
مُتَمَتِّعٌ ۶ برخوردار فائدہ مند اور وہ شخص جو فائدہ پاوے۔

مُتَوَاضِع ؛ فروتنی کرنے والا عجز ظاہر کرنے والا-
مُتَوَقِّع ؛ امیدوار جسکو کسی سے کچھ طمع ہو-
مُتَصَدِّع ؛ درد سر پانے والا تکلیف اٹھانے والا-
مُتَّسِع ؛ فراخ ہونے والا جدا ہونے والا کھچ جانے والا-
مُتَدَرِّع ؛ زرہ پوش جو زرہ پہنے ہوئے ہو-
مُتَضَرِّع ؛ زاری کرنے والا عاجزی ظاہر کرنے والا-
مُتَّبَع ؛ پیروی کیا گیا یعنے جسکی رسم پر چلیں-
مُتَنَوِّع ؛ گوناگون رنگ برنگ طرح طرح قسم قسم-

## میم با تا

مُثَلَّث مُتَسَاوِی الاضلاع ؛ ہندسہ کی ایک شکل ہے

## میم با جیم

مُجَمَّع ؛ جمع کیا گیا اکٹھا کیا گیا یکجا کیا گیا-
مَجْمَع ؛ مجلس و جائے اجتماع جہاں سب لوگ جمع ہوں
مَجْمُوع ؛ جمع کیا گیا اور تمام و کمال اور پورا-
مَجَامِع ؛ جمع ہونے کے مقام مجلس کے مقام-

## میم با خا

مُخَلَّع ؛ خلعت دیا گیا لباس پہنایا گیا-
مَخْلُوع ؛ باہر نکالا گیا الگ کیا گیا-
مُخْتَرِع ؛ اختراع کرنے والا نیا کام کرنے والا-
مُخَادِع ؛ مکر و فریب کرنے والا فریبی آدمی-
مُخَلّٰی بالطبع ؛ فارغ بے اندیشہ بے تکلف بے غم-

## میم با دال

مُدَافِع ؛ دفع کرنے والا دور کرنے والا علیحدہ کرنے والا-

## میم با را

مَرْتَع ؛ چراگاہ ستوران و سبزہ زار جہاں چارپائے چریں-
مَرَاتِع ؛ جمع مرتع بہت سے سبزہ زار اور چرنے کے مقام
مُرَقَّع ؛ [illegible] خرقہ درویشان اور [illegible] پارچہ اور [illegible] ٹکڑے سی کر [illegible]
مُرَبَّع ؛ چوکور شے جسکا عرض و طول برابر ہو اور ایک طرح کی نشست اور ایک طرح کا تعویذ-
مَرَابِع ؛ منزلہا و مکانہا یعنی بہت منزلیں اور مقام-
مُرَصَّع ؛ جڑاؤ نگینوں سے یا خود رصع سے جسکے معنی چمکنے یا چمکانے کے ہیں اور وہ نظم و نثر جسکے فقرے اور قافیہ درست ہوں-
مَرْجُوع ؛ رجوع کیا گیا متوجہ کیا گیا-
مَرْصُوع ؛ جڑاؤ زیور جو نگینہ دار ہو-
مُرْتَفِع ؛ بلند ہونے والا اونچی جگہ نکلنے والا-
مُرْتَفَع ؛ اٹھایا گیا بلند کیا گیا اوپر چڑھا گیا-
مَرْجِع ؛ جائے رجوع جسطرف سب کا رجوع ہو-
مَرْفُوع ؛ بلند کیا گیا اٹھایا گیا حرکت پیش کی دیا گیا
مَرُوع ؛ ڈرایا گیا [illegible] خوف دلایا گیا-
مرتبہ جمع الجمع ؛ مقام وحدت و ظہور اول یعنے وحدت کا مقام اور پہلا ظہور-

## میم با زا

مُزَارِع ؛ زراعت کرنے والا زمیندار کھیتی کرنے والا-

مَزَارِع ؏ جمع مزرع یعنی بہت سی کھیتیان۔
مَزْرَع ؏ جائے کاشت یعنی کھیتی جہان کوئی چیز بوئین
مزاد کردن متاع ف نرخ بڑھانا کسی چیز کا۔

## میم با سین

مُسْرِع ؏ شتاب کرنے والا تیز رفتار تیز چلنے والا۔
مُسْتَوْدَع ؏ امانت گاہ جہان امانت رکھین۔
مُسْتَوْدِع ؏ امانت نگاہ رکھنے والا یعنی امین۔
مُسْمَع ؏ گوش اور دستہ میانہ دلو جس سے رسی باندھین۔
مُسْتَبْدَع ؏ بدیع و عجیب گنا گیا خوبصورت بنایا گیا۔
مَسَامِع ؏ گوشہا یعنی بہت سے کان۔
مُسْتَطِیع ؏ صاحب استطاعت و صاحب قدرت ؟ دارو دو لتمند
مُسْتَتْبِع ؏ پیروی کرنے والا فرمانبردار تابع۔
مُسْتَطَاع ؏ فرمانبردار و مطیع اطاعت کرنے والا۔
مُسْتَوْسَع ؏ فراخ چیز جو چوڑی ہو۔
مُسَاوِیُ الْاَضْلَاع ؏ چیز مثلث یا مربع جسکے
گوشے برابر ہون۔
مَسْمُوع ؏ سنا گیا یعنی جو بات سنین۔
مُسْتَجْمِع ؏ جمع کرنے والا اکٹھا کرنے والا۔
مُسَجَّع ؏ سخن با قافیہ و ردیف و کلام مقفی۔

## میم با شین

مُشَاع ؏ مشترک و غیر منقسم و آشکارا و ظاہر اور
یہ لفظ زمین کے ذکر مین مستعمل ہوتا ہے۔
مَشَارِع ؏ جمع مشرع راہہا یعنی راستے جاری۔

مُشْبَع ؏ سیر کیا گیا اور بہت بڑھا ہوا۔
مُشَعْشَع و مشعشع ؏ روشن اور شراب جسمین پانی ملا ہوا ہو
مُشْتَاع ؏ ظاہر کیا گیا روشن کیا گیا چمکایا گیا۔
مُشَنَّع ؏ بد و زشت اور ملامت کیا گیا۔
مَشْرُوع ؏ جو شرع مین جائز ہو اور نام کپڑے
کا جسمین آدھا ریشم اور آدھا سوت ہو۔

## میم با صاد

مُصَدَّع ؏ درد سر پہونچایا گیا جدا جدا کیا گیا۔
مِصْرَع و مِصْرَاع ؏ دروازہ کا تختہ اور آدھا
بیت نظم مین۔
مُصَرَّع ؏ مصرع لایا گیا مصرع بنایا گیا بیت مین سے
مَصْنَع ؏ قلعہ و کاریز و آبگیر و حوض جسمین پانی ہو۔
مُصَنَّع ؏ بنایا ہوا درست کیا ہوا۔
مَصْنُوع ؏ بنایا گیا درست کیا گیا۔
مِصْقَع ؏ فصیح و بلیغ شخص جسکے کلام مین
فصاحت و بلاغت ہو۔
مَصَاقِع ؏ جمع مصقع بہت سے فصیح و بلیغ۔

## میم با ضاد

مَضْجَع ؏ خوابگاہ سونے کی جگہ آرام کی جگہ۔
مَضَاجِع ؏ جمع مضجع بہت سے سونے کے مقام۔
مُضَیِّع ؏ ضائع کرنے والا تلف کرنے والا۔
مُضَارِع ؏ شریک و شبیہ و مانند ہونے والا
اور اسم فاعل مضارعت سے یعنے مشابہت

اور وہ صیغہ جسکا زمانہ حال و استقبال کے درمیان ہو اور مضارعت ماخوذ ضرع سے بمعنی پستان گاؤ و گوسپند اور مضارع اُس بچہ کو کہتے ہین جو دوسرے بچہ کے ساتھ ایک پستان سے دودھ پیئے۔

## میم با طاء

مَطلَع ؏ ستارون کے نکلنے کی جگہ اور پہلا بیت غزل اور قصیدہ سے جو دونون مصرعون مین قافیہ و ردیف رکھتا ہو۔

مُطلِع ؏ خبر دینے والا آگاہ کرنے والا۔

مَطبُوعِ طبع ؏ جو چیز طبیعت کو پسند ہو۔

مَطمُوع ؏ لالچ دیا گیا طمع دیا گیا امیدوار کیا گیا۔

مُطیع ؏ فرمانبردار اطاعت کرنے والا۔

مُطلَع ؏ خبر دیا گیا یعنے جسکو خبر دی گئی ہو۔

مَطالِع ؏ جمع مطلع اور نام کتاب علم منطق مین۔

مَطامِع ؏ جمع طمع خلاف قیاس جسطرح محاسن جمع حسن۔

مَطمَع ؏ جائے طمع امید و لالچ کا مقام۔

مَطبُوع ؏ دلپسند اور چھپا ہوا کاغذ اور چیز دلپسند۔

مُطاوِع ؏ فرمان برداری کرنے والا اطاعت کرنے والا۔

مُطاع ؏ فرمانبرداری کیا گیا اطاعت کیا گیا۔

## میم با عین

مَع ؏ ہمراہ اور ساتھ ملا ہوا۔

## میم با غین

مَغ ؏ عمیق و ژرف و رود خانہ جو عمیق ہو۔

مُغ ؏ آتش پرست جو آگ کو پوجتا ہے۔

## میم با فاء

مُفَرَّع ؏ شاخ شاخ کیا گیا ڈالی ڈالی کیا گیا۔

مَفزَع ؏ جائے پناہ مقام بچوفی۔

## میم با قاف

مُقَنَّع ؏ نام شخص جسکے بیٹے کا نام ابن مقنع تھا۔

مُقاطِع ؏ قطع کرنے والا اجارہ لینے والا ٹھیکہ لینے والا۔

مَقاطِع ؏ جمع مقطع کی اور مقطع غزل کے اخیر بیت کو کہتے ہین جسمین مصنف کا نام ہوتا ہے۔

مَقطُوع ؏ قطع کیا گیا جدا کیا گیا کاٹ دیا گیا۔

مُقَطِّع ؏ قطع کرنے والا اور معاملات و دعاوی لوگونکے

مُقَطَّع ؏ کاٹا گیا قطع و درست کیا گیا۔

مِقطَع ؏ مقراض قطع کرنے کا آلہ یعنے قینچی۔

مَقطَع ؏ محل انتہا و اتمام و آخر بیت غزل و قصیدہ۔

## میم با لام

مُلَمَّع ؏ روشن کیا گیا چاندی یا سونے کے ساتھ اور وہ نظم جسکا ایک مصرع فارسی اور ایک عربی ہو۔

مُلتاع ؏ سوزندہ و عاشق و مشتاق جو جدائی کی حالت مین جلتا ہو۔

## میم با میم

مُمتَنِع ، منع کیا گیا باز رکھا گیا کسی بُرے کام سے۔

مَمنُوع ، نامشروع چیزین جو شرعاً اُنکا کرنا منع ہو

## میم با نون

مَنِیع ، محکم و استوار اور بازدارندہ یعنے باز رکھنے والا۔

مَنّاع ، بہت منع کرنے والا باز رکھنے والا۔

مُنقَلِع ، اُکھاڑا گیا بیخ سے نکالا گیا۔

مَنُوع ، بازدارندہ باز رکھنے والا منع کرنے والا۔

مُقتَنِع ، قناعت کرنے والا تھوڑے پر صبر کرنے والا۔

مُنتَجَع ، جائے آب و گیاہ یعنے جس زمین مین گھاس و پانی ہو

مُنتَزِع ، کھینچکر نکالنے والا زبردستی سے کام لینے والا۔

مُنتَفِع ، فائدہ مند چیز اور نفع پہونچانے والی۔

مَنع ، باز رکھنا ہٹانا الگ کرنا بُرے کام سے۔

مُنتَزَع ، کھینچا گیا کشش سے نکالا گیا۔

مَنبَع ، چشمہ پانی کا جس سے پانی جاری ہو۔

مَنابِع ، جمع منبع یعنی بہت سے چشمے پانی کے۔

مُنقَطِع ، قطع ہونے والا جدا ہونے والا۔

مُنتَجَع ، نیکو کار و جائے آب و گیاہ سرسبز زمین۔

مُنطَبِع ، نقش ہونے والا چھپ جانے والا۔

مَنافِع ، جمع منفعت بہت سی منفعت۔

مُندَفِع ، دفع ہونے والا جدا ہونے والا دور ہونے والا۔

مُتنازِع ، نزاع کرنے والا جھگڑنے والا کسی بات پر۔

مُنتہی الجموع ، وہ جمع جسکو جمع نہ کرسکین۔

## میم با واو

مَوقِع ، واقع ہونے اور گرنے کا مقام۔

مُوَقَّع ، توقیع کیا گیا بلند کیا گیا اوپر چڑھایا گیا۔

مَواقِع ، جمع موقع کے لفظ کی۔

مُوجِع ، دردناک اور درد مین لانے والا جس سے درد پیدا ہو۔

مُوَدِّع ، رخصت کرنے والا وداع کرنے والا۔

مُوَزِّع ، پراگندہ کرنے والا تقسیم کرنے والا بانٹنے والا

مَوانِع ، جمع مانع کی بہت سے منع کرنے والا۔

مَوضِع ، جگہ مقام مجازاً قریہ گانو۔

مُوَلَّع ، حریص کیا گیا حرص دلایا گیا۔

مَوضُوع ، رکھا گیا بنایا گیا۔

# اکیسوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف نون اور آخر مین عین ہو

## نون با الف

نافِع ، نفع پہونچانے والا فائدہ دینے والا۔

ناصِع ، خالص جس مین دوسری چیز کی آمیزش نہو۔

## نون با با

نبع ؏ نکلنا پانی چشمہ سے اجرا پانی کا۔
نبوع ؏ ابھرنا جوش کرنا پانی کا چشمہ سے اجرا پانی کا

## نون با خاء

نخاع ؏ حرام مغز یعنے مغز سپید جو پشت میں ہوتا ہے۔
نخع ؏ آب بینی یعنے ناک کا فضلہ جو نکلتا ہے۔

## نون با زاے

نزع ؏ کھینچنا کسی چیز کا اسکی جگہ سے اور جان کندن۔
نزاع ؏ آرزومندی و کشاکش مجاز آ خصومت۔

## نون با سین

نسر واقع ؏ نام ستارہ۔

## نون با صاد

نصع ؏ چمڑا جلد جو بدن کے اوپر ہے۔

## نون با طاء

نطع ؏ لبساط و فرش چرم یعنی جو فرش چمڑے کا بنا ہوا ہو

## نون با عین

نعناع و نعنع ؏ پودینہ جو ایک مشہور چیز ہے۔

## نون با فاء

نفع ؏ فائدہ و سود جو انسان کو تجارت وغیرہ سے حاصل ہے
نفاع ؏ بہت فائدہ پہونچانے والا مال۔

## نون با قاف

نقع ؏ گرد و غبار اور تاریکی جو اندہیرے کے سبب ہو
نقوع ؏ میوہ و دوا کو پانی میں بھگونا اور عطر لگانا۔

## نون با واو

نوع ؏ گونہ و قسم و جنس۔

# بائیسوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جنکے اوّل حرف واو اور اخیر مین عین ہے

## واو با الف

وازع ؏ باز دارندہ و سردار لشکر و حاکم و بادشاہ۔
واضع ؏ رکھنے والا پیدا کرنے والا بنانے والا۔
وادع ؏ رخصت کرنے والا وداع کرنے والا۔
واسع ؏ پھیلنے والا پھیلانے والا فراخ کرنے والا
واقع ؏ وقوع میں آنے والا ظاہر ہونے والا۔

## واو با جیم

وجع ؏ درد جو جسم میں پیدا ہو۔
وجیع ؏ دردناک یا درد دینے والا جس سے درد پیدا ہو۔

## واو با دال

وداع ؏ بدرود کرنا رخصت کرنا چھوڑ دینا۔
ودع ؏ مہر سفید یعنے سنکھ جسکو کفار پرستش کے وقت بجاتے ہین۔
ودائع ؏ امانتین جو کسی کے پاس رکھی جائین۔

## واو با راے

وَرَعْ ع پرہیزگاری اور بچنا گناہ سے ۔

وَرِعْ ع پرہیزگار جو شخص گنہ سے بچے ۔

### واو با سین

وُسْعْ ع فراخی و دسترس و توانائی و قوت و زور ۔

وَسِیْعْ ع فراخ یعنی جو چیز چوڑی اور لمبی ہو ۔

### واو با ضاد

وُضْعْ ع رکھنا تربیت کرنا اور طرز و طریق ۔

وَضِیْعْ ع نالائق پاجی جو شخص اشراف نہو ۔

### واو با عین

وَعْوَعْ ع آواز سگ یعنے کتے کی آواز ۔

### واو با قاف

وِقَاعْ ع جماع و جنگ و لڑائی و اجتماع لوگون کا ۔

وَقْعْ ع جائے بلند و عزت و حرمت و اعتبار و آبرو و ننگ و ناموس ۔

وَقَائِعْ ع رودادین و حوادث و احوال و اخبار و کارزار جمع وقعہ نہ جمع واقعہ ۔

وُقُوعْ ع گرنا اور اترنا فرع کا اور ظاہر ہونا کسی بات کا

وَقِیْعْ ع بلند و رفیع مقام اونچی جگہ بلند محل ۔

### واو با لام

وَلَعْ ع حرص و فریفتگی و آرزو و امید جو کسی کے دل مین ہو ۔

وَلْعْ ع دروغ یعنی جھوٹھ جسکو عربی مین کذب کہتے مین

وَلُوْعْ ع حریص یعنی جو شخص لالچی ہو ۔

## ستائیسوین فصل

### اُن لغات کے بیان مین جنکے اوّل حرف ہا اور اخیر مین عین ہے

### ہا با الف

ہَاعْ ع بددل و عزول و کم حوصلہ و کم ہمت ۔

ہَائِعْ ع مرد بددل و عزول و کم حوصلہ ۔

### ہا با جیم

ہُجُوعْ ع خواب و آرام و آسائیش ۔

ہَجَعْ ع مدہوش و بیخود و بیوقوف و نادان ۔

### ہا با دال

ہَدَاعْ ع ضعیف و ناتوان و کم زور و کم قوت ۔

### ہا با زاے

ہَزَاعْ ع مرد ضعیف و بددل و کم ہمت و کم زور ۔

## چوبیسوین فصل

### اُن لغات کے بیان مین جنکے اوّل حرف یا اور اخیر مین عین ہے

### یا با الف

یَافِعْ ع میوہ رسیدہ و پختہ و جوان ۔

### یا با تا

یَنبُوع ہر درخت شیرہ دار جیسے بڑہ و پیپل وغیرہ جن سے دودھ نکلتا ہے۔

یا با شین

یُوشَع نام پیغمبر علیہ السلام جو موسیٰ کے خلفا مین سے تھے

یا با فاء

یَفَاع زمین بلند یعنے اونچی زمین و کرپوہ و کمر کوہ۔

یا با نون

یَنبُوع چشمہ بزرگ یعنی بڑا چشمہ پانی کا۔

یَنَابِیع چشمہ ہاے بزرگ جمع ینبوع کے لفظ کی۔

# اُنیسوان باب

ان لغات کے بیان مین جنکے اخیر مین حرف غین ہے اور پہلے حرف برعایت حروف تہجی اپنے اپنے موقع پر بدلتے جاتے ہین اُسمین اٹھارہ فصل ہین۔

## پہلی فصل

اُن لغات کے بیان مین جنکے اول حرف الف اور اخیر مین غین ہے

الف با باء

اِبلَاغ پہونچانا بھیجنا خط وغیرہ اشیا کا کسی امیر یا دولتمند کے پاس۔

الف با راے

اُرُوغ ڈکار یعنی وہ ہوا جو مُنھ کے راہ نکلتی ہے بعد کھانا کھانے کے۔

الف با زاے

اَزِيغ نفرت و کینہ و غصہ و غضب جو دل مین ہو۔

الف با سین

اِستِفرَاغ فراغت چاہنا خالی ہونا قی کرنا۔

اِسبَاغ تمام کرنا کامل کرنا پورا کرنا۔

الف با صاد

اَصبَاغ جمع صبغ یعنی رنگنا بہت سے رنگ۔

الف با لام

اَلثَغ کلان و بزرگ اور ہر چیز بڑی۔

اَلثَغ وہ شخص جو حروف اپنی زبان سے اُنکے مخرج کے ساتھ ادا نہ کرسکے۔

حَرّاق ۔ بہت جلانے والا جسکی گرمی سے دوسری چیز جل اُٹھے۔

حَرِیق ۔ سوزش اور جلا ہوا اور آگ شعلہ زن مجازاً دوزخ

حُرُوق ۔ ایندھن یعنی سامان آگ جلانے کا۔

حَرق ۔ جلنا آگ سے۔

حَرق ۔ آگ جو شہور عنصر ہی فارسی مین آتش کہتے ہین۔

حا با صاد

حَصحَصَ الحَقّ ۔ ظاہر ہوا حق یہ کلمہ زلیخانے بوقت تحقیقات مقدمہ یوسف کے روبرو بادشہ کے کہا تھا

حا با طاء

حَطبُوق ۔ آشنا و یار و دوست و رفیق۔

حا با قاف

حَقِیق ۔ ثابت و سزاوار جسکے حق ہونے مین شک نہو۔

حَق ۔ ثابت و سزاوار و واجب و راستی و راست و درست اور ایک اسم اسماے الٰہی سے ہی۔

حَقائق ۔ جمع حقیقت یعنی ماہیت و کیفیت ہر ایک چیز کی

حُقُوق ۔ جمع حق یعنے حقوق مادری و پدری و فرزندی وغیرہ۔

حُق ۔ چاپک اور وہ گنبد جو بندگاہ استخوان مین ہوتا ہی

حا با لام

حَلق ۔ گلا اور ناے اور بال مونڈنا استرے سے۔

حَلّاق ۔ سر مونڈنے والا اور اُسترہ اور حجام یعنی نائی جو سر مونڈتا ہی۔

حا با میم

حُمق و حُمُق ۔ بیعقلی اور نادانی و بیوقوفی و جہل و بیخبری

حا با نون

حَنق ۔ کینہ و غصہ و غضب جو انسان کے دل مین ہو

## چھٹی فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف خا اور اخیر مین قاف ہی

خا با الف

خَالِق ۔ پیدا کرنے والا یہ لفظ خدا کا نام ہی۔

خَارِق ۔ پھاڑنے والا و کرامت ولی کی۔

خَانِق ۔ گلا گھونٹنے والا گلا دبانے والا۔

خَافِق دھڑکنے والا جسکا سر ہلتا رہے۔

خا با راے

خَرق ۔ پھٹنا پارہ ہونا ٹکڑے ہونا کسی چیز کا۔

خُرق ۔ شرم و حیا کرنا ایسے موقع پر کہ مناسب نہو و حمق و بیوقوفی و شرمندگی۔

خَرِیق ۔ نام خط چہارم منجملہ ہفت خطوط جام جمشید کے۔

خا با طاء

خِفرِق ۔ زشت و بد و مکروہ و نامطبوع۔

خَفَرَق ۔ بیغیرت دیوث معرب خفرگ و خفرک

مخفف خفتہ رگ یعنی بے غیرت۔

خَفَرِیق ع زشت وبد و شرم وندامت و عار وننگ۔

خَفخیق ع پانی اور ہوا کے چلنے کی آواز وصاحب خفقان اور نیند مین اونگھنے والا اور نام بیماری کا۔

خَفچاق ت نام قوم ترکان صحرا نشین ونام مقام جہان وہ قوم رہتی ہی۔

## خا با لام

خَلُوق ع بوے خوش ونوع بوے خوش۔

خَلائق ع خلقت اور خدا کی پیدائش عام وخاص لوگ۔

خِلَاق ع بہرہ تمام اور پورا حصّہ۔

خَلَاق ع ایک قسم کی خوشبو جو نہایت تیز ہوتی ہی۔

خَلّاق ع بہت پیدا کرنے والا ونام حق تعالے کا۔

خَلق ع پیدا کرنا اور پیدا ہوا اور پیدا ہوئی ہوئی چیز اور اندازہ کرنا جھوٹ بولنا۔

خلق ع خوے وعادت ومروت ودین وطریق۔

خَلَق ع پرانا ہونا کپڑے کا اور پرانا کپڑا۔

## خا با نون

خَندَق ع کھائی کسی قلعہ یا شہر کی۔

خَنادِق ع جمع خندق کی بہت سی کھائیان۔

خُناق ع بیماری حلق کی مشہور ہی جس سے بیمار کا گلا گھٹ جاتا ہی۔

خَنق ع گلا گھونٹنا اور جس کا گلا گھونٹا ہو

## خا با واو

خُوارِق ع خلاف عادت کام کرامت ومعجزہ ولی یا نبی کا۔

خُوَرنَق ع نام کوشک کہ نعمان بن منذر بادشاہ کے وزیر نے بہرام گور کے لئے تعمیر کیا تھا۔

## ساتوین فصل
## اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف دال اور اخیر مین قاف ہی

## دال باالف

دانق ع معرب دانگ جو مشہور وزن ہی۔

دافق ع کودنے والا رقص کرنے والا۔

## دال با با

دِبق ع سریش مشہور چیز ہی جس سے لکڑی جوڑتے ہین۔

## دال با رے

دَرَق ع سپر یعنی ڈھال جو ایک مشہور ہتھیار ہی۔

## دال با فاء

دَفق ع پانی ٹپکانا یا پانی نچوڑنا کسی چیز سے۔

## دال با قاف

دُق ع گدائی اور ایک قسم کا لباس پشمینہ کا جو نہایت خسیس ہوتا ہی اور اعتراض ومواخذہ کرنا۔

دُق ع کوٹنا آٹا بنانا دروازہ کھڑکانا۔

دِق ع باریک واندک وناچار ونام مرض بخار۔

دَقیق ع باریک ورتھوڑی چیز اور عجیب وغریب چیز۔

دَقّ وَلَق ع صحراے بے گیاہ وبے درخت۔

دُقاق ع باریک واندک وعجیب وغریب چیز۔

دِقاق ع جمع ہے دقیق کے لفظ کی باریک چیزین۔

دَقّاق ع آرد فروش و قصار جو کپڑون کو کوٹتا ہے اور بیان کرنے والا کسی چیز کا۔

## دال با لام

دَلق ع فقیرون کی گودری و فرومایہ و ناقص و ناکارہ۔

دَلِق ع تیز بیان شخص اور بیدھڑک کلام کرنے والا۔

دَلَق ع گربہ صحرائی معرب دَلَہ جسکے معنی جنگلی بلی کے ہین۔

## دال با میم

دِمَشق ف مشہور دِمشق نام شہر شام مین بنا کیا ہوا دمشاق بن نمرود۔

## دال با ہا

دِہاق ع پُر و مالامال و بھرا ہوا و لبالب۔

## آٹھوین فصل
## اُن لغات کے بیان مین جن کے حرف ذال اور اخیر مین قاف ہے

## ذال با الف

ذات عِرق ع نام مقام جس جگہ عراقی احرام باندھتے ہین۔

ذائق ع چکھنے والا مزہ پانے والا و صاحب ذوق۔

## ذال با راے

ذُرق ع سرگین مرغ یعنے مُرغ کی بیٹھال۔

## ذال با لام

ذَلق ع تیز زبان ہونا بے آرام ہونا بیٹھال ڈالنا مُرغ کا تیزی ہر چیز کی۔

ذَلیق ع تیز زبان و سنان تیز یعنی تیز برچھی۔

## ذال با واو

ذَوق ع مزہ چکھنا و لذت پانا و مزہ لینا و نشاط و عشرت حاصل کرنا۔

## نوین فصل
## اُن لغات کے بیان مین جنکے اوّل حرف راے اور اخیر مین قاف ہے

## راے با الف

رَاتِق ع اسم فاعل رتق سے باندھنے والا گرہ دینے والا۔

رَاوَق ع پالونہ شراب کا یعنے وہ کپڑا جس سے شراب صاف کرین اور شراب صاف کی ہوئی۔

رَازِق ع رزق دینے والا یہ نام خدا تعالے کا ہے۔

رَائِق ع آب صاف و جاری بہتا ہوا پانی دریا یا چشمہ کا۔

## راے با تاے

رَتق ع باندھنا بند و بست کرنا پیوند کرنا۔

رَتق و فَتق ع باندھنا کھولنا یعنی بند و بست و انتظام کسی کام کا۔

## راے با حاے

رَحِیق ع شراب خالص صاف و خوش رنگ۔

## راے با زاے

رِزق ع روزی جو آدمی کھاتا ہے

رَزّاق ع روزی دینے والا روزی پہونچانے والا یہ نام خدا تعالے کا ہے۔

### راے با فاے

رِفق ع نرمی و ملاطفت و دوستی و رحمدلی و رفاقت

رَفِیق ع دوست نرمی کرنے والا رحم دل۔

رِفَاق ع جمع رفیق کی بہت سے دوست و نرمی کرنے والے

### راے با قاف

رَقِیق ع باریک اور پتلی چیز جیسے پانی و شراب وغیرہ۔

رَقَائق ع چیزہاے باریک یہ لفظ رقیق کی جمع ہے۔

رُقَاق ع پتلی روٹی جسکو ہندی مین چپاتی کہتے ہین۔

رِق ع بندگی و غلامی و تابعداری و خدمتگاری۔

رَق ع ہرن کا چمڑہ جسپر لکھتے ہین اور وہ چمڑہ کاغذ کی طرح بنایا جاتا ہے اکثر بادشاہی اسناد جنکو دیر تک رکھنا منظور ہوتا ہے اسپر لکھے جاتے ہین۔

### راے با میم

رَمَق ع بقیہ جان یعنے کبھی ظاہر اور کبھی پوشیدہ۔

### راے با واو

رِوَاق و رُوَاق ع مکان کا چھجا ابر و سحاب۔

رَونق ع چمک زیبایش زینت و حسن کسی چیز کا۔

### راے با ہاے

رَہَق ع نزدیک ہونا گمراہ ہونا جھونٹ بولنا تہمت باندھنا اور کسی چیز کے گرد بیٹھنا اور چھپانا اپنے آپ کو فسق و فجور و جھونٹ و حرام پر مستعد کرنا تکبر کرنا مغرور ہونا۔

رُہَاق ع ابتداے بلوغ یعنی عمر بلوغ کی ابتدا۔

### راے با یاے

رِیق ع آب دہن اور ناشتا وہ حالت جب کچھ کھایا نہو۔

## دسوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف زاے اور اخیر مین قاف ہے

### زاے با راے

زَرق ع دو رنگی و مکر و ریا و نفاق اور سرگین ڈالنا ہگنا چھاڑے پھرنا اور گردش آنکھون کی اور ڈالنا دارو کا کسی جگہ مین۔

زُرق بہت سے کبود چشم اور اندھے اور ریگ کے تودے اور پانی صاف جسمین کدورت نہو۔

زَرَق ع کبود چشم ہونا صاف ہونا پانی کا میل سے۔

زُرَّق ع مرغ شکاری جسکو جرہ کہتے ہین اور نوحہ کرنا۔

زَرّاق ع صاحب نفاق و ریا و منافق و دغاباز۔

### زاے با عین

زُعَاق ع شور مزہ یعنے نمکین مزہ۔

### زاے با قاف

زِق ع پانی کی مشک جو چمڑے کی بہشتی رکھتے ہین۔

### زاے با لام

زَلَق ع پھسلنا اور زمین ہموار بے گیاہ اور ہاتھ سے انزال کرنا مشت مارنا جلق بھی اسکو کہتے ہین۔

### زاے با نون

زِندِیق وہ شخص جو خدا اور قیامت کا قائل نہو اور

اعتقاد رکھے کہ زمانہ قدیم سے ایسا چلا آیا ہی اور ایسا ہی رہیگا اس مخلوق کا کوئی خالق نہین خود بخود سب چیز پیدا ہوتی ہی اور خود بخود فنا ہوتی ہی ہر ایک اہل مذہب کے نزدیک یہ شخص کافر ہی۔

زَنبَق ع چنبہ کا پھول جو ایک مشہور پھول ہی۔

## زاے با واو

زَوْرَق ع چھوٹی کشتی جو دریا مین چلاتے ہین۔

## زاے با ہاے

زَہَق ع زمین جنگل کی جسمین درخت اور پانی نہو۔

زُہُق ع نیست و نابود ہونا فنا ہونا مرجانا۔

زُہُوق ع نابود ہونا ہلاک ہونا گذرنا تیر کا نشانہ سے۔

## زاے با یاے

زِیرچاق ف مطیع و فرمانبردار و کوئی جسکو اغلام کرانے کی عادت ہو۔

زِیبَق ع سیماب یعنی پارہ جو مشہور دہات ہی۔

# گیارھوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف سین اور آخیر مین قاف ہی

## سین با الف

سَاق ع پنڈلی جو مشہور عضو ہی۔

سَارِق ع چور جو کسی کی چیز چرائے۔

سَاحِق ع پیسنے والا رگڑنے والا پیس کر باریک کر ڈالنے والا۔

سَابِق ع پہلا اور سبق دینے والا علم و ہنر کا۔

سَاچِق ع وہ اسباب جو داماد عروس کے گھر عروس کے لئے شادی سے پہلے بھیجتا ہی ہندی مین اسکو بری کہتے ہین۔

سَائِق ع پیچھے سے ڈھکیلنے والا دھکا دینے والا۔

## سین با باے

سَبْق ع آگے چلنا اور آگے لنہگ جانا رفتار یا کسی کام مین۔

سَبَق ع شرط باندھنا اور اندازہ پڑھنے کا جسقدر پڑھا جاوے۔

سِبَاق ع دوڑنے مین پیشی پکڑنا آگے لنہگ جانا۔

## سین با دال

سَدَق ت ترکش جسمین بہت سے تیر رکھے جاتے ہین۔

## سین با راے

سَرمَشق ف اُستاد کا لکھا ہوا قطعہ جسکو شاگرد دیکھکر مشق کرے اور خط درست کرے۔

سُرَادِق ع سراپردہ و شامیانہ و خیمہ وغیرہ۔

سَرُوق ع بہت چوری کرنے والا بھاری چور۔

سَرمَق ع ایک قسم کا سبزہ ہی جسکو بتھوا کہتے ہین۔

سَرورق ف پہلا ورق کتاب کا جسپر کتاب کا نام لکھا ہو۔

## سین با غین

سَغرَاق ت قدح بزرگ یعنی بڑا پیالہ پانی کا۔

سَغرَاق ت شراب اور شراب کا پیالہ اور کوزہ

ٹوپی دار یعنے آفتاب -

## سین با لام

سلق ع چقندر جو ایک ترکاری مشہور ہے -
سلجوق ت نام جد بزرگوار شاہان سلجوق جو ایک بادشاہی خاندان مشہور ہے -
سلاق ت سُرخ اور غلیظ ہونا اور پلک آنکھ کی -

## سین با میم

سماق ع نام ایک میوہ ترش کا ہے جو نہایت کھٹا ہوتا ہے -
سماق ع نام ایک قسم کے پتھر کا ہے جو قیمتی ہوتا ہے -

## سین با نون

سنجق ت رومی زبان میں علم فوج و نشان و کمربند کو کہتے ہیں -
سنا برق ع بجلی روشن اور چمکنے والا بادل -
سنگ و مشوق ف کنایۃً کسوٹی جسپر سونا پرکھتے ہیں -

## سین با واو

سوابق ع اگلی باتیں گذشتہ قصے قدیمی تواریخ -
سوء طریق ع بدراہی و راہ بد و گمراہی خلاف شرع کے کام -
سوق ع بازار و جمع ساق پنڈلیاں جو مشہور عضو ہے -
سویق ستو جو جو و گندم کے بنا کر کھاتے ہیں -

## سین با یاء

سیاق ع چلانا اور علم حساب کا جسکے متعلق حساب ہے -
سیئ الخلق ع بدخلق آدمی ترش مزاج و بدخو -

## بارھوین فصل
## اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف شین اور اخیر مین قاف ہے

## شین با الف

شاہق ع بلند اور بناے بلند و حالت بعض جو بلندی پر ہو -
شارق ع روشن کنایۃً آفتاب یعنی سورج -
شاق ع دشوار و کار دشوار سخت کام -
شائق ع صاحب شوق جسکو کسی چیز کی طرف رغبت ہو -

## شین با باء

شلق ت طبانچہ مارنا پتھر مارنا -

## شین با دال

شدق ع فراخ ہونا دونوں لب کے گوشوں کا -
شدق ع دونوں لبوں کے گوشے -

## شین با راے

شرق ع آفتاب اور روشن اور جاے طلوع آفتاب -
شروق ع طلوع آفتاب و ظہور و روشنی -

## شین با فاء

شفق ع سُرخی شام کی جو آفتاب کے غروب کے بعد ظاہر ہوتی ہے -
شفیق ع مہربان دوست نرم دل صاحب شفقت کا -

## شین با قاف

شقائق ع گل لالہ اور تمام پھول ہر قسم کے پھول۔

شق ع شگاف اور شگاف کرنا اور دشوار و سخت کرنا اور نام ایک قلعہ کا قلاع خیبر سے جو مدینے کے نواح مین ہی۔

شق ع نصف اور حصہ کسی چیز کا اور ٹکڑا اور کنارہ پہاڑ کا و برادر و دوست و رفیق و مہربان۔

شقیق ع برادر یعنے بھائی اور دوست و رفیق و مہربان۔

شقاق ع مخالفت و دشمنی کرنا عداوت کرنا۔

## شین با لام

شلاق ت ہاتھ یا لکڑی سے مارنا و مرد شوخ و فتنہ گر و فساد انگیز۔

شلتاق ت جنگ و خرخشہ لڑائی جھگڑا فساد۔

## شین با واو

شواہق ع بلندیان اور وہ چیزین جو بلند ہون ماخوذ لفظ شہیق سے جسکے معنی بزرگی کے ہین۔

شوارق ع روشنیان اور چمکارے ستارون کے۔

شوق ع رغبت اور لگاؤ دل کا کسی چیز کی طرف۔

## شین با ہا

شہیق ع پہلا آواز گدھے کا جو بلند ہوتا ہی اور اخیر آواز باریک کو زفیر کہتے ہین۔

شہوق ع بلند ہونا و پنچے ہونا و سرکو چڑھنا۔

## تیرھوین فصل

### اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف صاد اور اخیر مین قاف ہی

## صاد با الف

صادق ع راست گو سچا آدمی سچ بولنے والا۔

## صاد با دال

صدق و صدق ع راستی اور سچ جسمیں جھوٹ نہو۔

صدق ع جمع صدق کی سچی باتین راست تقریرین۔

صداق و صداق ع حق مہر عورتون کا جو نکاح مین باندھتے ہین۔

صدیق ع بہت سچ بولنے والا اور لقب ابوبکر صدیق رضی خلیفہ اول رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا۔

صدیق ع دوست و دوستان یعنی ایک دوست اور بہت سے دوست۔

## صاد با فا

صفیق ع پیوستہ و رشتہ اور کپڑا سخت بنا ہوا اور وہ منھ جو حیا نہ رکھتا ہو بیحیا چہرہ۔

صفاق ع وہ پردہ جو امعا یعنی ذیبان کے آنتون کے گرد ہوتا ہی۔

## صاد با نون

صندوق ع صُندوق ف مشہور لفظ ہی وہ ظرف لکڑی وغیرہ کا جسمین اسباب رکھین۔

صنادیق ع جمع صندوق کے لفظ کی یعنی بہت

سے صندوق -

صاد با واو

صَواعِق ع جمع صاعقہ بجلی کی آگ اور بجلی کے چمگارے

چودھوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف ضاد اور اخیر مین قاف ہی

ضاد با یاء

ضِیق ع تنگی و دشواری و سختی و مشکل -

ضَیِّق ع تنگ و دشوار و سخت و مشکل -

پندرھوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف طا اور اخیر مین قاف ہی

طا با الف

طاق ع دیوار خمدار و دستار اور اکیلا اور فرد ضد جفت کی -

طاوُق ع توا آہنی جسپر روٹی پکاتے ہین -

طالِق ع رہائی دینے والا طلاق دینے والا عورت منکوحہ کو -

طارِق ع حادثہ سخت اور ستارہ جو صبح کو چڑھتا آ اور ہر چیز جو رات کو ظاہر ہو اور جادوگر -

طا با با

طِباق ع موافق کرنا اور طبقے جو نیچے اوپر ہون -

طَبق ع موافق و برابر و ظرف جو معروف ہی اور نام بیماری جس سے گھوڑے کی ناف ورم کرجاتی ہی -

طُبُق ع طریق و دستور و طرح و طرز و روش -

طا با راے

طُرُق و طُرُق ع جمع طریق کی یعنی بہت راہ و رستے -

طَرِیق ع راہ اور ایک شکل رمل کا نام ہی -

طَرْق ع پانون ٹھوکنا زمین پر لات مارنا -

طَراق ع آواز تازیانہ کی جو مارنے کے وقت نکلے -

طا با قاف

طَق طَق ع وہ آواز جو دو چیزون کے مارنے سے ظاہر ہو جیسے آواز دستک کی -

طا با لام

طَلاق ع کشادگی و رہائی اور چھوٹنا عورت کا قید نکاح سے و عیش و عشرت -

طَلْق ع جننے کا درد جو عورت کو پیدا ہوتا ہی اور ابرق یعنی ابرک و شراب -

طا با میم

طُمطُراق ع کر و فر و شان و تجمل اور بڑائی و شیخی -

طا با واو

طَوْق ع طاقت و توانائی و گردن بند و حلقہ گلے مین ڈالنے کا اور جو چیز گول ہو اور کسی چیز کے گرد -

طَوارِق ع سختیان جو رات کو واقع ہون -

## سولھوین فصل

### اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف عین اور اخیر مین قاف ہو

### عین باالف

عاشق ع صاحب محبت محبت کرنے والا شیفتہ وشیدا و دیوانہ۔
عاق ع ماں باپ کا نافرمان عاصی اپنے اُستاد و مرشد کا۔
عائق ع منع کرنے والا باز رکھنے والا ہٹانے والا۔

### عین باباء

عبق ع خوشبودار یعنی جس چیز سے خوشبو آوے۔

### عین باتاء

عتق ع آزادی و رہائی کسی قید سے۔
عتیق ع دیرینہ و کہنہ و آزاد شدہ و گرامی و برگزیدہ۔
عتاق ع آزاد ہونا رہائی پانا خلاصی پانا۔

### عین باراے

عُرُوق ع رگین بدن کی اور بیخ درخت کی۔
عَرَق ف پسینا جو انسان و حیوان کو آتا ہی۔
عِرْق ع رگ اور بیخ درخت کی۔
عَرْق ع گوشت استخوان سے الگ کرنا اور وہ استخوان جو گوشت سے الگ کی گئی ہو۔
عِراق ع نام ملک اور عراق دو ہین ایک عراق عجم دوم عراق عرب عراق عجم مین خراسان اور اصفهان اُسمین داخل ہی اور عراق عرب بغداد وغیرہ ملک ہی اور عراق بزبان عربی اس ملک کو کہتے ہین جو دریا کے کنارے ہو۔

### عین باشین

عُشّاق ع نہایت عاشق اور نام مقام موسیقی کا۔
عُشّوق ع بہت عشق کرنے والا بہت سا پیار کرنے والا۔
عشق ع بہت دوست رکھنا اور یہ ایک مرض جسمانی خلل دماغ سے ہی ماخوذ عشقہ سے جو ایک بیل کا نام ہی جس درخت پر پیدا ہوتی ہی اُسکو خشک کر دیتی ہی۔

### عین باقاف

عقعق ع زاغ یعنی کوا جو ایک مشہور جانور ہی۔
عُقُوق ع نافرمانی ماں باپ کی اور عاق ہونا ماں باپ سے۔
عقیق ع ایک قسم کے پتھر کا نام ہی جو سرخ و سپید و زرد ہوتا ہی۔

### عین بالام

عَلَق ع خون بستہ و کرم سیاہ جسکو فارسی مین زاد اور ہندی مین جونک کہتے ہین اور ہر چیز جو کسی چیز کے ساتھ ملی ہو۔
عُلُوق ع ملنا اور دوست رکھنا جم جانا خون کا

عورت کے رحم مین یا نطفہ کا آغاز حمل مین۔

عَلَی الْاِطْلَاق ع بے قید خود مختار شخص۔

عَلَائِق ع جمع علاقہ کی بہت سے علاقے و لگاؤ۔

## عین با میم

عَمِیق ع گہرا جیسے چاہ و حوض و دریا کا۔

عمق ع گہرا ہونا پانی چاہ و تالاب و غیرہ کا۔

عَمْشَق ع زرہ اور گہرا و دراز۔

عَمْعَق ع نام شاعر جو عرب کی ولایت مین رہتا تھا۔

## عین با نون

عَنُق ع گردن عُنْق بھی درست ہے یعنے نون کے ضمہ یا نون کی جزم سے۔

عَنَاق ع بزغالہ مادہ ولادت سے چار ماہ تک

## عین با واو

عَوْق ع پھیرنا موڑنا باز رکھنا کسی کو کسی کام سے۔

عَوَائِق ع سوانح و حوادث جمع عائقہ جیسے معنی مانع کے ہین۔

## عین با یاء

عَیُّوق ع نام ستارہ جو سرخ رنگ اور روشن ہوتا ہے کہکشان کے دہنے طرف اور ثریا کے پیچھے نکل کر آگے نکل جاتا ہے مشتق عوق سے۔

# سترھوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف غین اور آخر مین قاف ہے

## غین با الف

غاق ع آواز کوئے کی جو ایک مشہور جانور ہے۔

## غین با باء

غَبُوق ع وہ شراب جو رات کو پیئین۔

## غین با دال

غَدَق ع بہت پانی جو کبھی گھٹا نہ ہو۔

## غین با راء

غَرِیق ع ڈوبا ہوا یعنے جو شخص پانی مین ڈوب چکا ہو۔

غَرَق ع مصدر ہے تمام و کمال پانی مین چلا جانا۔

غَرِق ع غرق ہوا ہوا آدمی ڈوبا ہوا پانی مین۔

غُرْنُوق ع جوان زیبا شکل خوبصورت جوان۔

غَرَانِیق ع جمع غرنوق کے لفظ کی بہت سے خوبصورت جوان۔

## غین با سین

غَسَق ع تاریکی اول شب پہلی رات کا اندھیرا۔

غَسَّاق ع گندہ ریم و زرد آب و غیرہ جو زخم سے نکلے۔

## غین با لام

غَلْق ع دروازہ بند کرنا و دروازہ لگانا۔

غَلَق ع وہ لکڑی جس سے دروازہ بند کرتے ہین فارسی مین اسکو کلیدان کہتے ہین اور ہندی مین صتوڑا۔

## اٹھارھوین فصل

### اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف فا اور اخیر مین قاف ہو

### فا با الف

فَارُوق ؛ فرق کرنے والا حق و باطل مین اور جدا کرنے والا کفر و اسلام کو اور لقب عمر ابن خطاب خلیفہ ثانی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا۔

فَائِق ؛ بہتر و برگزیدہ و افزون و زیادہ۔

فَارِق ؛ فرق کرنے والا جدا کرنے والا علٰحدہ کرنے والا

فَاسِق ؛ بدکار یعنے شرابی و زانی و دزد وغیرہ بد اعمال کرنے والا۔

فَالِق ؛ نکالنے والا ظاہر کرنے والا روشن کرنے والا

فَاتِق ؛ شگاف دینے والا چیرنے والا سوراخ کرنے والا

فَاق ؛ سوفار تیر کا اور چلہ کمان کا مجازاً تیر۔

### فا با تا

فَتِق ؛ کشادگی و نام بیماری جس سے ایک خصیہ بڑا ہو جاتا ہے

### فا با را

فَرْق ؛ جدا کرنا فرق کرنا مانگ نکالنا اور سر و میانہ سر۔

فِرْق ؛ گلہ بکریوں کا اور بھیڑوں کا۔

فِرَاق ؛ جدائی جو درمیان دو ستون کے عائد ہو

فِرَق ؛ جمع فرقہ جماعتین اور بہت سے گروہ۔

فَرَزْدَق ؛ نام ایک شاعر کا جو عرب مین رہتا تھا

فَرِیق ؛ ایک حصہ گروہ کا یعنے ایک قوم اور ایک جماعت۔

فُرُوق ؛ فرق کرنا جدائی ڈالنا دو چیزون مین۔

فَرُوق ؛ فرق کرنے والا جدا کرنے والا۔

### فا با سین

فُسْتُق ؛ معرب پستہ جو ایک مشہور میوہ ہے۔

فُسُوق ؛ فسق یعنی بدکاری اور خلاف شرع کے کام کرنا۔

فَسُوق ؛ ہمیشہ فسق کرنے والا آدمی بدکار آدمی عیب دار آدمی۔

فِسْق ؛ بدکاری کرنا گنہ کرنا گنہگار ہونا۔

### فا با لام

فَلْق ؛ شگافتن یعنی پھاڑنا چیرنا کسی چیز کو۔

فَلَق ؛ سپیدۂ صبح صادق صبح کی روشنی جو ابتدا مین

### فا با نون

فُنْدُق ؛ نام میوہ سرخ رنگ جو نہایت سرخ ہوتا ہے۔

### فا با واو

فُوَاق ؛ ڈکار یا ہچکی نکلنا ہوا کا منہ سے۔

فَوْق ؛ اوپر بلندی عزت و آبرو اور اونچائی۔

## اُنیسوین فصل

### اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف قاف اور اخیر مین قاف ہو

### قاف با الف

قاطع طریق ع راہزن یعنی وہ شخص جو راہ مین ڈاکہ مارے
قارِق و قَرِق ت ترشی یعنی کھٹا مزہ -
قاشق ت چمچہ جو ایک مشہور چیز ہی -
قادر علی الاطلاق ع صاحب قدرت ہر کار یعنی خداوند تعالی ہر چیز پر توفیق و قدرت رکھنے والا -
قاق ت لاغر و نزار خشک کیا گیا سوکھا گیا اور گذرا اور مرد دراز قد اور ایک قسم کی روٹی معرب کاک -

## قاف با با

قبچاق ت نام دشت درمیان توران و ترکستان اور قوم ترک خونخوار و مردم کش وہان رہتی ہی -

## قاف با راے

قرناق و قرنوق ت خدمتگار نوکر چاکر فرمانبردار -
قرق ع آواز ماکیان اور ترکی مین درندہ جو ایک مشہور جانور ہی -
قرق ع ترکی مین نگہبانی اور عربی مین ضبط کرنا کسی چیز کا اور منع کرنا کسی چیز سے کسی کو باز رکھنا -
قرق ع منع ہونا باز رہنا کسی چیز سے -
قرطق ع پیراہن معرب کورتہ کے لفظ کا -
قرمساق ت بے غیرت دیوث آدمی جسکو اپنی عورت کی غیرت نہو -

## قاف با زاے

قزاق ت راہزن رستہ لوٹنے والا ڈاکہ مارنے والا -

## قاف با شین

قشلاق ع جاے گرم جسمین زمستان مین رہین -

## قاف با صاد

قصب السبق ع ایک نیزہ میدان مین گاڑ کر گھوڑے دوڑاتے ہین جو آگے نکلجاتا ہی جیت جاتا ہی یہ ایک سپاہیانہ بازی ہی اور ہار جیت کبھی آپس مین ہوتی ہی -

## قاف با طا

قطاع الطریق ع راہزنان یعنی راستہ لوٹنے والے اور ڈاکو -
قطاریق ع فتنہ و شور و غوغا و فساد و بیفائدہ جھگڑا -

## قاف با لام

قلاق ت نام قوم ترک جو جوانمرد ہوتے ہین -
قلپاق ت کلاہ یعنی ٹوپی جو آدمی سر پر رکھتے ہین -
قلچاق ت دستانہ آہنی جو ہاتھ پر چڑھاتے ہین -
قلاق ت گوش یعنی کان جس سے آدمی سنتا ہی -
قلق ع بیقراری و بے آرامی و حالت اضطراب -
قلق ع بیقرار و بے آرام اور مضطرب اور بیچین آدمی

## قاف با نون

قنداق ت صندوق کا کندہ جو مشہور چیز ہی -
قنق ت مہمان جو اپنے گھر کھانا کھانے کو آوے -

## قاف با واو

قوارق ت منع کیا گیا باز رکھا گیا ہٹایا گیا -
قورق ت شکارگاہ و چراگاہ جس سے گھاس کاٹنے ندین اور سبزہ اسکا بڑھ جاے اور جانوران شکار کے لائق

آپسمین رہین۔

تونشیق ت ہمسائگی اور پڑوس پاس پاس رہنا۔

### قاف بایاء

قیاق ت دودھ کی ملائی جو گرم دودھ کے اوپر آجاتی ہے

## بیسوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف کاف اور اخیر مین قاف ہے

### کاف بالام

کلمع البرق ع بقدر چمک بجلی کے مجازاً جو چیز نہایت چمکتی ہو۔

### کاف باواو

کوہ محروق ف ایک پہاڑ کا نام ہے جو ہمیشہ جلتا رہتا ہے۔

### کاف بایاء

کیف ما یتفق ع جسطرح اتفاق پڑتا ہے کسطرح اتفاق پڑتا ہے۔

کیف ما اتفق ع جسطرح اتفاق پڑا۔

## اکیسوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف لام اور اخیر مین قاف ہے

### لام باالف

لاحق ع وہ چیز جو پیچھے سے آکر دوسری چیز کے ساتھ ملحق ہو جائے یعنے ملجائے۔

لائق ع بہتر اچھا و صاحب لیاقت و صاحب علم و ہنر

### لام بابا

لبق ع زیرکی و دانائی و تملق و چرب زبانی و خوشامد

لبق ع مرد زیرک و ہوشیار و صاحب عقل و ہوش۔

لبق ع لائق ہونا اُستاد ہونا دانا ہونا۔

### لام باثا

لثق ع تر ہونا بھیگ جانا پانی یا عرق سے۔

### لام باحا

لحوق ع لاحق ہونا آپسمین ملنا دو چیزون کا۔

### لام باصاد

لصوق ع چسپان ہونا چپٹ جانا ایک چیز کا دوسری کے ساتھ

### لام بافا

لفق ع دو کپڑون کا یکجا سینا۔

### لام باعین

لعوق ع پتلی دوا جسکو چاٹ لین یا پی لین۔

### لام باقاف

لق و دق ع ویران جنگل جسمین گھاس و درخت نہون۔

لق ع بے مو و صاف جسکے بدن پر بال نہون اور جس زمین پر گھاس نہو۔

لقلق ع معرب لکلک نام جانور جو سانپ مچھلی کو شکار کرتا ہے۔

### لام باواو

لواحق ع لاحق کی جمع ہے یعنے وہ چیزین جو پیچھے سے آکر ملین۔

## بائیسوین فصل
## اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف میم اور آخیر مین قاف ہی

### میم با الف

مَافَوق ع جو چیز بلند ہو یعنے سب سے اونچی نظر آتی ہو۔
مَاسَبَق ع پہلی بات جو پہلے ہو چکی ہو۔
مَاق ع آنکھ کا کونا جو ناک کی طرف ہو۔
مَارِق ع دین سے مرتد ہونے والا گمراہ بیدین کافر۔
مَاصَدَق ع وہ بات جو سچ ہو۔
مَالِکُ الطّاق ع وہ شخص جو قدرت اور طاقت مین سب سے زیادہ ہو۔

### میم با با

مُبَدرِق ع رہبر ساتھ چلنے والا رہنما و بدرقہ۔

### میم با تا

مُتَخَرِّق ع بہت جاننے والا شگاف پانے والا۔
مُتَعَلِّق ع لگاؤ رکھنے والا علاقہ رکھنے والا۔
مُتَفَرِّق ع فرق کیا گیا جدا کیا گیا۔
مُتَّفِق ع ملا ہوا پیوستہ ہوا اتفاق کیا ہوا کسی کے ساتھ
مُتَطَرِّق ع راہ پانے والا ارادہ پیدا کرنے والا۔
مُتَضَایِق ع باہم تنگی کرنے والا تنگ رکھنے والا۔

### میم با حا

مُحتَرِق ع جلا ہوا آگ سے خاکستر ہوا ہوا۔
مُحَقِّق ع تحقیق کرنے والا راستی ڈھونڈنے والا۔
مُحقُوق ع راست کیا گیا حق پہچانا گیا درست کیا گیا۔
مَحق ع باطل کرنا پاک کرنا گھٹنا گھٹانا۔
مُحِقّ ع وہ شخص جسکے حق بجانب ہو وامر مقبول و دلیل ثابت۔
مُحاق ع گھٹنا اور ایام چاند کے گھٹنے کے۔
مُحرِق ع جلانے والا سوختہ کردینے والا۔ اور نام ایک قسم کی تپ کا جس سے انسان کی سب خلطین جل جاتی مین اور وہ بہت جلد مرجاتا ہی مہلک بیماریون سے یہ بیماری ہی۔
مُحتَرِق ع جلایا گیا یعنی وہ چیز جو جلائی گئی ہو۔

### میم با خا

مِخرَاق ع دُرّہ جو کپڑے مین لپیٹ کر مارتے ہین۔
مُخرِق ع پھاڑنے والا جدا کرنے والا اور وہ شخص جو خرق عادت ظاہر کرے یعنے معجزہ یا کرامت دکھلائے پیغمبر ہو یا ولی جنسے خرق عادت سرزد ہوتی ہین۔
مُخنَق ع گلے سے پکڑا گیا گردن سے دبایا گیا۔
مَخنُوق ع گلے سے گھونٹا گیا۔
مَخلُوق ع پیدا کیا گیا اور وہ چیز جو پیدا ہو چکی ہو۔

### میم با دال

مَدقُوق ع بیمار تپ دق کا دلاغر و کوفتہ و باریک و قریب المرگ۔

مُدَقِّق ع باریک کام کرنے والا اور مرد دقیقہ شناس۔

## میم با ذال

مَذاق ع چکھنا مزا پانا کسی چیز طعام وغیرہ سے۔

## میم با راے

مُرَوَّق ع صاف کیا گیا اور شراب صاف اور چھانا ہوا دودھ۔

مُرَوِّق ع پردہ ڈالنے والا چھت پر پیٹنے معمار عمارت بنانے والا۔

مُرَوِّق ع تعجب مین لانا خوش کرنا راضی کر دینا کسی کو

مَراق ع نام ایک پردہ کا ہے انسان کے شکم مین۔

مِرْفَق ع آرنج یعنی کوہنی جو اندازہ پنجہ سے آرنج تک ہو

مَرَق ع شوربا یعنی جوش گوشت وغیرہ کا۔

مُراهِق ع وہ لڑکا جو بلوغ کے نزدیک پہونچا ہو۔

مُرافِق ع رفاقت کرنے والا ہمراہی ساتھی۔

مَرافِق ع آرنجا اور نافع چیزین مفید دوائین

## میم با زاے

مَزالِق ع پھسلنے کے مقام جہان کیچڑ ہو۔

## میم با سین

مُستَغرِق ع غرق ہونے والا اپنی توجہ سے کام کرنے والا اور کامل مصروف اپنے کام مین۔

مَسحُوق ع گھسا ہوا رگڑا ہوا باریک کیا ہوا پیسا ہوا

مَسرُوق ع چوری کا مال جسکو چور لے گیا ہو۔

مَساق ع جاے راندن چلانے کا مکان ڈھانکنے کی جگہ۔

مَسبُوق ع گذرا ہوا پہلا شخص جسکا ذکر ہو چکا ہو۔

مُستَرَق ع چورایا گیا سرقہ کیا گیا۔

مُستَرَق ع بندگی مین پکڑا گیا غلام بنایا گیا۔

مُستَشرِق ع روشن و چمکتا ہوا چاند و سورج وغیرہ

مُستَوثَق ع مضبوط و استوار و مستحکم و سخت۔

مُستَحِق ع حقدار شخص واجبی حق والا۔

## میم با شین

مَشاق ع جمع مشقت سختیان آفتین بلائین۔

مُشتاق ع صاحب اشتیاق چاہت والا شخص

مَشرِق ع سورج نکلنے کا مقام جس جگہ سے سورج طلوع کرے۔

مَشّاق ع بہت مشق کرنے والا بہت سے استعمال رکھنے والا۔

مُشفِق ع مہربان شفقت کرنے والا دوست آدمی۔

مُشتَق ع ایک لفظ دوسرے لفظ سے نکالا گیا چیر کے نکالی ہوئی چیز۔

مُشَوِّق ع شوق مین لانے والا چاہ ظاہر کرنے والا

مُشَوَّق ع شوق مین لایا گیا یعنے جسکو شوق دلایا گیا ہو۔

مَشُوق ع شوق مند صاحب اشتیاق خواہشمند۔

## میم با صاد

مِصداق ع گواہ و گواہی دینا کسی کی شہادت ادا کرنا

مُصدَّوق ع سچا کیا گیا راست باز ٹھہرایا گیا

## میم با ضاد

مُضَائِق ع جا ہاے تنگ یعنے گھر تنگ و مکان تنگ
مُضِیق ع جاے تنگ اور گوشہ جو تنگ ہو۔

## میم با طاء

مُطلَق ع بے قید آزاد جو کسی کا بندہ نہو۔
مُطَابِق ع موافق یعنی ایک دوسرے کی ہمشکل۔
مُطبَّق ع تہ بہ تہ کیا گیا سرپوش دار۔
مُطَوَّق ع طوق مین کیا گیا قید کیا گیا پھانس لیا گیا

## میم با عین

مُعَلَّق ع لٹکایا ہوا اور لٹکتا ہوا یعنے وہ چیز جو ہوا مین لٹکتی ہو۔
مُعَرِّق ع عرق لانے والی چیز جسکے کہانے یا ملنے سے بدن پر عرق آجاے۔
مُعَوَّق ع باز رکھا گیا قید کیا گیا مشکل و دشوار۔
مِعلَاق ع وہ چیز جس سے کوئی چیز لٹکا دین اور قصابون کا کانٹا جس سے گوشت لٹکاتے ہین۔
مَعشُوق ع عشق کیا گیا پیارا دوست۔

## میم با غین

مُغرَق ع جگمگا جگول چمکنے والی چیز مجازاً جگنی۔
مُغرُوق ع ڈوبا ہوا غرق ہوا ہوا پانی مین۔
مِغلَاق ع قفل اور تالا اور زنجیر دروازے کی۔
مُغلُوق ع دروازہ بند کیا ہوا قفل لگا ہوا۔

## میم با فاء

مُفَارِق ع فرق کرنے والا جدائی ڈالنے والا۔
مَفَارِق ع سر کی مانگ جو بالون کے درمیان ہوتی ہے۔
مُفَرِّق ع فرق کرنے والا جدا کرنے والا۔
مَفرُوق ع فرق کیا گیا جدا کیا گیا الگ الگ کیا گیا۔
مُفِیق ع افاقہ دینے والا ہوش مین لانے والا۔

## میم با لام

مَلِق ع وہ شخص جو زبان سے چاپلوسی کرے اور دل سے دشمن ہو۔
مَلَق ع دوستی چاپلوسی محو کرنا کسی چیز کا۔
مَلَق ع زمین ہموار اور آواز پانی کی جو اینٹ ڈالنے سے نکلتی ہے۔
مُلصِق ع چپکنے والا ملاصق اسکی جمع ہے۔
مُلصَق ع چپکا ہوا پیوستہ ہوا ہوا۔
مُلحَق ع ملا ہوا پہونچا ہوا پانے والا پیوستہ۔
مُلتَصِق ع ملا ہوا لگا ہوا۔

## میم با نون

مَنجَنِیق ع فلاخن بزرگ جسمین پتھر رکھکر کسی قلعہ یا فوج پر مارتے ہین مجازاً زنبورہ توپ۔
مُنجُوق ع وہ مچھلی جو کسی علم و نشان پر رکھتے ہین
مُنشَق ع پھٹنے والا پارہ پارہ ہونے والا۔

منفاق ع بہت خرچ کرنے والا فضول خرچ آدمی -
منفلق ع شگافتہ چرا ہوا وہ چیز جسمین شگاف ہو
منفق ع نفقہ دینے والا خرچ دینے والا اہل و عیال کو
منخرق ع پھٹنے والا پارہ پارہ ہونے والا -
منطیق ع مرد فصیح الکلام و خوش کلام -
منطق ع سخن کہنا بولنا اور نام علم کا جو معروف
و مشہور ہے -
منطق ع کمر بند جو انسان کمر پر باندھے -
منطیق ع بولنے والا کلام کرنے والا -
منطوق ع سخن و کلام و مضمون و معانی و
حسن عبارت -
منطبق ع برابر و موافق و مطابق ایک دوسرے کے

## میم با واو

موفق ع توفیق دینے والا قوت بخشنے والا -
موثق ع استوار و مضبوط و مستحکم چیز -
مواثیق ع جمع میثاق استواریہا و عہد و پیمان -
موق ع گوشہ چشم یعنے آنکھ کا گوشہ -
موافق ع مطابق و برابر -

## میم با یار

میثاق ع عہد و پیمان و استواری و مستحکمی -
میق ع گریان یعنے روتا ہوا شخص -

## تیئسوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے

## اوّل حرف نون اور آخر مین قاف ہے

## نون با الف

ناحق ع بے سبب اور ناراست جھوٹھ -
ناطق ع بولنے والا کلام کرنے والا شخص -
نالائق ع ناکارہ آدمی جو بے علم و بے ہنر و
جاہل ہو -
ناہق ع نر گدھا جو مادہ ہو -
ناسق ع انتظام و ترکیب کرنے والا -
ناچاق ف بیمار و علیل و مریض جو تندرست نہو -

## نون با بار

نبق ع بیر کے درخت کا نام ہے جسکو سدرہ بھی کہتے ہین

## نون با سین

نسق ع روش و دستور و طرز و طریق -
نستعلیق ع نام ایک خط کا جو خوشخط لکھا جاتا ہے

## نون با شین

نشوق ع رقیق دوا جو ناک مین ڈالین یعنے
پتلی دوا -
نشق ع سونگھنا جسکو فارسی مین شمیدن کہتے ہین -

## نون با طار

نطاق ع کمر بند یعنی پٹکا جو کمر پر باندھتے ہین -
نطق ع بولنا کلام کرنا گفتگو کرنا -
نطق ع جمع بہت سے کمر بند اور پٹکے -

## نون با عین

نغیق ۶ بروزن رفیق آواز زاغ کوّے کی آواز۔

## نون با فاء

نفاق ۶ رواں ہونا رواج پانا جاری ہونا مشہور ہونا
نفاق ۶ دو روئی یعنے منافق ہونا یعنے دل سے کچھ اور بظاہر کچھ۔

## نون با قاف

نقیق ۶ بانگ غوک و آواز ماکیان یعنی مینڈک اور مرغیوں کی آواز۔
نفق ۶ باریک رستہ اور سوراخ باریک جس سے بمشکل گذر سکیں۔

## نون با میم

نمائق ۶ جمع نمیقہ یعنی خطوط جو بہت سے ہوں۔
نمارق ۶ جمع نمرقہ بمعنی بالش و تکیہ۔

## نون با واو

نوق ۶ جمع ناقہ کی اونٹنیاں جو بہت سی ہوں۔

## نون با ہاء

نہیق ۶ بانگ خرگدہے کی آواز صوت الحمیر۔

## نون با یاء

نیاق ۶ جمع ناقہ اونٹنیاں جو بہت سی ہوں۔

## چوبیسویں فصل
## اُن لغات کے بیان میں جن کے اوّل حرف واو اور اخیر میں قاف ہے

## واو بالف

وامق ۶ نام عاشق جو عذرا پر عاشق تھا مشہور عاشقوں میں ہے۔
وواق ۶ نام پرندہ و نگہدارندہ و شفیع و حامی و مشکل کشا۔
واثق ۶ مضبوط و مستحکم اور سخت چیز اور سخت کرنے والا قائم کرنے والا درست کرنے والا۔

## واو با ثاء

وثاق ۶ بند و قید و حبس جس میں قیدی ڈالا جائے
وثاق ۶ حرم و خانہ و سکونت کا مقام۔
وثوق ۶ استواری و اعتماد و دلجمعی و مضبوطی۔
وثیق ۶ استوار و مضبوط و مستحکم و معتمد۔

## واو با راے

وراق ۶ کاغذ کاٹنے والا لکھنے والا کاتب و محرر اور وہ شخص جسکے پاس دینار بہت ہوں۔
وراق ۶ سبزی زمین کی بسبب گھاس وغیرہ کے۔
ورق ۶ درخت کا پتا اور کتاب کا ورق۔

## واو با شین

وشق ۶ عربی میں ایک اونٹ کا بار جسقدر اٹھا سکے اور ترکی میں نام جانور کا اور پوستین جو اسکے نام پر ہے۔
وشق ف غلام و خدمتگار سادہ رو و بے ریش آدمی۔
وشاق ت خدمتگار و غلام سادہ رو و امرد۔

## واو با فاء

وفاق ۶ دوستی و سازگاری و موافقت و محبت

وچیار والفت جو آپس مین ہو۔

وَفق ع سازوار و موافق و دل پسند و دوست و پیارا اور مطبوع و مطابق و برابر۔

## واو باقاف

وَقواق ع نام جزیرہ جو بحر محیط مین واقع ہو۔

## واو باہا

وَہَق ع کمند جو دوسری چیز کو ڈال کر اپنی طرف کھینچ لیتے ہین۔

## پچیسوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف ہا اور اخیر مین قاف ہو

## ہاے باالف

ہاے مُشفق ع دوچشمی ہا یعنے ھ۔

## ہاے بایاء

ہَبَنق ع احمق کوتاہ قد بیوقوف نادان۔

## چھبیسوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف یا اور اخیر مین قاف ہو

## یاے باالف

یارَق ت روشن و سفید اور چمکدار چیز و خوبصورت۔

## یا باتاء

یتاق ت پاسبانی چوکیداری حفاظت نگہبانی۔

## یا باراے

یَراق ت ہتھیار فوج کے مثل تلوار و نیزہ و خنجر و سپر و ق وغیرہ جسکو انسان اٹھا سکے سواے توپ وغیرہ کرانبار سامان جنگ کے۔

## یا باسین

یَساق ع تیاری جنگ و دیوان و دربار اور کچہری کا مقام۔

## یا باعین

یَعوق ع نام بت جسکو نوح کی قوم پوجتی تھی اور وہ گھوڑے کی شکل پر تھا۔

## یا بالام

یَلمق ت قبا قسم جامہ جسکو لوگ پہنتے ہین۔

یَلاق ف نام بادشاہ جو ترکستان کا فرمان فرما تھا یہ بادشاہ قدیمی بادشاہون سے ہو۔

## بائیسوان باب

اُن لغات کے بیان مین جن کے اخیر مین حرف کاف ہو اور پہلے حروف برعایت حروف تہجی اپنے موقع پر بدلتے جاتے ہین اسمین چوبیس فصل ہین

## پہلی فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف الف اور اخیر مین کاف ہو

## الف با پارسی

آب وزنگ ف گلگونہ غازہ جو منھ پہ ملتے ہین۔
آب خشک ف پیالہ بلور کا باعتبار اُسکی صفائی کے۔

## الف با تاء

اتراک ف جمع ترک کے لفظ کی یعنے بہت سے ترکی لوگ۔
اتابک ف اُستاد امیرو ادب آموز و اتالیق بادشاہ کا اور یہ خطاب سلجوقی خاندان مین اکثر امراؤ کو دیا جاتا ہر چنانچہ شیراز کے بادشاہ مثل اتابک ابوبکر وغیرہ بھی یہی خطاب رکھتے تھے جسکی مدح شیخ سعدی شیرازی نے گلستان مین کی ہ
اتگمک ت نان یعنے روٹی۔

## الف با حاء

اِحتکاک ع چھلنا کھرچنا پوست اُتارنا کسی چیز کا۔

## الف با خاء

اخاک ع برادر تو یعنے تیرا بھائی۔
آخشیک ف ضد و مخالف اور ایک عنصر چار عنصر سے جو آپسمین ضد ہین اخشیج اسکا مبدل ہر۔

## الف با دال

اِدراک ع پانا دریافت کرنا معلوم کرنا مجازاً عقل وہوش و فہم و فراست۔

## الف با راے

اَراک ع قطعہ زمین و درخت پیلو کا جو مشہور درخت ہر
اَرک ع وہ قلعہ جسمین بادشاہ رہتا ہو یعنی بادشاہی محل۔
اَرایک ع جمع اریکہ تختہاے بادشاہی تخت جو بہت سے ہون۔
آرغوک ت مرغابی جو ایک جانور دریائی مشہور ہر۔
ارتچکک ت برق یعنے بجلی۔
اَرتنگ ف نام ایک کتاب کا جسکو مانی نقاش نے تصنیف کیا اور نام ایک بت تخانہ کا و صفحہ و تختہ نقاشون کے نقش کرنے کا۔
ارژنگ ف نام نقاش جو چین مین تھا اور نام کتاب جسمین نقش و نگار ہون و نام نگار خانہ مانی بعض کے نزدیک یہ نام اصلی مانی کا تھا۔

## الف با زاے

آژنگ ف چین شکنج جو بحالت پیری منھ پر پڑجاتا ہین اور ہر میوہ ہر درخت کا اور پھل ہر چیز کا۔
اژدہاے فلک ف یہ ایک شکل آسمانی کا نام ہر جسکو راس و ذنب کہتے ہین۔

## الف با سین

اِستمساک ع بند کرنا پنجہ مارنا مضبوط پکڑنا۔
اُسپک ف بڑا خیمہ اور بڑا ڈیرہ۔
اِسپرک ف ایک زرد رنگ گھاس ہر جسسے کپڑے رنگتے ہین
اِسفرنگ ف سمرقند کے پاس ایک شہر ہر۔

## الف با شین

اِشتباک ع بہم بین پیچیدا اجتماع وانبوہ کرنا۔
اِشکاث ت حمار خر گدھا جو ایک جانور مشہور ہے۔
اَشک ف آنسو اور وہ پانی جو آنکھون سے جاری ہو۔
اِشباک ع جمع شبکہ بمعنی واما یعنی بہت سے دام اور جالیان شکاریون کی۔
اِشتراک ع شراکت اور حصہ داری جو کسی چیز مین ہو۔

## الف با صاد و ضاد

اِصطکاک ف وہ آواز جو دو چیزون کے ٹھوکنے سے نکلے۔
اِضحاک ع ہنسی مسخری۔

## الف با فاء

اِفک ع دروغ و بہتان جو کسی پر باندھا جاے۔
اَفلاک ع بلندیان اور آسمان۔

## الف با کاف

اَک ت عیب و آفت و لفظ نسبت و تشبیہ چون مناک و غیرہ
اَلنگ ت سبزہ زار و زمین جسمین گھاس ہو۔
اَلنگ ت دیوار مورچال قلعہ یعنی وہ دیوار جسمین مورچال بنی ہون۔

## الف با میم

اِملاک ع کسی چیز کا مالک کرنا مالک بنانا۔
اِمساک ع [illegible] کرنا روک لینا۔
اَملاک ع جمع ملک بہت سی جائداد منقولہ و غیر منقولہ۔

## الف با نون

اِنسلاک ع پرونا موتیون وغیرہ کا تاگے مین۔

اِنہماک ع مبالغہ کرنا کوشش کرنا سعی کرنا کسی باب مین۔
اِنہاک ع لاغر و ضعیف کرنا کمزور کرنا ناقوت کرنا۔
اِنفکاک ع جدا ہونا آزاد ہونا الگ ہونا علیحدہ ہونا
اِنسباک ع گلجانا سونے چاندی کا کوٹھالی مین۔
اَنک ف آلہ جو چشم پر لگتا ہے و بمعنی الکنون یعنی اسی وقت
اَنگ ف سنگہ جسکو سیسہ کہتے ہین اور گولہ بناتے ہین۔

## الف با واو

اولنگ ت سبزہ زار اور زمین جسمین گھاس ہو۔
اوشنگ ت بمعنی آنہا یعنی وہ لوگ وہ شخص۔
اَوشنگ ت ہندی الگنی او۔ وہ ایک ریسمان ہوتا ہے اور انگور وغیرہ خوشے اس سے لٹکاتے ہین آونگ بھی اسکو کہتے ہین۔
اورنگ ف بادشاہی تخت جسپر بادشاہ اجلاس کرتا ہے

## الف با ہاء

آہنگ ف لشکر و تعجیل و طرز و روش و کشش و قصد و ارادہ و موافق و نام سرود و آواز و آغاز سرود یعنی الاپ
آہک ف چونا جو عمارت کے کام آتا ہے۔

## الف با یاء

ایبک ت بت و معشوق و غلام و قاصد و ہرکارہ
اَیک ت انبوہ و نستان و جنگل جسمین بہت سے درخت ہون
اَینک ت اسی وقت اور یہی اور ابھی۔

## دوسری فصل

الف [illegible] کے بیان مین جن کے

## اوّل حرف با اور اخیر مین کاف ہے

### با با الف

بارِیک ف بڑا امیر جو ہر وقت بادشاہ کے پاس جا سکے و عرض بیگی جو کسی کی عرض بادشاہ تک پہونچا سکے۔

بابَک ف نام بادشاہ جو اردشیر کا نانا تھا وہ صاحب اعتبار و امین و استوار و پیر و صاحب ثروت و امیر و دولتمند۔

باسَک ف جمائی و انگڑائی جو انسان کو آتی ہے۔

باک ف خوف اور ڈر و دہشت۔

پایک ف پیادہ جو سوار نہو پاؤن سے چلنے والا۔

باریک ف پتلا نازک اور وہ چیز جو لپٹی ہو۔

پاک ف بے عیب ضد پلید کے افظ کی۔

پادنگ ف بدال مہملہ چندرہ جس سے شالی کہ چاول نکالتے ہین اور اس سے کاغذ کوٹتے ہین۔

پالہنگ ف باگ ڈور گھوڑے کی جس سے گھوڑا باندھا جاتا ہے۔

پاسنگ ف وہ باٹ جو ترازو کے دونون پلّون کے بوجھ برابر کرنے کے لئے ترازو مین رکھا جاتا ہے۔

پاچک ف اوپلہ سوکھا ہوا گوبر جو جلایا جاتا ہے۔

### با با تا

پتک ف لوہے کا گھن یعنی ہتوڑا جسکو عربی مین مطرقہ کہتے ہین لوہارون کا یہ ہتھیار ہے۔

### با با جیم

بجشک ف طبیب یعنی معالج علاج کرنے والا بیمارون کا۔

### با با را

برستک ف ابابیل مشہور جانور ہے۔

برگ ف توشہ خرچ ساز و نوا اور راستی کا خرچ و سامان و اسباب سرانجام و برگ۔

بَرَک ف قسم جامہ جو شتر کی بالون سے بناتے ہین۔

برینِ فلک ف چاند جو برج السیر ہے یعنی آسمان کا قاصد۔

بَرمَک نام ایک آتش پرست کا جو مسلمان ہوا اور بیٹا اسکا خالد حکومت عباسیہ کا وزیر ہوا۔

### با با زا

بزشک ف طبیب و معالج یعنی بیمارون کا علاج کرنے والا۔

بزرگ ف دوازدہ مقام موسیقی سے ایک کا نام ہے۔

بُزرگ ف بڑا صاحب قدر امیر پیر مرشد باپ اُستاد۔

بُزرک ف کتان یعنی السی جو مشہور چیز ہے۔

### با با سین

پسراک ت استر یعنی خچر جو مشہور جانور ہے۔

پس آہنگ ف پچھلی فوج جسکو ترکی مین چنداول کہتے ہین۔

### با با شین

پشنک ت دوڑنا جھوٹ بولنا و عشوہ و غمزہ۔

پشک ت زلف اور سر کے بال۔

پشک ف سرگین شتر و آہو جو گوسفند ہے یعنی مینگنی۔

پشنگ ف نام پدر مشہور جو پدر افراسیاب۔

پشنک ف ایک قسم کے حلوا کا نام ہے۔

پشک ت گریہ یعنی رونا اور زاری کرنا۔

### با با طین

بعلبک ف شام مین ایک شہر کا نام ہے قوم الیاس علیہ السلام کی اُسمین بعل بت کو پوجتی تھی۔

### با با غین

بلغاک ف ایک ڈول کا نام ہے جو تبل مین ہوتا ہے۔

### با با کاف

بکّ ف غوک جو جانور مشہور ہے۔

بکلنک ف حیوان دم بریدہ جسکی پونچھ نہو۔

بکلربک ت خان خانان و میر میران۔

### با با لام

بلاک ت تحفہ و چیز عجیب و غریب پیشکش۔

بلارک ف شمشیر و جوہر تیغ و فولاد اور عمدہ تلوار۔

پلک ف آنکھون کے گرداگرد چمڑا اور موے مژہ۔

پلنگ ف چیتا مشہور درندہ ہے مگر بعض کے نزدیک پلنگ اور جانور ہے جسکو عربی مین نمر کہتے ہین اور چیتا کو فارسی مین یوز کہتے ہین۔

### با با نون

بنایان افلاک ع عقول عشرہ و فرشتگان مقرب۔

بنک ف نام سبزہ معروف جس سے نشہ و مستی آتی ہے۔

بنکت بروزن فلک ایک کپڑے کا نام ہے جسکی زمین ریشمی اور پھول طلا کے ہوتے ہین۔

### با با واو

بوسلیک ف ایک راگ کا نام ہے اور اس راگ سے شیر عاشق ہے جب گایا جاتا ہے تو شیر خود بخود آجاتا ہے۔

بولوک بہر دو واو غیر ملفوظ ترکی مین شہر کو کہتے ہین مجازاً بمعنی آسمان۔

بوزک ت قسم طعام جسکو سنبوسہ کہتے ہین۔

بوزک ف وہ سبزی جو باسی روٹی یا اچار پر بیٹھ جاتی ہے۔

بونک ف ایک ساگ کا نام ہے اور ایک قسم کا سبزہ ہے۔

پوشاک ف پوشش کپڑا پہننے کا اور لباس۔

### با با یا

بیسراک ف شتر جوان و بچہ جو قوی و بارکش ہو۔

پیک ف قاصد ہرکارہ جو پیام لے جاوے۔

پیش آہنگ ف اگلی فوج و قافلہ جو اول ہو۔

پیچاک ف پیچ و خم۔

بیدمشک ف نام ایک درخت کا ہے جسکا پھول زرد خوشبو مائل بسیاہی ہوتا ہے۔

پیلک ف ایک قسم کا تیر ہے جسکا پھول چوڑا ہوتا ہے۔

بیرنگ ف خاکہ تصویر کا اور نقشہ عمارت کا۔

بیدبرگ ف ایک قسم کا تیر ہے جو بید کے پتے کی طرح ہوتا ہے۔

بیگ ف امیر سردار افسر سرگروہ عزت دار آدمی۔

بیگلربیگ ت امیر الامرا بڑا سردار سپہ سالار۔

## تیسری فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف تا اور اخیر مین کاف ہے

### تا با الف

تاک ف درخت انگور کا جو مشہور درخت ہے۔

تاجیک ف وہ عرب جو عجم میں پرورش پائیں اور یہ وداگرکا نام کرتیا -

تابناک ف روشن اور چمکدار چیز

تارک ف سر آدمی کا و میانہ سر اور ترک کرنے والا -

تاریک ف اندھیرا و سیاہ و سیاہی رات کی -

تاجیک ف وہ عرب زادہ جسنے عجم مین پرورش پائی ہو اور وہ ملک جو عرب کے سواے ہو -

## تا با بار

تبوراک چھوٹا نقارہ جس سے زمیندار جانور اپنی کھیتی سے اڑاتے ہین اور تیر اُن دو لکڑیون کو جنکے کھٹکانے سے جانور بھاگتے ہین تبوراک کہتے ہین و معنی غربال و کچھ آسی -

تبوک ع نام مقام درمیان حجر و ناحیہ شام کہ غزوہ اس مقام کا مشہور ہو -

تبرک ع برکت رکھنا مبارک جاننا -

تپاک ف گرم جوشی و خاطر و مدارات -

تپنگ ف بندوق جو مشہور ہتھیار ہو -

تبت یدا ابی لہب ع ہلاک ہون تیرے دونون ہاتھ -

تبارک ع مبارک کرنا بلند ہونا پاک ہونا بزرگ ہونا -

تبارک ع بزرگ ہوا صیغہ معلوم باب تفاعل سے -

## تا با حاء

تحریک ع حرکت دینا رغبت کرنا متوجہ کرنا مائل کرنا -

تحرک ع ہلنا جنبش کرنا حرکت مین آنا -

## تا با خاء

تختہ تلنگ ف نام ورزش کا جو کشتی گر کرتے ہین -

## تا با دال

تدارک ع گم ہوئی چیز کو پانا اسکی تلاش مین مصروف ہونا

## تا با ذے

ترک ع چھوڑ دینا و کلاہ و گوشہ کلاہ و خود آہنی جو جنگ مین پہنتے ہین -

ترک ف نام قوم سپاہی و مجازاً معشوق خوبصورت -

ترک فلک ف ستارہ مریخ جو آسمان کا سپاہی ہے -

تریاک ف نام معجون قاطع زہر مجازاً افیون -

ترسناک ف خوفناک ڈرپوک ڈرنے والا -

ترغاک ت پاسبان چوکیدار محافظ نگہبان -

ترنگ ت آواز کمان جو تیر چلانے کے وقت نکلتا ہے -

ترنگا ترنگ ف تلوار کا آوازہ جو مارنے کے وقت نکلتا ہے -

## تا با زاے

تزک ت ترتیب و انتظام و ضابطہ لشکر و مجلس -

## تا با شین

تشکک ع شک مین پڑنا وہم مین پڑنا -

تشارک ع شریک ہونا باہمی سہیم ہونا -

تشکیک ع شک مین ڈالنا وہم مین ڈالنا -

تشابک ع آپس مین ملنا اور ملانا پنجہ مین پنجہ لینا -

تشبک ع آپس مین ملانا انگلیون کا -

## تا با ضاد

تضحیک ع ہنسنا ہنسانا مسخری کرانا -

## تا با فاء

تُفنگ تفنگ ف بندوق دراصل مین یہ لفظ تپک تھا یعنے توپ خورد۔

### تا با کاف

تَکاک ت تر چاہ و پائچہ ہر چیز یعنی ہر چیز و حوض اور دوڑنا تیز چال سے گھوڑے وغیرہ کا۔

تگرگ ف ژالہ و اولہ جو بادل سے برستا ہی۔

### تا با لام

تَلاک ف کیل و پیمانہ یعنی کسی مقدار کا ناپ۔

تِلک ع اسم اشارت برائے قریب ترجمہ اسکا یہ جو۔

تِلنگ ف دکن مین ایک علاقہ کا نام ہی۔

تِلنگک ف مارنا انگلیون کا دف و دائرہ وغیرہ پر۔

تَلنگک ف حاجت و خواہش اور تلنگے بمعنی گدا۔

### تا با میم

تَمسُّک ع پنجہ مارنا اور سند کسی قرضہ وغیرہ کی۔

تَماسُک ع صبر و تحمل و وقار و نگاہداشت و ضبط۔

تَمَلُّک ع مالک ہونا کسی ملکیت کا۔

تَملیک ع مالک کرنا مالک بنانا کسی کو۔

تَمالُک ع اپنے نفس کا مالک ہونا و اختیار و طاقت۔

### تا با نون

تَنبک ف دہل کوچک یعنی نقارہ چھوٹا ہند مین اسکو طبلہ کہتے ہین۔

تَنَسُّک ع خدا پرستی اور خدا کی بندگی۔

تِنّین فلک ع کہکشان جو مشہور باریک ستارے ہین۔

تُنُک ف باریک و کم و اندک و نازک و لطیف۔

تَنک ف خر یعنی وہ بوجھ جسکو گدھا اٹھاسکے اور گھوڑیکا تنگ جسسے زین باندھتے ہین و کارنامہ لقاشان اور نام ایک ملک کا بدخشان مین و بمعنی قریب و نزدیک۔

تَنگک ف کوزہ جسمین غلہ وغیرہ ڈالتے ہین اور وہ کوزہ جسکا پیٹ بڑا اور منہ چھوٹا ہو۔

تَنُک ف منقار مرغان پرندون کی چونچ۔

### تا با واو

تُوزُک ت سامان و آرایش و انتظام و ترتیب لشکر۔

توپک ت خزانہ گنجینہ جسمین مال رکھا ہو۔

توشک ت فرش و نہالین جو بچھاکر سوتے ہین۔

تُوزُک ف خرفہ جو ترہ مشہور ہی اور تخم اسکا دوائین مستعمل ہی۔

### تا با ہاء

تَہَتُّک ع پردہ دری اور رسوائی و بے عزتی و ہتک و بدنامی

تَہالُک ع ہلاک ہونا مارا جانا قتل ہونا۔

## چوتھی فصل
## اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف جیم اور اخیر مین کاف ہی

### جیم با الف

چاک ف پھٹا ہوا قبالہ کسی مکان کا۔

چالاک ف چست و تیز جو سست نہو۔

جامہ غوک ف کائی جو ایکقسم کی گھاس ہی اور پانی مین پیدا ہوتی ہی۔

چابک ف چست و چالاک و جلد و تازیانہ جو گھوڑے کو مارین
چالینک نام بازی اطفال جسکو گلی ڈنڈا کہتے ہین۔
چاردانگ ف وہ چیز جو اپنے مثال کی بہ نسبت دو چند ہو
چنانچہ دانگ چھٹا حصہ دینار کا ہی یعنی چاردانگ بنسبت دودانگ
کے زیادہ ہوتے ہین اور کبھی یہ لفظ ہندوستان کی بنسبت
بولتے ہین کہ عرض و طول اسکا اور اقالیم سے زیادہ ہی۔
چاربرگ ف لالہ کوہی جو پہاڑی لالہ کہلاتا ہی۔

جیم با تاء

چتوک و چقوک ت کنجشک یعنی چڑیا جو مشہور جانور ہی۔

جیم با راے

چرگ ع حلقہ معرکہ کشتی گران یعنی دنگل کا مقام۔
چرخ فلک ف عرش معلی و عرش الٰہی۔
چرک ف میل بیم اور لوہے کا میل جو آگ لگے اوپر سے اترتا ہی۔
چرنگ ف پوری جو ایک قسم کی روٹی گھی مین تلی جاتی ہی
اور بالائی جو دودھ سے اترتی ہی۔
چرپک ف دروغ و خوشامد و طنز و مسخری و خجالت۔
چرب و خشک ف نیک و بد بھلا برا تھوڑا بہت۔
چردہ رنگ ف سیاہ رنگ سانولا رنگ۔

جیم با سین

جستہ رگ ف خبردار و ہوشیار و لئیق و آگاہ۔

جیم با شین

چشمک ف اشارہ آنکھ کا جو کسی سے کیا جائے۔

جیم با غین

چچوک ت کنجشک چڑیا جو مشہور جانور ہی۔

جیم با فاء

چغنگ ف سرخاب کا جوڑا یعنی چکوی چکوا جو مشہور جانور ہی۔

جیم با کاف

چکاوک نام مرغ چڑیا سے بڑا خوش آواز تاج سر پر رکھتا ہی
ہندی مین چنڈول کہتے ہین۔
چکک ف قبالہ و صد چیز زمین و باغ و سعنا اور لکڑی کا
پنجہ جس سے غلہ خرمن سے صاف کرتے ہین و برات و حصہ و
وظیفہ و مخفف چکیدن۔

جیم با نون

چنبک ف جست مارنا کودنا۔
چنگلی پاپک ف نام ایک حیوان کا ہی جسکا چہرہ آدمی
کا اور پانون ایک رکھتا ہی۔
چنگ ف لڑائی جو آپس دو دشمنون کے درمیان واقع ہو
چنگلوک ف وہ شخص جسکے ہاتھ پانون ٹیڑھے ہون۔
چنگ ف پنجہ دست و نام ساز جو بجایا جاتا ہی۔

جیم با واو

چوسنگ ف مقدار جوا در جو کا تول۔
چوبک لکڑی نقارہ بجانے کی۔

جیم با یاء

چیک چیک ف آواز مرغان یعنی پرندون کی آواز۔
چیچک ت آبلہ اور نام بیماری جس سے جسم پر آبلے نکل آتے ہین

پانچوین فصل

## ان لغات کے بیان مین جن کے اول حرف حا اور اخیر مین کاف ہر

### حا با الف

حاٰیک ع سفید باف جولاہہ جو کپڑا بنتا ہر۔

### حا با باء

حبک ع اچھا بننا کپڑیکا اور اچھی طرح سنوارنا اور کاٹنا اور

حبُک ع ستارون کے چلنے کے راستے اور بال چھلیدار

اور شکن پانی کی اور زرہ اور ریگ۔

### حا با سین

حسوک ع زشت و شریر و خار دار چیز۔

حس مشترک ع یہ ایک حس ہر انس ظاہری و باطنی مین بطور وکیل کے ہر

حسک ع معرب خسک نام تخم خار دار جسکو سندی مین

گوکھرو اور پنجابی مین جوانہہ کہتے ہین۔

### حا با کاف

حکّ ع چھیلنا دور کرنا گھسانا رگڑنا۔

حکاک ع چھیلنے والا نگینہ ساز مہر کن اور نام ایک بیماری

کا جسسے سوزش پیدا ہوتی ہر۔

### حا با لام

حلکک ع سیاہی سخت۔

حلاک ع حالک سخت۔

## چھٹی فصل

## ان لغات کے بیان مین جن کے اول حرف خا اور اخیر مین کاف ہر

### خا با الف

خاشاک ف کوڑا کرکٹ کاٹھے۔

خاک ف مٹی جسکو عربی مین طین کہتے ہین۔

خایسک ف ہتھوڑا لوہا دون کا جس سے لوہا کوٹتے ہین۔

### خا با جیم

خجاک ف سرداران مغل سے ایک کا نام ہر۔

### خا با دال

خدنگ ف نام درخت جسکی لکڑی سیدھی ہوتی ہر چونکہ اسکی

لکڑی کا تیر بناتے ہین اسلیے یہ لفظ تیر کے معانی سے مشہور ہوا

خدوک ع خشم و اشک و خجلت و اندوہ و پریشانی و

وسواس و دغدغہ و اندیشہ و خطر۔

### خا با راے

خرسنگ ف لڑکون کی ایک بازی کا نام ہر۔

خرچنگ ف نام جانور جسکو عربی مین سرطان کہتے ہین اور ہندی مین کیکڑا نام ہر

خرسنگ ف بڑا پتھر۔

### خا با سین

خسک ف نام تخم خار دار جسکو گوکھرو کہتے ہین اور خار ہاے آہنی جو

جنگ کے وقت دشمن کے گذرگاہ مین بچھا دیتے ہین۔

### خا با شین

خشمناک ف غضبناک و پرغصہ آدمی۔

خشک ف ضد تر و خالص بیفائدہ تنہا و بے آب و بے رونق

خشوک ف زشت و حرامزادہ و قحبہ بازن۔

خشتک ف پارچہ چارگوشہ جو قبا کے زیر بغل اور پاجامہ کے

زیر شرمگاہ سیتے ہین۔

### خا با فاء

خفنگک ف مرض کابوس جو نیند مین غلبہ کرتی ہی اور آدمی سوتا سوتا ڈر اُٹھتا ہی۔

### خا با میم

خمیازہ خشک ف آرزوے بے حاصل بفائدہ طمع۔

### خا با نون

خنگک اسپ سفید مائل بسبزی یعنی جو سفید گھوڑا مائل بسبزی ہو۔

خُنک ف سرد و خوش و خرم و مطبوع چیز۔

خُنبک ف تالی بجانا و قسم جامہ فقرا مجازاً گودڑی۔

### خا با واو

خودک ف خلجان خاطر و وسواس و اندیشہ و پریشانی۔

خوفناک ف ڈرپوک آدمی جو کسی سے ڈرے۔

خوک ف سوّر خنزیر مشہور چوپایہ ہی جو مسلمانون کو شرعاً از روے نص الٰہی اُسکا کھانا حرام ہی۔

خوراک ف کھانا و طعام جو آدمی کے کھانے مین آئے۔

خوشترک ف بہت خوش و دلپسند و مطبوع طبع۔

### خا با یاء

خیک ع مشک پانی کی جو چمڑے کی بنائی جاتی ہی

خیارک ع قسم دُمّل جو بن ران مین ہوتا ہی۔

## ساتوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف دال اور اخیر مین کاف ہی

### دال با الف

دارالملک ع جس شہر مین بادشاہ رہتا ہو۔

دادک ف بوڑھا غلام یا بوڑھا خدمتگار جسسے کم خدمت لین۔

دانگ ف وزن کا نام ہی جو چھ رتی کا ہوتا ہی۔

### دال با باء

دبیر فلک ف ستارہ عطارد جو منشی فلک ہی۔

### دال با رے

درک ع پانا معلوم کرنا دریافت کرنا آگاہ ہونا۔

دَرَک و دَرْک ع طبقہ دوزخ آگ کا طبقہ۔

درّاک ع پانے والا دریافت کرنے والا دانا شخص۔

درنگ ف توقف فرصت آہستگی سہولت۔

### دال با سین

دستک ف پروانہ سرکاری اور تالی مارنا۔

دستار بزرگ ف کنایۃً قلتبان بھڑوا دلال کسبیون کا۔

### دال با لام

دلک ع مالش بدن کی یعنی ملنا روغن وغیرہ کا بدن کو

دُلُک ع زوال آفتاب غروب دوپہر سے بعد کا وقت۔

دلّاک ع بدن کا ملنے والا جو حمام مین ہوتا ہی۔

دُلوک ع زوال کا وقت غروب ہونا آفتاب کا یعنی شام کا وقت۔

دَلوک ع بدن پر ملنے والی چیز روغن وغیرہ چیزین۔

دُلقک ع نام مسخرہ کا اور چھوٹی گودڑی۔

دل تنگ ف بخیل و غمگین اندیشہ ناک و دلگیر و محزون۔

### دال با میم

دم گرگ ف کنایہ صبح صادق جسکا نور طویل ہوتا ہی -

## دال با نون

ڈنگ ف دیوانہ و حیران و احمق و نشان و نقطہ اور وہ آواز جو دو تھپڑون کے کھڑکانے سے نکلتی ہی -

ڈنگ ف چندر کی لکڑی لمبی جس سے شالی کوٹتے ہین -

## دال با واو

دُوالک ف آلہ قمار بازان اور نام ایک دوا کا -

دُوک ف تکلا لوہے کا جس سے سوت کاتتے ہین -

دَواءُالمِسک ع نام معجون مقوی قلب جسمین کستوری ڈالتے ہین -

دُور ترک ف بہت دور اور بہت فاصلے پر -

دودآہنگ ف دھوان نکلنے کا روزن -

دورنگ ف منافق و ریاکار و دغاباز آدمی -

## دال با یاء

دیگ ف ہنڈیا جسمین کھانا پکاتے ہین -

دیمک ف مشہور کرم ہی جو لکڑی کو کھا جاتا -

دِیک ع خروس یعنی مرغا -

## آٹھوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف رائے اور آخر مین کاف ہی

## رائے با شین

رِشک ف حسد و غیرت جو کسی بات پر ہو -

## رائے با کاف

رَکیک ع سست و ضعیف و باریک و حقیر و بیغیرت -

رُکوک ع لتہ و جامۂ کہنہ و مطلق جامہ اور ایک بانٹ کی چادر -

رَکک ع ضعیف ہونا کمزور ہونا ناتوان ہونا -

رَگ ف مشہور لفظ ہی تاری النس جسم کی -

## رائے با میم

رُمّاک ع جمع رمکہ مادیانہا یعنی گھوڑیان جو بہت سے ہون -

## رائے با نون

رنگ ف اسکے اکتیس معنی ہین اول لون و حصہ و نصیب عیب و عار پیچ و محنت و قوت و توانائی - جان - شتر قوی - مال و زر - نفع و فائدہ - گھوڑی - طرز و روش - بز کوہی و گاو دشتی - مکر و حیلہ - اوگنا و جمنا - خوبی - خوشی و تندرستی - خجلت و شرم - خون - رونق و لطافت - مایۂ اندک - زر و سیم و زردی - قمار و حاصل قمار - خداوند و والی - باپ - خال - لفظ - شیرین کار - جلاجل - خشم و غضب - ابر نشیم - خیانت - سوائے اسکے مال و اسباب و مثل و نظیر کے بھی معنی رکھتا ہی -

## رائے با واو

روباہ تربک ف مکو یعنی عنب الثعلب -

رودنگ ف مجیٹھ جس سے کپڑے رنگتے ہین -

## رائے با یاء

ریگ ف ریت جو مشہور چیز ہی -

## نوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے

اول حرف زاے اور آخر مین کاف ہے

زاے با الف

زاک ع پھٹکری جو مشہور چیز ہے۔
زادۂ خاک ف کنایہ زر و سیم جو خاک سے نکلتا ہے۔
زاہد خشک ف زاہد بے ذوق جسکو علم نہو۔

زاے با راے

زرشک ع نام دوا جو ایک میوہ سیہ ترش مزہ ہوتا ہے۔
زرک ف ریزہ ہائے زر سونے چاندی کے ٹکڑے۔
زر خشک ف زر خالص جسمین آمیزش نہو۔
زروک ف گاجر جو مشہور چیز ہے۔

زاے با فاے

زفک ف چرک چشم جو آنکھو کے گوشون مین جمع ہو جاتی ہے۔

زاے با لام

زلوک ف جوک مشہور کرم ہے۔

زاے با نون

زنبورک ف بندوق کلان جو اونٹ پر لادتے ہین۔
زنگ ف جرس گھنٹہ و نام ولایت اور وہ میل جو لوہے پر آجاتا ہے و پرتو ماہ و آفتاب و تند و تیز و آب و شراب۔
زیرک ف عقلمند دانا ہوشیار آدمی۔

دسوین فصل
اُن لغات کے بیان مین جن کے
اوّل حرف سین اور آخر مین کاف ہے

سین با الف

سارک ع ایک جانور سیاہ خوش آواز کا نام ہے۔
سالک ع راستہ چلنے والا و باصطلاح طالب خدا جو خدا کی راہ چلے۔
سالوک ع بہت راستہ چلنے والا و سیاح و مسافر جو سفر مین ہون۔

سین با باے

سبک ع چاندی سونے کو گلانا اور چرخ دینا۔
سباک ع زرگر زیور بنانے والا چاندی سونا گلانے والا۔
سبک ف کم وزن و بیوقار و چست و چالاک و بے تعلق و تعجیل و شتاب اور جلدی۔
سبزک ف نام طائر جسکو نیل کنٹھ کہتے ہین۔

سین با تاے

ستاک ع شاخ درخت نورستہ و نازک و سرسبز۔
ستُرگ ف بزرگ و کلان یعنی بڑا اور جسیم و فربہ و معتبر۔

سین با راے

سرشک ف قطرہ آنسو کا جو آنکھ سے ٹپکے۔
سرہنگ ف سردار لشکر و نقیب چوبدار و پہلوان و افسر و حاضر باش۔
سرنانک ف نام بازی کو و کان یعنی ڈالی مچھونا۔
سرچنگ ف کسی کے سر پر طپانچہ مارنا۔

سین با فاے

سفک ع قتل کرنا مار دینا ہلاک کرنا کسی کو۔
سفاک ع قاتل و خونی و خونریز و بے رحم جلاد۔

سین با کاف

سکک ع حلقہ آہن اور سکہ لگانے والا و نام قوم ترک۔
سکاک ع آہنگر لوہار لوہے کا کام کرنے والا۔

سماک ع جوت جو آسمان و زمین مین ہر پشتے فاصلہ
سمسکت ع آسپ غم رفتار و نام ایک درخت کا جسکی لکڑی
کی آگ دیر تک رہتی ہے۔
سکت ع ایک قسم کی خوشبو کا نام ہے۔
سِکّ ع سرکہ جو ترش چیز مشہور ہے۔
سگ ف کتا جو مشہور جانور ہے عربی مین اسکو کلب کہتے ہین۔

## سین بالام

سلہک [illegible] نام ہے [illegible] موسیقی۔
سِلک ع رشتہ مروارید موتیون کی لڑی۔
سَلک ع پرونا کسی چیز کو دوسری چیز مین لانا۔
سلاک ع شوشہ طلا و نقرہ یعنی سلاخ۔
سُلیک ع پروئی ہوئی چیز جو کسی رشتہ مین پروئی ہو۔
سُلوک ع نیک روی اور نیک راستے پر چلنا۔

## سین بامیم

سماک ع نام ایک ستارہ کا ہے۔
سمک ع ماہی یعنی مچھلی جو زمین کے نیچے ہے۔
سمک ع سقف و مقدار بلندی جسقدر ہو۔
سُموک ع مچھلیان یہ لفظ جمع سمک کی ہے۔

## سین بانون

سنگ ف مقدار و گرانی و وزن و وقر و قیمت و پتھر جسکو عربی
مین حجر کہتے ہین۔
سنبک ع چھوٹی کشتی جو جہاز کے ساتھ ہو۔

## سین باواو

سواک ع رفتار نرم یعنی آہستہ چال۔
سِواک ع سواک جسسے دانت صاف کرین ہندی مین اسکو داتون
کہتے ہین۔
سوگ ف باواو مجہول ماتم اور اندوہ و غم جو کسی میت کا کیا جاے۔
سُووآتمک ت ترکی مین یعنی آب و نان کیا معنی کہ سو یعنی پانی
اور اتمک روٹی اور واو دونون مین عاطفہ ہے۔

## سین بایاے

سیر آہنگ ف بلند آواز یعنی اونچی آواز۔
سیف اسفرنگ سیف نام شاہ کا ہے اور اسفرنگ شہر کا نام ہے سمرقند پاس
سیک ترکی مین عضو تناسل کو کہتے ہین۔
سیامک ف نام پسر کیومرث جو مشہور بادشاہ ہے۔
سیہک ف تیز ہوا آندھیری گرد و غبار۔
سیکنک ت آہستہ اور نرم نرم۔

# گیارھوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف شین اور اخیر مین کاف ہے

## شین باالف

شادی مرگ ف وہ مرگ جو بسبب کثرت خوشی کے واقع ہو۔
شالنگ ف وہ چیز جو کوئی اپنی چیز کے بدلے کسی سے بزور
چھین لے ہندی اسکو ڈنڈ کہتے ہین۔
شالنگ ف مکر و حیلہ و گرو و رہن و ظلم و ستم و سرکش۔
شاک ف مرد ملحد ارو سپاہی اور شک کرنے والا۔
شارک ف جانور طائر جسکو مینا کہتے ہین یہ جانور باتین کرتا ہے۔

شاہد لعرک ع رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا لقب ہے۔

## شین با باء

شباک ع سوراخ کرنے والا چھید کرنے والا پرونے والا۔

شب چک ف شب برات اور چک یعنی روشنی۔

شب آہنگ ف جو ستارہ شام کو سب سے اول ظاہر ہو۔

شبرنگ ف نام اسپ سیاوش جو مشکی تھا۔

شب کوک ف دریوزہ گر گداگر فقیر محتاج۔

شبک ع دوک و بادریشۂ دوک۔

شبک دام صیاد یعنی شکاری کی جالی۔

## شین با تاء

شتالنگ ف ٹخنہ اور پنڈلی کی ہڈی جو مشہور عضو ہے۔

## شین با راے

شرک ع جوشش خون و حلقہ ہاے دام وراہ وسیع۔

شراک ع دوال نعلین یعنی جوتی کا دوڑا۔

شرنگ ف حنظل جو نہایت تلخ ہوتا ہے ہندی مین اسکو
کھر کھیندو کہتے ہین اور پنجابی مین تمّا۔

## شین با سین

ششک ف مجاز اکیر و قضیب یعنی آلۂ تناسل۔

## شین با شین

ششدانگ ف وزن ایک دینار کا جو مشہور تول ہے۔

## شین با فاء

شفتاہنگ ف تختہ لوہے کا جسمین فراخ و باریک سوراخ
ہوتے ہین اور زرگر تار زر و نقرہ اسمین ڈال کر دراز
کرتے ہین ہندی مین اسکو جنتر کہتے ہین۔

## شین با کاف

شکرلنگ ف تھوڑا لنگا یعنی جسکی ٹانگ مین ذرا سا لنگ ہو۔

شکرنگ ف ناخوش و غمناک و اندیشہ ناک۔

شکستہ رنگ ف زرد رنگ یعنی جسکے چہرہ کا رنگ زرد ہو۔

## شین با لام

شلتوک ع شالی یعنی برنج جو ابھی پوست مین ہو۔

شلانگ ف کودنا جست مارنا کسی جگہ سے۔

شلاک ت چند بندوقین ایک ہی مرتبہ سر کرنا۔

## شین با واو

شوک ع خار جسکو کانٹا ہندی مین کہتے ہین۔

## شین با یاء

شیشاک ت بکری کا بچہ جو یکسالہ ہو یعنی ایک برس کی عمر کا۔

شیشہ برنگ ف شکستہ و خراب و ابتر حال۔

# بارھوین فصل
## اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف صاد اور آخیر مین کاف ہے

## صاد با حاء

صحنک ع چھوٹی رکابی تصغیر صحن جو بڑے رکابی کا نام ہے۔

## صاد با دال

صدبرگ ف زرد رنگ پھول کا نام ہے یعنی گیندے کا پھول۔

## صاد با عین

صعلوک ع فقیر و درویش و محتاج تارک دنیا۔

### صاد باکاف

صَکَّاک ع معرب چک تھوکنا مارنا و نامہ و قبالہ زمین یا مکان کا
صَکّاک ع جو شخص قبالہ ہاے شرعی لکھے یعنی قبالہ نویس

## تیرھوین فصل

### اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف ضاد اور اخیر مین کاف ہے

### ضاد باالف

ضَاحِک ع خندہ رو و خوش مزاج اور ہنسنے والا آدمی-

### ضاد باحاء

ضِحک ع خندہ باآواز یعنی وہ ہنسی جو آواز سے ہو-
ضَحّاک ع بہت ہنسنے والا اور نام بادشاہ کا-

### ضاد باراے

ضربک ع ایک قسم کی توپ کا نام ہے جسکا نشانہ دور پڑتا ہے-

### ضاد بانون

ضَنک ع تنگ و تنگی و تنگ حالی و افلاس اور مقام تنگ-

### ضاد باواو

ضَواحِک ع اگلے چار دانت جو ہنسی مین نظر آتے ہین-

## چودھوین فصل

### اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف طا اور اخیر مین کاف ہے

### طا باالف

طَاَخک ع درخت آزاد کا پھل-

### طا بابا

طَبلَک ت چھوٹا نقارہ اور ہند کا غذات دفتر کا-

### طا باواو

طوطَک ت نام ساز جو گانے کے وقت بجاتے ہین-

## پندرھوین فصل

### اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف عین اور اخیر مین کاف ہے

### عین بابا

عَبدالمَلِک نام خلیفہ خاندان بنی امیہ بن مروان جسکی سلطنت یزید پلید کی وفات کے بعد ہوئی تھی-

### عین باراے

عِرَاک ع انبوہ کرنا ہجوم کرنا-
عُرَّاک ع سخت ملنے والا گوشمالی دینے والا لڑنے والا-
عُروُسَک ع منجنیق خرد جو ایک جنگی ہتھیار ہے اور لعبت جس سے لڑکیاں کھیلتی ہین و نام میوہ-

## سولھوین فصل

### اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف غین اور اخیر مین کاف ہے

### غین باراے

غرچک ف احمق و نادان و بیوقوف و جاہل آدمی-

### غین باسین

غَسنَک ع غلطی جو ایک چھوٹا جانور ہوتا ہے اور چارپائی مین پیدا ہوتا ہے

### غین بالام

غَلطَاک ف ایک پہلو سے دوسرے پہلو پر پلٹا کھانا-

غلکث ف وہ برتن جسکا منھ چمڑے سے بند کرکے واسطے روپیہ پیسے ڈالنے کے اُسمین چھید کر رکھا ہو۔

## غین با واو

غوک ف مینڈک جو ایک آبی مشہور جانور ہے۔

## سترھوین فصل
## اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف فا اور اخیر مین کاف ہے

### فا با الف

فاتک دلیر شجاع قاتل بہادر لڑنے والا آدمی۔

### فا با تاء

فتراک ف کنجکا گھوڑے کا جو ایک رسی ہوتی ہے اور شکار وغیرہ اُسکے ساتھ باندھ لیتے ہین۔

### فا با دال

فدک ع نام قریہ جہان پیغمبر صاحب کا ایک باغ تھا۔

### فا با راے

فرسنگ ف مقدار تین میل یعنی تین میل کا فاصلہ۔

فراستوک ف ابابیل جو ایک مشہور جانور ہے۔

فرنگ نام ملک و ولایت کا جسکے رہنے والے فرنگی کہلاتے ہین۔

فرہنگ ف عقل و ادب اندازہ و خلق نیک ہوش و دانش

فرنجک ف مرض کابوس جسمین انسان نیند مین ڈر اٹھتا ہے

### فا با غین

فغاک ت ابلہ و نادان و شریر حرامزادہ و فرومایہ و احمق آدمی

### فا با کاف

فکاک ع جدا کرنا خلاص کرنا آزاد کرنا علیحدہ کرنا الگ کرنا۔

فکاک ع جدا کرنا علیحدہ کرنا آزاد کرنا چھوڑانا۔

### فا با لام

فلک ع کشتی جسپر سوار ہوکر دریا سے اترین۔

فلک ع آسمان و بلندی یعنی اونچائی۔

افلاک ع بہت سے آسمان یہ لفظ فلک کی جمع ہے۔

فلک الافلاک ع عرش معلے جو سب آسمانون سے بلند ہے۔

فلاسنگ ف فلاخن جسمین دشمن پر پتھر مارتے ہین ہندی مین گھمانی نام ہے۔

### فا با نون

فنک ع نام جانور جسکے چمڑے کی پوستین بناتے ہین۔

## اٹھارھوین فصل
## اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف کاف اور اخیر مین کاف ہے

### کاف با الف

کاک ع پتلی روٹی یعنی پھلکا گیہون کے آٹے کا۔

کاباک ع مرغون اور کبوترون کا گھر۔

کاچک ف سر کے اوپر کی ہڈی مغز کے اوپر کی ہڈی۔

کاواک ع خالی چیز اور ہر چیز پولی جو اندر سے بھری ہوئی نہو۔

### کاف با باء

کبک ف چکور مشہور جانور اور معروف پرند ہے۔

کپنک ف نمد جو پشم سے بناتے ہین اور فرش کے کام آتا ہے زین گھوڑے کا بھی اس سے بنتا ہے۔

## کاف با جیم

کجک اٰ آہنی جو فیلبان وقت سواری ہاتھ مین رکھتے ہین اور ہاتھی کو اُسسے چلاتے ہین اور لکڑی ڈھول بجانے کی اور سجاف گریبان کا جو قبا وغیرہ کو لگایا جاتا ہے۔

## کاف با ذال

کذالک ع اسی طرح ایسے ہی اسی طور۔

## کاف با راے

کرک ف نام ملک جو روس مین ہے اور نام ایک جانور کا جسکو گینڈا کہتے ہین اور اُسکا چمڑا سخت ہوتا ہے۔

کرک نام مادہ بنواحی بلغار و نام پرند دم دراز عربی مین اُسکو عقعق کہتے ہین۔

کرنگ ف اسپ سرخ رنگ یعنی سرخا گھوڑا۔

کروک ف قوی ہیکل قوی جسم صاحب زور پہلوان۔

کزوک ف بیحیا و زبان دراز و بے شرم و یاوہ گو آدمی۔

کرناٹک ہ دکن مین ایک شہر ہے۔

گرگ ف بھیڑیا جو ایک مشہور درندہ ہے۔

گرزدک ف خیمہ و حجرہ و چیستان یعنی پہیلی۔

گرنیک ف قسم خربوزہ ضد سردہ۔

گردن باریک ف ملائم و مطیع و فرمانبردار و نرم مزاج۔

گران سنگ ف مرد غت دار و صابر و قانع و قائم مزاج۔

گرگ ف نام ایک شہر کا ہے۔

## کاف با زاے

زریک ف چھوٹی چھری قلمتراش جس سے قلم بناتے ہین۔

کرنک ف آلہ فیلبانان جو بوقت سواری ہاتھ مین رکھتے ہین

## کاف با شین

کشک ف دوغ خشک یعنی پنیر و جو مقشر و نام طعام جو مقشر جو سے بنایا جاتا ہے۔

کشک ف محل و قصر و ایوان مخفف کوشک۔

کشک ت حفاظت و پاسبانی و ذمہ داری کسی چیز کی۔

## کاف با عین

کعک ع قسم نان روغنی و شیرین جو گھی و کھانڈ و آٹا ملاکر پکاتے ہین۔

## کاف با فاء

کفک ف کف آب وغیرہ یعنی مقدار اندک اور کم اندازہ۔

## کاف با لام

کلک ف نے جو اندر سے خالی ہو مجازاً قلم۔

کلک ع نشتر حجام یعنی پچھنہ و شوم و نامبارک و منحوس شخص و بلا و رنج و سختی و درد سر و خرابی و ابتری و پشیمانی۔

کلک ع بغل و آغوش یعنی آدمی کی کچھہ۔

کلک ع بغل و آغوش و شیم و دنبہ کی جو مشہور جانور ہے۔

کلنگ ع بیل آہنی جس سے زمین کھودتے ہین یعنی پھاوڑا۔

کلنگ ف نام پرند و نام ساز جو گانے کے وقت بجاتے ہین

گل سہ برگ ف گیندے کا پھول جو مشہور پھول ہے۔

گلبانگ ف خوشی کی آواز مبارکباد کی صدا۔

## کاف با میم

کمک ف اعانت و مدد جو جنگ مین کیجائے۔

## کاف بانون

کنیزک ف باندی غلام جو زر خرید ہو مجازاً خدمتگار۔

کُنجشک ف چڑیا جو مشہور پرندہ ہے۔

کنگ ف فربہ و قوی ہیکل و خوشۂ خرما یعنی کھجور کا خوشہ۔

کَنگ ف منگ تاتار میں ایک قلعہ کا نام ہے۔

کِنگ ف بیحیا و زبان دراز و بیشرم و یاوہ گو آدمی۔

کُنگ ف بال مرغ کے و بازوے انسان کا و شاخ درخت کی

گُنگ ف مرد بے زبان جو بول نہ سکتا ہو۔

گنگ ف نام دریا جو ہند میں ہے اور ہندو اسکو نہایت متبرک جانتے ہیں۔

## کاف باواو

کوک ف آواز بلند بیت و تخم کاہو بواو معروف۔

کوک ف بواو مجہول آواز برابر کرنا ایک ساز کو دوسرے ساز کے ساتھ ہم آواز کرنا اور کھانسی کی آواز اور ترکی میں رنگ نیلگون و بیخ و ریشہ درخت۔

کودک ف فضلہ و نجاست و میلا آدمی چونکہ بچہ خورد سال ہگ دیتے ہیں خرد سال ہوتا ہے اسکو کودک کہتے ہیں۔

کوملاک ترکی میں پیراہن کو کہتے ہیں جو پہنا جاتا ہے۔

کوچک ف چھوٹا اور نام مقام موسیقی کا۔

کوشک ف بلند محل بادشاہی مکان اونچا مکان۔

گوک ف مغاک و خندق اور گڈھا جو زمین میں ہو۔

گوگ ف بواو غیر ملفوظ آسمان و رنگ کبود یعنی نیلا رنگ۔

## کاف بایاء

کیرنگ ف نام ایک قصبہ کا ہے۔

کیک ف پسّو جو ایک بہت چھوٹا جانور گزندہ ہے۔

## اونتیسوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف لام اور اخیر مین کاف ہے

## لام باالف

لاگنگ ع زلہ و پس خوردہ جو طعام کھانے کے بعد بچے

لاشک ع بیشک جس بات مین شک نہو۔

## لام بابا

لبیک ع حاضر ہون تیرے سامنے یہ لفظ تعظیم و تکریم کا عرب میں ہے

## لام باجیم

لچک ت اوڑھنی و معجر جو عورتین سر پہ پہنتی ہین۔

## لام باکاف

لک ابلہ و ناوان و عدد صد ہزار کا جسکو لکھ کہتے ہین

لُک ت سطبر و گندہ یعنی موٹی چیز چنانچہ پارچہ لک یعنی موٹا کپڑا

لکلک ع نام طائر آبی یعنی آبی جانور کا نام ہے بعض کے نزدیک مرغابی

## لام بانون

لُنبک ف نام سقاے بہرام گور جو بہت سخی تھا اور بادشاہ شراب اُسی کے ہاتھ سے پیتا تھا۔

لنگ ف وہ شخص جسکا ایک پانون نہو یعنی لنگڑا ہو۔

لِنگ ف عضو تناسل یہ لفظ ہندی مین بھی مستعمل ہے۔

## لام باواو

لوک ف بواو مجہول شتر باردار اور وہ شخص جو لڑکون کی طرح زانو کے

بل چلے۔

لولاک ع اشارت بحدیث قدسی یعنی لولاک لما خلقت الافلاک جو شان مین محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی نازل ہوئی یہ حدیث قدسی ہے

## بیسوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف میم اور آخر مین کاف ہے

### میم باالف

مالک صاحب ملک و نام اُس سوداگر کا جسنے یوسف علیہ السلام کو چاہ سے نکالا تھا و نام فرشتہ موکل دوزخ یعنی داروغہ دوزخ کا۔

ماسک ع مرکز مقعر شکل کا یعنی وہ شکل جو انڈے کی طرح ہو۔

مامک ف ادر و نام بازی اطفال جو لڑکے کھیلتے ہین اور ہندی مین گلی ڈنڈا کہتے ہین۔

### میم بابا

مُبَارَک ع برکت کیا گیا یہ لفظ کسی خوشی کے وقت بولا جاتا ہے

### میم باتا

مُتَعَارِک ع کان ملنے والا گوشمالی دینے والا شخص۔

مُتَحَرِّک ع ہلنے والا حرکت کرنے والا۔

مَتْرُوک ع ترک کیا گیا جدا کیا گیا چھوڑا گیا۔

### میم باثا

مثلثات افلاک تین برج آسمانی جو آتشی ہین یعنی حمل اسد قوس اور تین برج بادی جوزا میزان دلو اور تین برج خاکی ثور سنبلہ جدی اور تین برج آبی سرطان عقرب حوت۔

### میم باحا

مُحَک ع سنگ زرکش یعنی کسوٹی سونا پرکھنے کا پتھر۔

مُحَرَّاک ع بہت حرکت دینے والا افسوس کرنے والا۔

مُحَرِّک ع تحریک کرنے والا حرکت دینے والا ہلانے والا

### میم بادال

مُدْرِک ع سمجھنے والا پہونچنے والا ادراک دینے والا کسی بات مین

### میم باراے

مُرغک ف نام سردا اور وہ پرند جو بہت چھوٹا ہو۔

مُردہ ریگ ف مردنا چیز و فرومایہ و کمینہ و مفلس و نادار و میراث مرد مُردہ جو وہ چھوڑ کر مر جائے یعنے ترکہ۔

مُرغ زیرک ف طوطی کنایۃً ابلیس یعنی شیطان۔

مُرغ شب آہنگ ف بلبل جو مشہور پرند ہے۔

مرکز خاک مراد از زمین مشرق سے مغرب تک۔

مردمک ف آنکھ کی پتلی جس سے روشنی حاصل ہوتی ہے۔

مرگ ف موت یعنی مرجانا فوت ہو جانا۔

### میم بازاے

مُزْدَک ع نام مرد فصیح جو نوشیروان کے وقت تھا۔

### میم باسین

مَسْلَک جاے رفتن چلنے کا مقام۔

مَسَالِک ع راستے بہت سی راہین جمع مسلک کی۔

مُسْتَہْلَک ع ہلاک ہونے والا مرگ کا مقام۔

مَسْتَک ع نام ساز جو منہ سے بجاتے ہین۔

مَسْلُوک ع گیا ہوا راستہ پر چلا ہوا مسافر۔

مُسْتَمْسَک ع پکڑا گیا بند کیا گیا مسدود کیا گیا۔

مِشک معرب مشک کستوری مشہور خوشبو ہے۔
مِسْواک ع وہ لکڑی جس سے دانت صاف کرین ہندی مین دانتون کہتے ہین۔

## میم با شین

مُشَبَّک ع چیز سوراخ دار یعنی جالی اور دام مرغان۔
مُشک ع کستوری جو مشہور خوشبو ہے۔
مُشْنگ بروزن تفنگ قسم غلہ کا اور چور و رہزن۔
مُشترک ف ایک چیز جسکے کئی لوگ مالک ہون اور ایک لفظ جسکے کئی ایک معنی ہون۔
مُشارِک ع شریک ہونے والا ساجھی ہونے والا۔
مُشرِک ع شرک کرنے والا کلمہ کفر کہنے والا۔
مَشکوک ع جسمین شک ہو شک و شبہہ والی چیز۔

## میم با ضاد

مَضحَک ع ہنسی کی جگہ ہنسنے کا مقام خوشی کا موقع۔
مُضحِک ع ہنسانے والا یعنی جو شخص ہنساہے مجازاً بھانڈ و مطرب و نقال وغیرہ۔

## میم با عین

مَعارِک ع لڑائی کے مقام یہ لفظ جمع معرکہ کی ہے۔
مُعَلِّمُ الْمَلائِک ع فرشتون کا استاد یعنی شیطان جو مدت مدید تک فرشتون کو عبادت کی تعلیم دیتا رہا۔

## میم با غین

مُغاک ف گڈھا جو زمین یا پہاڑ مین ہو۔

## میم با فاء

مَفلُوک ع فلک زدہ مصیبت زدہ آفت کا مارا آدمی۔
مُنفَلُوک ع جدا کیا گیا علاحدہ کیا گیا الگ کیا گیا۔
مِفلاک ع خالی ہاتھ مفلس و نادار۔

## میم با قاف

مقراضک ف کشتی کی ایک داؤ کا نام ہے۔

## میم با کاف

مَکُّوک ع جولاہون کی نال جسمین رکھ کر تاگا چلاتے ہین۔

## میم بالام

مَلَک ع فرشتہ جو نوری مخلوق خالق اکبر کی ہے۔
مَلِک ع بادشاہ و فرمان فرما کسی ولایت کا۔
تَملُّک ع مالک ہونا اور کسی کا حق لے لینا بذریعہ بیع وغیرہ کے۔
مُلک ع ولایت و علاقہ و خطہ اور ایک حصہ زمین کا۔
مَلِیک ع مالک و نام حق تعالی کا جو سب کا مالک ہے۔
مُلُوک ع بادشاہان و فرمانان ملک و ولایت۔
مِلاک ع اصل ہر چیز کا اور بنیاد و سرشت ہر ایک چیز کی۔

## میم با میم

مَمالِک ع بادشاہی مقام جمع مملکت کی۔
مَملُوک ع غلام شدہ زر خرید ملک کیا گیا۔
مَمالِیک ع جمع مملوک کی بہت سے غلام اور بندے۔
مُمسِک ع بخیل بند رکھنے والا مال کا نہ خرچ کرنے والا مال کا۔

## میم با نون

مُنفَک ع جدا کرنے والا الگ کرنے والا علیحدہ کرنے والا۔
مُنہَتِک پردہ دریدہ شوندہ جسکا پردہ پھٹ چکا ہو۔

مَناسِک ع حاجیون کی عبادت کے مقام اور طریق۔
مَنہک ع ایک کام مین کوشش کرنے والا۔
مَنسَک ع عبادتگاہ وجاے قربانی یعنی جس جگہ حاجی قربانی کرین
مُندَک ع پارہ پارہ ٹکرے ٹکرے ذرہ ذرہ۔
مُنسَلِک ع پرویا ہوا گوندھا ہوا کسی رشتہ مین۔
مُستَہلِک ع اپنے آپکو ہلاکت مین ڈالنے والا۔
مُستَہلَک ع خرچ۔

## میم با واو

مُؤتَفِک ع پھیرنے والا واپس کرنے بازگشت کرنے والا۔

## میم با ہاے

مَہلَک ع جاے ہلاک اور ہلاک کرنے والی چیز۔
مَہالِک ع جمع مہلک کی بہت سی چیزین ہلاک کرنے والین

## میم با یاے

مَیلَک نام پارچہ جو نیشاپور مین بنا جاتا ہے۔

# اکیسوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف نون اور اخیر مین کاف ہے

## نون با الف

نازُک ف پتلی چیز اور مطبوع و دلپسند۔
ناوَک ف قسم تیر کا ہے جو چھوٹا ہوتا ہے۔
ناسِک ع عبادت کرنے والا قربانی کرنے والا۔
ناردانگ ف آب انار کا پانی۔
نارنگ ف مشہور پھل ہے جسکو نارنگی کہتے ہین۔
نامبارک ف منحوس جو چیز نامبارک ہو۔
نایک ف جمع کرنے والا اکٹھا کرنے والا۔
ناف خاک ف کنایۃ مکۂ معظمہ۔
ناک ف آغشتہ و آلودہ چنانچہ غمناک و نمناک۔
ناپاک ف جو پلید ہو پاک نہو۔

## نون با راے

نرک ف حلقہ کرنا لشکر کا شکار کے لیے اور مکان پہلوانی کے زور کرنے کا۔
نزدیک ف پاس اور قریب پڑوس مین۔

## نون با سین

نَسک ع نام غلہ جسکو عدس کہتے ہین ہندی مسور۔
نُسُک ع عبادت و قربانی و احکام اداے حج۔
نُسُک ع قربانیان جو عید اضحی کے روز کعبہ مین جو حاجی لوگ کرتے ہین اور مسلمان اپنے گھرون مین۔

## نون با غین

نغمہای نیم رنگ ف ناتمام سرود۔
نغزک ف ہر چیز عجیب مجازاً میوہ آنب کا۔

## نون با قاف

نقطۂ اشک ف باصطلاح صوفیہ عالم دنیا۔
نقرۂ خنگ ف بے اضافت سفید گھوڑا القرہ گھوڑا۔

## نون با کاف

نکک ف مخفف نگینہ اور نالوچھہ کا جسکو فارسی مین کام کہتے ہین

## نون با میم

نشطاے تنگ ف دقائق سرود یعنی راگ کی باریکیان
نمناک ف تر جسمین پانی ملا ہوا ہو بھیگی ہوئی چیز

## نون بانون

ننگ ف شرم وعار وحیا و ناموس و آبرو۔

## نون با واو

نوک ف مشہور لفظ ہو یعنی برچھی کی نوک یا چھری کی نوک
نوروز بزرگ ف نام نغمہ یعنی سرود جو گایا جاتا ہو۔

## نون باہاے

نہنگ ف مگر جو مشہور جانور آبی ہو بعض اسکو سیسار کہتے ہین

## نون بایاء

نیک ع جماع کرنا اصلی نام جماع کا عربی مین یہی لفظ ہو۔
نیک ف اچھا بہت بہت خوب اور بھلا و بہتر چیز۔
نیرنگ ف مکر و فریب و طلسم و سحر و افسون و جادو و دغا و عجائبات و نقشہ تصویر کا یعنی خاکہ جو پہلے اُتارتے ہین۔
نیم لنگ ف قربان کمان کی۔
نیم رنگ ف رنگ باختہ و ناقص و ناتمام چیز ناتیار چیز۔
نیلک ف قسم جامہ جو سیاہ ہوتا ہو بسبب سیاہ ہونے کے اسکو نیلک کہتے ہین۔

## بائیسوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف واو اور اخیر مین کاف ہو

## واو باراے

ورک ع سرین و کفل یعنی انسان کے چوتڑ۔

وردون ف چھپر خونے وسر کا بنا کر مکانون پر ڈالتے ہین۔
ورناک نام چشمہ کا کشمیر مین جو بہت لمبا چوڑا ہو۔

## واو باشین

وشنیک ع چالاک قاصد تیز گام و نیز رفتار۔

## تئیسوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف ہا اور اخیر مین کاف ہو

## ہاے باالف

ہالک ع ہلاک ہونے والا مرجانے والا نابود ہونے والا

## ہاے باتاء

ہتاک ع پردہ دری کرنے والا بے آبرو کرنے والا بے عزت کرنے والا
ہتک ع پردہ دری و بے آبروئی و بدنامی و بے عزتی۔

## ہاے بافاء

ہفت اورنگ ف سات ستارے یا سات آسمان جنکے نام یہ ہین قمر۔ عطارد۔ زہرہ۔ شمس۔ مریخ۔ مشتری۔ زحل۔
ہفت رنگ ف سفید۔ سرخ۔ سبز۔ زرد۔ سیاہ۔ کبود عباسی یہ سات رنگ ہین۔

## ہاے باکاف

ہکہک ف ہچکی جو ایک بیماری مشہور ہو۔

## ہاے بالام

ہلک ع ہلاکی و نیستی و نابودگی و خرابی۔

## ہاے بامیم

ہمسنگ ف برابر وزن اور برابر تول کی چیز۔

ہمسلک ف ہمدمی مشہور رشتہ ہی
ہمتگ ف موافق و برابر بتیزی و تیزرفتاری مین-
ہمرنگ ف موافق و برابر رنگ و صورت و شکل مین-

## ہاے با نون

ہنگ ف ارادہ و قار و ہوشیاری و زور و قوت و توفیق و شگاف و غار و قوم و سپاہ و ضربہ و صدمہ

## ہاے با واو

ہوالک ف جمع ہالک بہت سے ہلاک کرنے والے-
ہوشنگ ف نام بادشاہ جو فارس مین تھا -
ہولناک ف خوفناک یعنی جسمین خوف آوے یا جو شخص کسی سے ڈرتا ہو-

## چوبیسوین فصل
## اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف یا اور اخیر مین کاف ہی

## یا با الف

یارک ع رحم و بچہ دان عورت کا-

## یا با نون

ینک ف آئین و روش و نام جزیرہ و نہر محیط مین-

# تیئسوان باب

اُن لغات کے بیان مین جنکے اخیر مین حرف لام ہی اور پہلے حروف برعایت حروف تہجی اپنے اپنے موقع بدلتے جاتے ہین اسمین اٹھائیس فصل ہین

## پہلی فصل
## اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف الف اور اخیر مین لام ہی

## الف با بار

آلیبال ت باغ و بوستان و سبزہ زار و گلزار-
اَبوالفضل اکبر بادشاہ کے حضور نویس کا نام ہی اور بادشاہ اُسکو بہت چاہتا تھا -
آب و گل ف کنایۂ جسم انسانی و قالب حیوانی اور ہرایک خوبیان کا -
اِبتہال ع تضرع و زاری و عجز و نیاز و خوشامد-
اِبل ع شتران اور یہ وہ جمع ہی جسکا واحد نہین ہی-
اَبہل ع تخم سرو کوہی جسکو ہاؤ بیر کہتے ہین دوا مین مستعمل ہوتا ہی
اِبطال ع باطل کرنا ضائع کرنا گنوا دینا کسی چیز کا-
اَبطال ع دلیران و زورآوران و پہلوانان جنگ آور-
اِبدال ع بدلنا کسی چیز کو کسی چیز کے ساتھ معاوضہ کرنا-
اَبدال ع گروہ اولیا اللہ جو تمام جہان مین ستر شخص ہین چالیس شام مین اور تیس تمام جہان مین رہتے ہین
اِبتذال ع بے اعتباری و بیقدری و بیعزتی و بے توقیری
اَبابیل ع قسم طائران جمع ابالہ یعنی گروہ مرغان-
اِبن السبیل ع مسافر راستہ چلنے والے لوگ راہی-

## الف با تار

آتش محلول ف آب گرم و روغن گرم و شراب بجوش-
اِتکال ع توکل کرنا بھروسا کرنا کسی پر-

اِتّصَال ع ملنا پیوند ہونا وصل ہونا ایک جا ہونا۔

## الف با ثاء

اِثقَال ع گرانیا و بارہا یعنی بہت سے بوجھ جو اٹھاتے ہیں۔

اِثقَال گران بار ہونا بھاری ہونا مالدار ہونا۔

اَثل ع درخت گز جو مشہور درخت ہے ہندی میں اسکو جھاو کہتے ہیں۔

## الف با جیم

اَجَل ع مہلت و مدت مرگ و وقت و نہایت ہر ایک چیز کی۔

اَجَلّ ع بہت بزرگ بہت بڑا صاحب عزت و توقیر۔

اِجلَال ع بزرگی و عزت و توقیر و آبرو۔

اِجمَال ع مختصر بات کہنا بہت سے مضمونکو تھوڑی عبارت میں ختم کر دینا۔

اِجبَال ع برانگیختہ کرنا مستعد کرنا تیار کرنا۔

اَجدَل ع جانور جسکا چرغ نام ہے۔

آجِل ع جو چیز مہلت اور دیر میں ہو جلدی میں میسر ہو۔

آجَال ع جمع اجل جسکے معنی مرگ کے ہیں۔

## الف با حاء

اِحمَال ع بار اٹھانا بوجھ اٹھانا بھاری ہونا۔

اَحمَال ع بار ہا و گرانیہا یعنی بہت سے بار اور بوجھ۔

اِحتِیَال ع حیلہ اٹھانا فریب کرنا داد دینا۔

اَحوَل ع جو شخص ایک کو دو دیکھے بھینگا آدمی۔

اَحوَال ع جمع حال و حالت یعنی بہت سی حالتیں۔

اِحلِیل ع سوراخ ذکر جس راستے سے پیشاب آتا ہے منی کا

اخراج بھی اسی راستے سے ہے۔

اِحتِمَال ع اٹھانا اور گمان کرنا وہم و شک کرنا کسی بات میں۔

## الف با خاء

آخرین تحویل ف کنایہ روز قیامت یا وقت نزع۔

اِختِلَال ع خلل ڈالنا شگاف و نقصان ڈالنا۔

اَخطَل ع نام شاعر کا جو عرب کا رہنے والا تھا۔

اِختِیَال ع گردن کشی و غرور و خیال کرنا متوجہ کرنا۔

اَخوَال ع جمع خال جسکے معنی ہونٹ کے ہیں یعنی بہت سے ماموں۔

## الف با دال

اَدَلّ ع نہایت راہ نما راستہ دکھلانے والا ہدایت کرنے والا۔

اِدلَال ع ناز کرنا معشوق کا عاشق کے ساتھ۔

## الف با ذال

اَذیَال ع دامنہا یہ لفظ ذیل کے لفظ کی جمع ہے یعنی بہت سی جھولیاں

اَذَلّ ع بہت ذلیل نہایت خراب و آوارہ۔

اِذلَال ع ذلیل کرنا خراب کرنا پریشان کرنا۔

## الف با راے

اِرتِجَال ع بے اندیشہ سخن کہنا فی البدیہہ شعر کہنا فی الفور جواب دینا۔

اِرتِحَال ع کوچ کرنا چل دینا کسی مقام سے سفر کو۔

اَرذَل ع زبون تر نہایت زبون و خراب۔

اَرَاذِل ع کمینے لوگ پاجی و کم ذات لوگ۔

اَرذَال ع کمینے لوگ پاجی و کم ذات لوگ۔

اَردَبِیل ع نام شہر جسکے رہنے والے حسن و جوانمردی میں مشہور ہیں۔

اَرجَل ع وہ گھوڑا جسکا ایک پاؤں سفید ہو اور یہ گھوڑا منحوس گنا جاتا ہے

اَرَامِل ع زنان بیوہ و مرد بے زن یعنی عورت یا مرد جو مجرد ہوں

اِرسَال ع بھیجنا تحفہ و سوغات - و خط وغیرہ کا۔

## الف بازاے

اَزَل ع وہ زمانہ جسکا ابتدا نہو یعنی زمانہ قدیم۔

اَزمیل ع موچیون کی رانپی جس سے چمڑا کاٹتے ہین۔

## الف باسین

اَستَمال ع جاری ہونا شکم کا اور آسان کرنا مشکل کام کا۔

اَسبال ع جاری کرنا اور کپڑا لٹکانا پردہ ڈالنا۔

اِسپغول ت نام تخم جو مشہور ہے وگوش اسپ یعنی گھوڑے کے کان۔

اِستقبال ع پیشوائی کرنا کسی کے لینے کو جانا۔

اِستعجال ع جلدی کرنا شتاب ہونا۔

اِستہلال ع نیا چاند دیکھنا رونا بچہ کا تولد کے وقت روشن ہونا ظاہر ہونا چہرہ دکھلانا جلوہ دکھلانا کسی کو۔

اَسہل ع بہت آسان نہایت آسان بات۔

اِصطبل ع گھوڑے باندھنے کا مقام یعنی طویلہ گھوڑون کا۔

اَسفَل ع بہت نیچے اور وہ جگہ جو سب کے نیچے ہو۔

اِستظلال ع سایہ پکڑنا پناہ لینا کسی کی حمایت مین آنا۔

اِستقلال ع مضبوطی پکڑنا محکم ہونا قائم ہونا۔

اِستدلال ع دلیل لانا و گواہی چاہنا راہ نمائی چاہنا۔

اَستافیل رومی زبان مین انگور کو کہتے ہین۔

اِسرافیل ع نام فرشتہ کا جو قیامت کو صور پھونکے گا۔

اِسرائیل ع نام یعقوب پیغمبر علیہ السلام کا ہے معنی اسکے عبرانی زبان مین برگزیدۂ حق کے ہین۔

اِستعمال ع عمل کرنا عمل مین لانا کام مین لانا۔

اَسافل ع جمع اسفل سب سے نچلے درجے اور زیرین مقام۔

اِستیصال ع بیخ سے نکالنا دور کرنا معدوم کرنا۔

## الف باشین

اِشکال ع دشواری و سختی اور مشکل بات کٹھن معاملہ۔

اَشکال ع شکلین و صورتین یہ لفظ جمع شکل کی ہے۔

اَشہل ع رنگ سیاہ زردی مائل و انسان میش چشم جسکی آنکھین زردی مائل ہوتی ہین۔

اِشعال ع افروختہ کرنا آگ کا روشن کرنا۔

اِشتغال ع مشغول ہونا کسی کام مین مصروف ہونا۔

آشفتہ حال ف پراگندہ حال پریشان خاطر غمگین اندیشہ ناک۔

اَشغال ع بہت شغل اور کام اور علاقے یہ لفظ شغل کے لفظ کی جمع ہے

اَشکَل ع وہ رسن جس سے اونٹ کا پالان باندھتے ہین سرخ چشم و سرخی و سفیدی آمیختہ و خوشتر و پوشیدہ تر و دشوار تر اور وہ گھوڑا جسکا دھنا ہاتھ و بایان پانون سفید ہو۔

اَشکیل ع وہ گھوڑا جسکا دھنا ہاتھ یا پانون سفید ہو و مکر و حیلہ و بہانہ

اِشتعال ع روشن ہونا آگ کا بھڑکنا و افروختہ ہونا آگ کا

اِشتمال ع شامل ہونا کسی کے ساتھ ہونا متفق ہونا۔

## الف باصاد

اِصطبل ع گھوڑونکا باندھنا اور مقام گھوڑونکے باندھنے کا۔

اَصحاب الشمال ع کفار دوزخی گنہگار جنکی صفین قیامت کو بائین طرف تخت رب العالمین کے ہونگی لغوی معانی اسکے بائین طرف والے

اَصل ع بیخ درخت اور سرشت اور بنیاد۔

اصول ع جمع اصل کی بہت بیخین اور بنیادین۔

اصول ثقیل ع ایک اصل شرہ اصول موسیقی سے اور اصول کو

ہندی میں تال کہتے ہیں۔
اصیل ع رات کا وقت و صاحب اصل و صاحب نسب و شریف و نجیب اور جو باپ دادے سے نیک چلا آتا ہو۔
اصحاب نقل ع یاران ہم صحبت انیس و جلیس و ہم نشین۔

## الف با ضاد

اِضلال ع بے راہ کرنا بدکاری میں ڈالنا گمراہ کرنا۔

## الف با طاء

اطریفل ع معجون مرکب جو بلیلہ و بلیلہ و آملہ سے بناتے ہیں ہندی میں اسکو ترپھلہ کہتے ہیں۔
اطلال ع نشانہا سرائے کہنہ کے یعنی گھر کے نشان جو باقی ہوں۔

## الف با عین

اعتزال ع گوشہ پکڑنا خلوت نشین ہونا الگ رہنا۔
اَعدَل ع زیادہ تر عدل کرنے والا بڑا عادل۔
اِعمال ع کام فرمانا و منصف و عدالتی۔
اَعمال ع جمع عمل بہت سے کام اور کار و بار۔
اَعزل ع مرد بے سلاح جسکے پاس کوئی ہتھیار نہو۔
اَعجال ع شتابان اور جلد بیان کرنے والے۔
اعتدال ع برابر ہونا یکسان ہونا ایک وزن ہونا۔
اعتلال ع بیمار ہونا بہانہ لانا علت لانا۔
اعتقال ع بند کرنا مسدود کرنا۔
اَعدَل ع نہایت عدل کرنے والا۔

## الف با غین

اِغفال ع بیخبری و غفلت و جہل و نادانی۔

اَغلال ع طوقہائے آہنی و آبہائے روان۔
اِغلال ع خیانت و کینہ و غصہ و دغا و نفاق۔
اَغفال ع بکری کو ان کے رہنے کی جگہ گرفتار کرتا جا۔ پرہیز کرنا۔

## الف با فاء

اَفضل ع بڑا فاضل اور افضل الدین نام خاقانی شاعر کا تھا جو مشہور شاعر علامہ تھا۔
اَفاضل ع جمع افضل کی بہت سے لوگ۔
اِفتعال ع تہمت و بہتان جو کسی پر برپا کیا جائے۔
افضل الاشکال ع بشکل مدور اور گول۔
اَفیال ع جمع فیل بہت سے ہاتھی جو مشہور جانور ہے۔
اَفیل ع شتر جوان یعنی جوان اونٹ۔
اَفعال ع جمع فعل کی بہت سے کام۔
اَفل ع نیچے جانے والا نیچے اترنے والا۔

## الف با قاف

اَقفال ع جمع قفل کی بہت سے تالے۔
اِقبال ع قبول کرنا آگے لانا اور آگے آنا دولت کا مجازاً حکم و دولت و طالع۔
اُقبیل ع امالہ اقبال کے لفظ کا۔
اَقل ع بہت تھوڑا و غلام کم قیمت و ارزان۔
اِقلال ع تھوڑا کرنا و درویشی و فقیری و محتاجی۔

## الف با کاف

اَکحل ع پلکوں کے اگنے کا مقام اور سرمہ آنکھ میں کیا ہوا اور نام ایک رگ کا جسکو ہفت اندام کہتے ہیں۔

اَکُول ؏ بہت کھانے والا جسکو پیٹ نہ بھرے۔

اَکَّال ؏ بہت کھانے والا جسکو بھوکھ بہت ہو۔

اَکِیل ؏ ہم کاسہ یعنی ہمراہ کھانے والا۔

اِکمَال ؏ کامل کرنا تمام کرنا پورا کرنا۔

اِکتِحَال ؏ سرمہ آنکھوں مین کرنا۔

اِکلِیل ؏ تاج اور نام ستر ھوین منزل قمر کا۔

اُکُل ؏ میوہ اور پھل کسی درخت کا۔

اَکل ؏ کھانا یعنی طعام جو کھایا جاسے۔

اَکمَل ؏ بہت کامل اور پورا شخص۔

## الف بالام

اَلحَاصِل ؏ آخر کلام خلاصہ کلام نتیجہ کلام۔

اَلعَجَل ؏ جلدی کر دیر مت کر

اَلحَال ؏ الکنون یعنی اب اِسوقت اسدم۔

اِلّ ؏ پیمان وسوگند وقول وقرار مستحکم۔

آل ؏ فرزندان واہل خانہ ومتعلقان اور فارسی مین رنگ سرخ واسپ وقسم شراب وچوب وخیمہ و نام بیماری جو زچہ عورت کو ہوتی ہے اور نام بخیہ سے باریک جیسے کپڑا سرخ رنگتے ہین اور مہر بادشاہی اور بخشنا زمین وجاگیر کا جسکو آل تمغا کہتے ہین۔

## الف بامیم

اِمتِثَال ؏ فرمانبرداری متابعت واطاعت۔

اِملَال ؏ ملول کرنا دلگیر کرنا اندیشے مین ڈالنا۔

اِمہَال وامتہال ؏ فرصت دینا مہلت دینا کسی کو۔

اَمثَال ؏ داستانہائے مشہور اور مثلین اور قصے۔

امیر نحل ؏ لقب علی المرتضیٰ کا۔

اَمَاثِل ؏ جمع امثل جسکے معنی مشابہ ونظیر کے ہین۔

اَمسَال ؏ اِسی برس اِسی سال جو گذر رہا ہے اور جمع مثل کی جمع

اَمَل ؏ امید وآرزو وطمع جو کسی سے ہو۔

آمَال ؏ امیدین اور آرزوئین انسان کی۔

آمُل ؏ مازندران مین ایک شہر ہے۔

## الف بانون

اَنفَال ؏ جمع نفل وہ غنیمت جو کفار سے لین۔

اِنخِزَال ؏ کشادہ ہونا نابود ہونا ناچیز ہونا۔

اِنجِیل ؏ کتاب جو عیسے علیہ السلام پر نازل ہوئی۔

اَنجَل ؏ فراخ چشم جسکی آنکھین موٹی ہون۔

اِندِمَال ؏ بھرجانا اور اچھا ہونا زخم کا۔

اِنخِلَال ؏ تباہی وخرابی وبربادی۔

اَنَامِل ؏ جمع انملہ سرہائے انگشتان۔

اِنفِعَال ؏ شرمندہ ہونا شرمسار ہونا۔

اِنتِحَال ؏ کسی کا سخن یا شعر اپنا بیان کرنا۔

اِنزَال ؏ اترنا اتارنا اور اخراج منی کا بعد جماع کے ہونا۔

اِنفِصَال ؏ فیصلہ کرنا کسی مقدمہ کا اور ختم کرنا کسی فساد کا

اِنتِقَال ؏ ایک جگہ سے دوسری جگہ پر جانا۔

اِنتِسَال ؏ فرزند ہونا نسل پیدا ہونا۔

## الف باواو

اَوَّل ؏ پہلے۔

اَوَائِل ؏ جمع اول کی۔

اوغول ت د ہ نون واو غیر ملفوظ لڑکا اور معشوق محبوب و پیارا

اوجال ع ہیم او خوفناہیت سے ڈر او خوف ۔

اوَل ع جمع اولے جو مونث اول کا ہے۔

## الف با ہاء

اَہل ع سزاواری اور اُنس پکڑنا کدخدا ہونا اور لوگ ...

وصاحب وصاحبان

اہوال ع ہول یعنی دہشت و خوف و ڈر۔

اہمال ع چھوڑ دینا فرصت دینا توقف مین ڈالنا۔

## الف با یاء

ایصال ع پہونچانا وصول دینا ادا کرنا۔

اِیل سریانی زبان مین خدا تعالے کا نام ہے اور ترکی مین سال کو کہتے ہین

اِیَّل ع گوزن و بزکوہی یعنے پہاڑی گائے یا بکری۔

اِیل ت بیائے مجہول مردان و قوم و گروہ۔

ایلول رومی زبان مین نام مہینے کنوار کا ہے۔

آئینہ پیل ف لوہے کا تو اصقل کیا ہوا جو ہاتھی کے ستوان پر جنگ کے وقت باندھتے ہین اسلیے کہ ہاتھی کو زخم نہ آسے۔

## دوسری فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف با اور اخیر مین لام ہے

## با با الف

بال ف آدمی کے بازو اور مرغوں کے پر اور ایک قسم کی بڑی مچھلی اور امر بالیدن سے اور عربی مین دل و جان و عیش و عشرت و شان و عظمت اور ترکی مین شہد کو کہتے ہین۔

بابِل ع کوفہ کے پاس ایک شہر ہے۔

باقِل ع سبزی فروش اور نام ایک شخص احمق کا اور لڑکا جیسکے خط کا آغاز ہو یعنی نوجوان۔

بازِل ع وشتر نو برس کا۔

باذِل ع بخشنے والا سخی صاحب خرچ و صاحب بذل۔

باسِل ع دلیر و بہادر و پہلوان و جوانمرد آدمی۔

بائی حال ع بہر حال یعنی ہر ایک حالت مین۔

بالغدو و الآصال ع صبح کو اور شام کو یعنی ہر روز۔

بالاستقلال ع مضبوطی کے ساتھ نہایت مستحکمی کے ساتھ ثبات خود کسی کام مین مصروف ہونا اور مضبوط رہنا۔

پائے در گل ف گرفتار و حیران و پریشان کسی بدحالت مین۔

پامال ف خراب و خستہ و پریشان و ابتر۔

پاچال ف د ہ مغاک جسمین جولاہہ پاؤن لٹکا کر کام کرتا ہے ہندی مین گاشہ جولاہے کا کہتے مین اور پنجابی مین کھڈی۔

## با با تاء

بتول ع قاطع علائق دنیا و تارک و کنواری لڑکی وخطاب بی بی فاطمہ دختر پیغمبر علیہ السلام۔

بتل ع قطع یعنی الگ اور علیحدہ اور جدا۔

## با با جیم

بجول ت استخوان شتالنگ اور بالفتح قمار بازی جسکے قمار یعنی جوا کھیلتے ہین۔

## با با حاء

بحل ع گناہ بخشنا معاف کرنا اصل مین یہ لفظ بہل ہے ...

صیغہ امر بلیدن سے یعنی معاف کر چھوڑ دے درگذر جانے دے۔

## با با خاء

بخل ع بخیلی کنجوسی بخیل اسکا فاعل ہے۔

## با با دال

بددل ف ترس ناک ڈرپوک آدمی ڈرنے والا۔

بَدَل ف عوض اور باصطلاح کشتی گران وہ داؤ جو حریف کے داؤں کے جواب میں کیا جائے ہندمیں اسکو توڑ کہتے ہیں۔

بدل بالتخلل ع عوض اُس چیز کا جو تحلیل ہو بدن سے۔

بدسگال ف بداندیش و دشمن عداوتی بیری۔

بدیل ع بدلہ کسی چیز کا اور نام حکیم خاقانی کا۔

بدّال ع غلہ فروش جیسے کہ بقال سبزی فروش۔

## با با ذال

بذل ع بخشش اور دوڑ گھوڑے کی اور تیز رفتاری۔

## با با راے

برشگال ف برسات کا موسم یہ ہندی لفظ اصل میں برس کال تھا یعنی وقت بارش۔

پرتگال نام قوم فرنگ و قسم شراب انگوری۔

## با با زاے

بزل ع سختی شدت آفت رنج بلا و غم و اندیشہ۔

## با با سین

بسمل ع ذبح کرنا اور ذبح کیا ہوا جانور۔

## با با شین

پشکل ف سرگین شتر و گوسفند و موش جو خشک اور گولی کی صورت میں پیٹ سے نکلے بخلاف سرگین گاؤ و گاؤمیش وغیرہ۔

بشکال و بشگال ف موسم برسات کا جب بارش ہوتی ہے۔

## با با صاد

بصل ع پیاز جو ایک مشہور چیز ہے۔

## با با طاء

بطل ع دلیر و شجاع و جوانمرد و بہادر آدمی۔

بطّال ع بیکار و دروغگو جھوٹھا آدمی۔

## با با عین

بعل ع نام بت جسکو الیاس نبی کی قوم پوجتی تھی اور خاوند و شوہر عورت کا۔

بعال ع نر اور جماع کرنا در جوانیت اور بعل کی جمع ہے بمعنی شوہران اور زمین بلند بے آب خشک زمین۔

## با با غین

بغل ع خچر یعنی استر جو ایک مشہور چارپایہ ہے۔

بغل ف مشہور لفظ ہے بانہ کے نیچے کا جسم جسکو کچھ کہتے ہیں۔

## با با قاف

بقل ع ترہ یعنی سبزی و ساگ فاعل اسکا بقال ہے۔

بقّال ع سبزی فروش جسکو کنجڑا کہتے ہیں مجازاً ہر ایک دوکاندار غلہ فروش۔

## با با کاف

بکاول ف داروغہ باورچیخانہ کا جو کھانا پکانے پر مقرر رہتا ہو

## با با لام

بل ع بلکہ۔

بلال ع نام مؤذن پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام کا جو حبشی تھا

بُلبُل ع مشہور پرند ہے اور گل پر عاشق ہے۔

بَلابِل ع جمع بلبل و جمع بلبلہ کے لفظ کی۔

بُلبُل ع نم و تری آب یعنی پانی نم۔

بَلبال ع اندوہ و غم و پریشانی و دلگیری۔

بُل ف دریا کا پل اور پیسہ جو ایک مضروب سکہ تانبے کا ہوتا ہے۔

## با با نون

بنی اسرائیل ع یعقوب پیغمبر کی اولاد اور اسرائیل خطاب یعقوب کا تھا

## با با واو

بَول ع شاشہ پیشاب جو ذی جان کرتا ہے۔

بوالفضول ع سست فضول گو و احمق و نادان آدمی۔

پُول ف تانبے کا پیسہ اور دریا کا پل جو پانی پر باندھا جاتا ہے۔

## با با ہاء

بہل ف چھوڑا مرہ بلیدن سے۔

بہلول ع مرد خندہ رو و پیشوائے قوم اور نام ایک بزرگ ولی کا۔

## با با یاء

پیرزال ف بوڑھی عورت جو نہایت ضعیف ہو۔

پیرسال ف بوڑھی عورت یا مرد جو کہن سال و ضعیف ہو۔

بیت المال ع بادشاہی خزانہ جسمین روپیہ رہے۔

بیل ت بیاے مجہول آلہ آہنی مٹی کھودنے کا پھاوڑا جسکو کہتے ہین۔

پیل ف ہاتھی جو بڑا جانور سواری کا مشہور ہے۔

پیل پال ف کسی مجرم کو ہاتھی کے پانون مین ڈالدین تا مرجائے یہ ایک قسم تعذیب کا ہے جو مجرم کو دیا جاتا ہے۔

پیچال ف سرگین مرغان یعنی بیٹھ جانورون کی۔

## تیسری فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف تا اور آخر مین لام ہے

## تا با الف

تال ف دو خرد پیالیان جو رقص و سرود کیوقت طبلہ کے ساتھ بجاتے ہین یعنی کنسیان۔

تاوِیل ع بیان کرنا ظاہر کرنا کسی عبارت کو ایک بات سے دوسری زبان مین

تال مال ف پریشان و متحیر و اندیشہ ناک و غمگین۔

تامُّل ع اندیشہ کرنا فکر کرنا غور کرنا کسی کام مین۔

تاہُّل ع نکاح کرنا عیال دار ہونا نکاح کرنا عورت سے۔

تاجیل ع مہلت دینا دیر و توقف مین ڈالنا۔

## تا با باء

تبجیل ع عزت کرنا تعظیم کرنا مدارات سے پیش آنا۔

تبادُل ع بدل لینا عوض معاوضہ کرنا۔

تبدُّل ع عوض کرنا بدلنا۔

تبدیل ع بدلنا عوض معاوضہ کرنا کسی چیز کا کسی چیز کے ساتھ۔

تبعُّل ع شوہر ہونا کسی عورت کا خاوند بنانا۔

تبتُّل ع یا خدا ہونا تارک الدنیا ہونا عابد و زاہد ہونا۔

## تا با تاء

تثاقُل ع گران بار ہونا بوجھل ہونا حاملہ ہونا عورت کا۔

## تا با جیم

تجاہُل ع جان بوجھ کرنا دان بننا احمق بننا۔

تجمُّل ع شان و شکوہ و جمال و آرایش و زینت۔

تا با حاء

تحلیل ع حلال کرنا فانی کرنا نابود کرنا کسی کو۔

تحصیل ع حاصل کرنا پانا کسی چیز کو۔

تحمل ع برداشت کرنا اٹھانا۔

تحمیل ع بوجھ لادنا بار کرنا کسی پر۔

تحویل ع حوالہ کرنا داخل ہونا سونپنا پھرنا پھرانا۔

تا با خاء

تختۂ اول ف لوح محفوظ جس پر سب بات لکھی ہے۔

تخلل ع رخنہ خرابی وتباہی وغم وپریشانی۔

تخلیل ع خیال کرنا خیال میں ڈالنا وہم میں ڈالنا کسی کو۔

تخیل ع خیال میں لانا متوجہ ہونا دریافت کرنا۔

تخلخل ع جدا ہونا اجزا کسی چیز کا ایک دوسرے سے۔

تخاقوئیل ت اس سال ایک سال کا نام ہے۔

تا با دال

تداخل ع دو چیزوں کو ملانا پیوند کرنا جوڑنا۔

تداول ع نوبت بنوبت لینا دینا کسی چیز کا۔

تذلل ع اپنے آپ کو ذلیل رکھنا۔

تذلیل ع ذلیل کرنا خوار کرنا خراب کرنا۔

تا با راے

ترازوی عدل ف بادشاہ منصف وعادل۔

ترحال ع کوچ کرنا رحلت کرنا وچل دینا۔

ترتیل ع قرآن پڑھنا باداے مخارج وصحت الفاظ کے

ترہل ع بر وزن تحمل نرم گوشت ہونا۔

ترسیل ع بھیجنا خط یا پیغام یا ایلچی کا۔

تا با زاے

تزلزل ع لرزیدن یعنی کانپنا لرزہ کھانا کسی کا۔

تزلل ع لغزیدن یعنی پھسلنا کسی مقام سے۔

تا با سین

تسلسل ع زنجیرہ دار ہونا رواں ہونا پیوستہ رہنا۔

تساہل ع آسان کرنا کسی مشکل بات کو۔

تسبیح سال ف رشتہ سالگرہ جو باندھتے ہیں۔

تسویل ع آراستہ کرنا کچھ مانگنا وافترا وسخن آرائی۔

تسہیل ع آسان کرنا کسی مشکل بات کا۔

تا با شین

تشکیل ع شکل بنانا صورت بنانا۔

تشکل ع مشکل کی صورت پکڑنا۔

تشاکل ع باہم ایک شکل ہونا۔

تا با طاء

تطاول ع ظلم درازدستی وجور وجفا وغارت کرنا۔

تا با ظاء

تظلیل ع سایہ ڈالنا کسی کے اوپر سایہ کرنا۔

تا با عین

تعدیل ع برابر کرنا راست ودرست کرنا ہم وزن کرنا۔

تعجیل ع جلدی کرنا کسی ضروری کام میں۔

تعطیل ع بیکار ومعطل کرنا نکما کرنا۔

تعطل ع بیکار رہنا معطل رہنا۔

تعلّل ع علت اٹھانا بہانہ و توقف کرنا تحیت اٹھانا۔
تعقّل ع فکر کرنا اندیشہ کرنا کسی کام مین۔
تعال ع اسکے معنی آؤ۔
تعزّل ع برطرف کرنا جدا کرنا علیحدہ کرنا کسی کام سے۔
تعمّل ع عمل مین لانا کام مین لانا۔
تعلیل ع وجہ بیان کرنا دلیل لانا علت بیان کرنا۔
تعویل ع اعتماد کرنا اعتبار کرنا کسی پر۔
تعمیل ع عمل دینا عمل کرنا کام دینا کام کرنا۔

## تا با غین

تغافل ع روگردانی کرنا غفلت کرنا کسی کام مین۔

## تا با فاء

تفاصل ع جدا کرنا فرق کرنا الگ کرنا علیحدہ کرنا۔
تفصیل ع جدا کرنا جمع اسکی تفاصیل ہر۔
تفاؤل ع فال لینا شگون پوچھنا۔
تفضیل ع فضیلت دینا بڑھانا۔
تفضّل ع بزرگی اور عزت و فخر و بڑائی۔
تفاضل ع زیادہ آنا بڑھ کر آنا۔
تفؤل ع فال شگون نیک لینا۔
تفرق اتصال ع زخم و جراحت یعنی بھر جانا زخم کا اور اچھا ہونا۔

## تا با قاف

تقبیل ع بوسہ دینا چومنا کسی چیز کو۔
تقابل ع مقابل ہونا برابر ہونا روبرو ہونا۔
تقبّل ع قبول کرنا مان لینا۔
تقاتل ع ایک دوسرے کو قتل کرنا مار ڈالنا۔
تقلیل ع کم کرنا قلت مین لانا گھٹانا کسی چیز کو۔
تقلقل ع غم واندوہ و بیقراری و پریشانی و ابتری۔

## تا با کاف

تکاسل ع اپنے آپکو سست کرنا کاہل بنانا۔
تکاہل ع اپنے آپ کو کاہل کرنا سست بنانا۔
تکسّل ع سست ہونا سستی کرنا کسی کام مین۔
تکفیل ع ضمانت دینا ضامن ہونا کسی کا۔
تکمیل ع کامل کرنا پورا کرنا درست کرنا۔
تکفّل ع ضامن ہونا ذمہ دار ہونا کسی کا۔

## تا با لام

تل ف زمین بلند و پشتہ جسپر پانی نہ جاسکے۔
تلال ع کریوہ ہا و پشتہ ہا یعنی بہت سے پشتے۔

## تا با میم

تمثال ع صورت و پیکر و فرمان بادشاہی۔
تمثّل ع روبرو ہونا مثال دینا تشبیہ دینا۔
تمثیل ع روبرو ہونا مثال دینا تشبیہ دینا۔
تماثیل ع صورتین اور فرمایین و تصویرین و شکلین۔
تمحّل ع مکر و حیلہ کرنا داد دینا فریب مین لانا۔
تموّل ع مالدار ہونا دولتمند و غنی ہونا۔
تمہّل ع توقف کرنا ڈھیل کرنا کسی کام مین۔
تململ ع بے قراری و بے آرامی و پریشان حالی۔

## تا با نون

تنزیل ع اُتارنا اور قرآن مجید اور نام ایک کتاب سلوک کا۔

تنازُل ع باہم اُترنا ایک مقام میں۔

تنزُّل ع اترنا کم ہونا تھوڑا ہونا۔

تناسُل ع اولاد جاری کرنا نسل بڑھانا۔

تنقُّل ع نقل کرنا کھانا طعام کا۔

تنگ دل ف پریشان حال اور مرد بخیل جو خرچ نہ کرے۔

تناوُل ع لینا اور اُٹھانا مجازاً کھانا طعام کا۔

تنبول ف برگ پان جو مشہور درخت کے پتے ہین۔

تنگسال ف قحط کا برس جس سال غلہ گران ہو۔

تنبل ف آدم فربہ و جاہل و کاہل و بیکار یعنی نکما آدمی جو کوئی ہنر نہ جانتا ہو۔

تنبل ف مکر و حیلہ و دغا و فریب دینا کسی کو۔

تناسُل ع بچہ جننا اولاد پیدا کرنا نسل بڑھانا۔

## تا با واو

توکُّل ع سونپنا بھروسا کرنا خدا پر دنیا چھوڑ کر۔

توغُّل ع کوشش و سرگرمی و مشق کامل دور جانا۔

توکیل ع وکیل کرنا وکیل بنانا۔

توسُّل ع وسیلہ پکڑنا ذریعہ پیدا کرنا۔

توبال ع برادہ مس و آہن یعنی رگڑا ہوا تانبا لوہا۔

توشمال ت خان سالار جو باورچیخانہ پر مختار ہو۔

توابل ع مصالحہ طعام زیرہ لونگ مرچ وغیرہ۔

## تا با ہا

تہلیل ع لا الٰہ الا اللہ کہنا ذکر نفی و اثبات کا کرنا۔

تہویل ع خوف دلانا ڈرانا دھمکانا۔

## تا با یاء

تیغال ع ترنجبین جو مشہور دوا ہے۔

تیہ بنی اسرائیل ع ایک جنگل کا نام ہے جہاں موسیٰ نبی علیہ السلام کا لشکر چالیس برس سرگردان رہا۔

تیول ت جاگیر جو بادشاہ سے کسی کو ملے۔

## چوتھی فصل

### اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف ثا اور اخیر مین لام ہے

## ثا با الف

ثآلیل ع جمع ثؤلول جسکے معنی مسّہ کے ہین۔

## ثا با فاء

ثفل ع گوز بے آواز پاخانہ پھرنا۔

## ثا با قاف

ثقل ع گرانی بار یعنی بوجھ کی گرانی۔

ثِقل ع گران ہونا بھاری ہونا بوجھل ہونا۔

ثَقَل ع ہر چیز نفیس نگاہ رکھنے کے لائق۔

ثقیل ع گران اور نام بیماری بدہضمی کا۔

## ثا با واو

ثؤلول ع گوشت پارہ سیاہ جو بدن پر ظاہر ہو ہندی مین اُسکو مسّہ کہتے ہین۔

## پانچوین فصل

### اُن لغات کے بیان مین جن کے

اوّل حرف جیم اور آخر مین لام ہی

جیم با الف

جامغول ت حرام زادہ شریر خراب آدمی۔

جاعل ع ظاہر کرنے والا پیدا کرنے والا۔

چار منزل ف شریعت طریقت حقیقت معرفت۔

جاہل ع نادان بے علم بے خبر آدمی۔

جادل ع لڑنے والا جنگ کرنے والا۔

چال ف وہ گھوڑا جسکے بال سرخ و سپید ہون۔

جیم با بای

جبل ع کوہ پہاڑ جو مشہور چیز ہی۔

جبال ع جمع جبل کی یعنے بہت سے پہاڑ۔

جیم با دال

جدال ع جنگ و خصومت کرنا لڑنا آپسمین۔

جدل ع جنگ و پیکار و لڑائی و فساد۔

جدول خطوط جو کتابکے صفحہ کے چارطرف کھینچے جاتے ہین

جداول ع جدول یعنی بہت سے خطوط۔

جیم با رای

جرثقیل ع علم باربرداری جسکے ذریعہ سے باسانی ہر زور مین بوجھ اٹھ سکتا ہی۔

جیم با زای

جزائل ع جزل یعنے محکم و مضبوط و سخت چیزین۔

جزیل ع بزرگ و محکم و مضبوط و سخت۔

جزل ع کاشتکار ہمیشہ خشک سطر و سخن درست و محکم وغیرہ

بسیار عطا و دانائی و درست رائی و آواز کبوتر۔

جزل ع اونٹ کے پشت کا زخم جو پالان سے ہو جاتا ہی۔

جیم با شین

چشم بلبل ف قسم پارچہ جسکو بلبل چشم کہتے ہین۔

جیم با عین

جعل ع بنانا اور پیدا کرنا اور نقل کرنا اس چیز کا جو اصل کے مشابہ ہو جائے

جعل ع نام جانور سیاہ رنگ بشکل زنبور جو سرگین وغیرہ گندگی سے پیدا ہوتا ہی

جیم با غین

چغل ف غماز جو کسی کی پیٹھ پیچھے چغلی کرے۔

جیم با کاف

چگل ف ترکستان مین ایک شہر ہی۔

جیم با لام

جل ع نام طائر خوش آواز جو بہت اچھی بولی بولتا ہی۔

جل ف گدھے کی جل جو گدھے کی پشت پر ڈالتے ہین۔

جل ع بزرگ اور صاحب عزت و حرمت۔

جلیل ع بزرگ و نام خدا تعالی جلشانہ کا۔

جلال ف جل اسپ جو گھوڑے پر ڈالتے ہین۔

چل ف جاؤ چلو یہ لفظ فارسی و ہندی مین مرکب ہی۔

چل ف آلہ تناسل انسان کا۔

جلال ع بزرگی عزت و حرمت و بڑائی و فخر۔

جلاجل ع زنگولہ جو ایک بجانے کی چیز ہی۔

جلجل ع زنگولہ یعنی جھانجھ جو بجاتے ہین۔

جلال ع کناس و خاکروب صفائی کرنے والا۔

جُلاجِل ع بزرگیان اور خوبیان اور گھنٹیان

### جیم با میم

جَمَل ع شتر یعنی اونٹ جو مشہور چارپایہ ہے۔

جُمَّل و جُمَل ع حساب ابجد کے حروف کا۔

جُمّال ع جمع جمل یعنی بہت سے حساب ابجد کے۔

جَمال ع خوبی صورت و سیرت و حسن انسان کا۔

جُمّال ع خوبصورت لوگ جو صاحب حسن و جمال ہون۔

جَمّال ع شتربان جسکو ساربان بھی کہتے ہین۔

جَمِیل ع خوبصورت و نیکوخو و نیکوکار و نیک افعال۔

### جیم با نون

جنبشِ اول ف حرکت قلم قضا و قدر کے قلم کی حرکت۔

جَندَل ع بروزن صندل سنگ بزرگ و مشہور قوم۔

چنگل و چنگال ف پنجہ آدمی وغیرہ۔

جنداول ف وہ فوج جو حفاظت کیلیے مقرر ہو پاسبانی فوج۔

جَنداول ف پاسبان و فرومایہ و چوکیدار۔

### جیم با واو

جوال ع غلہ جسمین غلہ بھر کر لادتے ہین ہندی مین اسکو گون کہتے اور گودڑی و قسم جامہ درویشان و بمعنی جسم و بدن۔

جَوال ع گرد پھرنا طواف کرنا۔

جوہر فعّال ع عقل یعنی وہ جوہر جسکے ذریعہ سے کام کرے۔

جوہر اول ع جبرئیل علیہ السلام یا نور محمدی۔

جوز ماثل ع دھتورہ کا پھل جو مشہور چیز ہے۔

جُول ع بیابان جنگل ویرانہ زمین۔

### جیم با ہا

جُہدُ المُقِل ع سعی اندک و پوشش درویش۔

جَہل ع نادانی بے علمی بکسر جیم خطا ہے اور بفتح جیم صحیح۔

جَہُول نادان احمق بے علم بے وقوف۔

چہل ف چالیس جسکو عربی اربعین کہتے ہین عدد چالیس کا۔

جَیپال ھ نام راجہ لاہور جسپر محمود غزنوی فتحیاب ہوا۔

جِیل ع گروہ آدمیون کا ہجوم لوگون کا۔

## چھٹی فصل
## اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف حا اور اخیر مین لام ہے

### حا با الف

حَامِل ع بوجھ اٹھانے والا بار اٹھانے والا۔

حال ع زمانہ موجود اور فارسی مین رقص وجد عارفانہ و گوے و چوگان و حالت۔

حاصل ع نتیجہ مطلب جو مراد مل چکے۔

حافل ع انبوہ اور چھاتی دودھ بھری ہوئی۔

حَائِل ع باز رکھنے والا منع کرنے والا۔

حال و قال ع حالت دل و تقریر زبان اور اولیا اللہ کو صاحب حال و قال کہتے ہین۔

### حا با با

حَبل ع رسن رگ ریشہ جو جسم مین ہے۔

حِبال ع رسیان اور دام یعنی جالیان شکاریون کی۔

حَبالیٰ ع جمع حبلیٰ زنان حاملہ و جمع حبالہ بمعنی رسن و دام

## حا با جیم

حجل ع کبک ہندی چکور نام طائر جو مشہور ہے۔

حجل ع حجلہ یا یعنی حجلہ ڈولیان جسمین سوار ہوتے ہین۔

حجال ع جمع حجلہ یعنی بہت سی سواری کی ڈولیان۔

## حا با را

حرلیف و حل ف ایک کشتی کے داو کا نام ہے اور منشین جو منافق ہو۔

حرمل ف اسپند مشہور تخم ہے جو آگ مین جلایا جاتا ہے۔

## حا با سین

حسین ابدال ع نام مرد ولی و نام مقام پنجاب جس جگہ مزار اُس بزرگ کا ہے

حصول ع حاصل ہونا ملنا مطلب و مقصود کا۔

## حا با لام

حلاحل ع سردار قوم افسر سر گروہ مقدم گانون کا۔

حل ع روان ہونا احرام سے نکلنا فارغ ہونا۔

حل کھولنا اور اُترنا حلال ہونا روا ہونا اور تلون کا تیل جو اُس سے نکلتا ہے۔

حلل ع جمع حلہ یعنی جامہ اور کپڑا پہننے کا۔

حلال ع گرہ کھولنے والا اور تیل بیچنے والا۔

حلال ع وہ چیز جسکا کھانا اور برتنا شرعاً درست ہے۔

حلول ع اختصاص کسی چیز کا کسی چیز کے ساتھ جیسے اختصاص سیاہی کا آنکھون کے ساتھ اور داخل ہونا کسی چیز کا کسی مین۔

## حا با میم

حمال ع بار اُٹھانے والا یعنی جسنے بار اُٹھایا ہو۔

محوقل ع وہ دوا جو پارچہ پر لگا کر دبر یا قبل مین رکھین۔

حمول ع صابر و متحمل و بار بردار آدمی قائم مزاج آدمی۔

حمل ع اُٹھانا و بار شکم اور وہ بار جو گردن پر اُٹھایا جاوے

حمل ع وہ بار جو پشت یا سر پر رکھین اور گناہ۔

حمل ع نام برج اول آسمانی اور گمان خیال کرنا و نام ماہ پہلا کا۔

حمائل ع وہ ال تلوار کی اور جو چیز گردن مین لٹکائین۔

## حا با نون

حنظل ع نام ایک پھل کا جسکو بھی اندرائن کہتے ہین اور نہایت تلخ ہوتا ہے اور خوش رنگ۔

## حا با واو

حول باز گشت کرنا پھرنا رجوع لانا و قوت و دانائی اور گرد پھرنا

حول ع کج بین ہونا بھینگا آدمی باز گشت قوت توانائی۔

حول ع پھرنا ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا گشت کرنا۔

حوصل ع نام مرغ سفید یعنی بگلا جو مشہور پرند ہے۔

حوامل ع زنان حاملہ یعنی پیٹ والی عورتین۔

## حا با یا

حیال ع حیلہ گر آدمی مکار و فریبی اور بد عہد آدمی۔

حیل ع یہ لفظ جمع حیلہ کی ہے بہت سے حیلے و مکر۔

حیض الرجال ع غیبت و کلام بیفائدہ و فضول گوئی۔

## ساتوین فصل
### اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف خا اور اخیر مین لام ہے

## خا با الف

خال ع ماموں یعنی والدہ کا بھائی و بزرگی و دانائی و دماغ

سیاہ جسکو تل کہتے ہین و بمعنی آبلہ و تبخالہ جو جسم پر پڑجائے
خامل ع گمنام و مرد فرومایہ و کمینہ یعنی پاجی۔

### خا با جیم

خجل ع شرمندہ اور رسوا و شرمندگی کی حالت۔
تجمل ع شرم و حیا جو اچھے لوگون مین ہوتا ہے۔

### خا با ذال

خذول ع شرمندہ و بے بہرہ و بے نصیب رسوا و خوار۔

### خا با رائے

خردل ع رائی جو غلہ مشہور ہے اور اچار مین ڈالی جاتی ہے
خرذل ع نامرد اور ڈرنے والا اور بزدل آدمی۔

### خا با زائے

خزعبیل ع ناحق و باطل ناکارہ بات کذب و دروغ۔

### خا با صاد

خصل ع شرط لگانا قمار پر داؤ لگانا۔
خصال ع جمع خصلت کی عادتین خوئین انسان کی۔
خصائل ع جمع خصال کی یعنی بہت سی خصلتین اور خوئین۔

### خا با طا

خطامندا ع خط ع بمعنی خوانان جو لوگ منتر جھاڑ کرتے ہین۔

### خا با لام

خلال ع فاصلہ میان دو چیز اور دوستی کرنا لائق کرنا کسی کو اور
بہت دوست اور بہت سی خصلتین اور چوب دندان یعنی
جو تنکا دانتون مین بھیرین و خس و گیاہ از روی مجاز۔
خلیل ع سچا دوست اور لقب ابراہیم پیغمبر علیہ السلام جنکو خلیل اللہ کہتے ہین۔

خلخال ع نام زیور جو پاؤن مین پہنتے ہین یعنی جھانجھ پانؤن
کے پہننے کا زیور فارسی مین پا برنجن نام ہے و نام شہر جو مشہور ہے۔
خل ع یار و دوست رفیق و ہمنشین ہم صحبت۔
خل ع سرکہ جو مشہور ترش چیز ہے۔
خلل ع کشادگی و رخنہ و تباہی کار و خرابی جو کسی کام مین واقع ہو جائے۔

### خا با میم

خمول ع گمنامی و از خود رفتگی و مفلسی و نادانی
خمل ع خالص جسمین دوسری چیز کی آمیزش نہو۔

### خا با واو

خول ع دولت و لشکر وغیرہ اسباب و سامان امیری کا۔
خول ع چھلکا جو اوپر کے جلد کا ہو۔
خوال ع طعام خوردنی و دود و دھر و چراغ یعنی چراغ کا پھول۔

### خا با یا

خیطل ع گربہ کیوان جو معروف ہے یعنی گھر کی بلائی۔
خیل ع گروہ مردم و گلہ اسپان و گاوان و گوسفندان
یعنی بسیار و بمعنی کم و صرف اسپ۔
خیول ع سواران و اسپان سواری کا۔
خیال ع کوئی گمان یا صورت جو خواب مین نظر آوے یا
بیداری مین تصور کیجئے اور نام ایک قوت کا ہے جسمی سے

## آٹھوین فصل

### اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف دال اور آخر مین لام ہے

### دال با الف

دَاخُول و دَاخَل ع شاہی محل کا برآمدہ جسمین عام لوگ بیٹھیں اع رروہ نشان جو دفع مرغون کیلئے زراعت پر نصب کرین

دَاءُالفِیل ع نام بیماری کہ پاؤن ساق تک سوج کر ہاتھی کے پاؤن کے برابر ہو جاتا ہی۔

دَاحُول ع ہراسہ یعنی کوئی نشان جو مرغ مرغون کے لیئے زراعت پر نصب کرین۔

دَاخِل ع دخل کرنے والا اور جسمین دخل کیا ہو۔

دارفلفل ع پیپلین مشہور دوا ہی۔

دَالّ ع راہ نما راستہ دکھلانے والا پیر و مرشد استاد۔

## دال باجیم

دَجّال ع مخالف عیسی مسیح کا حضرت عیسیٰ کا دشمن۔

## دال باخاء

دَخل ع آنا اور آمدنی روپیہ پیسہ کی اور اعتراض کرنا کسی کام مین۔

دَخِیل ع جو شخص کسی کے کام مین دخل رکھتا ہو۔

دُخُول ع گھسنا اندر جانا داخل ہونا۔

## دال باسین

دست و دل ف قوت و ہمت و طاقت جسم کی۔

دست بر دل ف پریشانی اور بیقراری کی حالت مین۔

دستمال ف ہاتھ پونچھنے کا کپڑا جس سے کھانے کے بعد ہاتھ پونچھین۔

## دال باغین

دَغَل ف مکر و حیلہ و مکار و حیلہ گر و دغاباز و زر ناسرہ۔

## دال باقاف

دَقَل ع تیر کشتی و نخل بے بار و درخت خرما و زبون۔

## دال باکاف

دَکَل ف مکر و حیلہ و مکار و حیلہ گر و دغاباز۔

## دال بالام

دَلّ ع ناز و کرشمہ جو عاشق سے معشوق کرتے ہین۔

دَلال ع غمزہ و اشارہ و آنکھ سے رمز و کنایہ۔

دِلال ع ناز و کرشمہ و رمز و کنایہ۔

دَلّال ع جو شخص اشارون سے کام کرے اور جو شخص دو شخصون مین ثالث ہوکر سودا کرا دے۔

دُلْمَق ع نخود یا گندم خام جو پردہ مین ہو اور اسکو بھون کر کھاتے ہین یہ ایک قسم کی خوراک ہی۔

دُلْدُل ع نام مادہ استر سفید مائل بسیاہی جسکو حاکم اسکندریہ نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی نذر کیا اور حضرت نے علی المرتضیٰ کو بخشدیا۔

دِل ف قلب و روح و جان و ارادہ و قصد۔

دَلِیل ع رہبر و راہنما جمع اسکی دلائل ہی۔

دِل بادِل ف نڈر اخیمہ یہ لفظ ہندی مستعمل بفارسی ہی۔

## دال بامیم

دُمَّل ع پھوڑا جمع اسکی دمامیل ہی۔

## دال بانون

دَنگل ف میدان لڑائی کا۔

دُنبال ع دم حیوانون کی و پس و عقب و پیچھا ہر ایک چیز کا۔

دُنبل ع ف پھوڑا جو کسی کے بدن پر ہو۔

## دال باواو

دُوَل ع جمع دولت یعنی بہت سی دولتین۔
ذَوَالِع دلو آبکش و مکار و بچیاوتیر کشتی و خلیط و کیسہ۔
دَوَال ف تسمہ چرم اور چوب جیسے نقارہ اور شتری
بجاتے ہین تیغ و شمشیر یعنی تلوار جو مشہور ہتھیار ہے۔
دور کل ف نام سرود جو فارس مین گایا جاتا ہے۔

## دال باہاء

دُہل ف نقارہ و شتری جو بجایا جاتا ہے۔
دہ دل ف منافق و بمعنی شجاع و جوانمرد دبہادر آدمی۔

## دال بایاء

دَیبہر قل ف ہرقل کا کلیسا اور ہرقل بادشاہ کا نام ہے جو نصارا تھا۔

## نوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف ذال اور اخیر مین لام ہے

## ذال باالف

ذات الشمال ع صاحبان طرف چپ یعنی کافران و مشرکان۔
ذَاہِل ع غافل و کاہل و سست آدمی۔

## ذال باباء

ذُبُول ع لاغری و پژمردگی و پریشانی و ابتری۔
ذَبُول ع لاغر و پژمردہ و برگشتہ حال و ابتر۔
ذُبَال ع فتیلہا جمع ذبالہ و بمعنی فتیلہ کے ہندی بتی۔

## ذال باللام

ذَلِیل ع خوار و گنہگار و رام و مطیع و نرم و آسان۔
ذُل ع خواری و ابتری و خرابی۔
ذِل ع نرمی و فرمانبرداری و اطاعت۔
ذَلُول ع نرم و مطیع و فرمان بردار و تابع۔

## ذال باواو

ذوالجلال ع صاحب بزرگی خدا کا نام ہے۔

## ذال باہاء

ذُہُول ع غفلت و تغافل اور سہو و نسیان۔

## ذال بایاء

ذَیل ع دامن ذیول اسکی جمع ہے یعنی بہت سے دامن۔
ذِی بَال ع صاحب عزت و شان و خوبی و صاحب فخر۔

## دسوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف راء اور اخیر مین لام ہے

## راء باالف

رَاجِل ع پیادہ جو سوار نہو۔
رَاحِل ع کوچ کرنے والا ایک مقام سے دوسرے کو۔
راس المال ع سرمایۂ تجارت پونجی۔

## رائے بابای

ربیع الاول ع تیسرے مہینے قمری کا نام ہے۔

## رائے باجیم

رِجل ع پا یعنی پاؤن انسان یا حیوان کا۔
رَجُل پیادہ ہونا اور آدمی جمع اسکی رجال ہے۔

## رائے باحاء

رَحل ع مسکن و منزل و رخت و اسباب و پالان شتر اور کوچ کرنا اور

رحالہ ع دو تختہ چوبی آپس میں ملے ہوئے جس پر قرآن رکھتے ہیں۔

رحال ع جمع رحل گھوڑا سواری کا یا چوپایہ لکڑی جس پر قرآن رکھتے ہیں۔

رحیل ع کوچ کرنا چل دینا ایک مقام سے دوسرے مقام کو۔

## راے با ذال

رذیل ع رذیلہ ع ناکس فرومایہ خراب پریشان اور پاجی۔

رذائل ع جمع رذیلت ناکسی ہا و فرومایگیہا۔

## راے با سین

رسول ع بھیجا ہوا و پیغمبر صاحب کتاب و قاصد و پیک جو کسی کا پیغام لیجاوے۔

رسل ع جمع رسول بہت سے پیغمبر و ایلچی و قاصد۔

رسائل ع نامہ ہا و ہمراہان و ہم زبانان۔

رسیل ع ہمراہ و پیغام برد و فرستادہ یعنی ایلچی۔

## راے با طاء

رطل ع پیمانہ نیم آثار یعنی آدھ سیر کا پیمانہ۔

## راے با قاف

رقم اول ف نور محمدی صلی اللہ علیہ وسلم جو سب سے اول پیدا ہوا۔

رقص اصول ف قسم رقص یعنی رقص بارہ تال۔

## راے با میم

رمل ع ریگ اور نام علم فال کا اور علم قرعہ۔

رمل ع نام بحر نوزدہ بحور نظم سے اس وزن پر فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلات اور لغت میں ثاث بنا یا ماخوذ ہر ملان جسکے معنی اونٹ دوڑانے کے ہیں۔

رمال ع ریگہا یعنی بہت سی ریگیں۔

## راے با واو

رواحل ع جمع راحلہ سواریاں گھوڑے اونٹ وغیرہ کی۔

رومال ف مشہور لفظ ہر وہ کپڑا جس سے منہ پونچھیں۔

## گیارھوین فصل

## ان لغات کے بیان مین جن کے اول حرف زاء اور اخیر مین لام ہی

## زاے با الف

زاخیل ع درخت زقوم جسکو ہندی مین تھوہڑ کہتے ہین۔

زاہل ع پھولنے والا درخت یا پھول وغیرہ۔

زاحل ع ماندہ ہونے والا خراب ہونے والا۔

زابل ف نام شہر و ولایت سیستان میں۔

زاغنول ف بوا و مجہول سلاح تیر جو مشہور ہتھیار ہی۔

زائل ف دور ہونے والا گم ہونے والا محو ہونے والا

زال ف زن پیر و مرد پیر۔

## زاے با باء

زبل ع سرگین اسپ و اشتر و خر وغیرہ۔

## زاے با حاء

زحل ف نام ستارہ جو آسمان ہفتم پر نحس اکبر ہی اور ساتوین آسمان پر اسکا مقام ہی۔

زکال و زغال کوئلہ جو لکڑی جلا کر بنائے ہیں۔

## زاے با لام

زلزال ع لرزانیدن یعنی کپانا لرزہ دینا کسی چیز کو

زلازل ع جمع زلزلہ یعنی بہت سے زلزلے۔

زَلَل ع لغزش ونقصان کی ترازو مین ڈنڈی اور لغزش کا مقام
زُلال ع نام کرم جو برف مین پیدا ہوتا ہو نیز آب سرد و شیرین

## زاے با نون

زنده پیل ف بڑا ہاتھی اور لقب شیخ احمد جام کا۔
زَنجَبیل ع سونٹھ جو ایک مشہور چیز اور معروف دوا ہو۔
زَنبیل ع گدائی کرنیکا تھیلا جسمین فقیر روٹی کے ٹکڑے جمع کرتے ہین

## زاے با واو

زَوال ع ایک حال سے دوسرے حال پر پہونچنا پست ہونا کم ہونا

## بارھوین فصل
## اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف سین اور اخیر مین لام ہو

## سین با الف

سادہ دل ف مرد نادان واحمق وکم عقل۔
سَاحِل ع کنارہ دریا کا۔
سَافِل ع نیچے والا زیرین یعنی منزل زیرین ومکان زیرین۔
سَائل ع پوچھنے والا مانگنے والا جاری ہونیوالا روان ہونیوالا
سَال ف برس یونانی زبان مین کشتی و بزبان ہندی نام درخت جسکی لکڑی نہی کار آمد ہوتی ہو۔

## سین با باء

سَبَل ع بیماری آشوب و سرخی چشم و نمودار گون جو آنکھون کے اندر پیدا ہونیسے بعضا پلک ورسکے صدمہ سے پلکین ورم کرجاتی ہین۔
سُبُل ع راہہا یعنے راستے جمع سبیل کی۔
سَبِیل ع راستہ و آب و شیرینی وقف۔
سِبال ع جمع سبلت یعنی مونچھین۔
سِبال ع وہ شخص جسکو بیماری سبل کی ہو۔

## سین با جیم

سِجّیل ع کچا پتھر چونہ کا جسکو جلاکر عمارات مین لگاتے ہین۔
سِجِل ع وہ سند جسپر قاضی یا حاکم کی مہر ہو یا دستخط۔
سِجال ع ڈلوہا بہت سے ڈول جمع سجل۔
سجنجل ع رومی زبان مین آئینہ کو کہتے ہین۔
سِچقان ئیل ت بارہ سالون مین پہلے سال کا نام ہو۔

## سین با حاء

سحبان بن وائل ع نام مرد فصیح و بلیغ عرب جو اپنے زمانہ مین یکتا تھا
سحر حلال ع شعر و سخن فصیح و نام مثنوی جسکا مصنف اہلی شیرازی تھا۔
سحیل ع رشتہ یعنی تاگا سوت کا۔

## سین با راے

سَرَاوِیل ع پاجامہ جو مشہور کپڑا ہو۔
سَرافیل ع نام فرشتہ حامل صور۔
سر حلقہ عقل ف کنایہ عقل اول و نور محمدی صلی اللہ علیہ وسلم۔
سرخیل ف سردار افسر سرگروہ و سپہ سالار۔
سُرغل ت نام سردار مغل جو بڑا امیر تھا۔
سرمای کل ف سرما خفیف آغاز بہار جبکہ تھوڑی سردی ہو۔
سربال ع پیراہن اور ہر چیز پوشیدہ۔

## سین با زاے

سزاول ف حاصل کنندہ یعنی حاصل کرنے والا۔

## سین با طاء

سطل ع ایک قسم کا طشت ہوتا ہو جو مشہور برتن ہو۔

### سین با عین

سُعَال ع سرفہ کھانسی جو مشہور بیماری ہو۔

### سین با فاء

سُفَال ع آوند گلی مٹی کا برتن کمہار کا بنایا ہوا برتن۔

سِفْل ع پستی اور وہ مکان جو سب سے نیچے ہو۔

سَفَرجَل ع وہ میوہ جسکو بہی کہتے ہیں۔

سُفُول ع پستی یعنی پست ہونا نیچے ہونا۔

### سین با قاف

سِقَال ت محاسن طیہ ریش ڈاڑھی آدمی کی۔

سقای نیل ف کنایۃ ابر سحاب بادل جو برستا ہو۔

### سین با کاف

سِگَال ف خیال و اندیشہ وہم و گمان اور خیال و اندیشہ کرنیوالا

### سین با لام

سَل ع نکالنا تلوار یا چھری کا اور فصد کرنا یعنی خون نکالنا۔

سِل ع باہر نکالا گیا و بمعنی نطفہ و نام مرض مہلک و در فارسی میں کشتی کو بھی

و نے جسکو نلہ کہتے ہیں اور ایک قسم کا ہتھیار جسکو سیل کہتے ہیں

سَلَاسِل ع جمع سلسلہ زنجیر یا آہن یعنی لوہے کی زنجیریں۔

سَلْسَال ع آب شیرین و خوشگوار سرد اور میٹھا پانی۔

سَلْسَبِیل ع نام چشمہ کا جو بہشت میں جاری رہتا ہو۔

سَلِیل ع فرزند و بچہ و اولاد لڑکی ہو یا لڑکا۔

سُلْقَل ت دست چپ یعنی بایاں ہاتھ چپ۔

سَل ت چپ یعنی بایاں طرف اگر اسکے ساتھ قل کا

لفظ ملا دیں تو بائیں ہاتھ کے معنی دیتا ہو کیونکہ قل ترکی میں ہاتھ کو کہتے ہیں۔

سلامان آبسال ع نام عاشق و معشوق و نام کتاب جسمیں انکا قصہ مذکور ہو۔

سَلَسُ البول ع نام مرض جسکے بیمار کا بول بے ارادہ نکلتا ہو۔

### سین با نون

سُنبُل گیاہ خوشبو جسکو بالچھڑ کہتے ہیں و خوشہ جو و گندم جسکو سنبلہ کہتے ہیں۔

### سین با واو

سَوَاحِل ع جمع ساحل کنارہ ہاے دریا ندی کے کنارے

سُوَال ع مانگنا پوچھنا طلب کرنا کسی سے۔

سُؤُول ع بوزن فعول بہت سوال کرنے والا سوالی۔

سوزن بال ف پہاڑ کے مرغ جو چھوٹے چھوٹے پر ہوتے ہیں۔

### سین با ہاء

تَمتام ع تو تلا آدمی جو زبان سے تقریر ادا نہ کرے۔

تَہَم ع تاریکی و سیاہی و نام بیماری چشم جس سے نظر ضعیف ہوتی ہی۔

تَمِّم ع صیغہ امر تمام کر پورا کر درست کر۔

## تا با نون

تَنَعُّم ع ناز و نعمت سے پرورش پانا آرام سے زندگی کرنا۔

تَنظِیم ع سپرد نا انتظام کرنا درست بنانا۔

تَنجِیم ع ستارہ شناسی۔

تَنعِیم ع مکہ معظمہ کے پاس ایک مکان ہی اور نعمت دینا۔

تُنک چشم ف ممسک و بخیل جسکو کچھ خرچ کرنا مشکل ہو۔

## تا با واو

تَوَہُّم ع وہم مین ڈالنا اور دو دلہ کرنا کسی کو۔

تَواءم ع دو بچون کا ایک حمل سے پیدا ہونا۔

## تا با یاء

تِیم ف مسافرخانہ و کاروان سرا سے کنایۃً دنیا اور عربی مین بندہ اور غلام و خدمتگزار۔

تیغ خم ف تلوار خمدار ٹیڑھی تلوار۔

تَیَمُّم ع خاک سے وضو کرنا بحالت نہونے پانی کے۔

تیر تام ف تیر بے عیب بہت اچھا تیر۔

## چوتھی فصل
## اُن لغات کے بیان مین جن کے

## اوّل حرف ثا اور اخیر مین میم ہی

## ثا با لام

ثَلم ع ناک کا ٹنا کسی مجرم کا۔

## ثا با میم

ثَمَّ ع پس باز پھر۔

ثَمَّ ع آنجا اُسجگہ اُس مقام پر۔

## ثا با واو

ثُوم ع سیر یعنی لہسن جو ایک بودار چیز ہی۔

## پانچوین فصل
## اُن لغات کے بیان مین جن کے
## اوّل حرف جیم اور اخیر مین میم ہی

## جیم با الف

جام ف پیالہ اور نام خطہ کا خراسان کی ولایت مین۔

جاجَم ت قسم فرش کا جو بچھایا جاتا ہی۔

جازِم ع مضبوط و استوار کرنیوالا اور حرف جزم دینے والا

جام جم ف پیالہ جمشید کا اور نام ایک کتاب کا۔

جاثُوم ع کابوس نام ایک بیماری کا جس سے آدمی نیند مین ڈرتا ہی

چار خم ف ایک کشتی کے داؤ کا نام ہی۔

## جیم با حاء

جَحِیم ع نام ایک دوزخ کا ساتون دوزخ مین سے۔

## جیم با ذال

جِذم ع بیخ ہر چیز کی اور اصل عمارت کا یعنی نیو اور بنیاد۔

جُذام ع نام بیماری کا جسکو کوڑھ کہتے ہین۔

### جیم باراے

جُرْمُ ف چھڑا جو ذبیحان کے بدن پر ہوتا ہی۔
جُرْمُ ع گناہ تقصیر جو کسی سے سرزد ہو۔
جِرْمُ ع جثہ و تن علویات و سفلیات مثل جرم خاک و جرم کوہ و جرم شمس و جرم قمر۔
جُرْمُ ع گزیر و چارہ و ضرورت و خواہش۔
جَرَائِمُ ع گناہہا و خطاہا جمع جریمہ یعنی بہت سے گناہ
جُرَیْمُ ع بیخ سے کاٹا ہوا بنیاد سے نکالا ہوا۔

### جیم بازاے

جَزْمُ ع کاٹنا ساکن کرنا ٹھہرانا کسی چیز کو۔

### جیم باسین

جِسْمُ بدن تن اور وہ چیز جو طول و عرض و عمق رکھے مثل جسم انسان و حیوان۔
جَسِیْمُ ع فربہ و جسیم دار چیز و پرگوشت۔

### جیم باشین

چَشْمُ ف آنکھ اور امید و طمع اور رغبت و توجہ و نظر۔
چَشْمِ زَخْمُ ف بدنظر۔

### جیم بامیم

جَمْ مخفف جمشید نام بادشاہ کا جو مشہور ہی۔
جَمَامُ ع آسودگی گھوڑے کی بعد ماندگی کے۔
جُمَامُ و جَمَامُ ع آب منی مرد اور لبالب ہونا ظرف و پیمانہ کا شراب یا پانی وغیرہ سے۔
چَمْ ف خرام و رفتار ناز و پیچ و خم۔

### جیم باہاے

جَہَنَّمُ ع دوزخ اور نام ایک طبقے کا طبقات دوزخ سے
چہاردہم ف چودھوان عدد شمار مین۔
چہلم ف چالیسوان عدد شمار مین۔

## چھٹی فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف حا اور آخر مین میم ہی

### حا باالف

حَامُ ع نام پسر نوح علیہ السلام۔
حَاتِمُ ع نام ایک سخی کا جو قبیلہ طی سے تھا اور سخاوت مین وہ ضرب المثل ہی۔
حَاتِمِ اَصَمّ ع نام ایک ولی کامل کا جو مسلمانی فرقے مین سے تھا۔
حَازِمُ ع دانا و ہوشیار و لائق آدمی صاحب علم و فضل۔
حَاکِمُ ع حکم کرنے والا۔

### حا باتاء

حَتْمُ ع استوار کرنا حکم کرنا واجب کرنا کام کا اور حکم کرنے والا

### حا باجیم

حَجْمُ ع برآمدگی و سطبری و حجامت کسی چیز کی جسقدر ہو۔
حَجَّامُ خون کھینچنے والا پچھنے لگانے والا نائی حجامت کرنے والا

### حا باراے

حَرَمُ ع احاطہ گرداگرد خانہ کعبہ کہ قتل انسان و شکار حیوان اسجگہ منع ہی و مجازاً زنان خانہ و مقام پردہ اور اہل بیت و دار
حَرَامُ ع منع کرنا منع کرنے والا و ناروا و ناشایستہ۔

حَرِیْم ع خانہ گھر چاردیواری رہنے کا مقام۔

حروفِ معجم ع جو حروف نقطہ دار ہون۔

## حا با زاے

حَزْم ع استواری و ہوشیاری اور سختی مضبوطی اور گھوڑے کا تنگ باندھنا۔

حِزَام ع گھوڑے کا تنگ جو باندھتے ہین۔

## حا با سین

حُسَام ع شمشیر جسکو تلوار ہندی مین کہتے ہین۔

حَسْم ع کاٹنا قطع کرنا جدا کرنا زخم لگانا۔

حَسّانُ العَجَم ع لقب خاقانی شاعر کا جو اُستاد شاعر تھا۔

## حا با شین

حَشَم ع چاکران و خدمتگاران و غلامان۔

## حا با صاد

حِصْرِم ع غورہ انگور یعنی انگور کاست۔

## حا با طاء

حَطِیْم ع شکستہ و سنگ کعبہ مابین رکن و زمزم و دیوار بیرون خانہ کعبہ بجانب مغرب۔

حُطَام ع شکستہ و ریزہ گیاہ و کنایۃً مال اندک۔

## حا با کاف

حُکْم ع فرمان دینا اسم فاعل اسکا حاکم ہے۔

حَکْم ع باز رکھنا اور لگام دینا گھوڑے کو۔

حَکَم ع حکم کرنے والا و نام ایک شخص کا جو بادشاہ تھا۔

حِکَم ع حکمتین جمع حکمت کے لفظ کی۔

حُکّام ع حاکمان جمع حاکم یعنی بہت سے حکم دینے والے۔

حَکِیْم ع صاحب حکمت و عقلمند و دانا و عقیل۔

## حا با لام

حِلْم ع آہستگی و نرم مزاجی و ملائمت طبع۔

حُلْم و حُلُم ع خواب دیکھنا اور جو کچھ خواب مین دیکھا ہو۔

حُلّام ع بچہ گوسپند یعنی بکری کا بچہ۔

حَلِیْم ع بردبار اور قسم طعام جو بہت سے اناج ملاکر پکاتے ہین۔

## حا با میم

حَمِیْم ع گرم اور گرم پانی اور آدمی جسکو تپ ہو اور دوست و رشتہ دار۔

حَمَام ع مرغ و کبوتران و کبوتر۔

حَمٌ ع خُسر و سالا و رشتہ دار سُسرال کا۔

حَمّام ع غسل خانہ جسمین گرم پانی ہو۔

حَمَائِم ع کبوترا اور ہر مرغ طوقدار مثل قمری وغیرہ۔

## حا با یاء

حَیُّ العالم ع نام ایک نہال کا ہے جو ہمیشہ سرسبز رہتا ہے۔

حَیُّ القیّوم ع زندہ و قائم نام خدا تعالے۔

# ساتوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف خا اور آخر مین میم ہے

## خا با الف

خام ف کچا اور چمڑا جسکو دباغت نہ ہو اور خالص اور بے مقطر و بے اصل

خاتَم ع مُہر و انگشتری اور ختم کرنے والا۔

خارِم ع شگافندہ پردہ یعنی اور ناک کاٹنے والا و مفسد و شریر۔

فساد انگیز آدمی۔
خانۂ ششم ف برج سنبلہ جو چھٹا برج ہے۔
خادم ع غلام و نوکر و چاکر و خدمتگار تابعدار۔

## خا با تاء

ختم ع پورا کرنا ختم کرنا۔
ختام ع موم یا لاکھ سے مہر کرنا بند کرنا۔

## خا با دال

خدم ع چاکران و غلامان و نوکران و خدمتگاران۔
خدام ع جمع خادم کی یعنی بہت سے غلام و خدمتگار۔

## خا با راے

خرطوم ع ہاتھی کی ناک جمع اسکی خراطیم ہے۔
خرام ع رفتار نرم نازسے چلنا مٹک کرچلنا۔
خرم ع ناک کو چھیدنا سوراخ کرنا ناک مین۔
خرم ف تازہ و سیراب و خوش و سرسبز۔
خرق والتیام ع پھٹنا اور ملنا۔

## خا با شین

خشم و خشم ف غضب غصہ و کینہ و برہمی مزاج۔

## خا با صاد

خصم ع دشمن و مالک و صاحب خاوند۔
خصوم ع جھگڑالو و دشمن عداوتی بیری۔
خصوم ع دشمنی کرنا عداوت کرنا۔
خصیم ع دشمن جو کسی سے عداوت کرے۔
خصام ع جنگ جدال کرنا اور جنگ کرنے والے لوگ

## خا با طاء

خط مستقیم ع سیدھا خط جسمین کجی نہو۔
خطام ع اونٹ کی مہار گھوڑے کی باگ۔

## خا با لام

خلم ف ناک کا فضلہ اور عربی مین یار و دوست۔

## خا با میم

خم ف مٹکا جسمین پانی وغیرہ اشیا ڈالی جائین۔
خم ف پیچ ٹیڑھاپن جو کسی چیز مین ہو۔
خم و چم ف نازو ادا وقت رفتار۔

## خا با واو

خوش قلم ف خوش خط آدمی جسکا خط اچھا ہو۔
خوش قدم ف خوش رفتار گھوڑا اچھی چال کا گھوڑا۔
خواتم ع مہرین اور نقش جو قائم کئے جائین۔
خوارزم ف نام ایک ملک کا ہے۔
خورم ف خوش۔
خودکام ف مرد خود راے خودغرض خود مطلب۔
خورشید لب بام ف قریب مرگ نزع کیحالت مین یعنی مرنے والا شخص

## خا با یاء

خیام ع جمع خیمہ یعنی بہت سے خیمے۔
خیام ع خیمہ دوز جو خیمہ کو سی کر تیار کرے۔
خیم ع خوبی و عادت و خوجو انسان مین ہو۔
خیم ع جمع خیمہ کی یعنی بہت سے خیمے۔
خیشوم ع بینی و استخوان بینی یعنی ناک کی ہڈی۔

خیاشیم ع پردہ ہائے بینی خیشوم کی جمع ہے۔
خیر مقدم ع اچھا آنا یہ کلمہ کسی یار و دوست کے آنیکے وقت کہتے ہین

## آٹھوین فصل
## اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف دال اور اخیر مین میم ہے

### دال باالف

دام ف جالی اور جانوران صحرائی جو درندہ نہون مثل آہو و گوزن وغیرہ و وزن اکیس ماشہ کا۔
دار النعیم ع نعمت کا گھر یعنے بہشت۔
دار السلام ع بہشت اور لقب شہر بغداد کا۔
دابشلیم ف نام راجہ ہند جسنے کتاب کلیلہ و دمنہ ایجاد کیا۔
دائم ع ہمیشہ۔

### دال باراے

دُریتیم ف بڑا موتی جو سیپ مین ایک ہو۔
درازدم ف حربا جو مشہور جانور ہے۔
درام ف سینہ ساہی خاردار جانور۔
دراہم ع جمع درہم کی بہت سے درہم۔
درہم ع وزن ساڑھے تین ماشہ کا اور نام ایک سکہ کا۔

### دال بازاے

دُژم ف پریشان واندوہگین وغمناک۔

### دال باسین

دسم ع چرب یعنی وہ چیز جسکو روغن ملا ہو۔
دَسم ع چرب ہونا یہ لفظ مصدر ہے۔

دست کلیم ف کنایۃً آفتاب باعتبار روشنی کے۔

### دال باشین

دشنام ف گالی بدگوئی بدکلامی و بدگفتاری۔
دشمن کام ف کم بخت و ذلیل جسکی حالت دیکھکر دشمن خوش ہو

### دال باعین

دعائم ع جمع دعامہ پایہ ہائے تخت و ستونہاے عمارت۔

### دال بامیم

دم ع عربی مین خون اور فارسی مین سانس و نفس و سخن و افسون و فریب و مکر و جرعہ آب و باد کش آہنگران و غرور و بوے و تیزی شمشیر و ہنگام و وقت و لاف و گفتگوے بیہودہ و بینی
دمیم ع زشت رو و بدصورت و مکروہ و نامطبوع۔
دمادم و دمبدم ف پے در پے بار بار ہر وقت ہر آن۔
دُم پونچھ جانور کی ذنب کے لفظ کی بھی یہی معنی ہین۔
دم تسلیم ف وقت نزع جسوقت جان نکلتی ہے۔

### دال باواو

دوازدہ مقام ف بارہ مقام موسیقی کے چنانچہ راست و صفاہان و بوسلیک و عشاق و زیر بزرگ و زیر کوچک و حجاز و عراق و زنگلہ و حسینی و رہاوی و نوا یہ بارہ مقام موسیقی کے ہین۔
دوازدہ امام ف بارہ امام چنانچہ حضرت علی و امام حسن و امام حسین و زین العابدین و امام محمد باقر و جعفر صادق و موسیٰ کاظم و علی رضا و امام محمد تقی و محمد نقی و حسن عسکری و امام مہدی۔
دوستکام ف وہ شخص جسکو دوست دیکھکر خوش ہوین یعنے خوشحال و آسودہ
دوازدہم ف بارھوان حصہ یعنی بارہ مین سے ایک۔

دُوُم ف دوسرا حصہ یعنی دو مین سے ایک۔

دَوَام ف ہمیشگی اور ہمیشہ کا قیام۔

دونیم ف آدھا آدھا یعنے دو حصے اور آدھا۔

دُہُم ف دسوان حصہ یعنی دس مین سے ایک۔

## دال بایاء

دیومردم ف جنگلی آدمی جنکو بن مانس کہتے ہین مجازاً وہ شخص جو جفا کار و شریر و مردم آزار ہو۔

دَیہیم ف تاج بادشاہی جو اجلاس کے وقت سر پر رکھتے ہین

دَیلَم ع نام ملک و نام قوم جنکی بادشاہت مدت تک رہی۔

دَیم ع روح و چہرہ و قسم حرم۔

## نوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف ذال اور آخیر مین میم ہو

## ذال بامیم

ذَم بدگوئی کرنا بدکلامی سے پیش آنا گالی دینا۔

ذَمِیم ع بدو زشت و فضلہ بینی اور کیل سفید جو کسی دنبل یا انسان کے بدن سے نکلے۔

ذَمَائِم ع جمع ذمیمہ بدگو یان یعنے جنکو گالی دینے کی عادت ہو۔

## ذال بایاے

ذی سَلَم ع نام ایک مقام کا و نام درخت کا۔

## دسوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے

## اوّل حرف راے اور اخیر مین میم ہو

## راے باالف

رَاغِم ف فرمانبردار و مطیع و متابعت کرنے والا۔

رَاحِم ع مہربان صاحب رحم نرمی کرنے والا معافی دینے والا۔

رَاقِم ع لکھنے والا کسی خط یا کتابت کو۔

## راے باتاء

رَتَم ع وہ رشتہ جو یاد داشت کے لئے انگلی کو باندھ رکھین۔

## راے باجیم

رَجم ع پتھر مارنا سنگسار کرنا نفرین کرنا گمان سے سخن کہنا چلانا دور کرنا گالی دینا بدگوئی کرنا۔

رَجُوم ع چلانے والا پتھر مارنے والا بدگو و بدکلام۔

رُجُوم ع وہ ستارے جو آسمان سے ٹوٹتے ہین اور شیطان اُنسے جلائے جاتے ہین۔

رَجِیم ع سنگسار کیا گیا اور رانده مجازاً شیطان۔

## راے باحاء

رَحِم ع بچہ دان عورت کا جسمین بچہ پیدا ہوتا ہے۔

رَحِیم ع مہربان صاحب رحم نرم دل معافی دینے والا۔

رُحم ع بخشنا مہربانی کرنا۔

## راے باخاء

رُخم ع دوستی و نرمی و مہربانی و نرم مزاجی و خوش خلقی۔

رَخِیم ع مردم نرم آواز و ضعیف و مرد زاہد و مخنتی۔

رُخَام ع سنگ سفید و نرم مجازاً سنگ مرمر۔

## راے بازاے

رَزم ف جنگ و جدل و خصومت و لڑائی و فتنہ و فساد۔

## راے با سین

رَسم ع نشان و آئین و عادات اور لکھنا اور داغ دینا اور قاعدہ و قانون و وظیفہ و مشاہرہ و نقش کرنا۔

رُسُوم ع جمع رسم کی یعنی بہت سی عادتین و قاعدہ و قانون

رَسّام ع نقاش و مصور و نام آہنگر جو اپنے کام مین استاد تھا۔

## راے با غین

رَغام ع خاک ریگ آمیز یعنی جس مٹی مین ریت ملی ہو۔

رَغم ع خاک آلودہ ہونا خوار ہونا مکروہ رکھنا ناپسند رکھنا۔

## راے با قاف

رَقم ع لکھنا اور لکھی ہوئی تقریر۔

رُقوم ع جمع رقم کی یعنی بہت سی لکھی ہوئی باتین۔

رَقائم ع جمع رقیمہ خطوط۔

## راے با میم

رَم رَم ف بھاگنا و گلۂ اسپان و گوسفندان و نام شغل کا۔

رَمیم ع پوسیدہ و کہنہ ہڈیان اور چیز پرانی۔

رَمائم ع جمع رمیم پوسیدہ و کہنہ۔

## راے با واو

رُوم نام ملک اور ولایت کا جو مشہور ہے۔

روح اکرم ف جبرئیل علیہ السلام جو مشہور مقرب فرشتہ ہے۔

روح اعظم ع جبرئیل علیہ السلام جو خدا کی طرف سے پیغمبرون کی پاس احکام لاتا تھا۔

روز امید و بیم ف قیامت کا دن امید اور خوف کا دن۔

روزۂ مریم ف روزۂ خاموشی یعنی چپ کا روزہ۔

## راے با ہاے

رَہ انجام ف اسپ تیز رفتار و قاصد تیز رو۔

## راے با یاے

رِیم ف جو زخم سے سفید رنگ نکلتی ہے بگڑا ہوا خون

## گیارھوین فصل
## اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف زاے اور آخیر مین میم ہے

## زاے با الف

زاد بوم ع وطن اور جاے تولد یعنی جس جگہ انسان پیدا ہوا ہو۔

## زاے با حاے

زَحم ع زحمت و انبوہ و ہجوم و رنج و بلا و آفت و بیماری۔

زِحام ع انبوہ و ہجوم و زحمت و بیماری و تکلیف۔

## زاے با خاے

زَخم ع جمع جو تلوار وغیرہ سے بدن پر آ جاتے ہین اسکو گھاو کہتے ہین

## زاے با عین

زَعم ع گمان و وہم و خیال جو انسان کے دل مین ہو۔

## زاے با قاف

زَقّوم ع تو ہڑ کا درخت جو مشہور خاردار درخت ہے۔

## زاے با کاف

زُکام نام بیماری کا جس سے دماغی فضلہ ناک کے راستہ سے جاری ہوتا ہے

## زاے با میم

زَم ف مرو مین ایک رود کا نام ہے۔

زمام ع لگام اسپ مہار شتر یعنی گھوڑے کی باگ اور اونٹ کی نکیل۔

زمزم ع ایک چاہ کا نام ہے جو کعبہ میں ہے۔

زمم ع مہار شتر و استوار و ارادہ و قصد۔

## زاے با نون

زنیم ع وہ شخص جو بدی میں نشانہ ہو اور ہر کوئی اسکو بد کہے

## بارھوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف سین اور اخیر مین میم ہے

## سین با الف

سام ف نام جد رستم اور نام پہاڑ کا اور قصد کرنا و نام سیم نوع و یعنی ورم درد و آتش و مرگ و ہلاک و زر سرخ یعنی سونا

سالم ع پورا بے نقصان بے عیب تمام و کمال۔

## سین با با

سبز چشم ف کبود چشم یعنی جسکی آنکھیں نیلی ہون۔

سپیدہ دم ف صبح صادق کا وقت جس وقت دن کی سفیدی شروع ہوتی ہے۔

سپرغم ف گل تازہ بو ہندی مردہ جسکو ریحان بھی کہتے ہین بعض کے نزدیک ریحان اور پھول ہے۔

## سین با تا

ستام ف نام زیور جسکو بلاق کہتے ہین اور ناک مین پہنی جاتی ہے مجاز آنگام۔

ستم ف ظلم بے انصافی جور و جفا تعدی۔

## سین با را

سرسام ف درد دماغ نام بیماری کیونکہ سام ورم کو کہتے ہین بیماری مہلک ہے

سرانجام عاقبت و آخر ہر چیز کا و سامان۔

سریشم ف سریش جس سے لکڑیاں آپس مین چپکاتے ہین۔

سرگرم ف مشغول و مصروف کسی ضروری کام مین۔

سرگم ف بے ابتدا و بے انتہا یعنی جسکے اول و آخر کی چیز نہو۔

سرم ع سوراخ مقعد و دہان رودہ جو ملحق مقعد کے ساتھ ہے۔

سرم ت چمڑا چھیلا ہوا صفا کیا ہوا چمڑا۔

## سین با قاف

سقم و سقم ع بیماری و زحمت و تکلیف و رنج۔

سقیم ع بیمار آدمی و چیز ناقص و عیب دار و خراب۔

سقام ع بیماری و زحمت جو کسی کو لاحق ہو۔

سقام ع بیماران جمع سقیم کی بہت سے بیمار۔

## سین با لام

سلالم خیبر کے قلعوں میں سے ایک کا نام ہے جو مدینے منورے کے علاقہ مین ہے۔

سلام ع فرمانبرداری و بے آزاری و بے عیبی و تعظیم و بندگی اور سلام کہنا اور ایک نام خدا کے نامون مین سے اور فارسی مین عدد صد ہزار جسکو لکھ کہتے ہین۔

سلیم ع درست و صحیح سلامت و مرد ساده دل و نرم مزاج و سلامت رو۔

سلم ف نام پسر کلان فریدون جو مشہور بادشاہ ہے۔

سلم ف تختی لڑکوں کے لکھنے کی اور عربی مین نام درخت۔

سلّم ع نردبان چوبین یعنی لکڑی کی بنائی ہوئی پوڑی۔

سلم ع صلح و آشتی و صفائی جو دو شخصون مین ہو۔

سلجم معرب شلغم جو مشہور ترکاری ہے۔

## سین با میم

سَمُوم ع باد گرم گرم ہوا جو گرمی میں چلتی ہے۔

سَتَم ع زہر اور سوراخ سوزن و نام پہلوان جو بڑا جوانمرد تھا

سُتَم ف ناخن اسپ یا مجازاً گھوڑے کا پانو یا کسی اور چارپائے کا۔

سُمُوم ع جمع سم زہر یعنی بہت سے زہر جنکے کھانے سے آدمی مرجاے

## سین با نون

سَنام ع کوہان شتر یعنی اونٹ کے پیٹھ کی ہڈی جو اونچی ہوتی ہے۔

## سین با واو

سوادِ اعظم ف شہر و علاقہ بزرگ اور ولایت و اقلیم۔

سَوم ع گران بیچنا و فت کرنا یعنی کھینچنا گھاس چرنا۔

سِوُم ف ترجمۂ ثالث ہندی میں تیسرا۔

## سین با ہای

سَہم ع تیر و حصہ و بخرہ اور فارسی زبان میں ف وبیم و دہشت و ڈر

سَہّام ع تیر انداز جسکا تیر نشانہ سے خطا نہ جائے۔

سِہام ع بہت سے حصے اور تیر چلانے کے۔

سُہام ع تاریکی و تغیر چہرہ و لاغر ہونا کمزور ہونا۔

سَہام ع شدت و حرارت تابستان و سخت گرمی۔

سَہیم ع شریکیے صاحب حصہ جو کسی تجارت وغیرہ کام میں ہو

سہم الحشم ع سرلشکر و بخشی فوج کا و سپہ سالار۔

## سین با یای

سیہ گلیم ف بدبخت و بے دولت و مفلس و نادار و تنگدست۔

سیہ قلم ف معشوق ملیح یعنی سانولے رنگ کا معشوق۔

سیاہی چشم ف روشنی چشم یعنی آنکھوں کی تیلی۔

سَیم ع وہ پانی جو کشتی میں آتا ہے اور ملاح اسکو نکالتے ہیں اور فارسی میں چاندی و دولت و مال۔

سَیل العَرِم ع آب جاری نہر کا اور دریا کا پانی۔

سِیام ف نام ایک کوہ کا جو نزدیک شہر سمرقند ہے۔

سیہ بادام ف کنایۂ معشوق کی آنکھ۔

## تیرھوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف شین اور آخیر مین میم ہے

## شین با الف

شام ف وقت مغرب کا اور نام ایک ملک کا جسکا دار الخلافہ دمشق ہے

شادکام ف خوش دل۔

## شین با بای

شَبَم ع سردی اور سرد ہونا ٹھنڈا ہونا۔

شَبِم ع چیز سرد جو ٹھنڈی ہوچکی ہو۔

شَبنَم ف وہ قطرات جو رات کو برستے ہیں اور صبح کو قطرات گھاس پر نظر آتے ہیں۔

## شین با تای

شَتم ع دشنام و بدگوئی و بدکلامی اور گالی دینا۔

شَتَلَّم ع ظلم و تعدی و جور و جفا و سختی و ایذا۔

## شین با جیم

شجرِ کلیم وہ درخت جسپر موسیٰ کو تجلی ہوئی اور آواز آئی انا اللہ رب العالمین کی موسیٰ کو خدا کی طرف سے

## شین با حای

شَحْم ع پیہ یعنی چربی جو انسان و حیوان کے بدن میں ہوتی ہے

## شین با میم

شَمّ ع سونگھنا اور فارسی میں فریب و نفرت و نوحہ و فریاد
شَمْ ف پاپوش و نعلین یعنی جوتا چرمی و نفرت و
بیہوشی و ناخن و قسم ابریشم ناقص -
شَمائِم ع خوشبوئیں جمع شمیمہ کے لفظ کی -
شَمِیم ع خوشبودار ہوا اور بطبیعت و سرد و خوشبودار -

## شین با واو

شُوم ع بدفالی و بدفال و بدبخت و منحوس و بخیل و ممسک -
شُور چَشم ف وہ شخص جسکی نظر لگ جاسے اور اسکی
نظر کی تاثیر سے دوسرے شخص کی حالت ابتر ہو جائے -

## شین با یا

شِیَم ع عادتیں و خصلتیں جمع شیمہ کی جسکے معنی
عادت کے ہیں -
شِیم ع مچھلی دیدار یعنی وہ مچھلی جسکے جلد پر گول چھلکے ہوں -
شیر اندام ف وہ شخص جسکا سینہ فراخ یعنی چوڑا کمر
باریک بازو سطبر ہوں شیر کا سا جسم ہو -
شیر عَلَم ف جو شیر علم پر لکھا ہوا ہوتا ہے -

## چودھویں فصل
## اُن لغات کے بیان میں جن کے
## اوّل حرف صاد اور اخیر میں میم ہے

## صاد با الف

صارِم ع تلوار کاٹنے والی ماخوذ صرم سے -

صائِم ع روزہ دار اور نام ایک رودہ کا جس میں
فضلہ ٹھہرتا نہیں ہے جس وقت آتا ہے نکلجاتا ہے -

## صاد با راے

صَرْم ع معرب چرم چمڑا اور کاٹنا قطع کرنا -

## صاد با لام

صِلَۂ رِحم ع خویشیوں سے صلح رکھنی اقربا سے ملتے رہنا -

## صاد با میم

صَمِیم ع خالص و مضبوط اور بہرا آدمی اور خلاصہ ہر چیز کا -
صَمْصام ع شمشیر یعنی تلوار جو ایک مشہور ہتھیار ہے -
صَمَم ع بہرا پن یعنی بہرا ہونا بات نہ سن سکنا -
صُمٌّ بُکْمٌ ع بہرے گونگے لوگ -

## صاد با نون

صَنَم ع بت و تصویر مجازاً معشوق خوبصورت تصویر چھر کی

## صاد با واو

صَوارِم ع تلواریں اور بہت سے ہتھیار کاٹنے والے -
صَوْم ع روزہ رکھنا دن کو کچھ نہ کھانا -
صومِ مریم ع تمام دن کسی سے کلام نہ کرنا صبح سے شام
تک چپ رہنا چونکہ بی بی مریم عیسے علیہ السلام کی والدہ نے
یہ روزہ رکھا تھا اسواسطے روزۂ مریم کے ساتھ منسوب ہوا -

## صاد با یا

صِیام ع روزہ یعنی بہت سے روزے یہ لفظ
جمع صوم کی ہے -
صیدِ حرم ع حرم کا شکار جہاں شکار کرنا حرام ہے -

## پندرھوین فصل
## اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف ضاد اور اخیر مین میم ہے

### ضاد با حاء

ضَحِیم ع وہ شخص جسکی مُنھ یا گردن یا زنخدان مین کجی ہو۔

### ضاد با خاء

ضَخْم ع فربہ و بزرگ جثہ لمبا چوڑا جسم۔

### ضاد با راے

ضِرْغام ع شیر درندہ جنگل کا شیر۔

ضِرَام ع ہیزم باریک و ریزہ جس سے آگ جلاتے ہین یعنی پتلی لکڑیان۔

### ضاد با عین

ضَیْغَم ع گزندہ و درندہ جانور مثل شیر و گرگ وغیرہ۔

### ضاد با میم

ضَمِیم ع شامل کیا گیا پیوند کیا گیا متصل کیا گیا جوڑ لگایا گیا

### ضاد با یاء

ضَیْغَم ع گزندہ و شیر درندہ کاٹنے والا جانور۔

ضَیْم ع کسی کا نقصان کرنا ظلم کرنا تعدی روا رکھنا۔

## سولھوین فصل
## اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف طاء اور اخیر مین میم ہے

### طا با الف

طارم خانہ چوبین و خانہ بلند و بالا خانہ یہ لفظ راے کے تینون حرکات سے پڑھا جاتا ہے۔

### طا با راے

طَرْفَدارِ نُجُم ف ستارہ مریخ جو پانچوین آسمان پر ہے۔

### طا با عین

طَعْم ف مزہ و لذت جو انسان کو کھانے سے حاصل ہوتی ہے

طُعْم و طعام ع کھانے کی چیز لذت دار چیز۔

### طا با لام

طِلِسْم ف یونانی لفظ ہے اور یہ ایک عمل کا نام ہے کہ خزائن و دفائن پر ترکیب اجزاے ارضی و سماوی بناتے ہین کہ کوئی غیر شخص اُسپر دخل نہ پاسکے مجازاً اچنبھا و تعجب کی بات

### طا با میم

طَمَع خام ف امید یا آس ایسی بات کی جو ممکن نہو اور ظہور اُسکا عقل کے اندازے سے باہر ہو۔

## سترھوین فصل
## اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف ظاء اور اخیر مین میم ہے

### ظاء با الف

ظالِم ع ظلم کرنے والا جور و تعدی پسند رکھنے والا ناانصاف

### ظا با لام

ظُلْم ع ستم و جور و جفا و ناانصافی و ناحق پسندی۔

ظَلَم ع تاریک اور تاریک ہونا ناانصاف ہونا۔

ظُلَم ع جمع ظلمت کی یعنی بہت سی تاریکیان اور اندھیریان

ظَلُوم ع سخت ظالم نہایت ظلم کرنے والا بے انصاف آدمی۔

ظَلاَم ع تاریکی اول شب یعنی پہلی رات کا اندھیرا۔
ظِلاَم ع جمع ظلمت یعنی بہت سی تاریکیان اور اندھیرے
ظَلاّم ع نہایت ظالم اور سخت بے انصاف آدمی ۔

## اُٹھارھوین فصل
## اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف عین اور اخیر مین میم ہو

### عین با الف

عَاصِم ع باز رکھنے والا نگاہ رکھنے والا ایک قاری کا نام ہو جو قراءت کے علم مین یگانہ تھا۔
عَالِم ع صاحب علم دانا خبردار ہشیار آدمی۔
عَالَم ع جہان و انواع مخلوقات و عالم کائنات۔
عَامّ ع ضد خاص یعنی ہر ایک شخص اور ہر ایک چیز۔
عَام ع سال برس۔
عَازِم ع ارادہ کرنیوالا قصد کرنیوالا مستعد کسی کام پر۔

### عین با جیم

عَجْم ع اعراب و حروف اور نقطہ دینا حروف پر۔
عُجْم ع گذربانان و باشندگان مُلک عجم۔
عَجَم ع وہ ملک جو سوا عرب کے ہو خصوصاً ایران و توران و مردم غیر عرب و حب جسکے معنی گولی اور دانہ کے ہین یعنی دانہ خرما و انگور وغیرہ۔

### عین با دال

عَدَم ع نابودگی و نابود چیز جو موجود نہو۔
عَدِیم ع ناپیدا کمیاب یعنی جو چیز مل نہ سکے۔

### عین با راے

عَرَض عام ع ایک عرض جسمین مختلف پیدایش شامل ہون چنانچہ چلنا اسمین انسان گاے گھوڑے وغیرہ شامل ہین۔
عَرِم ع سود خانہ اور وہ دیوار جو پانی کی بندش کیلیے پانی کے آگے بناتے ہین ہندی اُسکو باندھ کہتے ہین۔
عَرَمْرَم ت لشکر و فوج و ہجوم و انبوہ آدمیون کا۔

### عین با زاے

عَزْم ع ارادہ و قصد جو کسی کام کے حاصل کرنیکے لیے ہو۔
عَزَائِم ع افسون اور دعائین جو جنون کی حاضری و شفاے بیمار کے لیے پڑھتے ہین۔

### عین با صاد

عِصَام ع پانی کی مشک کے بند مشک و نام ایک شخص کا۔

### عین با ظاء

عَظْم ع استخوان یعنی ہڈی انسان یا حیوان کے جسم کی۔
عُظْم ع بزرگی و عزت و عظمت و رتبہ و آبرو و بڑائی۔
عِظَم ع کلان ہونا بڑا ہونا بڑھنا عزت و آبرو پانا۔
عِظَام ع جمع عظیم بزرگان و کلان و جمع عظم بمعنی استخوانہاے حیوان و انسان۔
عُظّام ع بزرگان و امیران و دولتمندان۔
عَظِیم ع بڑا صاحب عظمت و عزت و آبرو اور یہ لفظ خدا کے نام کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہو۔

### عین با قاف

عَقِیم ع بے اولاد عورت ہو یا مرد یعنی وہ عورت جو بچہ

جنے اور وہ مرد جسکا نطفہ ناکارہ ہو۔

## عین بالام

است عالم ع عقل اول و نور محمدی صلی اللہ علیہ وسلم۔

عَلَم ع رایت و نشان و مشہور و معروف یعنی جس چیز کو ہر کوئی جانتا ہو

عِلم ع آگاہ ہونا جاننا خبردار ہونا۔

عُلُوم ع بہت سے علم مثل علم حدیث و تفسیر و صرف و نحو وغیرہ۔

علی الدوام ع ہمیشہ ہر روز ہر وقت ہر حال۔

عَلِیم ع صاحب علم خبردار و آگاہ یہ نام خدا تعالی کے ناموں میں سے ہے

علم کلام ع وہ علم جس سے مقدمات نقلی کو بدلائل عقلی ثابت کریں

عَلّام ع بڑا دانا و صاحب علم و باخبر آدمی۔

علی الرغم ع برخلاف و برعکس یعنی برخرابی۔

## عین بامیم

عمر خیام ع نام ایک شاعر کا ہے جو عرب میں رہتا تھا۔

عَم ع برادر پدر جسکو ہندی میں چچا کہتے ہیں۔

عُمُوم ع زیادتی و بطریق عام سب کے واسطے اور سب کے روبرو

عَمِیم ع تمام و ہمہ یعنی تمام و کمال پورا پورا۔

عَمَائِم ع جمع عمامہ دستارہا یعنی پگڑیاں جو سر پر باندھتے ہیں

## عین باواو

عَوالِم ع جمع عالم یعنی جہان اور بہت سے جہان۔

عَوّام ع جمع عامہ ہر طرح کے لوگ جو خاص نہوں۔

عَوّام و عَوام ع اسپ راہوار تیز رفتار گھوڑا۔

## اونیسویں فصل

## اُن لغات کے بیان میں جن کے

## اول حرف غین اور آخر میں میم ہے

## غین باراے

غُرم ع ع بی میں تاوان یعنی زبردستی سے کسی چیز گم شدہ کا سعاوضہ لینا اور فارسی میں میش کوہی یعنی پہاڑی بھیڑ جو مشہور چارپایہ ہے۔

غَرام ع حرص و عشق و شیفتگی و ہلاک و عذاب۔

غَرِیم ع تاوان زدہ یعنی جس سے تاوان لیا جاے۔

## غین بازاے

غُزم ف انگور تازہ و پختہ جو لذیذ و شیرین ہو۔

## غین بالام

غُلام ع لڑکا خدمتگار مجازاً مملوک و زر خرید آدمی۔

## غین بامیم

غَمام ع ابر و سحاب یعنی بادل جس سے بارش ہوتی ہے۔

غَمائِم ع ابرہا جمع غمامہ یعنی بہت سے بادل۔

غَم ع غم ت دلگیری و پریشانی و فکر و اندیشہ۔

غُمُوم ع جمع غم کی یعنی بہت سے فکر و اندیشے۔

## عین بانون

غَنَم ع بز و گوسپند جو مشہور جانور ہے۔

اَغنام ع بکریاں جمع غنم کے لفظ کی۔

غَنِیم ع غارتگر دشمن و لٹیرا لوٹنے والا۔

## عین باواو

غَوام ع موہاے سر و پیشانی یعنی سر اور پیشانی کے بال

## بیسویں فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف فا اور اخیر مین میم ہی

### فا با الف

فام ع رنگ و لون و صورت جیسی ہو۔

### فا با حاء

فحم وفحم ع زکال و انگشت یعنی کوئلا آگ کے جلانے کا۔

### فا با راے

فرجام ع انجام و انتہا و آخر و لائق و سزاوار۔

فراہم ف جمع کرنا اکٹھا کرنا یکجا کرنا کسی چیز کو۔

### فا با سین

فاستقم ع استوار باش قائم ہو ٹھہرا رہو۔

### فا با طاء

فطام ع دودھ چھوڑانا لڑکے کا و شکستگی و مفارقت و جدائی

### فا با میم

فم ع دہان یعنی منھ انسان یا حیوان کا۔

### فا با واو

فوم ع سیر ہندی لہسن جو ایک مشہور بودار چیز ہی۔

### فا با ہاء

فہم ع دانستگی سمجھنا خیال مین لانا کسی بات کا۔

فہیم ع دانا سمجھنے والا خیال مین لانے والا۔

فہام ع بہت سمجھنے والا اور خیال مین لانے والا۔

فہوم ع جمع ہی فہیم کی یعنی بہت سے فہم۔

## اکیسوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف قاف اور اخیر مین میم ہی

### قاف با الف

قاقم ف ایک جانور کا نام ہی جسکے پوست کی پوستین بناتے ہین۔

قائم ع ٹھہرا ہوا قیام پکڑا ہوا کھڑا ہوا۔

قاسم ع بانٹنے والا قسمت کرنے والا حصہ کرنے والا

### قاف با باء

قبۃ الاسلام ع لقب شہر بخارا کا ہی یعنی اسلام کا گنبد

### قاف با تاء

قتام ع گرد و غبار و مانند سیری اور خاک کا اڑنا۔

### قاف با دال

قدم ع قدیم ہونا پرانا ہونا ہمیشہ ہونا۔

قدیم ع پرانا اور نام خداوند تعالے کا۔

قدام ع ہمیشگی اور کہنہ پن اور پرانا پن ہونا۔

قدام ع آگے چلنے والا آگے نکل جانے والا۔

قدام ع آگے اور سامنے اور روبرو۔

قدم ع پانون جیسے انسان و حیوان چلتا ہی۔

قدوم ع سفر سے آنا و پیدا آنا اور بہت سے قدم۔

قدوم ع تیشہ نجاران یعنی ترکھانون کا تیشہ۔

### قاف با راے

قرام ع باریک و رنگین و منقش پردہ۔

قرم ع شتر نرو مہتر قوم و سرگروہ و سردار

قراقرم ت ایک شہر ترکستان مین ہی۔

## قاف با سین

قسم ف سوگند جسکو عربی مین یمین کہتے ہین۔

قسم ع بہرہ و بخشش و نوع و طرح و طریق۔

قسم ع بانٹنا تقسیم کرنا حصہ حصہ کرنا۔

قسیم ع بانٹنے والا و شریک و ہم حصہ و خوب رو۔

## قاف با ضاد

قضیم وہ خوراک جو چارپایون کو کھلاتے ہین۔

## قاف با لام

قلزم ع نام موضع درمیان مصر و مکہ چونکہ وہ قصبہ بحر جیحون کے کنارہ پر ہی سمندر کو بھی بحر قلزم کہتے ہین۔

قلم ع کاٹنا تراشنا ناخن اُتارنا۔

قلم ع خامہ تراشیدہ اور ہر چیز تراشی ہوئی۔

## قاف با میم

قمقام ع کار و بزرگ و دریا و مہتر قوم و کنہ یعنی چیچرد سپش یعنی جون جو کرم کپڑون اور بالون مین پڑجاتی ہین۔

قمم ع جمع قمہ سر ہر چیز کا مجازاً بلندیان اور اونچائیان۔

قم ع برخیز یعنی اُٹھو اور کھڑا ہوجا۔

قم ع نام شہر متعلق اصفہان شہر کے۔

قمامہ ع گھر کو جاروب دینا صفا کرنا مکان کو۔

## قاف با واو

قوام ع راستی و عدل و درستی و انصاف و خوبی و بھلائی۔

قوام ع اصل ہر چیز کا و بقا اور کھڑا ہونا قائم ہونا۔

قوائم ع جمع قائمہ یعنی ستون و پاے آدمی و رکن کسی چیز کا۔

قویم ع راست و استوار و درست و بہتر و اچھا۔

قوم ع گروہ آدمیون کا۔

## قاف با یاے

قیام ع قائم ہونا کھڑے ہونا درست ٹھہرنا۔

قیم ع جمع قیمت یعنی قیمتین اور مول کئی چیزون کے۔

قیوم ع زیادہ قائم ہونے والا اور نام خدا تعالیٰ کا۔

# بائیسوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف کاف اور آخیر مین میم ہی

## کاف با الف

کاخم ف مراد مقصود اور تالو انسان کا۔

کاشم ف قدم دہ و قریہ و گانون۔

کام یا کام ف چارنا چار ضرورتاً۔

کاظم ع غصہ کھانے والا اور لقب امام موسیٰ بن جعفر صادق کا جو ساتوین امام بارہ امامون مین سے تھے۔

کالم ف عورت منکوحہ بخلاف باکرہ کے یعنی خاوند والی عورت۔

کاودم ف کرنا سے اور وہ چیز جو ایک طرف موٹی اور دوسری طرف سے پتلی ہو۔

## کاف با تاے

کتم ع پوشیدگی اور پردہ اور چھپانا کسی چیز کو۔

کتم ع ایک گھاس کا نام ہی جس سے خضاب کرتے ہین۔

کتم ع چھپانا اور برگ نیل یعنی نیل کے پتے جس سے

خضاب کرتے ہین۔

کتام ع چھپانا اور پردہ ڈالنا کسی چیز پر

## کاف باجیم

کجیم ع گھوڑے کا پاکھر

## کاف بادال

کدام ف کونسا اور اطلاق اسکا ذی روح پر ہی۔

## کاف باراے

کرم ف کیڑا جو کسی چیز مین پڑجاے۔

کرم ع درخت انگور کا جو مشہور درخت ہی۔

کرم ع مروت سخاوت مہربانی بخشش داد و دہش۔

کرم ع غم و اندوہ و فکر و اندیشہ و پریشانی۔

کرام ع جمع کریم بزرگان یعنی بہت سے بزرگ و سخی۔

کروم ع درختان انگور و غمہا و اندوہ و پریشانیہا۔

کرشم ع کرشمہ یعنی ناز و ادا جو معشوق کرتے ہین اور تعجب کی بات دلپسند۔

کرکم ہ زعفران مشہور چیز ہی جسکو ہند مین کیسر کہتے ہین

کرزم ہ یہ ایک قسم کی گھاس ہی جس سے خوشبو آتی ہی۔

کریم ع بزرگ سخی با مروت اور نام خداوند تعالی جلشانہ کا۔

کرگ سیہ دم ف صبح جسکی روشنی بھیڑیے کی دم کی طرح ہوتی ہی

کرم ف جلد و شتاب اور تیز۔

کرزم ف نام برادر اعیانی اسفندیار کا جو مشہور پہلوان ہی

کرسنہ چشم ف طماع آدمی جسکی آنکھ سیر نہو۔

## کاف بازاے

کژدم ف بچھو جو مشہور زہردار جانور ہی۔

کرزم ع ایک قسم کا سبزہ ہی۔

کزم ف نام درخت جسکا سدرہ نام ہی اور عربی مین شجر النبق اور پشتہ عمال ترکی مین اسکو کہتے ہین۔

کژم ف درخت گز یعنی جھاؤ جو مشہور درخت ہی۔

## کاف باسین

گستہم ف نام پسر نوذر بن منوچہر اور نام ایک ایرانی پہلوان کا

## کاف باظاے

کظم ع غصہ کہانا غضب کو دبا لینا۔

کظیم ع غصہ کہانے والا اور غضب دبالینے والا۔

## کاف بالام

کلام ع بولنا سخن کہنا بات چیت کرنا۔

کلام قدیم ع قرآن شریف جو قدیم کلام ہی۔

کلم ع خستہ و مجروح کرنا زخمی کرنا کسی کو۔

کلم ع سخنہا و کلامہا یعنی بہت سی تقریرین۔

کلوم ع جراحتہا یعنی بہت سے زخم۔

کلیم ع کلام کرنے والا اور لقب موسی نبی کا ہی جو خدا سے کلام کرتا تھا۔

گل چشم ف جسکی آنکھ مین گل ہو یعنی پھپولا ہو۔

گل اندام ف خوبصورت حسین آدمی۔

گلزار ابراہیم ف ابراہیم کی آگ جو گلزار ہوگئی تھی۔

گلیم ف گودڑی فقیرون کی مشائخ کا خرقہ۔

کلیام ہنت علم موسیقی یعنی راگ کی تال کا نام ہی

## کاف با میم

کمان رستم ف کنایۂ قوس قزح جو ابر مین نمودار ہوتا ہی۔
کم ع عربی مین اکثر بہت اور فارسی مین تھوڑا۔
کم ع شمائم اور سلوک۔
کم ع مقدار کسی چیز کا اندازہ کسی شی کا۔
کم ع آستین جو مشہور چیز ہی۔
کم ع غلاف شگوفہ کا اوپر کا پردہ۔
کم نام ایک تالاب کا جو کشمیر مین ہی۔
کم ف بیچز جسکا نشان باقی نہو۔
کم کم ف نقب لگانیکی آواز دیوار کھودنے کی آواز۔
گمنام ف جسکو کوئی نجانے ناچیز آدمی و ناکارہ۔

## کاف با نون

کنام ع چارپایون کے رہنے کی جگہ و آشیانہ مرغان۔

## کاف با واو

کور چشم ف اندھا اور یک چشم آدمی۔

## کاف با یاے

کیف و کم ع کسطرح اور کتنا اور کسقدر۔

## تیتسوین فصل
## اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف لام اور آخیر مین میم ہی

## لام با الف

لالۂ چشم ف مردمک باعتبار اسکی سیاہی کے کولالہ کی سیاہی داغ کو کہتے ہین اور وہ سیاہ ہوتا ہی۔

لائم ع ملامت کرنے والا برا بولنے والا۔
لاتعلم ع نادانی و نادان و بیخبر و جاہل آدمی۔
لام ع جمع لامہ زرہا اور نام ایک حرف کا اور فارسی مین ایک قسم کی ٹوپی نمدی جو فقرا پہنتے ہین۔
لاجرم ع ناگزیر بالضرور ناچار۔
لازم ع ضرور۔
لانسلم ع قبول نہیکیئیم ہم نہین مانتے۔
لا و نعم ع نہین اور ہان انکار و اقرار۔
لاکلام ع بیشک۔

## لام با تا

لثم ع توڑنا مُنھ باندھنا خون آلودہ کرنا۔

## لام با جیم

لجام معرب لگام جو گھوڑون کے مُنھ مین دیکر سوار ہوتے ہین۔

## لام با حاء

لحم ع گوشت حیوان کا جو کھانے مین آتا ہی۔

## لام با زاے

لزوم ع لازم ہونا کسی چیز کا کسی کو۔

## لام با طاء

لطیم ع سیلی خوردہ شخص یعنے جسنے کسی سے تمکے کھاے ہون۔

## لام با واو

لوائم ع جمع ہی لائمہ کی۔
لوازم ع جمع ہی لازم کی۔
لوم ع ملامت کرنا کسی کو برا کہنا۔

لُولُو تَنَم ف نام گل یعنی ایک پھول کا نام ہے۔
لوح طلسم ف قسم تعویذ جو لوح نقرہ پر لکھتے ہین۔

## لام با یاء

لئیم ع بدبخت جمع اسکی لیام ہے۔
لیزم ع کیا دہ کمان کا نرم اور سست۔

## چوبیسوین فصل
## اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف میم اور اخیر مین میم ہے

## میم با الف

مَأثَم ع گناہ ہوا جمع مآثم مصدر میمی بمعنی اثم کے ہے۔
ما لا کلام ع جس بات مین کلام نہو درست و صحیح بات۔
مام ف ماد جسکو عربی مین ام اور ہندی مین ما کہتے ہین۔
مادام ع تا وقتیکہ جب تک کہ۔
ماتم ف غم و اندوہ و پریشانی جو کسی کی مرگ پر ظاہر کیجاسے۔

## میم با باء

مُبرم ع محکم و استوار و مضبوط جو دور نہو سکے۔
مُبہم ع پوشیدہ و فروبستہ اور چھپا ہوا۔
مُتبسّم ع تبسم کرنے والا ہنسنے والا۔

## میم با تاء

مُتقدّم ع آگے بڑھنے والا پیش دستی کرنے والا۔
مُتخاصِم ع خصومت کرنے والا دشمن اعداوتی۔
متألم ع دردمند و دردناک غمگین و پریشان۔

مُتلاطِم ع دریا تھپیڑ مارتا ہوا اور موج۔
مُترجَم ع ترجمہ کیا گیا بیان کیا گیا۔
مُترجِم ع ترجمہ کرنے والا ایک زبان سے دوسری مین۔
مُتبسِّم ع آہستہ ہنسنے والا تبسم کرنے والا۔
مُتراکِم ع ہجوم و انبوہ کرنے والا۔
مُتکلِّم ع بولنے والا کلام کرنے والا بات کرنے والا۔
مُتوہِّم ع وہم کرنے والا وہم مین پڑنے والا شخص۔
مُتّہَم ع تہمت والا صاحب بدنامی کا۔
مُترسِّم ع نقش کرنے والا رسم ڈالنے والا۔
مُتظلِّم ع دادخواہ فریادی داد چاہنے والا۔
مُتوسَّم ع داغ کیا گیا نشان کیا گیا۔
مُتحتِّم ع واجب و لازم اور استوار کرنا۔
مُتعلِّم ع شاگرد تعلیم پانے والا علم پڑھنے والا۔
مُترنِّم ع سرود کرنے والا راگ گانے والا۔
مُتیّم ع مشتاق و دردمند و عاشق۔
مُتمِّم ع تمام کرنے والا کامل کرنے والا پورا کرنے والا۔
مُتنعِّم ع صاحب نعمت و آسودہ حال و دولتمند۔

## میم با جیم

مَجذوم ع کوڑھا یعنی جسکو کوڑھ کی بیماری ہو۔
مَجزوم ع قطع کیا گیا کاٹا گیا یقین کیا گیا۔

## میم با حاء

مَحتوم ع واجب کیا گیا و حکم کیا گیا۔
مُحتشَم ع صاحب حشمت و خدمتگاران و لشکر۔

مُحَرَّم ع حرام کیا گیا حرام رکھا گیا اور نام ماہ اول سال قمری سے کہ اسمین جنگ حرام تھا۔

مُحْرِم ع جسنے احرام حج کا باندھا ہو اور حرم مین جانیوالا۔

مَحْرَم ع وہ شخص جسکے نکاح عورت کا حرام ہو مثلاً باپ بھائی بیٹا وغیرہ نیز دوست نکاف و آشنا راز و واقف راز۔

مُحْتَرَم ع عزت کیا گیا باآبرو و عزت دار۔

مَحْرُوم ع روکا گیا نامراد۔

مَحْکُوم ع حکم کیا گیا تابعدار فرمانبردار۔

مُحْکَم ع مضبوط و استوار جو ٹوٹ نہ سکے۔

## میم با خاء

مَخَادِیم ع جمع مخدوم بہت سے صاحب مالک۔

مَخْدُوم ع خدمت کیا گیا باپ اُستاد آقا وغیرہ۔

مُخَیَّم ع جسجگہ خیمہ کھڑا ہو یعنی خیمہ کی جگہ۔

مُخْیَم ع بروزن معظم جسجگہ خیمہ ایستادہ ہو۔

مُخْتَصِم ع خصومت کرنے والا عداوت کرنیوالا۔

مَخْتُوم ع مُہر کیا گیا و مقفل و بند کیا گیا۔

مُخْتَتَم ع مہر کیا گیا بند کیا گیا قفل لگایا گیا۔

مَخَاتِیم ع جمع مختوم بہت سی مُہر کی ہوئی چیزین۔

## میم با دال

مَدَارُ المَہَام ع مختار کل ہر ایک کام پر صاحب اختیار۔

مُدْغَم ع نام غلام آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم۔

مُدْغَم ع ادغام کیا گیا ایک حرف دوسرے حرف مجانس مین آیا ہوا اور گھوڑا لگام دیا ہوا اور چھپا ہوا۔

مُدَام ع شراب اور ہمیشہ رکھا گیا اور ہمیشہ۔

مُدْلَہِم ع سخت سیاہ و تاریک و نہایت کالی چیز۔

مَدِینَۃُ الاسلام ع لقب کوفہ کا جو شہر مشہور ہے۔

مَدِینَۃُ العلم ع علم کا شہر لقب آنحضرت کا اور حضرت نے اپنے حق مین فرمایا ہے انا مدینۃ العلم و علی بابہا۔

## میم با ذال

مَذْمُوم ع بدگوئی کیا گیا مذمت کیا گیا برا کیا گیا۔

## میم با راے

مَرْسُوم ع رسم کیا گیا و درماہہ و روزینہ جو کسی کا مقرر ہو۔

مَرَاسِم ع رسمین اور طریق جو بہت سے ہون۔

مَرْجُوم ع راندہ و سنگسار کیا گیا مردود شخص۔

مَرْحُوم ع رحمت کیا گیا بخشا گیا۔

مَرْزُبُوم ع پیدا ہونے کی زمین اور وطن۔

مَرْقُوم ع لکھا گیا تحریر کیا گیا۔

مُرْتَسِم ع نقش پکڑنے والا منقش ہونے والا۔

مَرَام ع مراد و مطلب مشتق ہے روم سے جسکے معنی مطلب اور ڈھونڈنے کے ہیں۔

مَرْدُم ف آدمی اور بہت آدمی و مردمک یعنی پتلی چشم جو نظر کا مقام ہے۔

مُرَحَّم ع نرم کیا گیا ملائم کیا گیا۔

مَرَاحِم ع جمع مرحمت کی مہربانیان و تحسین و لفتین۔

مَرَاہِم ف جمع مرہم کی یہ مشہور لفظ ہے۔

مَرْہَم ف وہ دوا جو زخم پر لگاتے ہین۔

## میم با زاے

مُزَاحِم ع تنگی کرنیوالا رنج پہونچانے والا ناحق دخل دینے والا

مُزدَحَم ع ازدحام وہجوم کیا گیا انبوہ کیا گیا۔
مُزدَحِم ع انبوہ کرنے والا ہجوم کرنے والا۔

## میم با سین

مُستَہام ع سرگشتہ وحیران وپریشان وغمگین ودیوانہ
مَسمُوم ع زہر کھایا گیا یعنی جسکو زہر دیا گیا ہو۔
مُساہِم ع شریک وانباز وحصہ دار کسی چیز مین۔
مستحکم ع محکم مضبوط وسخت وپختہ۔
مسترحم ع طالب بخشش کا مہربانی چاہنے والا۔
مَسام ع باریک سوراخ جو انسان کی جلد مین ہین۔
مَسَاْم ع جمع مسم صیغہ اسم ظرف سم سے بمعنی سوراخ۔
مَسَم ع سوراخ جو کسی چیز مین ہو۔
مُستَقِیم ع راست سیدھا اور کھڑا ہوا قائم ومحکم۔
مُستَخدِم ع خدمت چاہنے والا خدمت مانگنے والا۔
مُستَخدَم ع جس سے خدمت چاہین یعنی خدمتگار۔
مُستَدام ع ہمیشہ وہمیشگی چاہنے والا۔
مُستَلزِم ع لازم پکڑنے والا۔
مُسلِم ع صاحب اسلام جو شخص دین محمدی پر ہو۔
مُسَلَّم ع سلامت رکھا گیا سپرد کیا گیا۔
مُستَنِیم ع روشنائی چاہنے والا۔
مُستَتِم ع اتمام چاہنے والا انجام مانگنے والا۔
مُستَنشِم ع سونگھنے والا کسی بو کو۔

## میم با شین

مَشام ع مقدم دماغ جسکو سونگھنے کی قوت حاصل ہے۔
مشعر الحرام ع جائے قربانی جو حج کے بعد کرتے ہین۔
مَشُوم ع بروزن مقسوم منحوس نامبارک۔
مَشمُوم ع سونگھی ہوئی چیز جسکو سونگھین۔
مَضمُوم ع وہ حرف جسپر حرکت پیش کی ہو۔

## میم با ظاء

مَظالِم ع جمع مظلمہ ستمہا وجاہاے عدالت۔
مُظلِم ع تاریک مقام اور تاریک جگہ۔
مَظلُوم ع ظلم کیا گیا یعنی جس شخص پر کسی نے ظلم کیا ہو۔

## میم با عین

مِعصَم ع جائے دست برنجن یعنی ساعد کڑی پہنین۔
مُعجَم ع حروف وحروف ابجد وحروف منقوطہ جو نقطہ دار ہون
مُعَمَّم ع صاحب عمامہ ودستار یعنی پگڑی والا آدمی۔
مُعَزِّم ع عزیمت خوان افسون گر جادوگر منتریا۔
مَعصُوم ع نگاہ رکھا گیا گناہ سے بچا ہوا نیکوکار۔
مَعلُوم ع جانا گیا کنایہ مال وزر وسامان واسباب۔
مَعالِم ع عالم جہان وموجودات وکائنات ودنیا۔
مُعتَصِم ع پنجہ مارنے والا پناہ پکڑنے والا کسی کی حمایت [illegible]
مُعَلَّم ع شاگرد سکھلایا گیا علم پڑھایا گیا۔
مُعَلِّم ع سکھلانیوالا استاد ادیب علم پڑھانے والا۔
مُعلَم ع نقش دار ونشاندار یعنی جس چیز کا کوئی نشان ہو
مُعَظَّم ع صاحب عزت وحرمت وصاحب عظمت آدمی۔
مَعدُوم ع نابود جسکا کوئی پتہ ونام ونشان نہو۔

## میم با غین

مَغمُوم ع غمناک و دلگیر اندیشہ مین -

مُغتَنَم ع غنیمت جانا گیا وقت یا زمانہ وغیرہ -

## میم با فا

مُحرَم ع میرا بڑھاپا -

مَفہُوم ع سمجھا یا گیا واضح کیا گیا کوئی مضمون یا حال -

## میم با قاف

مُقَام ع مصدر ہی کھڑے ہونا ٹھہرنا قائم ہونا -

مُقَاوِم ع برابری کرنے والا ہمسری کرنیوالا برابر کا شخص

مِقدَام ع بہادر و شجاع و پہلوان جوانمرد دلاور آدمی -

مَقسُوم ع بانٹا ہوا حصہ کیا ہوا قسمت کا لکھا -

مُقِیم ع رہنے والا مقام کرنے والا کسی مکان مین -

مَقَام ع کھڑے ہونیکا مقام جائے قیام سکونت کی جگہ -

مَقدَم ع واپس آنا اور قدم رکھنے کی جگہ ٹھہرنیکا مقام -

مُقدِم ع آگے چلنے والا و دلیر و گوشہ چشم بطرف بینی -

مُقَدِّم ع پیش کرنے والا حاضر کرنے والا شخص -

مُقَدَّم ع پیش کیا گیا گانوُن کا چودھری و نمبردار -

مَقسَم ع جائے تقسیم یعنی بانٹنے کی جگہ -

مُقرَم ع شتر نر بخلاف شتر مادہ کے -

مُقتَحِم ع ظالم و غالب و مختار و حاکم با اختیار -

مُقحَم ع کسی چیز مین ڈالا گیا درمیان مین لایا گیا -

مُقَوِّم ع قیمت کرنیوالا راست رکھنے والا سیدھا کرنیوالا

## میم با کاف

مُکتَتَم ع پوشیدہ وہ چیز جو پردہ کے اندر ہو -

مُکرَم ع عزت دیا گیا صاحب آبرو کیا گیا -

مَکَارِم ع نوازشین مہربانیان و سخاوتین و بخششین -

مَکتُوم ع پوشیدہ بات اور راز جو دل کے اندر ہو -

## میم با لام

مَلِک الکلام ع لقب ملا محمد ظہوری کا جو مصاحب و ہمنشین

سلطان ابراہیم عادل شاہ کا تھا ولایت دکن مین -

مَلثُوم ع بوسہ دیا گیا چوما گیا -

مُلثَم ع چوما گیا بوسہ دیا گیا -

مُلتَئِم ع زخم اچھا ہوا ہوا اٹھا ہوا زخم جسکو مرہم کی حاجت نہو -

مُلَثَّم ع چوما گیا بوسہ دیا گیا -

مُلحَم ع قسم پارچہ ابریشمی جو نہایت ملائم ہوتا ہی -

مُلتَزَم ع کعبہ مین ایک مقام کا نام ہی نزدیک رکن یمانی

محاذی کعبہ وہ مقام اجابت دعا ہی -

مَلُوم ع ملامت کیا گیا یعنی جسکو ملامت کی گئی ہو -

مُلازِم ع نوکر و مصاحب مجلیس و ہمنشین پاس رہنے والا -

مَلاَم ع ملامت کرنا اور جگہ ملامت یعنی جسجگہ پر ملامت ہو -

مُلہِم ع الہام کرنیوالا دل مین ڈالنے والا خبر دینے والا -

مُلائِم ع نرم اور جمع ہونیوالا و موافق و مناسب و مطبوع و پسند -

مَلاَم ع ملامت کرنا کسی کو برا کہنا کسی بات پر -

مُلتَحِم ع زخم انگور لایا ہوا جو اچھے ہونے کے نزدیک ہو -

مُلقِم ع لقمہ کھلانے والا نوالہ لینے والا طعام کا -

## میم با نون

مَنَام ع خوابگاہ سونے کی جگہ نیند کا مقام -

منہیم ع حریص و گرسنہ چشم و خام طمع آدمی۔
منعم ع صاحب نعمت مالدار و دولتمند غنی آدمی۔
مناعم ع جمع منعم کی یعنی بہت سی نعمتین۔
منجم ع نجومی ستارہ شناس آدمی۔
منعدم ع فنا و نابود بے نام و نشان۔
منقسم ع تقسیم کیا گیا بانٹا گیا۔
منہضم ع ہضم کیا گیا کھانا پیٹ مین۔
منعام ع بہت بخشش کرنے والا انعام دینے والا۔
متنسم ع خوشبو لینے والا عطر و پھول وغیرہ کی۔
منہزم ع جنگ سے بھاگنے والا نامرد بزدل آدمی۔
منہدم ع ویران و مسمار ہونیوالا گرنے والا مکان وغیرہ۔
منسجم ع پانی اور اشک روان ہونیوالا آنسو بہنے والا۔
منشتم ع روشن و ہویدا ظاہر و چمکتا ہوا۔
منخرم ع بینی بریدہ اور کان چھیدا ہوا آدمی۔
منتقم ع بدلہ لینے والا عوض لینے والا کسی سے۔
منتظم ع راست و درست ہونے والا بندوبست کرنیوالا۔
منضم ع ہمیشہ رہنے والا و آمیختہ یعنی ملا ہوا۔
مناظم ع جائے نظم و ترتیب اور بندوبست کا مقام۔
متہم ع نکتہ چینی کرنیوالا کسی بات مین عیب نکالنے والا۔
منعدم ع نابود ہونیوالا یعنی معدوم بے نام و نشان۔
منظوم ع پرویا گیا نظم کیا گیا کوئی قصیدہ یا غزل۔
منفصم ع ٹوٹا ہوا ختم کیا گیا الگ کیا ہوا۔

## میم با واو

موہم ع وہم مین ڈالنے والا شک مین ڈالنے والا۔
موہوم ع وہم کیا گیا شک کیا گیا۔
موسوم ع نام رکھا گیا نشان قائم کیا گیا۔
مؤلم ع رنج پہونچانیوالا دکھ دینے والا کسی کو۔
متہم ع گنہگار و مجرم و تقصیری و خطاوار۔
موسم ف وقت کسی چیز کا بہار کسی پھول یا میوے کی۔
موسم ع اسم کیا گیا نام رکھا گیا نشان قائم کیا گیا۔

## میم با ہا

مہموم ع غمناک فکرمند اندیشہ مین۔
مہزوم ع شکست دیا گیا بھگایا گیا۔
مہضوم ع ہضم کیا گیا کوئی کھانا خوراک۔
مہام ع جمع مہم کارہائے مشکل و دشوار امور۔
مہم ع امر عظیم ماخوذ ہم سے جسکے معنی غم کے ہین۔

## پچیسوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف نون اور آخر مین میم ہے

## نون با الف

نام ف مشہور لفظ ہے جسکا کوئی اسم مقرر ہو۔
ناعم ع خیبر کے قلعون سے ایک قلعہ کا نام ہے۔
نائم ع سویا ہوا آدمی نیند مین بے خبر خواب کی حالت مین۔
ناظم ع پرونے والا بندوبست کرنیوالا صاحب انتظام۔
نافہم ف بیوقوف نادان جاہل بے سمجھ آدمی۔
نامحرم ف ناواقف غیر آدمی جو گھر مین نہ آسکے۔

ناتمام ف ناقص یعنی وہ چیز ابھی پوری نہو-
ناملائم ف نامناسب و درشت و ناپسند و ناسطبوع-
ناکام ف نامراد و ناچار و بالضرور بحالت ناچاری-
نادم ع پشیمان یعنی جو شخص بد کام کر کے پشیمان ہو-
ام القریٰ ع مکہ معظمہ و خانہ بیت اللہ یعنی کعبہ-
نامرد ف ناکس و بیکار و کم ذات و کم عزت آدمی-
نافرجام ف بدانجام جسکا اخیر اچھا نہو-

## نون با جیم

نجم ع ستارہ اور بیل کسی درخت کی مثل کدو وغیرہ-
نجوم ع ستارے جو آسمان پر ہین جمع نجم کی-

## نون با خاء

نخل مریم ع وہ درخت جسکے نیچے عیسیٰ پیدا ہوے تھے-
نخل موم ف وہ درخت جو موم سے بناتے ہین-

## نون با دال

نادم ع پشیمان و دلگیر و غمگین و فکر مند-
ندیم ع مصاحب و ہمنشین ہم صحبت بادشاہ کا مصاحب-

## نون با راے

نرم ف آہستہ خلاف سخت لفظ کے-
نرم نرم ف آہستہ آہستہ کم کم ٹھہر کر آہستگی سے-

## نون با زاے

نزغم ف وہ بخار جو سرد ملکون کی ہوا مین پیدا ہوتا ہی
ہندی مین کوہل نام ہی-

## نون با سین

نسیم ع ہوا نرم و بوے خوش جمع اسکی نسائم ہی-

## نون با شین

نشیمن ف نشیمن یعنی آشیانہ و آرامگاہ اور سکونت کی جگہ-

## نون با ظاء

نظم ع پرونا موتیون کا و کلام موزون یعنی اشعار کا-
نظام ع ایک حکیم معتزلہ کا نام ہی جسکے مسائل خلاف شرع کے تھے
نظام ع رشتہ جواہر و آراستگی و درستی و زیب و زینت و
بند و بست و نام وزیر ملکشاہ سلجوقی جو بڑا انکا نام و صاحب انصاف
و سخاوت تھا اور خطاب ہی بادشاہ دکن کا جو شاہ دہلی کی طرف سے تھا-

## نون با عین

نعم ع جمع نعمت یعنی بہت سی نعمتین و دولتین و خوبیان-
نعم ع ہان کلمہ ایجاب قبیل عربی مین ہی اور نیز بمعنی چارپایہ-
نعم ع تازگی و نرمی و نکوئی و خوبی مال و دولت-
نعم ع نیک خوب اور اچھا راضی خوش-
نعائم ع منازل قمر سے بیسوین منزل و جمع نعامہ بمعنی
شتر مرغ کے ہین-
نعیم ع بہشت و نعمت و نیکی و دسترس و ناز-

## نون با غین

نغم ع جمع نغمہ کی بہت سے سرود اور راگ جو گائے جائین

## نون با قاف

نقطہ موہوم ع باریک نقطہ جو نظر نہ پڑے-

## نون با میم

نموم ع بہت غمازی کرنیوالا چغل خور گو غیبت کرنیوالا

نامم ع سخن چین وغماز و نام گیاہ خوشبودار۔

نمک حرام ف بدخواہ اپنے مالک کا اور وہ شخص جو کسی کا مال کھا کر حق ادا نکرے۔

نم ف تری پانی کی جو کسی چیز مین موجود ہو۔

## نون با واو

نون والقلم ع دوات قلم و نام سورۂ قران۔

نوم ع خواب یعنی نیند۔

نور چشم ف مجازاً بیٹا یعنی آنکھون کی روشنی۔

## نون با یاء

نیام ع جمع نوم جسکے معنی نیند کے ہین و جمع نائم جسکے معنی سوے ہوئے کے ہین و غلاف کارد و شمشیر و تلوار کا میان

نیّرِ اعظم ع آفتاب جسکو ہند مین سورج کہتے ہین۔

نیلم ع نام جوہر جو نیلگون ہوتا ہی۔

نیم ف نصف آدھا یعنی دو مین سے ایک۔

## چھبیسوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف واو اور اخیر مین میم ہی

## واو با الف

وام ف قرض و رنگ و لون کسی رنگین چیز کا۔

واہم ع وہم کرنے والا شک کرنیوالا کسی بات مین۔

## واو با خاء

وخم ع ناگوار و ناسازگار و ناپسند و نامطبوع۔

وخیم ع دشوار و گران اور بوجھل و بھاری چیز۔

## واو با راے

ورم ع سوج جانا ورم کرنا کسی عضو کا۔

## واو با سین

وسم ع نشان و عیب و داغ و رنگ و لون۔

وسیم ع خوبصورت و جمیل و نشان کیا گیا و نام درخت

## واو با ہاء

وہم ع گمان و شک جو کسی کی طبیعت مین پڑ جائے

## ستائیسوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف ہا اور اخیر مین میم ہی

## ہا با الف

ہاضم ع وہ چیز جو طعام کو ہضم کرے۔

ہادم ع عمارت کا گرانیوالا ویران کرنیوالا مسمار کرنیوالا

ہائم ع سرگردان و شیفتہ عشق مین اور تشنہ یعنی پیاسا

ہاشم ع نام جد رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا ہی۔

## ہاے با جیم

ہجوم ع انبوہ اور مجمع لوگون کا مجازاً فوج و لشکر۔

## ہاے با دال

ہدم ع مسمار و ویران کرنا گرا دینا کسی دیوار یا مکان کا

## ہاے با راے

ہرم ع پیری و ضعیفی و ناتوانی و کمزوری و ناطاقتی۔

ہرِم ع مرد پیر و ضعیف و ناتوان و کمزور۔

ہرمز ع نام شہر اور پہلوان کا جو بڑا جوانمرد تھا۔

## ہاے بازاے

ہژدہ ہزار عالم ف تمام مخلوقات جو اٹھارہ ہزار قسم دیکھی گئی ہے۔

## ہاے باضاد

ہضم ع ہضم ہونا طعام کا معدہ میں۔

ہضیم ع ستم رسیدہ و مظلوم غنچۂ ناشگفتہ زن باریک شکم۔

## ہاے بافاء

ہفت امام ف سات امام امام اعظم ابو حنیفہ کوفی امام شافعی امام مالک امام احمد حنبل امام ابو یوسف امام محمد امام زفر

ہفت لاے چشم ف سات پردے آنکھ کے۔

ہفت پردۂ چشم ف سات طبقے آنکھ کے۔

ہفت قلم ف سات طرح کے خط جو لکھے جاتے ہیں۔

ہفت اندام ف سات عضو سر و سینہ و دست راست و دست چپ پاے چپ پاے راست و پشت و بطن یا دماغ دل جگر و سپرز شش زہرہ معدہ۔

ہفت اقلیم ف سات ولایتیں جو سات ستاروں کے ساتھ متعلق ہیں۔

## ہاے بالام

ہلم ع بیا آ صیغہ امر ہے۔

## ہاے بامیم

ہم ع غم و اندیشہ و فکر جو انسان کی طبیعت میں ہو۔

ہم ع مرد نہایت ضعیف و کمزور و ناتوان ناطاقت۔

ہم ع بھی کلمہ عطف ہے جیسا کہ زید آمد و ہم عمر۔

ہموم ع اندوہہا و اندیشہا یہ لفظ جمع ہم کی ہے۔

ہمدم ع دوست و رفیق و ہم صحبت و ہم مجلس۔

ہمم ع جمع ہمت یعنی بہت سی ہمتیں و دلیریاں۔

ہمام ع مرد بزرگ و مہتر قوم و سردار و سرگروہ۔

## ہاے بانون

ہنگام ف وقت و زمانہ۔

## ہاے باواو

ہوام ع حشرات الارض مثل مار و کژدم وغیرہ جمع ہامہ کے لفظ کی جسکے معنی مار کژدم وغیرہ کے ہیں۔

## ہاے بایاء

ہیکل الروم ع نام بتخانہ جو روم میں تھا۔

ہیم ع سرگشتگی و پریشانی و ذلت و خواری۔

ہیم ع بیاے معروف شتر یعنی اونٹ۔

ہیم ف بیاے مجہول لکڑی جلانے کی یعنی ہیمہ سوختنی۔

ہیزم ف چوب خشک سوختنی جلانے کی لکڑی۔

ہیضم ع شیر درندہ جو مشہور جانور ہے۔

## اٹھارھوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف یاے اور اخیر مین میم ہے

## یاے باالف

یام و یامہ ف وہ گھوڑے جو ڈاک پر بھیجے جائین۔

## یاے باتاء

یتیم ع طفل پدر مردہ یعنی وہ لڑکا جسکا باپ مرگیا ہو۔

## یاے باحاء

یحموم ع دود سیاہ کالا دہوان -

## یاے با شین

یشم ف ایک قسم کا پتھر قیمتی ہوتا ہی -

## یاے با کاف

یک چشم ف کنایۂ آفتاب در جو آدمی ایک آنکھ رکھتا ہو -
یک قلم ف تمام وکمال اسی وقت و بالکل فی الفور -

## یاے با میم

یم ع دریا یا پانی کا بہاؤ اجرا پانی کا -
یمام ع کبوتر صحرائی یعنے جنگلی کبوتر -

## یاے با واو

یوم ع وقت روز یعنی دن بخلاف لیل یعنی رات کے -

# پچیسوان باب

اُن لغات کے بیان ہین جنکے آخر مین حرف نون ہی اور پہلے حروف برعایت حروف تہجی اپنے اپنے موقع پر بدلتے جاتے ہین اِسمین اٹھائیس فصل ہین

## پہلی فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف الف اور اخیر مین نون ہی -

## الف با با

آبتین ف بوزن آستین نام پدر فریدون بادشاہ کا -
ابن ع بیٹا جو اپنے نطفے سے ہو -

آبستن ف حاملہ عورت پیٹ والی عورت -
آباد انیدن ف سراہنا تعریف کرنا صفت کرنا -
آبسالان ف باغ و بوستان و سبزہ -
آبدستان ف آفتابہ یعنی کوزہ پانی کا -
آبان ف نام ماہ شمسی جو آٹھوان مہینا ہی اور نام فرشتہ کا ہی جو لوہے پر موکل ہی -
آبدان ف تالاب یا جھیل جسمین پانی موجود رہے
آب آتشین ف شراب انگوری باعتبار اُسکی سرخی کے
آب حیوان ف آب حیات جسکے پینے سے انسان نہین مرتا -
آبستن ف زندہ ہونا اور سرسبز و شاداب ہونا -
آبان ع ہنگام و وقت و زمانہ و موقع -
ابوریحان ع نام اُستاد علم ہیئت کا -
ابن سیرین ع نام ایک شخص کا جو علم تعبیر مین استاد تھا -

## الف با تا

آتشہرن ف نام مرغ جسکو ققنس کہتے ہین اور وہ آگ رکھا کرتا ہی اور چیتاق -
آتش زبان ف مرد فصیح الکلام و تیز زبان -
آتون ف معلمہ جو لڑکیون کو تعلیم دے -
اتیان ع آنا اور فارسی مین آمدن -
آتان ع مادہ خر یعنی گدھیا -
آتشدان ف انگیٹھی جسمین آگ رکھتے ہین -
اتقان ع استواری و محکمی و مضبوطی -

## الف با ثا

اِثمان ع جمع ثمن قیمتہا یعنی بہت سے مول اور قیمتین۔

## الف با جیم

اجر غیر ممنون ع ثواب بے نقصان و مزدوری بی خسارہ۔

اَجفان ع آنکھ کی پلکین آنکھ کے پردہ کے بال۔

## الف با حاء

اَحسَن ع خوبصورت نیک خوی نیک افعال نیک کردار۔

احسان ع نیکی کرنا خوبی کے ساتھ پیش آنا۔

اَحاسن ع خوبیان و نیکیان و احسان۔

اِحزان ع غمناک کرنا دلگیر کرنا اندیشہ مین ڈالنا۔

اَحزان ع جمع حزن اندوہا یعنی بہت سے غم و اندیشے۔

احصان ع استوار کرنا نگاہ رکھنا نکاح مضبوط کرنا۔

اِحتضان ع بغل مین لینا چھاتی سے لگانا کسی کو۔

اَحیان ع جمع حین وقتہا یعنی بہت سے زمانے۔

## الف با خاء

اَخوان ع جمع اخ برادران یعنی بہت سے بھائی۔

آخون ف معلم و اُستاد علم پڑھانے والا۔

اَختان ع جمع ختن جسکے معنی داماد کے ہین۔

اَخدان ع جمع خدن جسکے معنی دوست کے ہین۔

اختر شمودن ف بیدار رہنا رات کو نسونا۔

اِخِستان ف نام بادشاہ جو ممدوح خاقانی و نظامی کا تھا۔

آختن ف کھینچنا تلوار کا جنگ کے وقت۔

## الف با دال

اَدیان ع جمع دین کی بہت سے مذہب و طریق۔

اَدوَن ع بہت کمینہ و لقبر و نزدیک تر۔

اَدکن ع خاکستر رنگ یعنی جس چیز کا رنگ خاکستری ہو۔

اِدمان ع ہمیشہ کرنا کام کا ہمیشگی کرنا۔

## الف با ذال

اِذعان ع فرمانبرداری و اطاعت و قناعت۔

آذربائجان و آذربادگان نام ملک کا جس کا دارالسلطنت تبریز مشہور شہر ہے۔

اُذن و اُذُن ع گوش یعنی کان۔

اِذن ع حکم و فرمان و اجازت و رخصت۔

آذان ع جمع اُذن گوشہا یعنی بہت سے کان۔

اَذقان ع جمع ذقن ٹھوڑیان۔

اَذان ع بانگ جو نماز کے وقت باواز بلند کہتے ہین۔

آذین ف آرایش و آئین بندی و درستی و صفائی۔

## الف با راے

اَرغنون و اُرغون و اَرغن ع نام ایک ساز کا جسکو افلاطون نے ایجاد کیا تھا۔

اَرمَن و اَرمِن ع ایک ملک کا نام ہے جو درمیان ایران و روم و فرنگ کے واقع ہے۔

ارمان ت آرزو و امید و طمع و حرص۔

اَربعین ع عدد چہل اربعون کے بھی یہی معنی ہین۔

اَرزن ع عربی مین نام درخت فارسی مین نام غلہ جسکو چینا کہتے ہین و نام موضع متصل شیراز۔

اَردوان ف نام ایک بادشاہ کا جسکا نوکر اردشیر بابکان

ا... استبا مین تھا اسکو مارکر بادشاہ ہوا۔

ا... ن ف نام ولایت جہان چاندی سونے کی کان ہے۔

ا... لان ت شیر درندہ و بندہ و غلام و خدمتگار۔

ارکان ع جمع رکن یعنی ستون کسی عمارت کا۔

ارغوان ف نام درخت جو بہار کے موسم مین سرخ پھول لاتا ہے۔

اردشیر بابکان ف نام ایک بادشاہ جو مشہور بادشاہ ہے۔

ارزان ف سستا کم قیمت مال اور مفت۔

ارزیدن ف قیمت پانا لائق ہونا سزاوار ہونا۔

آزمودن ف امتحان آزمائش کسی چیز کی۔

اروغیدن ف ڈکار ڈکار ڈکارنا۔

ارمغان ع تحفہ و پیشکش و نذرانہ جو دیا جاوے۔

ارضین ع جمع ارض زمین اور دھرتیان۔

آراستن ف خوشنما کرنا آراستہ کرنا سنوارنا۔

## الف با زاے

ازمان ع کہنہ ہونا پرانا ہونا۔

آزاردن ف دوکھ دینا رنج پہونچانا۔

آزردن ف سوئی چبھانا چبھنے لگانا۔

## الف با سین

استردن ف صفا کرنا سر مونڈنا پاک کرنا۔

استرون ف عورت عقیمہ بے اولاد عورت۔

استخوان ف ہڈی اور ایک قسم کا گزر۔

اساطین ع جمع اسطوانہ یعنی ستون۔

اسنان ع جمع سن بہت سے دانت۔

استحسان ع پسند کرنا آفرین کرنا شاباش کہنا۔

آسمان ف فلک مرکب لفظ آس اور مان سے یعنی آس کے معنی چکی اور مان کے معنی مانند بلحاظ گردش کے۔

آستین فشاندن ف روکرنا منع کرنا۔

آستین ف مشہور لفظ ہے یعنی قبا وغیرہ کی آستین۔

آسان ف سہج ہوا اور بے وزن۔

آستان ف دہلیز دروازے کی لکڑی۔

## الف با شین

آشیان ف خانہ جانوران جسمین وہ رہتے ہین۔

اشنان ع ایک گھاس کا نام ہے جسکو جلا کر سجی بناتے ہین۔

آشخیدن ف یعنی پاشیدن پانی چھڑکنا۔

آشامیدن ف پینا پانی یا شراب وغیرہ کا۔

آشفتن ف پریشان وغضبناک ہونا۔

اشراقیان ع گروہ حکما مثل افلاطون وغیرہ بسبب روشنی باطن کے انکو اشراقی کہتے ہین۔

## الف با صاد

اصفہان ف ایران مین ایک شہر مشہور ہے۔

## الف با طاء

اطمینان ع تسلی و دلاسا و خاطر جمع۔

## الف با عین

اعلان ع ظاہر کرنا اشتہار دینا مشہور کرنا۔

اعلن ع بہت ظاہر و ہویدا سب کے روبرو۔

اَغواَن ع مددگاران ورشتہ داران وحامی لوگ۔
اَغنیاَن ع آنکھین بزرگان وامیران و دولتمندان۔

## الف با غین

آغازیدن ف شروع کرنا ابتدا کرنا۔
آغالیدن ف بھڑکانا جوش دلانا۔
اَغصَان ع جمع غصن بمعنی شاخ درخت۔
اَغشتن ف ملانا تر کرنا گوندھنا کسی چیز کو۔

## الف با فا

آفِلِین ع نیچے جانا ڈوب جانا چھپ جانا۔
اُفتادن ف گر پڑنا۔
افراختن ف بلند کرنا۔ افراشتن کے بھی یہی معنی ہین۔
افراشتن ف روشن کرنا بھڑکانا۔
آفریدن ف پیدا کرنا موجود کرنا۔
آفریدگان ف پیدا کی ہوئی چیزین۔
آفرین ف شاباش تحسین اور پیدا کرنے والا۔
افزودن وافزائیدن ف بڑھانا زیادہ کرنا۔
افزون ف زیادہ اور بڑھا ہوا۔
نوان ف خرامان وجنبان ولرزان وکوزہ پشت و خمیدہ ودوتا وکہنہ ولاغر وآگاہ وہوشیار۔

نون ع مچھلی تلوار اور نام شہر وشب چاہ نخدان وابی سپاہی

نوشیروان نام بادشاہ عادل جو مشہور بادشاہ نیکنام ہے۔

نوئین ف امیر اعظم و داماد و بادشہزادہ و مرد غنی و دولتمند ورئیس وسرگروہ۔

نوبرگرفتن میوہ پھل پہلی پہل کھانا جب نیا میوہ نئی موسم مین آئے

نورہان ف تحفہ وسوغات جو دوستونکو دیتے ہین

نوآئین ف آراستہ ودرست وبے عیب چیز۔

نوشتن ف لکھنا کسی خط کا۔

نوشتن ف لپیٹنا کسی فرش وغیرہ کا۔

نواشین ف شیرین ومزہ دار ومطبوع طبع۔

نوازان نام پردہ موسیقی یعنی راگ کے ایک پردہ کا نام ہے

## نون با ہا

نہال ساختن ف سرسبز کرنا ودولتمند بنانا۔

نہالین ف توشک ولحاف سونے کے کپڑے۔

نہبن ف سرپوش دیگ یعنی ہنڈیا کی ڈھکنی۔

نہادن ف رکھنا۔

نہان ف پوشیدہ اور چھپا ہوا آنکھون سے۔

نہانشین ف چھپنا اور پوشیدہ ہونا۔

نہفتن ف چھپانا اور پوشیدہ کرنا۔

## نون با یاے

نیاکان ف بزرگان وآبا واجداد ومردان متقدمین۔

نیرین ف چاند سورج دو بڑے ستارے۔

نیران ع آگ اور آگ کی روشنی وسوزش۔

نیوشیدن ف سننا کسی کلام کا۔

نیدلان ف سنگینی وگرانی جو خواب کی حالت مین انسان پر ظاہر ہوجاتی ہین۔

نیستان ف جنگل درختون کا ہجوم۔

نیش زدن ف ڈنگ مارنا کاٹنا۔

نیلگون ف نیلا رنگ آسمانی رنگ۔

نی انبان ف نام ساز جو نی اور چمڑے سے بناتے ہین

نیسنان ف نام ماہ چیت جس موسم مین آفتاب برج حمل مین ہوتا ہے اور اسی موسم مین موتی پیدا ہوتا ہے۔

نیمجان ف عاشق نہ مردہ نہ زندہ نیم کیحالت بسمل۔

نیل کشیدن ف داغدار کرنا داغی بنانا۔

## چھبیسوین فصل
## اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف واو اور اخیر مین نون ہی

### واو با الف

وابستگان ف رشتہ دار لوگ قریبی ناتی۔

وابستن ف باندھنا پیوند دینا۔

واپسین ف پچھلا جیسا کچھ دم واپسین۔

واماندگان ف وارث لوگ جنکو متوفی پیچھے چھوڑ جائے۔

والدین ع ماں باپ جنکی پشت اور پیٹ سے لڑکا ہو

واژگون و وارژون ف سرنگون و نامبارک۔

والان ت بادیان ہندی سونف جو مشہور دوا ہی۔

وان ت نام ایک شہر کا۔

وادی ایمن ع وہ جنگل جسمین موسیٰ نبی نے جلوہ الٰہی درخت کے اوپر سے دیکھا تھا۔

واشدن ف شگفتہ ہونا تکلیف سے نکلنا۔

وتین ع نام رگ جسکے ساتھ دل معلق ہی۔

### واو با تاء

وثن ع تجبر کا بت کافرون کے پوجنے کا۔

### واو با جیم

وجدان ع پانا حاصل کرنا کسی دلی مقصود کا۔

### واو با راے

وزیدن ف چلنا ہوا کا۔

ورغلانیدن ف بہکانا دانون مین لانا فریب دینا۔

### واو با زاے

وزیدن ف چلنا ہوا کا۔

### واو با سین

وسن ع خواب و غنودگی کی حالت۔

### واو با شین

وشتن ت ناچنا رقص کرنا۔

### واو با طاے

وطن ف جگہ رہنے کی سکونت کا ملک۔

### واو با ہاے

وہن ع ضعف و سستی اعضا۔

### واو با یاے

ویران ف اُجڑا ہوا غیر آباد۔

## ستائیسوین فصل
## اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف ہا اور اخیر مین نون ہی

### ہا با الف

ہارون ع نام برادر کلان موسیٰ علیہ السلام و بمعنی قاصد و پیک و لقب و پاسبان۔

ہامان ع نام کافر جو فرعون کا وزیر تھا۔

ہاون ع اوکھلی جسمین کوئی چیز کوٹین۔

ہامون جنگل جسکی زمین ہموار ہو۔

ہان ف خبردار باش ہوشیار ہو۔

ہاجن ع کنواری لڑکی جس سے صحبت کیجائے۔

## ہا با دال

ہدان ع بیدل و احمق و نادان و بیوقوف۔

ہدن ع صلح و آشتی و صفائی دل۔

## ہا با ذال

ہذیان ع بیہودہ باتین بیہوشی مین کہنا بک بک کرنا

## ہا با رائے

ہرمان ع ایک قدیمی و عالیشان عمارت مصر مین ہی۔

ہراسان ف ڈرتا ہوا خوفناک ڈرپوک۔

ہراسیدن ف ڈرنا خوف کرنا۔

## ہا با زائے

ہزار داستان ف بلبل اور ایک قسم کا بولنے والا جانور۔

## ہا با شین

ہشتن ف چھوڑنا رہا کرنا خلاص کرنا۔

## ہا با طا ء

ہطلان ع باران ضعیف جو چند روز متواتر برسے یعنی جھڑی لگجائے

## ہا با لام

ہلیدن ف چھوڑنا اُس چیز کو جو اپنے قبضے مین تھی۔

ہلیوان ع ایک گھاس کا نام ہی۔

## ہا با میم

ہمگنان ف تمام لوگ تمام خلقت زمانے کے لوگ

ہمایون ع مبارک و خجستہ و بامراد۔

ہمیدون ف اسی طرح اب۔

ہمیان ف کیسہ زر یعنی روپیون کے تھیلی جسمین روپیہ ڈالتے ہین۔

ہمقران ف یار و مصاحب و جلیس و محرم و ہمدم و ہمقدم

ہمان ف وہ ایک اسم ضمیر ہی و لفظ اشارہ۔

ہمدان ع یمن مین ایک قبیلہ کا نام ہی۔

ہمدان ف ایران مین ایک شہر ہی۔

ہمچنین ف اسی طرح۔

ہمداستان ف ہمکلام اور ہمصحبت اور ہمزاد اور ہمدم

ہمعنان ف ہمراہ و برابر و قدم بہ قدم۔

## ہا با نون

ہندوستان ہ مشہور ولایت ہی۔

## ہا با واو

ہون ع عربی مین آرام و آہستگی اور فارسی مین زیرا عیب گلوخ

ہوشیدن ف ہوش کرنا ہوش مین آنا۔

ہون ع خواری و بیعزتی و بربادی و خرابی۔

ہوان ع خواری و بیعزتی و بربادی و خرابی۔

## ہا با یائے

ہیدان ف نادان و بیعلم و بیوقوف احمق۔

ہیون ف اشتر چالاک و اسپ رہوار۔

ہیجان ع برانگیختہ ہونا جوش مین آنا۔

ہین ف سیلاب اور اسوقت اور جھیور۔

ہیجا ع سرگشتگی و حیرانی و ابتری و خرابی جو کسی پر پڑا ہو۔

## اٹھائیسوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف یاے اور آخیر مین نون ہی

### یا با الف

یاد آمدن مص یاد آوردن ف یاد آنا اور یاد مین لانا۔
یاد دادن مص یاد داشتن ف یاد دینا یاد رکھنا۔
یاد کردن مص یاد گرفتن ف یاد کرنا یاد پکڑنا۔
یافتن ف پانا کسی چیز کو حاصل کرنا۔
یاوگیان ف گمراہان اور یاوہ اور بیہودہ لوگ۔
یاسین ع ایک سورۂ قرآن کا نام ہی اور نام آنحضرت صلعم کا۔
یاختن ف ہاتھ دراز کرنا ہاتھ پھیلانا حملہ کرنا۔
یازیدن ف پست آواز کرنا کسی کام مین اور حملہ کرنا۔
یازان ف حملہ کرنا و دست درازی کرنا۔
یاسمین ف چنبیلی کا پھول جو مشہور پھول ہی۔
یارستن ف طاقت رکھنا صاحب قوت و زور مند ہونا

### یا با خاء

یخدان ف باورچیخانہ کا صندوق جسمین اسباب رہتا ہو۔
یخ خوردن ف سرد مہری کرنا پہلوتہی کرنا کسی کام سے۔

### یا با راے

یرقان ع نام مرض صفراوی جس سے بدن زرد ہوجاتا ہی

### یا با زاے

یزدان ف نام خدا اسمِ تعالیٰ جل شانہٗ۔

### یا با فاء

یفقین ع پیر مرد فرتوت نہایت ضعیف آدمی۔

### یا با قاف

یقین ع بیشک و بے شبہ و بے وہم و بے گمان۔
یقظان ع بیدار جاگتا ہوا ہشیار۔
یقطین ع کدو و خربوزہ وغیرہ بیلدار درخت۔

### یا با کاف

یکران ف سرخ رنگ گھوڑا جسکو سرخہ کہتے ہین۔
یکان ف کسان و مردمان تابعین و خدمتگار۔

### یا با میم

یمن ع خیر و برکت و نیکی و خوبی و بہتری۔
یمن ع ایک ملک کا نام ہی جو مشہور ہی۔
یمان ع یمن کا رہنے والا یمن کا متوطن۔
یمین ع جانب راست دہنی طرف۔
یمکین ع ہوسکتا ہی ممکن ہی کہ ہو۔

### یا با واو

یونان ع مشہور ولایت داخل روم کے ہی۔
یوزیدن ف طلب کرنا بلانا کسی کو۔

## چھبیسوان باب

اُن لغات کے بیان مین جنکے آخیر حرف واو ہی اور پہلے حروف برعایت حروف تہجی کے اپنے اپنے موقع پر بدلتے جاتے ہین اسمین چھبیس فصل ہین

### پہلی فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے

اول حرف الف اور اخیر مین واو ہی

**الف با باء**

ابرو ف عزت حسن و جمال خوبی بہتری ننگ ناموس۔

ارجو ف رونق و دولت و حشمت و عزت و آثار

**الف با تاء**

آتشکدہ کاو ف سنج آہنی یا دست پناہ آہنی جس سے
آگ نکالین ہندی مین اسکو چیٹا کہتے ہین۔

آلتو ف یہ ایک کسب کا نام ہی اور وہ آہنی دست افزار
کو گرم کرکے کپڑون پر نقش کرتے ہین۔

**الف با راء**

اردو ف لشکرگاہ پادشاہی مجازاً فوج و لشکر۔

آرزو ف امید آس دلی مقصود۔

ارسطو ف ایک حکیم کا نام ہی جو اسکندر کے استاد
کا فرزند تھا۔

**الف با نون**

انگشتو ف سیویان جو میدہ سے بناتے ہین اور
دودھ اور شکر کے ساتھ ملاکر کھاتے ہین۔

**الف با واو**

او ف وہ یہ ایک اسم ضمیر فارسی مین ہی۔

## دوسری فصل

ان لغات کے بیان مین جن کے
اول حرف با اور اخیر مین واو ہی

**با با الف**

بازو ف قوت و استعداد و زور و توانائی۔

بالنگو ف مشہور تخم ہی جو دوا مین مستعمل ہی۔

بارو ف دیوار قلعہ و حصار اور قلعہ کی عمارت۔

باکو ف شروان کے پاس ایک شہر ہی جسکا یہ نام ہی۔

بازگو ف بیان کرنے والا اظہار کرنے والا کسی راز کا۔

باہو ف چوب دستی کلان جسکو لاٹھی کہتے ہین۔

**با با دال**

بدو ع بیابان و صحرا اور ابتدا کرنا۔

بدجلو ف اسپ سرکش و نافرمان و بدلگام۔

بدو ع ظاہر ہونا و آغاز و ابتدا ہر کام کا۔

بدؤ ع آغاز و ابتدا ہر ایک کام کا۔

**با با راء**

برغو ف حیوان کا سینگ جو اندر سے پولا ہو اور
نفیری کی طرح اسکو بجائین۔

پرستو ف ابابیل جو مشہور جانور ہی۔

پرتو ف روشنی و عکس و شعاع و چمکارہ۔

**با با سین**

بس رو ف تابعدار و خادم خدمتگار۔

**با با طاء**

بطو ع درنگ و آہستگی و توقف۔

**با با لام**

پلاذو ف پلاؤ ف نعمت و طعام و قسم طعام جو مشہور ہی

**با با نون**

بنگلو ف اسپغول جو شہور تخم ہی اور دوا مین مستعمل ہی۔

## با با واو

بوف امید و طمع و سراغ و محبت و خوبی و بو خوش یا بدو معنی شاید و کاشکے و اینکہ۔

## با با ہاے

بہشتی روف ساده و ساده و ساده چہره بے ریش۔
بہوف قصر و ایوان و نشیمن و محل و مکان و بالاخانہ
پہلو ف شہر و زبان پہلوی و مرد شجاع و دلاور و نام پسر سام بن نوح۔
پہلو ف پیٹ کے دونون طرف و نفع و فائده۔
پیکو ف ایک ملک کا نام ہی۔
پیو ف جزات خشک یعنی پنیر تر کی ہین اسکو فردت کہتے ہین۔
پیشرو ف امام و رہنما و سرگروه قوم و سالار قافلہ۔
پیرو ف تابعدار مقتدی مطیع و فرمانبردار۔
بیرو ف بے محبت بے الفت بے لحاظ آدمی۔

## تیسری فصل

### اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف تا اور اخیر مین واو ہی

## تا با الف

تاہو ف ایک قسم کی شراب ہی۔

## تا با دال

تدرو ف بٹیر مشہور پرند ہی۔

## تا با راے

ترازو ف میزان تکڑی جس سے ہر ایک چیز تولتے ہین۔

## تا با فاء

تفو ف آب دہان یعنی تھوک و لعاب دہان۔

## تا با کاف

تکافو ع برابر ہونا مساوی ہونا یکسان ہونا۔
تکاو ف نذرین اسپ و ریش محسلت۔
تکاپو ف دوڑنا تیز چلنا بھاگنا۔
تگ و دو تگ و پو ف دوڑ دھوپ تیز رفتاری۔

## تا با لام

تلالو ع درخشیدن یعنی چمکنا روشنی دینا۔
تلو ع پیرو تابعدار و بچہ شتر جو انکے پیچھے چلتا ہو۔

## تا با واو

توش ف پرده وتہ کپڑے وغیره کی۔
تو ف مشہور لفظ ہی اور خطاب مخاطب کی طرف ہے۔

## تا با یاء

تیہو ف ایک جانور کا نام ہی ہندی لوا۔

## چوتھی فصل

### اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف جیم اور اخیر مین واو ہی

## جیم با الف

جان دارو ف تریاق و نوشدارو جو ایک قسم کا معجون ہی
جادو ف سحر و ساحر یعنی جادو و جادوگر۔

چارسُو شہر کا چوہٹہ بازار جسکے چارون طرف رستہ جاری ہو۔
چار جوئے بہشت کی چار نہرین۔

جیم با زاے

جزو ع ایک ٹکڑا ایک حصہ۔

جیم باسین

جستجو ف ڈھونڈھنا تلاش کرنا کسی چیز کو۔

جیم بالام

جلدو ف انعام وصلہ وعوض کسی نیک کام کا۔
جلو ف عنان اسپ و اسپ کوتل اور گھوڑا دوڑانا۔
چلاؤ ف خشکہ چاولون کا جو قسم طعام کا ہے۔

جیم باواو

جَو ع وہ فرق و فاصلہ جو آسمان و زمین مین ہے۔
جَو ف مشہور غلہ ہے۔
جواہر دارو ف ایک آنکھ کی دوا ہے۔
چو ف تشبیہ اور شرط کے واسطے آتا ہے۔

## پانچوین فصل
## اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف حاء اور آخیر مین واو ہے

حا با ذال

حذو ع برابر کرنا دو چیزون کو آپسمین۔

حا باسین

حسو ع شوربا وغیرہ جو تھوڑا پیئین۔

حا باشین

حشو ع بھرنا روئی وغیرہ کا کسی تکیہ یا لحاف مین۔

حا بالام

حلو ع شیرین یعنی میٹھا لذت مین۔

## چھٹی فصل
## اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف خا اور آخیر مین واو ہے

خا باالف

خالو ع برادر مادر یعنی ماموں۔
خاکدان دیو ف دنیا و عالم و جہان۔

خا بادال

خدیو ف صاحب ووالی ومالک وآقا۔

خا باراے

خردو خرد ع جانورون کی پیٹھ۔

خا باسین

خسرو ف نام پسر سیاوش بن کیکاوس اور نام پرویز بن ہرمز بن نوشیروان و نام شاعر دہلی جو خواجہ خسرو مشہور مین یعنی بادشاہ۔
خستو ف کھجور و آڑو وغیرہ کی گٹھلی۔

خا باشین

خشکسالو ف مرد بخیل وکم مایہ ومفلس ونادار۔

خا بالام

خلو ع خالی ہونا بے مایہ ہونا نادار و مفلس ہونا۔
خلو ع خلوت کرنا گوشہ نشین ہونا۔

## خا با نون

خنوع بدزبان بدسلیقہ بدکلام آدمی۔

## خا با واو

خوف عادت خصلت وخلق۔

## خا با یاء

خیوف آب دہن یعنی تھوک۔

خیروف خطمی جو ایک مشہور تخم دوا مین مستعمل ہے۔

## ساتوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف دال اور اخیر مین واو ہے

## دال با الف

داوف دیوار پختہ ہو یا خام و مکر وحیلہ و دشنام یعنی گالی۔

## دال با راے

دِروف زراعت کاٹنا کھیتی کاٹنا بعد پختہ ہونیکے۔

## دال با فاء

دفوع بروزن فعل موسم گرم و مقام گرم و بچہ اشتر و شبنم اختر

## دال با لام

دلوع لوکا اور ڈول پانی کا۔

## دال با میم

دمگاوف تازیانہ بزرگ و نفیری و قرنائی۔

دمگوف مرد احمق اور ایک داو کشتی کا۔

## دال با نون

دنوع نزدیک ہونا پاس جانا قریب بیٹھنا۔

## دال با واو

دُوف عدد تثنیہ یعنی دو جسکو ہندی مین بھی دو کہتے ہین اور عربی مین اثنین۔

دوموف جسکے بال سیاہ و سفید ہون یعنے دو قسم کے بال۔

دوطفل ہندوف دو آنکھین معشوق کی جو سیاہ ہون۔

دوروف منافق آدمی جسکا ظاہر و باطن یکسان نہو۔

## دال با یاے

دیوف بھوت جن شیطان جو ایک قسم کی پیدائش ہے۔

## آٹھوین فصل

## ان لغات کے بیان مین جن کے اول حرف راے اور اخیر مین واو ہے

## راے با خاء

رخوع نرمی وسستی و کم طاقتی و کمزوری۔

## راے با غین

رغوع کف یعنی جھاگ جو پانی اور دودھ وغیرہ چیزون پر آجاتا ہے

## راے با فا

رفوع درست کرنا کپڑے کو سوئی سے جہان کہین پھٹا ہوا ہو۔

## راے با واو

روف چہرہ انسان کا اور اُسکا منھ۔

## راے با یاے

ریوف مکر کرنا وحیلہ کرنا و فریب دینا دانو مین لانا کسی کو

ریشگاوف مرد احمق و نادان و بیوقوف و بے علم۔

ریگشوف قوم نیاریا جو خاک کو دھو کر چاندی سونا نکالتے ہین

## نوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف زاے اور آخر مین واو ہی

### زاے باالف

زانو ف گھٹنا جو ایک عضو انسانی اعضا سے ہی۔

### زاے بابا

زبان ترازو ف ترازو کی چوٹی جہان سے پکڑتے ہین۔

### زاے باراے

زردالو ف میوہ خوبانی جو مشہور میوہ ہی۔

### زاے بالام

زلو ع جونک مشہور کرم سیاہ رنگ ہی۔

## دسوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف سین اور آخر مین واو ہی

### سین باالف

ساو ع باج وخراج وحصہ وطلاے خالص ریزہ ریزہ
سازگاو ف تسمہ چرم جس سے بیل ہانکتے ہین۔
ساختہ رو ف شرمندہ شکل بناوٹی چہرہ۔

### سین بابا

سبو ف پانی کا گھڑا جسمین پانی رکھتے ہین۔

### سین باخا

سختو ف روده گوسپند بکری کی انتڑین۔

### سین بادال

سدلو ع ایک دیو کا نام ہی جسنے انگشتری سلیمان کی لے لی ہی۔

### سین باراے

سُرو ف شاخ حیوان وپارہ شاخ آہو وپیالہ شراب
سرو ف درخت مشہور ہی۔
سرخرو ف جو شخص اپنے متعلق خدمت ادا کر چکا ہو
سرنو ف نئے سرسے دوبارہ۔

### سین باکاف

سکو ع بچہ چوبی جس سے خرمن کا غلہ صاحب خرمن صاف کرتا ہی بعض کے نزدیک اسکو جیبات کہتے ہین۔

### سین بالام

سَلو ع خوش ہونا ذلیل ہونا غم کا فراموش کرنا۔

### سین بامیم

سمو ع بلندی اونچائی دولتمندی وامیری۔
سمو ع بلند اونچا اوپر کو چڑھا ہوا امیر دولتمند۔

### سین بانون

سنگ نبشو ف سنگ مرمر جو سفید رنگ کا مشہور پتھر ہی۔

### سین باواو

سو ف طرف وجانب اور ترکی مین پانی وشراب وغیرہ پینے کی چیزون کو کہتے ہین۔
سو ع اندوہ وغم وحالت پریشانی۔
سو ع غمناک کرنا بدکرنا پریشان کرنا۔

### سین باہا

سہو ع بھول جانا کسی بات کو جسکا کرنا ضرور تھا۔

## گیارھوین فصل

آن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف شین اور اخیر مین واو ہے

### شین با الف

شاتُوف خالص چنانچہ زر شاتُو خالص سونا۔

شاملُوف قوم قزلباش جو مشہور شیعہ قوم ہے۔

شاخ آہوف کنایہً کمان جس سے تیر چلاتے ہین۔

شالُوت نردبان یعنی سیڑھی اور چڑھنے کی۔

### شین با بای

شبرُوف چور شب بیدار چوکیدار و کوتوال۔

### شین با تای

شتغرغوت نام ساز جو گانے کے وقت بجایا جاتا ہے

### شین با جیم

شجوع غم و اندوہ و فکر و اندیشہ۔

### شین با فای

شفتالوف آڑو مشہور میوہ ہے جو شیرین و ترش ہوتا ہے

### شین با نون

شنوع ورزش پہلوانان یعنی ڈنڈ نکالنا۔

### شین با واو

شوخ ترازوف کم وزن جو شخص تولنے مین کم تولے

### شین با ہای

شہربانوف نام دختر یزدجرد شاہ ایران جو امام حسین علیہ السلام کے نکاح مین تھی اور امام زین العابدین انکے بطن سے تھے

## بارھوین فصل

آن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف صاد اور اخیر مین واو ہے

### صاد با حای

صحوع ہوشیاری اور پاک ہونا اور صاف ہونا آسمان کا ابر و گرد و غبار سے ضد مستی یعنی ہشیاری۔

## تیرھوین فصل

آن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف ضاد اور اخیر مین واو ہے

### ضاد با حای

ضحوع چاشتگاہ روٹی کھانے کا وقت یعنی دن چڑھے صبح کا وقت

### ضاد با واو

ضوع روشنی آفتاب کی جسکو دھوپ کہتے ہین۔

## چودھوین فصل

آن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف طا اور اخیر مین واو ہے

### طا با رای

طرقواع راہ دو ایکطرف ہو یوش پوش۔

## پندرھوین فصل

آن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف عین اور اخیر مین واو ہے

### عین با تای

عتوع تکبر و سرکشی و نافرمانی و غرور و بغاوت۔

## عین با دال

عَدُوٌّ بیری دشمن عداوتی صاحب خصومت و نزاع۔

## عین با رائے

عَرُّخُوْ آواز سگ وگربہ وقت غضب کے یعنی جس وقت وہ آپس مین لڑتے ہین۔

## عین با زائے

عُزُوٌّ نسبت کرنا صبر کرنا ٹھہرنا ایک بات پر۔

## عین با صاد

عَصْوٌ کسی کو عصا سے مارنا لاٹھی سے مارنا۔

## عین با ضاد

عُضْوٌ اندام آدمی کا اور ایک جوڑ جسم کا۔

## عین با فاء

عَفْوٌ گنہ بخشنا خطا معاف کرنا تقصیر سے درگزرنا۔

عَفُوٌّ بہت گنہ معاف کرنیوالا تقصیرین بخشنے والا۔

## عین با لام

عُلُوٌّ بلندی و اونچائی و عزت و آبرو و دولتمندی۔

## عین با میم

عَمُوٌّ گمراہی و خواری و فروتنی و نابینائی۔

## عین با واو

عَوْعَوْ آواز سگ یعنے کتے کی آواز۔

## سولھوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف غین اور آخیر مین واو ہے

## غین با دال

غُدْوٌ صبح کا وقت علی الصباح۔

## غین با رائے

غَرْوٌ بروزن سرخ قلم یعنی وہ نے جس سے قلم بناتے ہین

غُرُوْف شور و غوغا و فساد و فتنہ۔

## غین با زائے

غَزْوٌ جہاد کرنا لڑائی کفار سے کرنا۔

## غین با لام

غُلُوٌّ ہجو کرنا اور حد سے گذرنا اندازہ سے تجاوز کرنا۔

## سترھوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف فا اور اخیر مین واو ہے

## فا با رائے

فَرْجُو جوف فرصت ڈھونڈھنے والا وقت تلاش کرنے والا۔

فَرْوُف بروزن سرو پوستین روبہ۔

فَرْوُن نیچے یہ لفظ فارسی مین زائد بھی آتا ہے۔

## فا با لام

فَلْیُو بیہودہ و بیفائدہ بے سود چیز۔

فَلُوٌّ کرہ اسپ و کرہ خر جو یکسالہ۔

## اٹھارھوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف قاف اور آخیر مین واو ہے

## قاف با الف

قاپوت فرصت و مہلت و قبضہ و تسلط۔

قاپوت دروازہ و دہلیز مکان کی۔

## قاف با لام

قلمروف ولایت جو کسی بادشہ کے ماتحت ہو۔

## قاف با نون

قنوف خوشہ خرما یعنے کھجور کا خوشہ۔

## اونیسوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف کاف اور اخیر مین واو ہو

## کاف با الف

کاوکاوف تلاش و تجسس و شور و غل و فتنہ و فساد۔

کالیوف سرگشتہ و حیران و دیوانہ و احمق و نادان و بیوقوف

کامروف ایک علاقہ کا نام ہو۔

کاوف مشہور لفظ ہو یعنی بیل جو چارپایہ مشہور ہو۔

## کاف با دال

کدوف مشہور چیز ترکاری ہو۔

کدبانوف مالک گھر کی منکوحہ عورت گھر کی بی بی۔

## کاف با راے

کروف قسم کشتی خورد یعنے چھوٹی بیڑی۔

کرپاسوف چلپاسہ ہندی چھپکلی جو مشہور جانور ہو۔

گروف رہن رکھنا کسی چیز کا گرو رکھنا۔

## کاف با فاء

کفوء جنس و ہم نسبت و ہم جد و ہم پشت۔

گفتگوف بات چیت کرنا تقریر کرنا کلام کرنا۔

## کاف با لام

کلواواشربوا ءکھاؤ پیؤ یہ آیت قرانی ہو۔

کلوف کلان و سردار و رئیس محلہ و سرگروہ۔

گلوف گلا جسکو حلق بھی کہتے ہین۔

## کاف با نون

کندوء مٹی کا بڑا خم یعنے مٹکا۔

گنج گاؤ جمشید کے ایک خزانہ کا نام ہو جو بہرام گور کے وقت ظاہر ہوا تھا۔

## کاف با واو

کوکوف ایک قسم کا پلاؤ و قسم خاگینہ و آواز فاختہ۔

کوف کوچہ و محلہ و خانہ اور کہان یعنی کجا۔

گوف مناک و شجاع و معتبر و بزرگ اور گیند جو بلند ہو۔

## کاف با یاء

گیسوف زلف اور بال سر کے۔

کیخسروف نام بادشاہ کا جو عظیم الشان بادشاہ تھا۔

گیوف نام پسر گودرز پہلوان کا جو ایرانی پہلوان تھا۔

## بیسوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف لام اور اخیر مین واو ہو

## لام با الف

لاوف وہ مٹی جس سے دیوار سفید کرین سفید مٹی۔

### لام با غین

لغو ۔ بیہودہ بیفائدہ بے سود۔

### لام با واو

لولو ۔ موتی و مروارید جو مشہور جواہر ہے۔

### لام با ہاء

لہو ۔ کھیلنا بازی کرنا لڑکون کا۔

## اکیسوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف میم اور اخیر مین واو ہے

### میم با الف

ماشوت غربال یعنی چھلنی جس سے آٹا چھانتے ہین۔

ماجوف ایک دوا کا نام ہے جو کیجل ہوتا ہے۔

ماکو ۔ جولاہون کی نال۔

ماہرو ۔ خوبصورت معشوق۔

### میم با حاء

محو ۔ مونث نازائل کرنا پاک کرنا حروف و نقوش کا اور باصطلاح کم ہونا بیخبر ہونا نابود ہونا۔

محشو ۔ پر کیا گیا بھر اگیا کوئی برتن کسی چیز سے

### میم با راے

مرگ لو ۔ فتنہ تازہ جو ناگاہ برپا ہو۔

مرجو ۔ امید رکھا گیا امیدوار۔

مرو ۔ خراسان مین ایک شہر مشہور ہے۔

### میم با عین

معفو ۔ عفو کیا گیا گناہ بخشا گیا۔

### میم با میم

مملو ۔ پر کیا گیا بھر اگیا ملبب کیا گیا۔

### میم با واو

مولو ۔ حیوان کا سینگ جسکو فقیر بجاتے ہین۔

### میم با ہاء

مہجور ۔ ہجو کیا گیا برا کیا گیا۔

مہرو ۔ خوبصورت حسین معشوق۔

### میم با یاء

مینو ۔ بہشت و عالم بالا اور کار آبگینہ یعنی مینا۔

## بائیسوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف نون اور اخیر مین واو ہے

### نون با الف

نازو ۔ درخت چنار و سرو اور جو بلند درخت ہو۔

### نون با تاء

نتو ۔ بلندی و ارتفاع اور اونچائی ہر چیز کی۔

### نون با حاء

نحو ۔ طرف و رستہ و مانند و نام ایک علم کا جو مشہور ہے۔

### نون با سین

نسو ۔ نرم و ہموار و برابر و یکسان۔

نستعلیق گو ۔ فصیح کلام کرنے والا۔

### نون با شین

نشوء پیدا ہونا پھولنا بڑھنا تازہ ہونا۔

### نون با طاء

نطوع دوری خاموشی اور بٹنا۔

### نون با میم

نموء بڑھنا پھولنا سرسبز و شاداب ہونا۔

### نون با واو

نوشدارو ف قسم معجون دافع زہر ہے جس کے کھانے سے زہر تاثیر نہیں کرتا۔

نو ف نیا و تازہ و نو ایجاد چیز۔

### نون با یاء

نیرو ف زور و قوت و حوصلہ و استحکام۔

نیلگاو ف جنگلی گائے جسکو نیلا بھی کہتے ہیں۔

## تیئیسوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف واو اور اخیر مین واو ہے

### واو با ضاد

وضوء روشن رو ہونا اور ہاتھ پاؤن دھونا۔

## چوبیسوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف ہاء اور اخیر مین واو ہے

### ہا با جیم

ہجوء مذمت کرنا جز اکنا بدگوئی کرنا۔

### ہا با راے

ہرزہ گو ف بیہودہ بکنے والا۔

ہرسو ف ہر طرف یعنی چارون طرف۔

ہیرو ف چوبدستی یعنی لکڑی کی لاٹھی۔

### ہا با لام

ہلاکو ف نام بادشاہ بن تولی خان بن چنگیز خان۔

### ہا با میم

ہمچو ف مخفف ہمچنین ایسے ہی۔

ہم ترازو ف مقابل و ہم قوت و شریک و سہیم کسی کام مین۔

### ہا با واو

ہندو ف جادوگر چور رہزن اور ہند کا رہنے والا۔

### ہا با واو

ہوء خدا کے نامون سے ایک نام ہے۔

ہوبہو ہ اسی طرح جسطرح تھا بعینہ ویسا ہی۔

## پچیسوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف یا اور اخیر مین واو ہے

### یا با الف

یابو ت اسپ سرکش اور وہ گھوڑا جو مضبوط و کم قد ہو۔

### یا با یاء

یبلوت منڈی غلہ وغیرہ کی جہان غلہ بکتا ہو۔

### یا با راے

یرغو ت سیاست و دہشت و حکومت بادشاہی۔

### یا با کاف

آیاب جلو ف تیز رو تیز رفتار اور دوڑتا ہوا۔
یکرو ف مخلص دوست با اخلاص ظاہر و باطن یکسان۔

## ستائیسوان باب

ان لغات کے بیان مین جن کے اخیر حرف ہا ہو اور پہلے حروف برعایت حروف تہجی کے اپنے اپنے موقع پر بدلتے جاتے ہین اسمین اٹھائیس فصل ہین

### پہلی فصل

آن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف الف اور اخیر مین ہا ہے

#### الف با بای

آبارہ ع حساب کتاب و شمار و گنتی ہر چیز کی۔
آبگینہ ف کانچ اور شیشہ گلاب و شراب تنبہ کا۔
آب خانہ ف پاخانہ جہان جھاڑے پھرنے جائین۔
آبرہ ت ابردہ جو پانی کو اٹھالیتا ہے سنج جی اسکو کہتے ہین۔
ابرہ ف سوزن و نیش و نوک خار وغیرہ۔
ابجرہ ع بخارات جو کسی جگہ سے نکلین۔
ابنیہ ع جمع بنا یعنی بہت سی بنیادین۔
ابعاد ثلاثہ ع طول و عرض و عمق ہر چیز کا۔
ابو شحمہ ع کنیت حضرت عمرؓ کی بیٹے کی جنے باغوا طبیب یہودی کے زنا کیا اور باپنے اسپر شرعی حد جاری کی اور وہ تازیانہ کی ضربون سے مرگیا۔

آبلہ ف چھالا جو انسان کے جسم پر ظاہر ہوتا ہے۔
ابلہ ف احمق نادان بیوقوف کم عقل آدمی۔
ابن مقلہ ع نام ایک خطاط کا جنے چھ خط ایجاد کیے
ثلث توقیع محقق نسخ ریحان رقاع
ابرہہ ع نام نائب بادشاہ حبش جسنے اقلیس نام بتخانہ بناکر چاہا کہ کعبہ کو گرادیوے اور بہت ہاتھی اور لشکر لیکر مکہ مین آیا اور بحکم قادر حقیقی بے شمار طائر عجیب اور منقارون مین کنکر لیکر آئے اور ان کنکرون سے لشکر اور ہاتھیونکو ہلاک کیا صرف تین مرد اُنکے جانبر ہوسکے یا داللہ ع خدا ہلاک کرے خدا آزار دیے جملہ بددعا کا ہے۔

#### الف با تای

آتشکدہ ف آتشخانہ جہان آتش پرست ہمیشہ آگ جلاتے ہین۔
آتشگیرہ ف دستہ پیاد آہنی جسکو چھپاٹا کہتے ہین۔
آتش زنہ ف سنگ چقماق جس سے آگ نکالتے ہین۔
آتگہ ت شوہر دایہ جو شخص دایہ عورت کا شوہر ہو۔
آتاقہ ت کلغی جو بادشاہ و امراء سر پر رکھتے ہین۔

#### الف با ثای

اثنیہ ع جمع ثنا یعنی بہت سی مدح و تعریفین و صفتین۔
اثاثہ ع گھر کا اسباب اور گھر کا سامان۔
اثفیہ ع دیگدان کے تین پایہ سے ایک پایہ۔

#### الف با جیم

اجلہ ع جمع جلیل بزرگان و امرایان و دولتمندان۔
اجنحہ ع جمع جناح آدمیون کے بازو اور مرغون کے پر

جس سے وہ اڑتے ہین۔

اَجوِبَہ ع جمع جواب یعنے بہت سے جواب ۔

اُجُورَہ ع مزدوری و اجرت جو کسی کام پر لیجائے ۔

اَجِنّہ ع جمع جنین مشہور جمع جنی غلط ہی ۔

اَحَدَہ و اَجیدَرہ ع سوہان و ناہمواری ۔

## الف با حاء

اُحجِیَہ ع چیستان یعنی پہیلی و معمہ جسکے معنی غور طلب ہوں

## الف با خاء

اخاذہ ع آبگیر و تالاب جہان پانی جمع رہے ۔

اختہ خانہ ف طویلہ اسپان جہان گھوڑے باندھے جاتے ہین

اخچہ و اقچہ ت ریزۂ زر و روپیہ سکہ مسکوک ۔

اخبیہ ف چو بیسوین منزل قمر کا نام ہی۔

اخمہ ت چین و شکنج جو کسی چیز مین ہو۔

## الف با دال

اَدخِنہ ع جمع دخان جسکے معنی دود کے ہین ہندی دھوان

اَدُورہ ع بڑھ جانا ایک خایہ کا بسبب مرض کے ۔

ادیچہ ت قسم فرش جو چارپائی پر بچھاتے ہین ۔

اَدعِیَہ ع جمع دعا کے لفظ کی یعنی پکارنا بلانا ۔

ادعیہ ماثورہ ع اثر والی دعائین یعنی جسکی سند آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ہی۔

اَدِلّہ ع جمع دلیل یعنے بہت سی دلیلین ۔

آدابِ فاضلہ ع خصائل پسندیدہ و اخلاق حمیدہ ۔

آدینہ ع جمعہ کا روز۔

## الف با ذال

آذوقہ ع طعام کھانا و رزق انسان کا ۔

## الف با را ے

ارنبہ ع خرگوش مادہ و نیر دہ بینی ۔

اربیہ ع بن ران یعنی ران کی ابتدا جہان سے اسکا آغاز ہی

ارضہ ع دیمک جو مشہور کرم ہی اور لکڑی کو کھا جاتی ہی۔

ارگجہ ع ایک مرکب خوشبو کا نام ہی جو لطیف تر ہی۔

ارمیہ ع نام پیغمبر جسکو آدمیان کہتے ہین ۔

آراستہ ف درست کیا ہوا صاف کیا زینت دیا گیا

اریکہ ع تخت آراستہ اور وہ تخت جسپر چھپ اور پردہ ہو یعنی چھپر کھاٹ پردار پلنگ ۔

ارابہ ع گردون یعنی گاڑی پہیہ دار۔

اربعہ متناسبہ ع حساب مین ایک قاعدہ ہی ۔

اراقہ ع پانی گرانا اور چھڑکنا پانی کا ۔

ارہ ف مشہور آلہ ہی جس سے لکڑی اور پتھر چیرتے ہین ۔

## الف با را ے

آزقہ آزوقہ ع تھوڑا گذارہ کم تنخواہ و مشاہرہ ۔

آژوہ ف چین و شکنج جو کسی چیز مین پڑجائین ۔

ازمّہ ع جمع زمام جسکے معنی باگ کے ہین ۔

ازمہ ع رنج و سختی و قحط و ایام نحوست ۔

ازمنہ ع جمع زمانہ بہت سے وقت اور زمانے ۔

ازالہ ع دور کرنا دفع کرنا رد کرنا نکالنا ۔

## الف با سین

اُرسطورہ ع افسانہ و سخن باطل و داستان مصنوعی۔
آشکنہ ع برکھانون کا برمہ جس سے سوراخ کرتے ہین
اساتذہ ع جمع اُستاذ معرب اُستاد۔
اسِفاہ ع غم و اندوہ و فکر و اندیشہ و رنج و الم۔
استِفاضہ ع فیض لینا فائدہ اُٹھانا نفع پانا۔
اُسبُوعہ ع کامل ایک ہفتہ یعنی سات روز کی میعاد۔
اسکندریہ ع نام شہر بنایہ اسکندر بن فیلقوس
جو مشہور بادشاہ تھا۔
اُستہ ع تخم خرما و تخم کنار و شفتالو وغیرہ یعنے
خستہ اُن درختوں کے پھل کا۔
اُسوَہ ع پیشوا و مقدم و سرگروہ و افسر قوم۔
استرہ ع مشہور لفظ ہی جس سے بال مونڈتے ہین۔
استنباہ ع خبرداری چاہنا آگاہی مانگنا۔
استعارہ ع عاریت لینا اور شعرا کے نزدیک استعارہ
اسکو کہتے ہین کہ نرگس و آہو کو بجاے چشم اور سنبل کو بجاے
زلف اور سرو کو بجاے قد از روے رعایت کے شعر مین باندھیے۔
استخارہ ع خیر و نیکی مانگنا خدا سے اور آگاہی چاہنا
کسی بات مین غیب سے۔
استجازہ ع اجازت چاہنا حکم چاہنا واسطے کرنے کسی کام کے۔
استشارہ ع مشورہ کرنا صلاح لینا کسی کام مین۔
اَسوِلہ ع جمع سوال کے لفظ کی بہت سے سوال۔
استحالہ ع طلب محال کرنا محال ہونا مشکل ہونا
حال سے پھرنا حیلہ کرنا بہانہ لانا۔

اِستِغاثہ ع فریاد کرنا انصاف مانگنا حاکم عادل سے۔
اسلحہ ع جمع سلاح بہت سے ہتھیار جس سے لڑتے ہین۔
اسکیزہ ع کودنا دولتہ مارنا گھوڑے یا گدھے کا۔
استکراہ ع کراہیت کرنا برا جاننا ناپسند کرنا۔
استدارہ ع سرگشتہ ہونا پھر جانا ایک حال سے۔
اسطوانہ ع ستون یعنی کھمبہ کسی چھت وغیرہ کا۔
اسِادہ ع بمعنی وسادہ یعنی بالش تکیہ وغیرہ۔
آسیہ ع نام زن فرعون جو پوشیدہ مسلمان ہو کر موسیٰ
نبی پر ایمان لائی تھی اور فرعون نے اسکو سر کے بل بسبب اسکے مار ڈالا تھا۔
آسمانہ ع سقف خانہ یعنی گھر کی چھت۔
آسیمہ ف پریشان و سراسیمہ و ابتر و حیران۔

## الف با شین

آشیانہ ف خانہ حیوانات جس مین وہ رہتے ہین۔
اشکرہ ع جانور شکاری جسکو شکرہ کہتے ہین۔
اُشنہ ع گیاہ خوشبو یعنی چھار چھبیلا جو خوشبو دیتا ہی
و چھریلہ و بلاگیر بھی اسکو کہتے ہین۔
اشنوسہ ع عطسہ یعنی چھینک۔
اشعہ ع جمع شعاع پرتوے روشنیان جلوے۔
اشربہ ع جمع شراب و پینے والی چیزین شربت وغیرہ۔
اشباہ ع جمع شبہ بہت سے شک و شبہ و خیال و گمان۔
اشتباہ ع بہت مشابہ ہونا کسی چیز کا دوسری چیز کے ساتھ۔
اشکنہ ع برکھانون کا برما جس سے لکڑی مین سوراخ کرتے ہین

## الف با ضاد

اضحوکہ ع ہنسانی والی چیز جسکو دیکھ کر انسان ہنسے -

اضعاف مضاعفہ ع دوچندا یعنی دگنے سے کئے درجہ زیادہ -

## الف با طاء

اطرابہ ع رشتہ میدہ یعنی سیویان جو پکا کر اور گھی ملا کر شیر و شکر سے کھاتے ہین بعض اسکو سمیا کہتے ہین -

اطروبہ ع خوش کرنیوالی چیز جسکو دیکھ کر انسان خوش ہو -

اطرہ ع ناخن کے جڑہ کی زہ جو چمڑے کے ساتھ ملی ہوتی ہو -

اطعمہ ع جمع طعام بہت سے کھانے لذیذ -

## الف با عین

اعجوبہ ع جو چیز تعجب مین ڈالے یعنی عجیب و انوکھی چیز -

اعنہ ع جمع عنان بہت سی باگین گھوڑے کی -

اعزہ ع جمع عزیز بہت سے زبردست اور پیارے لوگ -

اعونہ ع جمع عاین اعانت کرنے والے مددگار -

اعیان ثابتہ ع صور علمیہ یعنی علمیہ صورتین -

اعضاے رئیسہ ع دل دماغ جگر وغیرہ -

## الف با غین

اغلوطہ ع جو چیز غلطی مین ڈالے -

آغشتہ ف آلودہ اور بھرا ہوا کسی پلیدی سے -

اغذیہ ع جمع غذا بہت سی غذائین -

## الف با فاء

افسردہ ف بسبب سردی اور ہیبت کے پژمردہ اور سست -

افرخشت نام ایک شہر کا ہی -

افئدہ ع جمع فواد یعنی دلہا یعنی بہت سے دل -

افواہ ع جمع فوہ بمعنی دہن یا بہت سے منھ -

افاغنہ ع جمع افغان یعنی پٹھانون کا گروہ -

افضیہ ع جمع فضا بہت سے سرسبز میدان -

افگانہ ع بچہ ناتمام جو سات مہینے کے حمل سے اول پیدا ہو یعنی سقط ہو جاے -

## الف با قاف

آقچہ ع روپیہ یا اشرفی یا پیسہ کہ سلوک و مضروب ہو

اقضیہ ع جمع قضا بمعنی حکم و حکومت و فیصلہ و مقدمہ -

اقالہ ع بیع کو فسخ کرنا گناہ سے درگزرنا تقصیر معاف کرنا -

اقمشہ ع جمع قماش نرخ تا و متاع یا بہت سا گھر کا اسباب

## الف با کاف

اکاسرہ ع جمع کسری بادشاہان عالیشان و امراے عظام

اکیلہ ع کھانیکی چیزین جو انسان کے کھانے مین آئین -

اکمہ ع کور مادرزاد جو ماں کے پیٹ سے اندھا پیدا ہو -

اکلہ ع نام مرض جو مہلک بیماری ہی -

اکتناہ ع کسی چیز کی کنہ کو پہونچنا اصل حقیقت دریافت کرنا

اکراہ ع زبردستی سے کام لینا بیگار پکڑنا مفت کام کرانا

اکالہ ع بہت کھانے والا آدمی پرخوار شکم بندہ -

آگاہ ف خبردار صاحب علم و عقل و ہوش و ہنرمند -

## الف با لام

الغتہ ع رند مشرب بیباک بے قید لامذہب -

آلوچہ ف مشہور میوہ ہی جو ترش و شیرین ہوتا ہی -

السنہ ع جمع لسان زبانہا یعنی بہت سی زبانین -

الیۃ ع سرین یعنی جو تڑ آدمی کے۔
الیۃ ع دنبہ گوسپند و گوشت سرین ہر جانور کا۔
الفیہ ع نام کتاب علم نحو مین جسکی ہزار بیت ہے و باصطلاح اہل ایران ذکر آدمی۔
الکہ ف کشور یعنی ولایت و اقلیم۔
اللہ ع معبود مطلق و اسم ذات باریتعالی جلشانہ۔
الویۃ ع جمع لوا علمہاے فوج و نشانہاے لشکر۔
الاجہ ت دو رنگ کپڑا جسکا سوت دو رنگ کا ہو۔
الجہ ت لوٹ کا مال غارت سے لیا ہوا اسباب۔
الفیہ شلفیہ ع نام کتاب جسمے قوت باہ کی تقویت اور اشکال جماع کے بیان مین ہے۔
البتہ ع بیشک ہان ایسا ہی ہے۔
القصہ ع حاصل کلام نتیجہ تقریر و خلاصہ اسکا۔
آلہ ع ہتھیار اوزار جس سے کام کیا جاے۔
الم ع خدا کا نام ہے و اسم ذات کا اختصار۔

## الف با میم

آمنہ ع نام مادر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔
آملہ ع مشہور پھل ہے جو دوا مین مستعمل۔
الحتہ ع مخفف آموختہ پڑھا ہوا اور سیکھا ہوا الم
امکنہ ع جمع مکان بہت سے مکان۔
امالہ ع میل دینا مائل کرنا اور اصطلاحاً میل دینا فتح کو طرف کسرہ کے مثلاً کتیب اما لہ کتاب کیب اما لہ رکاب۔
امثلہ ع جمع مثال یعنی بہت سی مثالین و تشبیہین۔
امتعہ ع جمع متاع یعنے بہت سے اسباب و سامان۔

امزجہ ع جمع مزاج یعنے بہت سے مزاج۔
امور عامہ ع وہ چیزین جنکی دلت عام ہو۔
امامیہ ع فرقہ شیعہ جو ابوبکر و عمر و عثمان ثلاثہ اصحاب کبار کی خلافت و امامت سے منکر ہین سوا علی المرتضی کے۔

## الف با نون

انبرہ ع وہ آلہ جس سے لوہا گرم لوہا پکڑتے ہین ہندی مین سنسی مشہور اوزار ہے۔
انملہ ع سر انگشت انامل اسکی جمع ہے۔
اندازہ ف جرأت طاقت و تخمینہ و نمونہ و نشانہ و علامت و قصد و ارادہ
انگہ ف اسوقت اس حالت و زمانے مین۔
انوشہ ف خرم و خوشحال و شہزادہ حسین و نوجوان و داماد و مرد کدخدا جسکی نئی شادی ہو۔
انگارہ ف خاکہ تصویر کا و نقش ناتمام۔
انتباہ ع خبردار کرنا اور خبردار ہونا مطلع ہونا۔
انبوبہ ع لوٹے کی ٹوٹی جس سے پانی نکالتے ہین۔
انگلہ ف تکمہ کی گھنڈی جسمین تکمہ ڈالا جاتا ہے۔
انگوزہ ف ہینگ جو مشہور بدبودار چیز ہے اور دوا مین مستعمل ہے۔
انفحہ ع پنیر جو دودھ اور دہی سے بنایا جاتا ہے۔
انبانہ ف وہ چمڑا جسمین غلہ بھرتے ہین۔
انیقہ ع ماخوذ انق سے جسکے معنی خوش ہونے کے ہین۔
انبیہ ع خبر دینے والا تنبیہ دینے والا آگاہ کرنے والا
الشنیہ ع منسوب بالسن یعنی خو پکڑنے والا و عادت پذیر۔
انطاکیہ ع ایک شہر شام مین ہے جسکا یہ نام ہے۔

## الف با واو

اودھ ہ ہند کے ایک صوبہ کا نام ہی جسکا دار السلطنت لکھنؤ ہی

اُوقِیہ ع چالیس درہم کے وزن کا نام ہی۔

اولکہ ت ترکی مین ولایت اور اقلیم کو کہتے ہین۔

اوارجہ ف بہی کھاتہ دفتر کی کتاب روزنامچہ۔

آوارہ ف خراب وابتر و پریشان۔

آویزہ ف لٹکا ہوا اور نام ایک زیور کا جسکو بُندا اور جُھمکا کہتے ہین

اوعیہ ع ظروف واوند یعنی برتن مسی و برنجی و گلی وغیرہ

اَوَارَہ ف دفتر حساب کتاب جسمین ہر ایک طرح کا حساب ہو

اَوّاہ ع دعا پڑھنے والا زاری کرنے والا رونے والا عجز کرنے والا۔

اوردہ ف جمع ورید بدن کی رگین جو انسانکے جسم مین ہین

آورہ ف قبا کا ابرہ جو استر کے اوپر ہوتا ہی

اولی اجنحہ ع صاحبان بازو و پر یعنی فرشتگان آسمانی

## الف با ہا

اہل بخیتہ ف مرد رند و خراباتی و فساد انگیز۔

آہ ف ای افسوس یعنی لفظ افسوس کے مقام پر بولا جاتا ہی۔

آہلہ ع جمع ہلال ہی یعنی بہت سے نئے چاند۔

اہویہ ع جمع ہوا یعنی بہت سی حرصین و خواہشین

اہل ذمہ ف کفار جو اہل اسلام کی حکومت مین ہون

## الف با یا

ایکہ ع جنگل و درانبوہ درختونکا جہان بیشمار درخت ہون

ایلخی ف گلہ اسپان یعنی گھوڑونکا گلہ اور بہت گھوڑے ایلیت ساتھ ہمراہ شراکت مین۔

ایلچی ت دربان اور بیچ مین ہونا۔

ایمہ ع جمع امام کے لفظ کی یعنی بہت سے امام و پیشوا۔

آئینہ ف مشہور لفظ ہی بمعنی زینت و آرایش و دردہ چیز جسمین چہرہ نظر آتا ہے ہندی مین اُسکو درپن کہتے ہین

## دوسری فصل
## اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف با اور آخیر مین ہا ہی

## با با الف

بارقہ ف روشنی و ابر و برق و شمشیر۔

باختہ ع ہارا ہوا۔

بازندہ ف کھیلنے والا اور ایک قسم کبوتر کا جو ہوا مین بازیان لگاتا ہی۔

بارہ ف حصار و قلعہ و اسپ تیز رفتار و شتر سوار و کرت و نوبت و حق و شان و شوکت۔

باغندہ ف روئی کا گالہ۔

بالوعہ ع حوض کو جسمین گندہ پانی جمع ہوتا ہی عربی مین اُسکو متحلاب بھی کہتے ہین۔

بادفراہ و بادافراہ ف جزا سے گناہ و سزا جرم۔

بادہ ف شراب جسکے پینے سے آدمی مست ہو جاتا ہی

باکرہ ع زن دوشیزہ یعنی کنواری عورت۔

باغچہ ف چھوٹا باغ جہان تھوڑے درخت ہون۔

بالیدہ ف بڑا ہونا کہن سال و قدیم ہونا۔

باخہ ع جانور آبی یعنی کچھوا جو مشہور جانور ہے۔
بارحہ ع شب گزشتہ گذری ہوئی رات کل کی رات۔
بازخانہ ف اسباب رکھنے کا مکان۔
بارگہ ف کچہری پادشاہی محل جسمین پادشاہ رہتا ہو۔
باکورہ ع نیا میوہ نیا پھل جو باغ سے اترے۔
بازنامہ ف اسباب تجمل و تفاخر و سامان حشمت۔
بالغہ ع عورت جوان جو بالغ ہو چکی ہو۔
بادیہ ع جنگل ویرانہ غیر آباد زمین۔
بالستہ ف لائق و بہتر و سزاوار۔
بازغہ ع طلوع کرنے والا اور نام ایک صالح عورت کا عادو
باطشہ ع سخت پکڑنے والا مضبوطی کرنے والا۔
بادحکہ ف شہوت زنان و خواہش نفسانی۔
بادکلہ ف ضربت جماع۔
بالمشافہ ع روبرو آنکھون کے سامنے۔
بادریسہ ف چوب مدور جو خیمہ کی چوب پر رکھتے ہین۔
بالکانہ ف دریچہ و روزن جو مکان کی دیوار مین ہو۔
باسکونہ ف دو وازگونہ یعنے ٹھہرا۔
بادام سیہ ف چشم محبوب معشوق کی آنکھ۔
بازیچہ ف کھلونا جس سے لڑکے کھیلتے ہین۔
پاکیزہ ف پاک و درست و لطیف و مطبوع طبع۔
باللہ ع قسم خدا کی۔
بالجملہ ع حاصل کلام کا نتیجہ تقریر و گفتگو کا۔
باہ ف قوت شہوت اور مردی کی قوت۔

پارچہ ف کپڑا اوڑھنی اور پہننے کا ٹکڑا کسی چیز کا۔
پارہ ف ٹکڑا کسی چیز کا۔
پالودہ ف فالودہ جو مشہور چیز ہے۔
پانزدہ ف پندرہ (۱۵) عدد مین۔
پاجامہ ف کمر کا کپڑا دھوتی وغیرہ و شلوار و ازار وغیرہ
پاتلہ ف دیگ دہان فراخ چوڑے منھ کا دیگچہ۔
پاچاہ ف جولاہے کی گاڑھ جسمین وہ پانون لٹکا کر کام کرتا ہے
پاکانہ ف بام بلند یا سنگ ترازو۔
پارینہ ف کہنہ اور جنتری ایک سال کی۔
پایگاہ و پایگہ ف قدر و منزلت و رتبہ و درجہ و طویلہ یا
و جائے چارپایان جہان وہ باندھے جائین۔
پاچلہ ف پاتابہ و جوتی و جرابے پانون مین پہنتے ہین۔
پادشاہ ف حاکم و والی ملک و فرمان فرما۔
پایہ ف مرتبہ و رتبہ و درجہ عہدہ جو کسی کو حاصل ہو۔

## با با تاء

بتیارہ ف بلا و آفت و رنج و غم و فکر و اندیشہ۔
بت راہ ف مانع راہ جو راستہ نہ چلنے دے۔
بت کدہ ف بتخانہ۔

## با با ثاء

بثرہ ع آبلہ کو یک چھوٹا چھالا اور چھوٹی پھنسی۔

## با با جیم

بجان آمدہ ف ناخوش و غمگین و اندوہ ناک۔

## با با حاء

بحر بسیط ف دریائے عمیق و بحر محیط سمندر۔

## با با خاء

بخنیدہ ف روئی جس سے پنبہ دانہ نکالے ہوئے ہوں

بخسیدہ ف پژمردہ و رنجیدہ و بیمار و مضمحل و مرجھایا ہوئے۔

بخستہ ف روئی جو دانہ سے الگ کی گئی ہو۔

بخیہ ف مضبوط سلائی اور باریک سلائی۔

پختہ ف مشہور لفظ ہے یعنی جو چیز پکی ہوئی ہو۔

## با با دال

بَدرہ ت خشکہ پلاؤ جو ایک قسم کا کھانا ہوتا ہے۔

بدیہہ ع فی الفور بے اندیشہ سخن کہنا اچانک بول اٹھنا۔

بدرہ ف خریطہ دینار و اشرفی کی تھیلی اور کیسہ روپیہ کا۔

بدرقہ ع راہبر اور ہمراہی و ہم سفری رفیق۔

## با با ذال

بذلہ ع لطیفہ و سخن خوش ہنسی کی بات۔

## با با راے

برشتہ ف بریان و ہر چیز مرغوب و مطبوع و مقبول۔

برالساعہ ع نام دوائی مرکب۔

برّہ ف بچہ گوسپند جو کم عمر اور چھوٹا ہو۔

برادہ ف چورا کسی چیز کا ریزہ ریزہ کیا ہوا۔

برجستہ ف ٹھیک درست مضبوط و مستحکم و بے عیب بے نقص

بریہ ف خلق اللہ خدا کی مخلوق زمانہ کے لوگ۔

برکہ ف پانی کا حوض اور چھوٹا تالاب۔

براہمہ ع جمع برہمن بہت سے برہمن۔

بردہ ف غلام و کنیزک و دایہ و خادمہ گھر کی۔

برہنہ ف ننگا جسکے جسم پر کوئی لباس نہو۔

برذعہ ع پالان خر گدھے کا پالان۔

برطلہ ع کلاہ جسکو ٹوپی کہتے ہیں۔

برنج شالہ ف پلاؤ زردہ جو مشہور کھانے ہیں۔

برامکہ ع امرائے عالیشان و نام قوم۔

برسہ ف ماتم پرسی کرنا کسی کے ماتم میں۔

برقازہ ف موئے قلم نقاشان یعنی وہ قاز کے بال جس سے نقاش لوگ اپنا قلم بناتے ہیں۔

پروانہ ف جانور مشہور و کاغذ حکم جو حاکم جاری کرے

پرکالہ ف پارچہ و حصہ اور ٹکڑا۔

پرگنہ ف دیہات اور گاؤں زمینداری کے۔

پرزہ ف مشہور لفظ ہے یعنی ٹکڑا کاغذ وغیرہ کا۔

پرّہ ف صف لشکر و برگ گیاہ یعنی گھاس کا پتا۔

پردہ ف حجاب اور شعبہ موسیقی کا۔

پروردہ ف پلا ہوا پرورش کیا ہوا۔

## با با زاے

پزاوہ ف اینٹوں کے پکانے کا پزاوہ۔

پژمردہ ف بیرونق و غمناک حیران و پریشان۔

پژولیدہ ف پریشان کیا گیا ابتر و خراب کیا گیا۔

بزہ ف گناہ و خطا و تقصیر و جرم۔

برزہ ف میوہ دار و بارور درخت۔

بزمہ ف مجلس جہاں بہت سے لوگ بیٹھیں۔

بزغالہ ف پہاڑی بکرا۔
بزنگاہ ف جسجگہ رہزنون کا خوف ہو۔
بزمگاہ ف مقام مجلس جہان بہت لوگ جمع ہون۔

## بابا سین

بسباسہ ع جاوتری جو ایک دوا کا نام ہے۔
بسم اللہ ع شروع کرتا ہون ساتھ نام اللہ کے۔
بسحاق اطعمہ نام شاعر جسکے تمام شعرون مین ذکر طعام ہوتا تھا۔
بسوہ ہ ہر چیز کا بیسوان حصہ خصوصاً بیسوان حصہ بیگھہ کا پیمائش زمین
بستہ ف بقچہ بندھی ہوئی گٹھری۔
بساط خانہ ف متاع خانہ گھر کا اسباب۔
پس آمدہ ف عورت کے پہلے خاوند کا بیٹا دوسرے خاوند کے وقت
پسندہ ف قسم کباب قیمہ جو نہایت لذیذ ہوتا ہے۔
پسندیدہ ف دلپسند مطبوع طبع خاطر پسند۔
پس خوردہ ف کھانے سے بچا ہوا طعام جھوٹھا۔
پس افگندہ ف بچا ہوا مال جو خرچ سے بچ رہے۔

## بابا شین

پشتوارہ ف مقدار بار پشت پیٹھ کا بوجھا۔
بشرہ ع چہرہ و پوست آدمی جس سے پہچانا جاے۔
پشت پناہ ف حمایتی مددگار رفیق کار آدمی۔
پشتہ ف تودہ ٹیلا اونچی زمین۔
پشمینہ ف اون کا کپڑا اون کا لباس۔
پشہ ع مچھر جو نیشدار مشہور جانور ہے۔

## بابا صاد

بصرہ ع عراق عرب مین ایک شہر ہے۔
بصرہ ع جمع باصر دیکھنے والے لوگ مبصر لوگ۔

## بابا طاء

بطانہ ع استر قبا وغیرہ و اندرون شکم و سینہ و ارادہ باطن و نیت

## بابا عین

بعثرہ ع برانگیختہ ہونا پراگندہ ہونا پریشان ہونا۔
بعرہ ع سرگین شتر و گوسفند یعنی اونٹ اور بکری کا گوبر یعنی لینڈ اور ہندی مینگنی۔
بعینہ ع اسی طرح ہو بہو۔

## بابا غین

بغچہ ف جامہ بند و بستہ اور گٹھری۔

## بابا قاف

بقلہ ع ساگ جو پکا کر کھاتے ہین سبزی بھی اسکو کہتے ہین۔
بقعہ ع زمین جو محدود و ممتاز ہو مجازاً زمین و موضع و گاؤن و قریہ و مکان و یعنی سراے و خانہ۔
بقیہ ع بچا ہوا مال یا کھانا وغیرہ۔

## بابا کاف

بکہ ع نام قدیم شہر مکہ جہان خانہ کعبہ واقع ہے۔
بکرہ ع بامداد و وقت صبح فجر کا موقع۔
بکرہ ف چرخی چرخی پانی بھرنے کے لیے چاہ پر لگاتے ہین۔
بکلانہ ھ بنگالہ مین ایک ملک ہے۔
بکرنگاہ ف معشوق نوجوان دلپسند۔
بگاہ و بگہ ف صبح کا وقت فجر کا موقع۔

بلکنہ ف فربہ و کوتاہ قد و شریر و پرفتنہ و فساد انگیز۔

## با با لام

بلیہ ع بلا و رنج و آزار و تکلیف بیماری۔

بلمہ ع دراز ریش جسکی ڈاڑھی بھی ہلتی ہو۔

بلبلہ ف کوزہ جسکی ڈنڈی اور ٹوٹی ہو جس سے پانی ڈھالتے ہیں اور آفتابہ ہو جسکو قل قل بھی کہتے ہیں۔

بلبلہ ع شدت اندوہ و وسواس و اندیشہ و فکر۔

بلعلہ ع بہیڑہ مشہور پھل ہی جو دوا مین مستعمل ہی۔

بلدہ ع شہر اور بڑا قصبہ اور بڑی آبادی۔

بلعہ ع علامت مقابلہ کی جو کتاب پر لکھی جاتی ہی۔

بلہ ع جمع ابلہ کم عقلان یعنی نادان و بیوقوف لوگ۔

بلکہ ف مشہور لفظ ہی اور مقام ظن و شبہہ مین آتا ہی۔

بلہ ف درخت ڈھاک کا۔

بلہ ف درجہ و مرتبہ ترازو و پایۂ نردبان۔

بلیتہ ف روئی یا رسی یا پارچہ باٹ دیا ہوا۔

بلنگینہ ف نام پارچہ جو پوست پلنگ کی طرح ہوتا ہی۔

بلغتہ ت آگ کی چنگاری تھوڑی سی آگ۔

## با با نون

بنگاہ و بنگہ ف گھر مکان جگہ سکونت گاہ ہو۔

بنیہ ع بنیاد و آفرینش و پیدائش الٰہی۔

بنیہ ع کعبہ مقام بیت اللہ۔

بندہ ف مشہور لفظ ہی۔

پنجشنبہ ف جمعرات کا دن۔

بنفشہ ف مشہور دوا ہی اور پھول اُسکا نیلگون ہوتا ہی۔

بنانہ ع سر انگشت یعنی انگلی کا سر۔

بنہ ف درخت و اساس و سامان ضروری۔

بنی سیبہ ف نام قبیلہ جو عرب کے ملک مین ہی۔

پنجگاہ ف پنج وقت نماز کے۔

پنجرہ ف مشہور لفظ ہی جسکو قفس کہتے ہین۔

پناہ ف یاری امداد پشت حمایت دستگیری۔

پنجاہ ف پچاس کا عدد عربی مین اُسکو خمیس کہتے ہین۔

پنبہ ف روئی جس سے کپڑا بنتا ہی۔

پنج پایہ ف کنکھجورہ دریائی عربی مین حلاق ایک جانور کا نام ہی۔

## با با واو

بوچنہ سونا چاندی گلانیکی کٹھالی و بچہ کمین شتر کا بچہ یعنی اونٹ کا بچہ۔

بوغرہ ع ایک قسم کا کھانا ہی جو آٹا دال گوشت ملا کر پکاتے ہین۔

بوزنہ ف بندر جو ایک مشہور جانور ہی۔

بوسیدہ ف پرانا گھسا ہوا بیکار شدہ۔

بورہ ع سہاگا جو ایک مشہور چیز ہی۔

بومرہ ع شیطان کی کنیت ہی۔

ابو حنیفہ ع کنیت ابو نعمان امام اعظم کوفی رضی اللہ عنہ کی۔

پوشیدہ ف کر و فر یافتہ صاحب شان و شوکت۔

بوزنہ ف بڑے مشہور جانور ہی۔

پویہ ف دوڑنا اور دوڑانا اور تیز رفتاری۔

پوشانہ ف کشمیر کی راہ مین ایک مقام ہی جسکا یہ نام ہی۔

پوست کندہ ف آشکارا و ظاہر بے ملا۔

بول سیاہ ف پیسہ جو تانبے پر مضروب ہوتا ہے۔
پوشیدہ ف پنہا ہوا اور چھپا ہوا آنکھون سے۔

## با با ہا ہے

بہنانہ ت بوزنہ جسکو ہندی مین بندر کہتے ہین۔
بہرہ ف حصہ و نصیب و قسمت وغیرہ۔
بیدانہ ف تخم بہی کا جو دوائین مستعمل ہے۔
بہ ف اچھا بہتر بہت مناسب درست۔
بہانہ ف سبب حیلہ باعث مکر و فریب اور دالو۔
بہیہ ف روشن و تابان اور چمکتی ہوئی۔
بہیمہ ع چار پایہ مثل گائے بیل گھوڑا گدھا وغیرہ۔
بہلہ ف دستانہ چوبی میرشکاران جسپر باز کو بٹھلاتے ہین۔

## با با یا ہے

بیگانہ ف غیر و نا آشنا شخص نا واقف آدمی۔
بیشایہ ف بے شک بے شبہ و بے گمان۔
بیشہ ف جنگل ویران زمین۔
بیمہ ف ہنڈوی جسکے ذریعہ سے روپیہ بھیجا جاتا ہے۔
بے پایہ ف بے قدر و بے منزلت و بے رتبہ۔
بینہ ع ثابت و روشن و گواہ و شاہد۔
بیوہ ف رانڈ عورت جسکا خاوند مر گیا ہو۔
بیجادہ ف ایک زرد رنگ جوہر کا نام ہے۔
بیضہ ف تخم مرغ و خود سپاہیان و جماعت و گروہ و درمیان
شہر و نواح شہر و قسم ورد سر۔
بیارہ ف بیلدار درخت مثل کدو و انگور و خربوزہ و تربوز وغیرہ۔

بچہ ف معشوقہ عورت اور خوبصورت محبوب۔
بیگاہ و بیگہ ف نا وقت و بے موقع و بے ہنگام
بیلہ ف خشکی کی زمین جو درمیان یا و کنار دریا کے واقع ہے
پیرایہ ف لباس و زیور و آرائش و زینت ظاہری
پیزنہ ف چھلنی جس سے آٹا چھانتے ہین۔
پیشینہ ف اگلا اور پہلا۔
پیلپایہ ف کھم ستون کا جو عمارت مین ہوتا ہے۔
پیوستہ ف ملا ہوا اور ہمیشہ۔
پیغارہ ف سرزنش و طعنہ و ملامت و عتاب۔
پیغولہ ف گوشہ و کنارہ اور ایک طرف۔
پیلہ ف کرم ابریشم جسکے لعاب سے ریشم بنتا ہے۔
پیشگاہ ف صدر مجلس و دیوان و پیش تخت و بارگاہ۔
پیشین ع وقت نماز ظہر یعنی دن کا وقت کہ وقت نماز ظہر کا ہوتا ہے۔
پیادہ ف پانون سے چلنے والا بخلاف سوار کے۔
پیشہ ف طریق و کسب کار و طرز و روش۔
پیسہ پل سیاہ تانبے کی ضرب جو بادشاہ کے نام پر ہو۔
پیسہ ف ہر چیز سیاہ و سفید ملی ہوئی یعنی دو رنگ
پیچتہ ف چھانا ہوا میدہ یا سفوف وغیرہ۔

## تیسری فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف تا اور آخر مین ہا ہے

## تا با الف

تاغہ ت خالو والدہ کی بہن کا شوہر۔

تاسہ ف اندوہ و پریشانی و ملال و اضطرار و غم و الم۔
تابخانہ ف تنور کا مقام اور وہ مکان جہاں آگ جلائی جائے۔
تابہ ف توا روٹی پکانے کا جو لوہے کا ہوتا ہے۔
تابندہ ف چمکنے والا روشن چمک دار۔
تازہ ف نیا اور سرسبز و خندان و شگفتہ۔
تافتہ ف کاتا ہوا سوت یا ابریشم وغیرہ۔
تازیانہ ف کوڑا جو چابک سوار ہاتھ میں رکھتے ہیں۔
تاتورہ ف ایک درخت کا نام ہے جسکا پھول اور پھل زہر ہوتا ہے یعنی دھتورہ جسکے کھانے سے آدمی مرجاتا ہے۔
تادیہ ع پہونچانا ادا کرنا قرض وغیرہ کا

## تا با بائے

تبخالہ ف چھوٹے آبلے جو گرمی اور تپ کے سبب لبونکے گرد نکل آتے ہیں
تباہ ف خراب و خستہ و ابتر و پریشان حال۔
تبیارہ ف تپ لرزہ جو مشہور بیماری ہے۔
تبعہ ف خادمان و نوکران و تابعان خدمتگاران۔
تبعہ ع بد انجام و بد مآل و بد سرانجام آدمی۔
تبقیہ ع باقی رکھنا بچا رکھنا کسی چیز میں سے۔
تبارک اللہ ع بزرگ ہوا اور پاک ہوا اللہ جل جلالہ۔
تبیرہ ف طبل و کوس و دہل و نقارہ جو بجایا جاتا ہے۔
تبصرہ ع بینا کرنا اور عینک لگا کر دیکھنا۔

## تا با تائے

تتمہ ع باقیماندہ مضمون یا عبارت وغیرہ۔

## تا با ثائے

تثنیہ ع دو کرنا دوگنا کرنا ایک حصہ پہلے سے زیادہ کرنا

## تا با جیم

تجربہ ع آزمانا امتحان کرنا کسی کا۔
تجزیہ ع پارہ پارہ کرنا تقسیم کرنا حصہ حصہ کرنا خرد خرد کرنا
تجلیہ ع روشن اور ظاہر کرنا چمکانا جلا دینا۔

## تا با حائے

تحفہ ع نادر انوکھا اور عجائب چیز۔
تحریمہ ع تکبیر اولے نماز کی جو سب سے پہلی تکبیر ہے۔
تحیہ ع سلام و درود و زندگانی و ملک پادشاہی۔
تحلیہ ع شیرین کرنا زیور باندھنا صفت کرنا۔

## تا با خائے

تخت روندہ ف کنایۃ اسپ یعنی گھوڑا۔
تخمہ ف اصل و نژاد و اولاد و نسل۔
تختگاہ ف پادشاہ کا گھر جہاں اسکا تخت ہو۔
تختہ ف لکڑی کتری ہوئی چوڑی لکڑی۔
تخمینہ ع اندازہ کرنا انکل سے کہنا آنکنا کسی چیز کا بغیر اسکے کہ اسکا شمار و حساب اچھی طرح سے کیا جائے۔
تخمہ ع بد ہضمی و امتلائے معدہ وغیرہ جو مشہور بیماری ہے۔
تخلیہ ع تہی کردن یعنی خالی کرنا الگ رہنا۔
تخطیہ ع خطا پکڑنا قصور ثابت کرنا۔

## تا با دال

تدمیر ع تباہ کرنا گرا دکرنا خراب و ابتر کرنا۔

## تا با ذال

تذکرہ ع ذکر کرنا نصیحت کرنا وعظ کہنا۔

## تا با را ے

ترہ ف ساگ کا پتا سبزی کا پتا اور سبزی۔

ترہ ع کینہ و غصہ و غضب و خفگی طبیعت کی۔

ترہ ع باطل اور فارسی مین ساگ ترکاری و سبزی

ترجمہ ع بیان کرنا ایک زبان کے دوسری زبان مین۔

ترقوہ ع گردن کا حلقہ یعنی ہنسلی گلے کی گردن کی ہڈی

تریاق ع اربعہ ایک معجون کا نام ہے۔

تراشہ ف سنگ تراشون کے ایک اوزار کا نام ہے۔

ترکہ ع جو مال کوئی چھوڑ کر مرجاتا اور وارثون کا حق ہو۔

ترنانہ ف نان یا نان خورش یعنی وہ روٹی جو لازمہ سالن ہو

ترخیدہ ف چین و ترش و چین بجبین خشمناک آدمی۔

ترفیہ ع آسودگی و آرام و آسایش و خوش گزران ہونا۔

ترفہ ع آسودگی و دولتمندی و آسودہ حالی۔

ترانہ ف سرود و نغمہ و راگ جو گایا جاے۔

## تا با زا ے

تزکیہ ع پاک کرنا زکوۃ دینا صاف کرنا درست کرنا۔

## تا با سین

تسویہ ع برابر کرنا یکسان کرنا۔

تستر ع [illegible]

تسمیہ ع نام رکھنا بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھنا خدا کا نام لینا۔

تسمہ ف لمبا چمڑا جس سے کوئی چیز باندھین۔

## تا با شین

تشت خایہ ف نام ایک بازی کا ہے جسے کھیلتے ہین۔

تشتہ ف پیمانہ روغن جس سے روغن ناپتے ہین۔

تشویہ ع بھوننا بریان کرنا دانہ و کباب وغیرہ کو۔

تشبیہ ع مثال دینا تشبیہ دینا شکل بیان کرنا۔

تشنہ ف پیاسا جسکو پانی پینے کی حاجت ہو۔

## تا با صاد

تصفیہ ع صاف کرنا پاک کرنا فیصلہ کرنا کسی مقدمہ کا۔

## تا با عین

تعریہ ع ننگا کرنا برہنہ کرنا۔

تعزیہ ع ماتم پرسی کرنا۔

تعلقہ ع علاقہ لگاؤ اور چند مواضعات جاگیر وغیرہ جو کسی سے متعلق ہون

تعبیہ ع آراستہ کرنا چھپانا درست کرنا۔

تعمیہ ع اندھا کرنا چھپانا معما رکھنا رمز سے بات کرنا۔

## تا با غین

تغذیہ ع خوراک دینا غذا دینا کھانا دینا۔

## تا با فا

تفتہ ف گرم ہوا ہوا تپا ہوا جلا ہوا نہایت گرمی کی حالت مین

تفسیدہ ف جو چیز آگ سے گرم ہوئی ہو خواہ دھوپ سے

تفرقہ ع دو چیزون مین فرق کرنا اور انکو الگ الگ کرنا۔

تفہ ع جو چیز کچھ مزا نہ رکھتی ہووے یعنے بے مزہ ہو۔

تفکہ ع میوہ کھانا میوہ چننا باغ سے۔

تفسیدہ ف نہایت گرم ہوا جلتی ہوئی۔

## تا با قاف

تقدمہ ع پیش کرنا اور پیش ہونا و مقدمہ پیشوا و سرگروہ اعلام۔

## تا با کاف

تکمہ ف مشہور لفظ ہی جو گریبان مین لگاتے ہین اور جسین لگایا جاتا ہی اسکو گھنڈی کہتے ہین۔
تکیہ ع کسی چیز کے ساتھ پشت لگا کر بیٹھنا بھروسا کرنا۔
تکلہ ف نام بادشاہ جو شیراز مین فرمان فرما تھا۔
تکہ ع ازار بند و سر اویل بند اور ٹکڑا و پارچہ۔

## تا با لام

تلامذہ ع شاگردان و خادمان و تابعان جو علما و فضلا کے خدمتی ہون اسکا مفرد تلمیذ ہی جسکے معنی شاگرد کے ہین۔
تلخہ ع خلط صفرا جسکو پتہ کہتے ہین اور انسان کے جسم مین وہ صفرا کا گھر خالق حقیقی نے پیدا کیا ہی۔
تلبیہ ع لبیک کہنا حاجیون کا بوقت حج کے۔
تلواسہ ف اندوہ و اضطراب غم و پریشانی۔
تلہ و طلہ ع مشہور لفظ ہی یعنی چاندی تار اور ریشم کو ملا کر جو باٹا جاتا ہی سرخ و سفید دونون قسم کا۔

## تا با میم

تمرہ ع خرما جسکو ہندی مین کھجور کہتے ہین۔
تمایچہ ف تھپڑ و صفیر جو کسی کو لگایا جاتا ہی۔
تمیمہ ع تعویذ و مہرہ ہاے سفید جو بچے گلے مین پہنا تے ہین مجازاً گنڈا۔
تمویہ ع بروزن تفویض زر اندود کرنا ملمع کرنا آرایش دینا و مکر و فریب و خلق و چاپلوسی۔

## تا با نون

تنبیہ ع آگاہ و ہوشیار کرنا خبر دینا۔
تنبہ ع بروزن توکل آگاہ ہونا خبردار ہونا۔
تنزیہ ع دور کرنا پاک کرنا صفا و درست کرنا۔
تنزہ ع دور ہونا عیب سے پاک ہونا گناہ سے۔
تنورہ ف پوشش جنگ زرہ وغیرہ۔
تنہ ف بیخ درخت یعنے درخت کی جڑھ۔
تنکہ ف روپیہ پیسہ جو رائج الوقت ہو۔
تنقیہ ع پاک و صاف کرنا آرایش دینا زینت دینا درستی مین لانا خوبصورت بنانا کسی بگڑی ہوئی چیز کو۔
تنخواہ ف تنخواہ سواری نوکری جو مقرر ہی یعنی درماہہ مشاہرہ روزینہ
تنوفہ ع بیابان و جنگل و ویرانہ زمین جہان آبادی نہو۔
تنمیہ ع افزایش و بالیدگی و تازگی و سرسبزی و زینت۔

## تا با واو

تورہ ت رسم و قاعدہ اور وہ نسخہ خود ساختہ جسکو چنگیز خان ظالم نے از خود وضع کیا تھا مجازاً قانون بادشاہی۔
توطیہ ع پامال کرنا بچھانا بستر کرنا تقریر کرنا کسی مشکل امر مین اصلی کلام سے اول تمہید اٹھانا اور اسکے ذریعے سے کلام کو آراستگی دینا۔
تولاک فدیہ ع اللہ تجھکو دوست رکھے یہ کلمہ دعاییہ ہی۔
تولہ ع بچہ سگ نوع از اقسام سگان یعنی ایک قسم کے کتون کا نام ہی
تولہ و تولچہ ف مشہور ہی جو بارہ ماشہ کا ہوتا ہی اور اٹھرتی کا ایک تہائی
توشہ ف زاد راہ رستہ کا خرچ جو مسافر پاس رکھتا ہی۔
توشکخانہ وہ جگہ جہان اسباب سامان گھر کا قسم پارچہ وغیرہ رکھا جاتا ہ
توجہ ع کسی کی طرف منہ کرنا راغب ہونا مایل ہونا کسی پیہ

توجیہ ع منھ پھیرنا اور نیک بیان کرنا کسی امر کی حقیقت کو۔

توبہ ع گناہ سے باز آنا اپنے کیے ہوئے گناہ پر پشیمانی ظاہر کرنا۔

توسعہ ع فراخ کرنا وسعت دینا مہلت دینا۔

تودہ ف انبار کسی چیز کا ڈھیر لگا ہوا غلہ وغیرہ کا۔

توفیہ ع تمام دینا و نیک و وفا کرنا اپنے عہد و اقرار پر

تولیہ ع کام کسی کے ذمہ پر کرنا۔

### تا با ہا ر

تہیہ ف آمادگی و تیاری و درستی سامان سفر وغیرہ

تہ ف نیچے کا فرش تلے نیچے۔

تہلکہ ع نابود ہونا مرنا ہلاک ہونا۔

تہ کیرہ ف تہ دیگی جو دیگ کے نیچے رہ جاتی ہے۔

تہ جرعہ ف لیس تہ ندہ شراب جو پیالہ مین رہ جاتی ہے۔

تہیگاہ ف پیٹ و پہلو و شرمگاہ نیچے کا جسم۔

### تا با یا ر

تیرہ ف تاریک و مکدر و خشمناک و سیاہ رنگ۔

تیغ کوہ ف بلندی کوہ اور چوٹی پہاڑ کی۔

تیغ دو دمہ ف وہ تلوار جسکے دونون طرف دھار ہو۔

تیہ ع بے آب جنگل اور وہ جنگل جسمین موسٰی علیہ السلام چھ لاکھ لشکر کے ساتھ چالیس برس بھٹکتے پھرتے رہے۔

تیشہ ف مشہور ہتھیار ہے جس سے ترکھان لکڑی تراشتے ہین۔

تیر خانہ ف گھر کا شہتیر جسپر چھت ڈالتے ہین۔

### چوتھی فصل

### اُن لغات کے بیان مین جن کے

اوّل حرف ثائے اور اخیر مین ہائے ہے

### ثا با ہا ر

ثالث ثلاثہ ع اشارہ بقول عیسائیان کہ ذات ربانی کو انھون نے تین حصون مین تقسیم کیا ہے یعنی خداوند جل شانہ و عیسی و روح القدس

ثانیہ ع دقیقہ ساٹھوان حصہ گھنٹہ کا جسکو منٹ کہتے ہین

### ثا با عین

ثعلبیہ ع نام مقام و نام موضع و نام قصبہ۔

### ثا با عین

ثغرہ ع مغاک جو سینہ و شکم کے درمیان ہوتا ہے۔

### ثا با قاف

ثقہ ع مرد صاحب اعتبار اور اعتبار کرنا کسی معتبر پر۔

ثقبہ ع سوراخ اور چھید جو کسی چیز مین ہو۔

ثقبہ عنبیہ ع وہ سوراخ جو وسط طبقہ عنبیہ چشم مین واقع ہے

### ثا با لام

ثلّہ ع گروہ مردم اور آدمیون کا ہجوم و جماعت۔

### ثا با میم

ثمینہ ع چیز گران قیمت جو ارزان نہو۔

ثمرہ ع پھل میوہ جو درختون سے حاصل ہوتا ہے۔

ثمار ع جمع ثمرہ ہے میوے اور پھل۔

ثمانیہ ع آٹھ جسکو فارسی مین ہشت کہتے ہین۔

### ثا با یا ر

ثیبہ ع وہ عورت جو خاوند کر چکی ہو بیاہی ہوئی عورت بخلاف باکرہ کے۔

## پانچوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف جیم اور اخیر مین ہا ہے

### جیم با الف

جار اللہ ع نام مصنف و مؤلف تفسیر کشاف ساکن شہر مخشر۔

جاذبہ ع جذب کرنیوالی یہ ایک قوت کا نام ہے جو انسان کے جسم مین ہے۔

جاہ ع رتبہ و دولت و عزت و حرمت انسان کی۔

جانانہ ع معشوق و محبوب جان سے عزیز۔

جابرہ ع نام ایک انصار کا ہے حضرت کے فرزند انصار سے۔

جارحہ ع ہاتھ اور وہ عضو جس سے کسب یعنی کام کرنے کا عضو۔

جائزہ ع صلہ و انعام و خط مستقیم جو تصحیح کی علامت کے لیے مقرر کیا گیا ہے

جایگاہ ف جگہ مقام اور وہ گھر جسمین سکونت کیجاے۔

جاریہ ع کشتی و سفینہ و آفتاب و کنیزک پرستار و دختر و آب روان۔

جواری اسکی جمع ہے یعنی بہت سی کنیزین۔

جامہ ف پہننے کا کپڑا جیسا پیالہ و پیالہ شراب کا جس سے شراب پیتے ہین

جادہ ع راہ باریک و راہ راست جسپر چلنے سے مسافر کبھی نہ بھولے

عَرضِیَہ ع وہ بات جو ظاہر کرنیکے لائق ہو اور عرض کیجائے۔

عُرَاضَہ ع سوغات جو سفر سے لائین پیشکش ہدیہ و تحفہ۔

عَرضَہ ع ایکبار ظاہر کرنا کسی بات کا ایکبار عرض کرنا اور پیشکش کیا گیا حیلہ مین لایا گیا۔

عَرصَگاہ ع میدان شکار کرنیکا یا جہان لشکر کی حاضری ہو۔

عَرَّادَہ ع توپ وغیرہ جس سے گولہ چلائیں۔

عَرْبَدَہ ع بدخوئی وجنگ جوئی وبدمزاجی وبدطینتی۔

عَرَفَہ ع نہم ماہ ذوالحج جسروز مسلمان حج کرتے ہیں اور حاجی عرفات میں جاکر احکام حج کے بجالاتے ہیں۔

عَرْصَہ ع میدان جنگ و بساط شطرنج و مطلق میدان فراخ۔

## عین باشین

عِشْوَہ ع نازو فریب حرکات معشوقانہ اور پوشیدہ کام کرنا۔

عَشِیْرَہ ع خویشان رشتہ داران یعنی قریبی ناطہ کے لوگ۔

عَشَقَہ ف بیل عشق پیچان کی جو مشہور بیل اور پھول ہے۔

عَشِیْقَہ ع معشوقہ جس پر کوئی عاشق ہو۔

## عین باصاد

عُصَارَہ ع عرق نچوڑا ہوا انگور وغیرہ کا۔

عِصَابَہ ع رومال سر باندھنے کا۔

عَصَبَہ ع پٹھے کہ حس و حرکت پیوستگی مفاصل کی اُسی سے ہے۔

عُصْبَہ ع گروہ مردمان دس سے چالیس تک۔

عَصِیْدَہ ع ایک قسم کے حلوے کا نام ہے۔

عُصَارَہ ع جو چیز نچوڑنے سے نکلے مثل روغن آب وغیرہ۔

## عین باضاد

عِضَادَہ ع دہلیز کے دونوں بازوں کی لکڑیاں۔

عُضْلَہ ع اولہ۔

## عین باطاء

عَطْفَہ ع موڑنا پھیرنا لپیٹنا مہربانی سے پیش آنا مہربانی کرنا اور سنجاف دامن میں جو لگائی جاتی ہے۔

عَطُوفَہ ع مہربان عورت نرم مزاج بی بی۔

عَطِیَّہ ع بخشش و مہربانی و کرم و لطف۔

## عین بافاء

عَفِیْفَہ ع پاکدامن عورت نیکوکار بی بی۔

## عین باقاف

عَقَبَہ ع دشوار راستی و دشوار مکان و امور دشوار جسکا ظہور میں آنا مشکل ہو۔

عُقْلَہ ع بندہ اور نام ایک منحوس شکل کا اشکال رمل سے۔

عَقِیْلَہ ع سردار قوم و برگزیدہ و ہوشیار و افسر۔

عَقِیْقَہ ع ضیافت پیدا ہونے و نام رکھنے اور بال اُترانے بچہ کی۔

عَقِیْدَہ ع جو بات دل میں قائم ہو چکی ہو۔

عَقْوَہ ع میدان و صحن سرا یعنی گھر کا آنگن۔

عقول عشرہ ع دہ فرشتگان مقرب الٰہی۔

عُقْدَہ ع گرہ اور مشکل بات جسکا ظہور میں آنا آسان نہو۔

## عین بالام

عَلَاوَہ ع مزید بران اُسکے سوا۔

عَلَانِیَّہ ع ظاہر و آشکار سب کے روبرو۔

عَلِیْقَہ ع گھوڑوں کے دانہ کھلانے کا توبرہ۔

عَلَاقَہ ع آویزش و رابطہ و پیوند از راہ دوستی یا دشمنی دو شخصوں یا چند شخصوں میں۔

عَلَّامَہ ع عورت دانا اور مرد صاحب علم و صاحب ہنر۔

عَلِیَّہ ع بلند اور اونچی عمارت اور اونچا رتبہ۔

عَلُوفَہ ع خرچ خوراک و روزینہ و درماہا و وظیفہ۔

علیحدہ ع الگ یعنی جدا اپنے مقام سے۔

## عین با میم

عَمّہ ۶ پھوپھی باپ کی بہن۔
عَمامَہ و عِمامَہ ۶ دستار۔
عَمَلَہ ۶ کار و عمل۔
عَمَلَہ ۶ نیکی۔
عَمَلَہ ۶ کام کرنے والے جمع عامل۔
عَمَل خانہ ف دیوانخانہ۔
عُمدَہ ۶ اچھا اور جائے اعتماد۔
عُمرَہ ۶ حاجیوں کی ایک قسم کی عبادت۔

## عین با نون

عَنَبِیّہ ۶ نام تیسرے طبقہ کا آنکھوں کے سات طبقوں سے۔
عَنبَرِیّہ ۶ ایک پولا نہ بو رہوتا ہے جسمین عنبر کھتے ہین۔
عَنکَبُوتِیّہ ۶ آنکھوں کے چوتھے طبقے کا نام ہے۔

## عین با واؤ

عَوارَہ ۶ بدول۔
عَوِیصَہ ۶ مشکل و دشوار۔

## عین با یاء

عَیلَہ ۶ درویشی۔
عَیبَہ ۶ چرمی صندوق کپڑوں کا۔
عَیقَہ ۶ نہر کا کنارہ۔
عین اللہ ع امان خدا۔

## اونیسوین فصل

ان لغات کے بیان مین جن کے

## اول حرف غین اور آخر مین ہا ہے

## غین با الف

غائلہ ۶ شر و بدی و آفت۔
غاشیۃ ع قباحت و بیماری دل و زین پوش اسپ۔
غالیہ ۶ نام خوشبوئے مرکب۔
غازہ ۶ گلگونہ جو عورتین منھہ پر ملتی ہین۔
غادیہ ۶ صبح اور جو بادل صبح کو آوے۔
غاذیہ ۶ قوت ہضم غذا۔

## غین با باء

غبطہ ۶ کسی مال لینے کی آرزو کرنی بغیر اسکے کہ اسکے مال کا زوال چاہتا ہو

## غین با دال

غُدوَہ ۶ وقت میان فجر و طلوع آفتاب۔

## غین با راے

غُرفہ ۶ ایک دفعہ اٹھانا پانی کا ہاتھ سے۔
غُرفَہ ع بلقدر کشت و بالاخانہ جو چوپایہ کے کنارہ پر ہو مجازاً دریچہ
غَرقَہ ۶ غرق ہوا ہوا۔
غَرچَہ ف مخنث و نادان و زبون۔
غَرارَہ ۶ ناآزمودہ کار ہونا فریب کھانا۔
غِرارَہ ۶ گون و جوال۔
غَرغَرَہ ۶ پانی منھہ مین لینا کلی کرنی۔
غُرَّہ ۶ سفیدی پیشانی اسپ بہتر پہلی تاریخ ہر ایک ماہ۔
غِرَّہ ۶ فریفتگی۔
غَرَّہ ۶ فریفتہ ہونا۔

غُرندہ ف آواز کرنے والا۔

## غین بازاے

غزالہ ع بچہ آہو جو مادہ ہو و یعنی آفتاب۔
غزوہ ع جنگ اہل اسلام با کفار ہمراہی امام وقت کے

## غین با سین

غسالہ ع وہ پانی جس سے نہائیں یا نہا چکے ہوں۔
غسلخانہ ف حمام۔

## غین با شین

غشاوہ ع پردہ۔

## غین با صاد

غصّہ ع اندوہ گلوگیر۔

## غین با لام

غلالہ ع وہ کپڑا جو زرہ کے نیچے پہنیں۔
غلالہ ف زلف معشوق۔
غلہ ف اناج۔
غلغلہ ف جوش و ہجوم و گولہ۔
غلمہ ف تیزی شہوت۔
غلبہ ف زبردستی و زور۔
غلمہ ع جمع غلام۔

## غین با میم

غمزہ ع ابرو اور آنکھ سے اشارہ کرنا۔
غمچہ ع پسخوردہ اور جرعۂ آب۔
غمکدہ ف غمخانہ۔

## غین با نون

غنچہ ف کلی پھول کی۔
غنہ ع وہ نون جسکی آواز ناک مین سے نکلے جیسکہ جہان مین نون غنہ ہی۔

## غین با واؤ

غوطہ ع پانی مین جانا و نام شہر کا۔
غورہ ع ترش انگور و انگور خام جو ترش ہو۔
غوزہ ع وہ پوست جو روئی کے اوپر ہوتا ہی۔
غوجہ ف مرغ کی کلغی۔
غوطہ ع ڈبکی پانی مین لگانا۔

## غین با یاے

غیضہ ع بیشہ اور جنگل اور غیر آباد زمین۔
غیبہ ع ترکش و جبہ جسمین تیر رکھتے ہین۔

# بیسوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف فا اور اخیر مین ہا ہی۔

## فا با الف

فارہ ع نافۂ مشک و تیز رفتار و زیرک۔
فاژہ ف خمیازہ یعنی جمہائی جو آدمی لیتا ہی۔
فائحہ ع خوشبو و خوشبو دینے والی چیز۔
فاکہہ ع میوہ ہر قسم کا اور پھل جو کھایا جاتا ہی۔
فاطمہ ع وہ عورت جس نے دو سالہ بچہ کا دودھ چھوڑایا ہو اور نام دختر نیک اختر محمد صلی اللہ علیہ وسلم مادر حسن حسین علیہم السلام۔

فاتحہ ع کھولنے والی عورت اور نام پہلی سورۃ قرآن مجید کا و ابتدا سے ہر چیز کا۔

فاختہ ف قمری جانور مشہور ہے۔

فاضلہ ع بزرگ اور زیادہ و عطا و مہربانی۔

فاصلہ ع فرق دو چیزوں میں۔

فاحشہ ع بدکار عورت زانیہ عورت۔

فاقہ ع گرسنہ و نہار بھوکے رہنا۔

فالودہ ف چاولوں کی پیچھ جمی ہوئی۔

فائدہ ف نفع اور سود اور بھلائی۔

## فا با تا ے

فتنہ ع خرابی و دیوانگی و فریفتہ و عاشق و دلدادہ۔

فتحہ ع حرکت زبر کی جو حروف پر دیجاتی ہے۔

فتیلہ ع بتی چراغ وغیرہ کی جو روئی و تاگے سے بنائی جائے۔

فتاتہ ع ریزہ ہائے ہر چیز اور ٹکڑے ہر چیز کے۔

## فا با جیم

فجفجہ ف وہ پوشیدہ بات جو مشہور ہو جائے اور ہر کسی کو معلوم ہو جائے۔

فجرہ ع جمع فاجر ناکاران و بدکاران و فاسقان و فاجران۔

## فا با خاء

فخفرہ ع بروزن مسخرہ غلہ جو مشہور غلہ ہے۔

## فا با دال

فدیہ ع صدقہ ایثار اپنی جان کا تصدق۔

## فا با راے

فرسودہ ف کہنہ و ریختہ و خراب شدہ اور گھسا ہوا۔

فرغانہ ف ماوراء النہر میں ایک علاقہ ہے مابین سمرقند و اندجان دو شہروں کے۔

فرازندہ ف بلند کرنے والا اور چڑھانے والا۔

فروزینہ ف خار و خاشاک آگ جلانے کا ایندھن۔

فرہ ف شان و شوکت و فخر و عزت و آبرو و توقیر۔

فرہ ف زیادتی و غلبہ و سبقت و پیشدستی۔

فرہ ف خوش طبیعت اور خوش ہونا رضامند ہونا۔

فرزانہ ف حکیم و دانشمند و دانا و صاحب علم۔

فرنجیدہ ف وہ ناگاہ ٹکڑہ کا جو وہ ادھر کرے تو مثلاً قبل اس کے بیں

فرومایہ ف بے ہنر و کم دولت و کم عقل و مفلس و نادار۔

فرشتہ ف مخلوقات آسمانی یعنی ملایک۔

فرشتندہ ف مثرب بندگی کرنے والا۔

فروختہ ف بیچا گیا جسکی قیمت الشان سے چکا ہو۔

فرقہ ع جماعت قوم گروہ آدمیوں کا۔

فرودگاہ ف اترنے کی جگہ بستر کا مقام۔

فروشندہ ف بیچنے والا جو چیز کو بیچے۔

فرجہ ع سوراخ و شگاف و فاصلہ دو چیزوں میں۔

فریسہ ع وہ جانور جسکی گردن شیر یا پلنگ یا سگ نے توڑ دی ہو۔

فرہیختہ ف ادب آموختہ صاحب خلق و ادب۔

فربہ ف موٹا جسیم پر گوشت۔

فریہ ع دروغ و افترا اور جھوٹی بات

فراہ ف ایک شہر کا نام ہے ہرات کے علاقہ میں۔

فریضہ ع فرض خدا کا حکم جو انسان پر نازل ہو اسکا ادا کرنا ضروری

فراشتہ ع جاروب یعنی جھاڑو جس سے جگہ صاف کرتے ہین۔
فرخودہ ۶ شرہ و پیچیدہ یعنی گوندھا ہوا اور لپٹا ہوا۔
فریفتہ ع عاشق و دیوانہ و فریب کھائے ہوئے و سودا مین آئے ہوئے۔
فرائض پنجگانہ ف پنج وقت کی نماز جو مسلمانون پر فرض ہی
فرخندہ ف مبارک و خجستہ و نیک۔
فروجہ ۶ جوزہ بچہ مرغی کا جو چھوٹا سا ہو۔
فرفرہ ف پھرکی چمڑے کی جسین تاگا یعنے رشتہ ڈال کر لڑکے پھراتے ہین اور یہ ایک کھیل لڑکون کا ہی۔

## فا با سین

فسیحہ ع فراخ اور چوڑی چیز
فسقہ ع فاسقان یعنی بدکار لوگ۔
فسدہ ع فساد کرنے والے اور فتنہ انگیز لوگ۔
فسانہ ع حکایت بے اصل و داستان فرضی جو غیر واقع حال ہو جیسے کہ فسانہ عجائب و مثنوی میر حسن وغیرہ۔

## فا با صاد

فصول چہارگانہ چہار فصل موسمی یعنی تابستان زمستان ربیع خریف

## فا با ضاد

فضلہ ع پس ماندہ کھانا وغیرہ۔
فضہ ع چاندی نقرہ جو مشہور دھات ہی۔

## فا با قاف

فقہ ع پا جاننا اور نام علم احکام شریعت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم
فقاہ ع دانائی و عقل و ہوش فہم و ادراک۔
فقیہ ع دانا اور عالم دین کا شرع کا واقف۔

فقرہ ع پارہ استخوان پشت اور تھوڑی عبارت نثر کی جو منزلہ مصرع ہو

## فا با کاف

فگانہ ف حمل جو نو مہینے سے اول گر جاے۔

## فا با لام

فلکہ ع ایک چھوٹی لکڑی مدور سوراخ دار خیمہ کی چوب کے سر پر ہوتی ہین نیز چرخہ کے تکلے کا منکا جسے تکیہ کہتے ہین فارسی مین اسے بشہ کہتے ہین
فلسفی ع حکیم و دانشمند ہونا صاحب علم و فضل ہونا۔
فلاسفہ ع حکیمان و دانشمندان و صاحبان علم و فضل۔
فلہ ع پہلے دن کا دودھ جو آگ پر رکھنے سے پھٹ جاتا ہی یعنی کبیس و پیوسی۔

## فا با واو

فوارہ ف جوش مارنے والا فوراً جوش مارنے والا۔
فوطہ ف جامہ نادوختہ و دستار و رومال وغیرہ اور وہ روپیہ جو رعایا خزانہ شاہی مین داخل کرے۔
فوح ع بوے خوش اور خوش و مطبوع ہوا۔
فوہ ع دہان یعنی منھ افواہ اسکی جمع ہی۔
فوہ ع مجیٹھ جس سے کپڑے رنگتے ہین۔
فواکہ ع جمع فاکہ میوہ ہا درختون کے پھل جو کھائے جائین

## فا با یاے

فیروزہ ع ایک نگاری جوہر کا نام ہی جو قیمتی ہوتا ہی۔
فیصلہ ع جدا ہونا حق کا باطل سے۔
فی نفسہ ع اپنی ذات مین۔
فیلولہ ع عصر کے وقت سونا جو موجب نحوست و ضعف عقل ہی اور شرعاً منع ہی۔

فئہ ع گروہ مردم و قوم و جماعت آدمیون کی۔

فی الجملہ ع حاصل کلام و مجمل کلام و نتیجہ کلام و رتھوڑا سا سبب اختلال اور صدمہ کلام کا

## اکیسوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف قاف اور اخیر مین ہا ہی

### قاف با الف

قاپچانہ ف قمارخانہ قاپ ہڈی کو کہتے ہین۔ پانسے قمار کے ہڈی کے ہوتے ہین اسواسطے قاپچانہ نام رکھا گیا۔

قارورہ ع حقہ یار و کا اور شیشہ کانچ کا جسمین پیشاب واسطے طبیب کو دکھانے کے رکھتے ہین

قاقلہ ع چھوٹی الایچی جو مشہور چیز ہی۔

قاہ قاہ ع خندہ با آواز یعنی آواز سے ہنسنا۔

قابلہ ع متکفل و ضامن و دایہ و دودھ پلانے والی۔

قالیچہ ف بچھونا فرش مکلف اور قالین چھوٹا۔

قامحہ ف توڑنیوالی خوار کرنیوالی برباد کرنیوالی۔

قانعہ ف صاحب قناعت عورت صاحب صبر۔

قارعہ ع حادثہ و سختی و روز قیامت حشر کا دن۔

قاہرہ ع غالب و زبردست اور نام شہر کا مصر سلطنت مین۔

قافیہ ع پیچھے چلنے والا اور وہ قافیہ جو نظم مین ہوتا ہی جیسا گلستان کا قافیہ بوستان ہی۔

قاعدہ ع دستور و طریق اور عورت بیٹھی ہوئی اور طرز و قانون۔

قافلہ ع گروہ مردم و کاروان جو ملکر سفر کرین۔

قائمہ ع خط مستقیم پہ دوسرا خط اسطرح قائم ہو کہ اُس کے دونا و یہ پیدا ہون اسطرح پر　قائمہ زاویہ قائمہ

### قاف با با

قبہ ع گنبد اور اونچی عمارت جو گول بنی ہوئی ہو۔

قبرغہ ت پہلو و استخوان پہلو۔

قبالہ ع تمسک و قبالہ و سند و بیعنامہ و رہن نامہ وغیرہ۔

قبلہ ع جو سمت منھ کے سامنے ہو یعنی روبرو ہو۔

قبیلہ ع گروہ جو اولاد ایک باپ کی ہو یعنی ہم جدی۔

قبضہ ع مٹھی مین لینا اور تصرف مین لیا ہوا مال وغیرہ۔

قبرہ ع نام ایک خوبصورت جانور کا ہی۔

قباچہ ف چھوٹی قبا و سینہ بند و صدری۔

### قاف با حاء

قحبہ ع زن بدکار اور کھانسی کی بیماری جسکو سرفہ کہتے ہین

### قاف با دال

قدوہ ع پیشوا آگے چلنے والا امام سرگروہ۔

قدرمایہ ع تھوڑا سا مقدار حسب ضرورت۔

قدریہ ع ایک گروہ و فرقہ خلاف شرع محمدی کے ہی انکا قول ہی کہ نیکی کرنے کا عوض اور بدی کی سزا نہین ملیگی کیونکہ جو کچھ ہمنے کیا اُسکی تقدیر مین ایسا تھا جو ہمنے کیا اپنے اختیار سے نہین کیا۔

### قاف با راے

قرابہ قرابہ ع شیشہ شراب کا جسکو صراحی بھی کہتے ہین۔

قریحہ ع آدمی کی طبیعت انسان کا مزاج۔

قرہ ع خنکی و سردی و راحت و روشنی و تازگی۔

قرطہ ع گوشوارہ جھمکے جو ایک مشہور زیور ہی۔

قربہ ع مشک پانی کی جسمین پانی بھرا جاتا ہی۔

قُراضَہ ع ریزہ سونے چاندی کا اور درہم و دینار۔

قُرعہ ع چوب پارہ اور آلہ فال دیکھنے کا نجوم کے علم مین۔

قُرعہ ہ کدو سے تر یعنی وہ کدو جو ہنوز سبز ہو۔

قَریہ ع گانؤن چھوٹی سی آبادی۔

قَرینہ ع مناسبت ہمیشگی و نزدیکی۔

قَرحَہ ع زخم و ریش جو بُرا پڑ جائے۔

قَرحَہ ع وہ زخم جسمین ریم ہو یعنی تر زخم۔

قُرونِ خالیہ ع گذشتہ زمانے گذرے ہوئے وقت

## قاف با سین

قسطنطنیہ نام شہر دار الملک روم کی سلطنت کا ہے۔

قَسامَہ ع سوگند دینا قسم کھلانا حلف دینا کسی کو۔

قَسیمَہ ع مشک یعنی کستوری جو مشہور خوشبو ہے۔

قَسوَہ ع سخت دل ہونا بیرحم ہونا۔

قَسوَرَہ ع شیر درندہ یعنی جنگلی شیر شکاری۔

## قاف با شین

قَشقَہ ع ماتھے پر ٹیکا لگانا جیسے برہمن ہندو لگاتے ہین۔

قُشعَریرہ ع بالون کا بدن پر کھڑے ہو جانا بسبب کسی صدمہ کے

## قاف با صاد

قَصَبہ ع چھوٹا شہر اور نے جو اندر سے پولی ہو جیسا آبالنس جع پولا ہوتا ہی

قَصَبُ الذَّریرہ ہندی چرائتہ جو ایک مشہور دوا ہی۔

قَصعَہ ع کاسہ بزرگ یعنی بڑا پیالہ۔

قَصَبچہ ف پارچہ قسم کتان جو عمدہ ہوتا ہی۔

قَصیدہ ع مضر سطبر و غلیظ اور نظم مین وہ نظم جسکے دونون

مصرع پہلے بیت کے اور ابیات کے دوسرے مصرعون کے ساتھ

ہم قافیہ و ہم ردیف ہون اور قصیدہ سے بیت کم نہو۔

قِصّہ ع سرگذشت و داستان و احوال۔

## قاف با ضاد

قَضِیّہ ع سلوک و حکم و خبر و جھگڑا و مقدمہ جسکا ابھی فیصلہ نہوا ہو

## قاف با طاء

قَطرَہ ع بوند پانی کی جو کہین ٹپکے اور دوڑنا قدم مار نا چلنا

قَطیعَہ ع گلہ بکریون اور گھوڑون وغیرہ کا۔

قَطّامَہ ع شہوت والی عورت ماخوذ قطم سے جسکے معنی تیزی شہوت کے ہین

قِطعَہ ع ہر چیز کا ٹکڑا اور شعرا کے نزدیک دو بیت یا زیادہ بیت جنکا مطلع نہو

## قاف با عین

قَعدَہ ع بیٹھنا اور بیٹھنا نماز مین وقت التحیات پڑھنے کے

قِعدَہ ع ایک قسم نشست کا ہی جو زانو دبا کر بیٹھتے ہین۔

قُعدَہ ع پالکی و گھوڑا وغیرہ جسپر سوار ہون۔

قَعقَعہ ع آواز کاغذ و پوست خشک و آواز سلاح یعنی ہتھیار کی آواز۔

قَعیدَہ ع عورت ہمنشین شوہر کی یعنی شوہر کے پاس بیٹھنے والی عورت۔

## قاف با فاء

قُفّہ ع زمین بلند جائے بلند مکان بلند اونچا محل و مینار۔

## قاف با لام

قَلّابَہ ع مچھلی پکڑنے کی کنڈی جس سے مچھلی پکڑی جاتی ہی۔

قلعہ قہقہہ ع نام ایک قلعہ کا اور بانچانگی ولایت مین جو نہایت مضبوط ہی۔

قُلّہ ع پہاڑ کی چوٹی و خم بزرگ اور بہت بڑا مٹکا۔

قُلّہ ع بادامی رنگ کا گھوڑا جو ایک قسم کا گھوڑا ہی۔

قلیہ ع بھونا ہوا گوشت اور قیما گوشت جسمین پانی نہ ڈالا جائے -
قلادہ ع گلوبند سگ شتر وغیرہ جس سے اسکو باندھین -
قلبہ ت ہل جو زمین مین چلاتے ہین اور کھیتی بوتے ہین -
قلتغہ ت محاصرہ کرنا اور خوراک ورطلبانہ واجرت
پیادہ کی جو حکمنامہ پر لکھدیجاتی ہے -
قلمشہ ت کلاہ یعنی ٹوپی جو سر پر رکھتے ہین -
قلعہ ع مشہور لفظ ہے یعنی بادشاہی مکان مستحکم -
قلقلہ ع جوش وبیقراری واضطراب -
قلقلہ ع آواز صراحی کی جو شراب نکالنے کے وقت نکلتی ہے -

## قاف با میم

قمہ ع بلندی اور سر ہر چیز کا اور کلس اور لکڑی جو گنبد کے
اوپر لگاتے ہین -
قمہ ت نام سلاح یعنی ایک ہتھیار کا نام ہے -
قمرغہ ت شکارگاہ بادشاہان جہاں شکار کھیلتے ہین -
قمرہ ع قمارخانہ وقمار جوا کھیلتے ہین -
قمقمہ ع کوزہ آفتابہ اور برتن -
قمامہ ع خار وخاشاک جو جھاڑو سے جمع ہو ہندی کوڑا -

## قاف با نون

قنورہ ع قسم جامہ رنگین جو قیمتی ہوتا ہے -
قنیہ ع سرمایہ اور پونجی اور اصل مال -
قنینہ ع شراب کا برتن جسمین شراب رکھی جاوے -
قنطرہ ع پل جو دریا پر باندھتے ہین اور اسپر گذرین -

## قاف با واو

قوارہ ع ٹکڑا اور رحمہ مدور پارچہ جو درزی گریبان قطع کرنیکے وقت [illegible]
قورخانہ ت سلاح خانہ جہاں ہتھیار رکھے جائین -
قوقہ ت تکمہ گریبان وغیرہ کا -
قورمہ ت گوشت بریان بھونا ہوا گوشت -
قوصرہ ع خریطہ جوال جو کھجور کے پتون سے بناتے ہین -
قوہ ع قوت واستعداد وامکان -

## قاف با ہا

قہوہ ع ایک قسم کے تخم ہین جنکو جوش دیکر انکا پانی پیتے
ہین عرب مین یہ بہت لوگ پیتے ہین -
قہقاہ ع آواز سے ہنسنا نہایت خوشی کی حالت مین -

## قاف با یا

قیصریہ ع نام ایک شہر کا ہے -
قیدافہ نام نوشابہ ملکہ بردع جسکا ذکر سکندرنامہ مین ہے -
قیلولہ ع دوپہر کو سونا جسکی اجازت ہے بلکہ سنت طریق ہے -
قیافہ ع صورت سیرت کو پہچاننا اور انسان کے اوضاع کو دیکھکر
اسکی اصلی حالت سے آگاہ ہونا اور شگون لینا -

## بائیسوین فصل
## ان لغات کے بیان مین جن کے
## اول حرف کاف اور اخیر مین ہا ہے

## کاف با الف

کاوہ ت پہلوان اور نام ایک لوہار کا جسنے کمال شجاعت سے ضحاک
پر خروج کرکے فریدون کو بادشاہ بنایا -
کالیوہ ت سرگشتہ وحیران واحمق وبیوقوف -

کالیدہ ف پریشان و درہم و برہم و ابتر حال۔
کامہ ف مقصود و مراد و نانخورش جو ترش مزہ ہو۔
کاشانہ ف خانہ کوچک و خانہ زمستان سردی کے رہنے کا گھر۔
کازہ ف جھونپڑا صومعہ و کمین گاہ صیادان۔
کابشیہ ہ گل معصفر کسبنہ کے پھول۔
کازیرہ و کاجیرہ ف گل معصفر یعنی کسبنہ کے پھول۔
کارنامہ ف تواریخ کی کتاب کتاب عدو و قانون کی اور کتاب جو مصور اپنی صنعت و کمال کے ظہور کے لیے بناتے ہین۔
کالہ ف متاع و کدو و شراب خربزہ خام و زمین جو زراعت کے لیے کیجائے۔
کاچہ ف زنخ یعنی ٹھوڑی انسان کی۔
کار وسپتہ ف مشکل کام و مشکل امر جسکا کرنا مشکل ہو۔
کافہ ع تمام و گروہ و جماعت اور قوم و خلقت۔
کارگاہ ف جائے ظہور اور علم کی جگہ جہان بیٹھکر کام کرین۔
کاورسہ ف باریک غلہ و ہر چیز ریزہ ریزہ ذرہ ذرہ۔
کاسہ ع پیالہ لکڑی کا جو درویش و فقیر رکھتے ہین۔
گازہ ف جھولا یعنی رسی کسی درخت کی شاخ کے ساتھ جھولنا۔
گاہ ف وقت اور مقام اور کبھی۔
گاہ گاہ ف کبھی کبھی وقت بے وقت۔
گاودوشہ ف دودھ دوہنے کا برتن۔
گانہ ف یہ لفظ الفاظ زائدہ سے ہے جو اعداد کے پیچھے لاتے ہین تا عدد پورا معلوم ہو جیسا پنجگانہ دوگانہ و ہفتگانہ۔

## کاف با باء

کبیسہ ع جادو و نہر جو مٹی سے بھر گئی ہو اور وہ گیارہ روز جو سال قمری کی نسبت سال شمسی مین زیادہ ہوتے ہین جسے ہندی مین لوند کہتے ہین۔
کبیشہ ع نام غلام پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم۔
کباذہ ع کمان جو بہت نرم ہو۔

## کاف با تاء

کتارہ ف ایک قسم کے خنجر کا نام ہے یعنی کٹار۔
کتیبہ ع لشکر اور نام ناحیہ قلاع خیبر ہے جو مدینے کے علاقہ مین ہے۔
کتگرہ ف عصا کے کوچک جو فقرا ہاتھ مین رکھتے ہین۔
کتابہ ع جو بخط جلی مسجدون کے محرابون پر کلمہ شریف و اشعار لکھدیتے ہین۔
کتبہ ع ایک مرتبہ لکھنا اور تحریر کرنا کسی چیز کا۔

## کاف با جیم

کجاوہ ف جو اونٹ کی پشت پر باندھتے ہین۔
کجھہ ف انگشتری بے نگین یعنی چھلا۔
کجبہ ف گیند کھیلنے کا جسسے لڑکے کھیلتے ہین۔

## کاف با دال

کدہ ف گھر و مقام مثل میکدہ وغیرہ۔
گدیرہ ف مکدر و پوشیدہ اور چھپی ہوئی چیز۔
گدیہ و گدیہ ف گدائی کرنا و بھیک مانگنا۔

## کاف با ذال

گذارہ ف جسکا تخمینہ و وزن کیا گیا ہو بمعنی بے تعداد و بے فائدہ
گذرگاہ ف راستہ چلنے کا اور گذر دریا کا جہان سے اترین۔
گذارہ ف جو چیز حد سے گذر جائے۔

## کاف با راے

گراسنہ ع کتاب و قرآن مجید وغیرہ صحائف ـ

گراسنہ ع جزو اُس کتاب کا یا سیپارہ یا اوراق ـ

گرانہ ع کنارہ ہر چیز کا خاتمہ و انجام ہر چیز کا ـ

گرایہ ع اجرت بار برداری شتر و اسپ و استر وغیرہ و اجرت سکونت خانہ و دوکان و برابری و سزاواری ـ

گرسنہ ع غلہ مٹر جو مشہور و معروف غلہ ہے ـ

گرۂ ع گیند اور ہر چیز جو گول اور مدور ہو ـ

گرۂ ع بچہ اسپ و خرد و تازیانہ یعنی چابک گھوڑون کا ـ

گرُہ ع ناخوشی و سختی و رنج و کراہت و بیماری و دکھ و تکلیف ـ

گرُہ ع جبر و ناراضامندی و زبردستی و بیگار ـ

گرہ ع کریہ و نامرغوب و نامطبوع و ناپسند ـ

گرہ ع کوس اور اسپ و تازیانہ ـ

گرشمہ ف اشارہ بچشم یعنی آنکھ کا اشارہ ـ

گریہ ع زبون مکروہ و ناپسند ـ

گربہ ف بلی مشہور جانور ہے ـ

گروہ ف جماعت و ہجوم لوگون کا ـ

گردۂ ف کمید مشہور عضو ہے اندرونی عضوون سے ـ

گریہ ف رونا کسی ماتم یا غم و اندیشے مین ـ

گرم پیلہ ف کرم ابریشم جسکے لعاب سے ریشم بنتا ہے ـ

گروہہ ف گولی بندوق کی و گلولہ جو مدور ہو ـ

گران سایہ ف مردم عالیقدر و صاحب رتبہ و غنی ـ

گرگینہ ف پوستین چمڑے کی جو پہنتے ہین ـ

گرمابہ ف حمام گرم پانی مین نہانے کی جگہ ـ

گردانیہ ف نام ایک پردہ موسیقی کا ـ

گریوہ ف پشتہ زمین کا بلند زمین ـ

گرسنہ و گرسنہ ف بھوکھا جسکا پیٹ خالی ہو ـ

گرگ باران دیدہ ف مرد آزمودہ کار معاملہ فہم ـ

گرزہ ف کفچہ دار و مہیب بزرگ سانپ وغیرہ ـ

گرہ ف گانٹھ جو بندھی ہوئی ہو ـ

گرۂ ف سبو گلی یعنی گھڑا مٹی کا ـ

گروکوہ ف ایک پہاڑ کا نام ہے ـ

گروہ ف آدمیون کی جماعت اور بہت سے آدمی ـ

گرفتہ ف طعنہ و ملامت و بدگوئی ـ

## کاف با زاے

گزبزہ ف کشنیز سبز یعنی ہرا دھنیا ـ

گزرہ ف کوا دکاک یعنی وہ گوشت پارہ جو حلق مین آویزان ہے اور کاردیزرگ خمدار جس سے گوشت قیمہ کرتے ہین ـ

گزدمہ ف بدعمل و دغاباز فریبی آدمی ـ

گزہ ف قسم پیکان تیر اور وہ لکڑی جس سے نقارہ بجاتے ہین ـ

گزیدہ گزیہ ف خراج و جزیہ و رشوت جو وصول کیا جاوے ـ

## کاف با سین

گسیدہ ف ناسرہ و متاع بیرواج کھوٹا روپیہ ـ

گسمہ ف موئے زلف جو رخسارون پر لٹکاتے ہین ـ

گسرہ ع حرکت زیر کی جو حروف پر دیجاتی ہے ـ

## کاف با شین

گشتہ ف آلو و شفتالو وغیرہ اور قسم ایک میوہ جو ترش

ہوتا ہی اور خستہ لکا لکر خشک کرتے ہین -
کشادہ ف کھلا ہوا جو بند نہو -
کشتہ ف ہوا ہوا بکھرا ہوا -

## کاف با عین

کعبہ ؏ نام بیت اللہ و مکان رفیع و بلند و عظیم الشان -

## کاف با فا

کفچہ ہ پھن سانپ کا -
کفّہ ؏ پلہ ترازو کا جسمین اسباب وزن کرتے ہین -
کفہ ؏ حاشیہ پیراہن و سنجاف پیراہن کا -
کفہ ف خوشہ نیم کوفتہ جسسے ابھی غلہ نہ نکلا ہو -
کفارہ ؏ چھپانے والا گناہ ہونکا ادا کرنا معاوضہ گناہ کا مثلاً روزہ توڑے تو ساٹھ روزے رکھے اور قسم توڑے تو بندہ آزاد کرے -
کفیدہ ف ترقیدہ و شگافتہ یعنی چرا ہوا پھٹا ہوا -
کفایہ ؏ کافی ہونا بس ہونا پورا ہونا -
کفرہ ؏ جمع کافر یعنے بہت سے کافر -
گفتہ ف کہا ہوا کلمہ اور زبان سے نکالا ہوا -

## کاف با لام

کلمہ ؏ ایک بات و باصطلاح نحویان و کلمہ یعنی لفظ جو معنی دار ہو -
کلہ ف خیمہ کوچک یا چھپر کھٹ پردہ دار -
کلّہ ف ٹوپی اور آلہ تناسل کا و حرکات جماع -
کلفتہ ف اندک و دم بریدہ اور وہ شخص جو اچھی طرح بات نہ کرسکتا ہو اور جو بیست کوچک و کلان و سوٹنا -
گلدستہ ف مشہور لفظ ہی یعنی پھولونکا دستہ باندھا ہوا -
کلازفہ و کلاوہ ف داڑو کشتی کا -
کلیچہ ف خمیری روٹی جو نرم ہوتی ہے -
کلاوہ کلابہ ف سوت کی انٹیا -
کلیہ ؏ گردہ جو ایک اندرونی عضو ہے -
کلیہ ؏ ہمگی و تمامی اور سارا و تمام -
کلفیہ ف وہ کلچہ جسکے اندر مغز بادام وغیرہ سرکہ کے پکاتے ہین -
کلالہ ف موئے پیچیدہ یعنی زلف کے گوندھے ہوئے بال -
کلبہ ف چھوٹا گھر اور دوکان و گوشہ گھر کا -
گلولہ ف گولی گولہ بندوق و توپ کی گولی -
گلہ ف جانورون کا غول -
گلہ ف شکایت جو کسی کی کیجائے -
کلاہ ف تاج شاہی اور ٹوپی سر پر رکھنے کی -
کلاچلہ ف نام ایک گیدڑ کا -
کلابیسہ ف پھرنا آنکھونکا اصلی حالت سے چنانچہ سیاہی چھپ جائے نہایت شہوت کی لذت یا ضعف جسم کے سبب سے -
کلاسہ ف چونہ و گلی وغیرہ اسباب عمارت کا
گلگونہ ف سرخ رنگ جو عورتین منھ پر سنگار کے وقت ملتی ہین جس سے سرخی چہرہ کی زیادہ ہو جاتی ہے -
کلّ بالہ ف معاروں کا ہتھیار ہے جس سے کہگل بچھاتے ہین اور گارا جو دیوار مین لگا یا جاتا ہے اسسے بچھایا جاتا ہے -
گل کوزہ ف ایک پھول کا نام ہے جو بہت بڑا ہوتا ہے -
کلابہ گارا جس سے عمارت بناتے ہین اور دیوار مدد کو بنگے لگاتے ہین -

## کاف با میم

کمانچہ ف مشہور ساز ہے جسے ترکھان برمہ پھراتے ہیں۔

کما حقہ ع راست راست سچ سچ حق حق۔

کمہ ع جو مادرزاد اندھا ہو۔

کمینہ ف نیچ پاجی سفلہ آدمی۔

گماشتہ ف نائب نوکر مختار کار۔

گمراہ ف راہ بھولا ہوا مجازاً مرد گنہگار و فاسق فاجر۔

کمانہ ف ترکھانوں کا کمانہ جسمیں برما پھرتا ہے۔

کمرکوہ ف درمیان کوہ و بلندی کوہ۔

## کاف با نون

گنجارہ ف گلگونہ جو خوبصورت لوگ منھ پر ملتے ہیں۔

گندہ ف موٹا اور سوڈی پیڑا جس سے روٹی پکاتے ہیں۔

گنجہ ف نام شہر مسکن نظامی گنجوی مصنف سکندر نامہ۔

گنجینہ ف خزانہ ہر چیز کا مجازاً بہت سامال و دولت۔

کنایہ ع پوشیدہ بات کنایہ رمز و اشارے سے۔

کنانہ ع ترکش تیروں کا۔

کنہ ع پایان وتہ کار و وقت اخیر کار و حقیقت کار۔

کنہ ع پوشیدہ اور فارسی میں چیچڑ جو ایک مشہور حشرہ ہے۔

کنگرہ ف دیوار کے اوپر کا سرا۔

گناہ ف دوستی خطا و تقصیر و گناہ و جرم۔

گندہ ف ناپاک پلید خراب۔

گنجفہ ف ایک کھیل کا نام ہے جو مشہور ہے۔

کندہ ہ ایک موٹی لکڑی اور چوب کلان ہے اسکو جسمیں مجرم کے پانوں ڈالکر قید کر دیتے ہیں ہندی میں اسکو کاٹھ کہتے ہیں

کندہ ف خندق۔

کنیسہ ع نصاریٰ کا عبادتخانہ یعنی گرجا۔

کنارہ ف مشہور لفظ ہے کونا طرف اور اخیر ہر چیز کا۔

کنجارہ ف کھل تلوں و سرسوں کی جو روغن کے نکالنے سے نکلتی ہیں۔

کناسہ ع خاشاک جو جاروب سے نکلتا ہے یعنی کوڑا۔

## کاف با واو

کورہ ع آتشدان آہنگران وغیرہ جہاں آگ جلائی جاتی ہے۔

کوکبہ ع ستارے و فر و شکوہ و دبدبہ و اظہار فخر۔

کوہ پایہ ف زمین دامن کوہ جو پہاڑ کے نیچے ہوتی ہے۔

کوہہ ف برآمدگی پشت بیل اور اونٹ کا کوہان۔

کونشتہ ف سرین آدمی یعنی چوتڑ آدمی کے۔

کوزہ ف مشہور لفظ ہے جسکو لوٹا کہتے ہیں۔

کورکہ ت نقارہ ڈھول کا جو بجایا جاتا ہے۔

کوبہ ف مونگری جس سے کیلا ٹھوکتے ہیں۔

کوتاہ ف پست قد جو لمبا نہو چھوٹے قد کا آدمی۔

کوچہ ف گلی جو مشہور لفظ ہے۔

کوہ ف پہاڑ اور اونچی زمین پتھریلی۔

گولہ ف توپ کا گولہ۔

گوشہ ف کونا زاویہ۔

گونہ ف رنگ و قسم و ڈھنگ۔

گوشیدہ ف کہنے والا۔

گوالہ ہ برادر رضاعی و دودھ بھائی جو دو شخص ایک دایہ کا دودھ پیا ہو

کوسہ ع مرد بے ریش جسکی ریش نہو۔

گوشتہ ف آسیب زدہ بیمار درماندہ۔
گوپلہ ت حباب جو پانی مین پیدا ہوتا ہے۔
گوہ ع روزن جو دیوار مین ہوا اور روشندان۔
گوتاہ پاچہ ف کوتاہ قد و نام جانور چارپایہ۔
گودہ ت بدن و تن و جسم آدمی کا۔
گوشوارہ نام زیور یعنی جھومکا اور جمع حساب کے فرد کی۔
گوسالہ ف بچہ گاؤ و شتر و فیل و بچہ خوردسالہ۔
گونہ ف رنگ و لون چہرہ کا۔
گوپارہ ف ایک قسم کا کھانا جو ہندی میں پکاتے ہین۔

## کاف با ہاے

گہنہ ف پورا نا بہت سالون کا بہت مدت کی چیز۔
گہینہ ف بہت چھوٹا۔
گہ ف مخفف کاہ یعنی گھاس۔
گہ ت مخفف گاہ یعنی کبھی۔
گہوارہ ف جھولہ جسپر لڑکے بیٹھ کر جھولتے ہین۔

## کاف با یاے

کیسہ ف تھیلی وہمیان جسمین روپیہ پیسہ رکھین۔
کینہ ف غصہ و عداوت جو دل مین ہو۔
گیاہ ف گھاس گھوڑون کا چارہ۔
گیسو بریدہ ف زن بیحیا و بے شرم و بے لحاظ۔
گیوہ ف کفش ہری یعنی سند کی جوتی جو بہشتانہ کے لوگ پہنتے ہین۔
کیلہ ع پیمانہ غلہ ناپنے کا جسکو لوٹیہ کہتے ہین۔

## تیسوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف لام اور اخیر مین ہاے ہے

## لام با الف

لابہ ع تملق و چاپلوسی و خوشامد و چرب زبانی۔
لانہ ع خانہ زنبوران شہد آشیانہ مرغان یعنی مرغونکا کھونسلا۔
لاغیہ ع زن بیہودہ نام گیاہ شیردار یعنی وہ گھاس جسمین سے دودھ نکلتا ہے۔
لاہرہ ع ایک قسم کی کشتی یعنی معبر جسکے ذریعہ دریا سے اترین۔
لاجرعہ ع ایکدم مین پی جانا جو پیالہ مین ہو یعنی دم سے لینا۔
لاحقہ ع ایک کے بعد دوسری چیز ملی ہوئی یعنی پے در پے۔
لاعلاجہ ع ناچار و بالضرور جو کام کرنا واجب ہو۔
لامسہ ع قوت مس کی یعنی ہاتھ لگا کر معلوم کرنے کی طاقت۔
لامہ ع زرہ آہنی لوہے کی زرہ جو جنگ مین پہنتے ہین۔
لاوہ ع داؤ کے ساتھ بازی لن کی ڈنڈا جو ایک کھیل کا نام ہے۔
لاوندہ ع دال کے ساتھ سن جسکی رسیان بناتے ہین۔
لازمہ ع ضروری اسباب جو انسان کو چاہیے۔
لابیہ ع پردہ دیوار کا تہ کپڑے اور کاغذ کی۔
لانقہ ع ہر چیز چمکنے والی مثل لبی دمسرپش وغیرہ۔
لالہ ف مشہور پھول سرخ رنگ ہے جسمین سیاہ داغ ہے عربی مین اسکو شقائق کہتے ہین۔
لاشہ ف زبون لاغر ضعیف انسان ہو یا گھوڑا یا گدھا وغیرہ

## لام با یاے

لیشہ ف پچھاڑی گھوڑی کی جو پاؤن مین باندھتے ہین۔
لبادہ ف بالاپوش جو قبا کے اوپر باندھتے ہین۔

### لام با ثاء

لثقہ ع نام تپ بلغمی جو بلغم کی خلط سے پیدا ہوتی ہے۔
لثہ ع مسورہ دانت کا دانتوں کے اوپر کا گوشت۔

### لام با جیم

لجہ ع دریا بہت عمیق یعنی بہت گول پانی۔

### لام با حاء

لحظہ ع ایک دفعہ نظر کرنے کا مقدار مجازاً تھوڑا مقدار۔
لحیہ ع ریش یعنی ڈاڑھی۔
لحمۃ ع باز کا طعمہ اور بانا سوت کا۔
لحقہ ع پیچھے سے آکر ملنے والا لاحق مثلاً پیچھے والا شخص۔

### لام با خاء

لخچہ ف شعلۂ آتش و اخگر یعنی انگارا آگ کا۔
لخشہ ت شعلۂ آتش و اخگر۔
لخلخہ ع خوشبو سونگھانا۔

### لام با دال

لدغہ ع سانپ اور بچھو کا نیش مارنا۔

### لام با طاء

لطیفہ ع خوشی و خوشی کی بات اور اچھی بات جس سے دل خوش ہو۔

### لام با غین

لغوشہ ع آرائش و گلگونہ دستکاری کا اسباب۔

### لام با فاء

لفچہ ف پرکالہ گوشت یعنی ٹکڑا گوشت کا۔

### لام با قاف

لقمہ ع نوالہ طعام کا۔
لقوہ ع بیماری کا نام ہے جس سے منھ ٹیڑھا ہو جاتا ہے۔
لقطہ ع گری ہوئی چیز کو پانا۔
لقیہ ع ملاقات کرنا ملنا کسی سے۔

### لام با کاف

لکہ ع داغ و پارچہ اور ٹکڑا۔

### لام با میم

لمحہ ع مقدار آنکھ جھپکنے کی۔
لمعہ ع روشنی اور چمکارا اور جلوہ کسی روشن چیز کا۔
لمعہ ع عضو جو خشک ہو چکا ہو یعنی بیکار عضو۔

### لام با واو

لوزینہ ف حلوا جس میں مغز ڈالے جائیں لذیذ حلوا۔
لوح ناخواندہ ف علم لدنی جو غیب سے حاصل ہو۔
لولشنہ ف وہ ریسمان جس سے کشتی گیر ہاتھ پانو باندھتے ہیں۔
لواشنہ ع کشتی کے ایک فن کا نام ہے۔
لولہ ف آویزہ گوش اور موتی اور جھمکا۔

### لام با ہاء

لہجہ ع بول چال با محاورہ و کلام بے نقص۔

### لام با یاء

لینہ ع تنہ درخت خرما اور نرمی۔
لیقہ ع دوات کے اندر جو صوف ہوتا ہے۔

## چوبیسویں فصل

## اُن لغات کے بیان میں جن کے

## اوّل حرف میم اور اخیر میں ہاء ہے

### میم با الف

مائدہ ع خوان طعام کھانے کا خوانچہ۔
ماشۂ ع دست پناہ آہنگران جس سے گرم لوہا پکڑتے ہیں یا سنسی اور پیالہ بندوق کا اور توڑا بندوق کا اور وہ آلہ جس میں توڑا رکھا جاتا ہے گھوڑی کا ورن
ماضغہ ع قوت چبانے کی جو دانتوں میں ہے۔
مالکانہ ف مالک ہونے کا حق۔
مالیدہ ف قسم طعام کا ہے۔
ماندہ ف رہا ہوا تھکا ہوا۔
ماہیانہ ماہانہ ف جو درماہہ مقرر ہو تنخواہ۔
مائیہ ایک سو عدد میں جنکو فارسی میں صد کہتے ہیں۔
ماہیچہ ف مچھلی کی صورت جو علم پر بناتے ہیں۔
ماہیچہ ف سویاں میدہ کی جو شیر و شکر کے ساتھ کھاتے ہیں۔
ماشوزہ ع سوت جو تکلے پر ہو یعنی پنڈی سوت کی۔
ماثورہ ع دعا ہائے صاحب تاثیر۔
ماشطہ ع دایہ مشاطہ سنگار کرنے والی۔
ماسکہ ع نگاہ رکھنے والی قوت جو بدن میں ہے۔
ماجدہ ع زن بزرگوار مثل والدہ و جدہ وغیرہ۔
مانہ ع کیڑا جس سے لکڑی میں سوراخ کرتے ہیں۔
مادبہ ع ضیافت اور مہمانی جو مہمان کی کیجائے۔
مار گرزہ ف سانپ کچھ دار یعنی پھن دار سانپ۔
ماریزہ ع دایہ مادر جسکے پیٹ سے انسان پیدا ہوا ہو دودھ پلانے والی
مایہ ف اصل و مادہ و پونجی یعنی اصلی مال جو سوا سود کے

ماوّہ ع اصل ہر چیز و مادہ نر کی۔
مارچوبہ ایک گھاس دافع زہر اور یعنی کھانے سے مارگزیدہ اچھا ہوتا ہے۔
ماضیہ ع گذری ہوئی بات اور گذرا ہوا زمانہ۔

### میم با باء

مباہجہ ع باہم فخر کرنا اور شان و شوکت جتلانا۔
مبادلہ ع بدلنا عوض معاوضہ کرنا۔
مبسوطہ ع فراخ کیا گیا چوڑا کیا گیا۔
مبرّدہ ع سرد کرنے والی چیز جسکی تاثیر سرد ہو۔
مشوّشہ ع پراگندہ و پریشان و ابتر و خراب۔
مباہلہ ع بددعا کرنا کسی کے حق میں بدی چاہنا۔
مبالغہ ع اصل میں جد و جہد انداز سے تجاوز کرنا جیسے معنی بار کے ہیں گشت

### میم با تاء

متنبّہ ع خبردار اور آگاہ جو غافل نہ ہو۔
متداولہ ع نوبت بنوبت کیا گیا۔
متنوّعہ ع گوناگون طرح طرح قسم قسم۔
متخیّلہ ع خیال کیا گیا اور ایک قوت کا نام ہے۔
متاجرہ ع تجارت کرنا سوداگری کا کام کرنا۔
متجبّرہ ع جبر کرنے والے ظالم لوگ زبردست۔
متضادّہ ع ضد کرنے والا ہٹ کرنے والا۔
متناہیہ ع انتہا تک پہونچنے والا اخیر تک پہونچنے والا۔
متتالیہ ع پے درپے آنے والا بار بار آنے والا۔
متدارکہ ع پانے والا درک دینے والا۔
متہ ف برمہ جس سے لکڑی میں سوراخ کرتے ہیں۔

متوجہ ع متوجہ کرنے والا۔
متعذبہ ع عذاب دینے والا اور کھانے کی چیز میٹھی خوشگوار شیرین پرمزہ۔
متعہ ع میعادی نکاح جو شیعہ مذہب میں جائز ہے۔

## میم با ثا

مثابہ ع حرف تشبیہ یعنی مانند مشتق ثوب سے۔
مثالہ ع فرمان بادشاہی جو شاہی دربار سے جاری ہو۔
مثانہ ع کیسہ بول جسمیں انسان حیوان کے پیٹ میں بول رہتا ہے۔
مثلہ ع کان ناک کاٹنا عذاب کرنا اعضا جدا کرنا۔

## میم با جیم

مجاہدہ ع محنت و مشقت و کوشش و جنگ و لڑائی۔
مجندہ ع جمع کرنا اور جگہ جمع کرنیکی جہاں کوئی چیز جمع کیجائے لیا گیا ہے تجنید سے جسکے معنی لشکر کے ہیں۔
مجمع علیہ ع جس بات پر اتفاق ہو ہر ایک شخص کا۔
مجنہ ع نام بازار قریب مکہ۔
مجاوبہ ع جواب دینا کسی کو۔
مجرہ ع کہکشان جو مشہور ستارے ہیں۔
مجادلہ ع جنگ لڑائی معرکہ وغیرہ۔

## میم با حاء

محبرہ ع دوات سیاہی کا برتن جس سے لکھتے ہیں۔
محافہ و محفہ ع ہودج و پالکی وغیرہ جس پر سوار ہوں۔
محلہ ع اترنے کا مقام و منزل و سکونت گاہ۔
محوطہ ع احاطہ کرنا و جائے محفوظ یعنی چار دیواری۔
محرابگہ ف مسجد میں سجدہ کرنے کی جگہ۔

محاربہ ع پردہ نشین و ستردار عورت۔
محاکمہ ع حاکم کے پاس جانا دادخواہی کرنا۔
محکمہ ع جائے حکومت اور حکم دینے کی جگہ۔
محجوبہ ع پردہ نشین و ستردار عورت۔
محتیلہ ع زن حیلہ گر و مکارہ و دغاباز۔
محجمہ ع آلہ حجامت کرنے کا یعنی استرا۔
محتالہ ع زن بدکار و حیلہ گر و دغاباز۔
محروسہ ع نگاہبانی کیا گیا حراست میں رکھا گیا۔
محاورہ ع حق زباندانی ادا کرنا جواب دینا۔
محاصرہ ع بند کرنا چاروں طرف سے نیوش میں لینا۔
محترفہ ع پیشہ ور و صناع لوگ و کاریگر۔
محکیہ ع حکایت کیا گیا بات کیا گیا۔
محاسبہ ع حساب و شمار و گنتی۔
محمودہ ع سقمونیا ایک دوا کا نام ہے اور تعریف کی گئی عورت۔
محادثہ ع باہم باتیں کرنا حدیث کا ذکر کرنا۔

## میم با خاء

مخطوبہ ع عورت جسکی خواستگاری کی گئی ہو نکاح کے لیے۔
مخدرہ ع عورت پردہ نشین و ستردار عورت۔
مخزقہ ع شرمندگی و تیرگی و خجالت۔
مخرقہ ع خرقہ درویشان اور گودڑی فقیروں کی۔
مخیدہ ع جنبیدہ و لغزیدہ و خراب کردہ شدہ۔
مخاصمہ ع خصومت کرنا لڑنا عداوت کرنا۔
مخاطرہ ع اندیشہ و خطرہ و خوف و بیم۔

مُخَیِّلہ ع خیال کرنے کا مقام یعنی دماغ۔

مُخَیِّلہ ع نام قوت خیالی جسکا نام دماغ ہی۔

مَخْمَصَہ ع سوزش و گرسنگی و غم و اندوہ و فکر و اندیشہ۔

## میم با دال

مَدِینہ ع مطلق شہر و نام شہر مسکن پیغمبر صلعم و مدفن آنحضرت کا۔

مَدْرَسَہ ع جاے درس و تعلیم علم پڑھانے کا مقام۔

مِدَّہ ع ریم جو زخم سے نکلتی ہی۔

مُدْرِکَہ ع نام ایک قوت کا ہی جس سے انسان ایک چیز کی حقیقت کو پاتا ہی

## میم با ذال

مَذْخُورَہ ع ذخیرہ کیا گیا جمع رکھا گیا مال وغیرہ۔

مَذْمُومَہ ف ہر چیز زشت و بد و بد صورت۔

## میم با راے

مَرْقَدْ ع تلخہ یعنی انسان کا پتہ جو صفرا کا گھر ہی۔

مَرَّۃ ع ایک مرتبہ ایک بار ایک دفعہ۔

مَرَارَہ ع تلخہ حیوان یعنی حیوان کا پتہ۔

مَرْصُوصَہ ع استوار کیا گیا مضبوط و محکم کیا گیا۔

مُرَتَّبَہ ع درست کیا گیا تیار کیا گیا استوار کیا گیا۔

مَرْتَبَہ ع درجہ اور رتبہ اور پایہ اور دفعہ۔

مَرْدُہ ع مردود ان و دیوان سرکش جمع مارد کے لفظ کی

مَرْدَہ ف مرد شجاع و بہادر و دلاور و جنگ آور۔

مُرْدَہ ف مرا ہوا شخص بیجان ہوا ہوا۔

مَرْغُولَہ پیچ و تاب و کھائی ہوئی و پیچیدگی۔

مَرْوَحَہ ع باد کش پنکھا جس سے ہوا لیتے ہین۔

مُرْسَلَہ ع بھیجا گیا اور ہار جو عورتون کے گلے مین پہناتے ہین۔

مُرَفَّہ ع آسودہ حال اور آسایش و آرام کیجا تمین۔

مُرْضِعَہ ع عورت شیر دینے والی یعنی دایہ جو دودھ بچہ کو دیوے

مَرْحَلَہ ع منزل گاہ و کوچ گاہ و مقام واگی و اسباب کوچ مثل پالان شتر وغیرہ سامان سفر کا و مقدار مسافت جو چار فرسنگ مقرر ہی

مَرَاغَہ ع بھسلنا جانور کا اور نام شہر

مُرَاقَبَہ ع اپنا نگاہ رکھنا گردن نیچے کو ڈالنا قلب طرف رجوع کرنا

مَرْوَہ ع مکہ معظمہ مین ایک پہاڑ ہی۔

مَرْثِیَہ ع مردہ کی تعریف کرنا اور اُسکے اوصاف بیان کرنا۔

مراتب چارگانہ ف شریعت طریقت حقیقت معرفت۔

## میم با زاے

مُزْدَلِفَہ ع مکہ شریف مین ایک مقام کا نام ہی۔

مَزْبَلَہ ع گندگی ڈالنا مکان مین مجازاً کوڑی۔

مَزَابِلَہ ع جمع مزابلہ وہ سب مقام جہان گندگی ڈالین۔

مُزْدَوِجَہ ع السیمین ملی ہوئی چیزین یا السیمین متصل۔

مَزَادَہ ع توشہ دان جسمین سفر کا اسباب زاد راہ رکھین۔

مُزْلِقَہ ع لغزش دینے والا دالو دینے والا۔

مُژْدَہ ف خوشخبری و بشارت نیک بات کی۔

مَزْہ ف جسکا لذت ذائقہ طعام وغیرہ کا۔

مُزْلَفَہ ع نزدیک لایا گیا پاس لایا گیا۔

## میم با سین

مَسْئَلَہ ع کسی ایسی چیز سے سوال کرنا جو لوگون سے پوچھی جاے۔

مَسْتَانَہ ف مستون کی طرح۔

مُسْتَخِرَہ ۶ ہنسی کرنیوالا لایعنی باتین کرنے والا۔

مُستحاضہ ۶ وہ عورت جسکو ایام حیض سے زیادہ خون آوے یعنے تین دن سے زیادہ۔

مُسْتَرجَہ ۶ چراغدان جسپر چراغ جلا کر رکھین۔

مُسْتَمِرَّہ ۶ روان و استوار و دائمی ہمیشہ رہنے والا۔

مُسْتَطاعَہ ۶ قوت رکھا گیا۔

مُسْوَدَّہ ۶ لکھا گیا سیاہ کیا گیا۔

مُسْتَانِفَہ ۶ آغاز کرنیوالا شروع کرنے والا۔

مُسَبِّحَہ ۶ انگشت شہادت جسکو سبابہ کہتے ہین۔

مُسْتَنکِرَہ ۶ ناخوش و زشت و بدصورت۔

## میم با شین

مُشاہَرَہ ۶ ماہیانہ و تنخواہ مقررہ و دوماہ و روزینہ۔

مُشاہِدَہ ۶ دیکھنا حاضر ہونا روبرو آنا۔

مُشاوَرَہ ۶ مشورہ پوچھنا صلاح پوچھنا۔

مُشابَہ ۶ مانند و مثل نظیر شکل سے شکل ملتی ہوئی۔

مُشتَبِہ ۶ شبہ کی چیز جو لائق یقین کرنیکے ہو۔

مُشَرَّفَہ ۶ نامہ جو اعلی ادنی کی طرف سے لکھے یعنی باپ بیٹے کی طرف۔

مُشرَعَہ ۶ جائے آبخوردن یعنی پانی پینے کا مقام۔

مُشافَہَہ ۶ روبرو ہونا روبرو سخن کہنا بالمواجہہ ہونا۔

مُشرَبَہ ۶ جس طرف سے پانی پئین پانی پینے کا آبخورہ۔

مُشاعَرَہ ۶ باہم ملکر شعر پڑھنا و شاعرونکا ملکر سخن کہنا۔

مَشعَرَہ ۶ شعر پڑھنے کا مقام جہان شاعر جمع ہون۔

مُشغَلَہ ۶ شور و غوغا و کار و بار و شغل اور مقام شغل۔

مَشِیمَہ ۶ وہ پوست جو بچہ پر وقت ولادت کے لپٹا ہو اور نام سیوم پردہ چشم

مُشارٌ الیہ ۶ جسکی طرف اشارہ ہو بات کرنے کے وقت۔

مَشعَلَہ ۶ مشعل اور وہ جلتی ہوئی چیز جس سے شعلے نکلین۔

مَشاطَہ ۶ شانہ کش یعنی دائی سنگار کرنے والی۔

مُشتَرکَہ ۶ جس چیز مین شراکت ہو اور وہ چیز جسمین شرکا کی۔

## میم با صاد

مَصْطَبہ ۶ میخانہ شرابخانہ جہان شراب بکتی ہو یا نکالی جاتی ہو۔

مُصَوِّرَہ ۶ ایک قوت کا نام جس سے خود بخود بحکم نقاش حقیقی رحم مین شکل بچہ کی بن جاتی ہے اور یہ قوت عورت کے رحم مین رکھی گئی ہے

مُصافَحَہ ۶ بوقت ملاقات ہاتھ مین ہاتھ لینا۔

مصقلہ ۶ آلہ صیقل کرنیکا جس سے کسی چیز کو جلا دین۔

## میم با ضاد

مُضادَّہ ۶ ضد ہونا اور ضد کرنے والی عورت۔

مضاف الیہ ۶ وہ اسم جسکی طرف کسی شی کو لگا دین جیسے زید کا گھوڑا زید مضاف گھوڑا مضاف الیہ اور کا علامت اضافت ہے اردو مین اور فارسی مین کسرہ اخیر لفظ کے علامت اضافت کی ہے جیسا کہ غلام سرور یعنی سرور کا غلام

مَضَلَّہ ۶ مقام گمراہی یعنی راستہ بھولنے کی جگہ۔

مَضائقَہ ۶ مقام تنگی و تردد و تفکر و اندیشہ۔

مُضغَہ ۶ گوشت پارہ گوشت کا ٹکڑا۔

## میم با طا

مُطارَحَہ ۶ مشورہ و کلام و خوشہ انگور وغیرہ کا۔

مطایبہ ۶ خوش طبعی و دل لگی و مزاح و رمز و کنایہ۔

مَستُورہ ع پوشیدہ کیا گیا ستانخانہ پوشیدہ مقام۔
مَطِیّہ ع سواری و مرکب جسپر سوار ہون۔
مُطَوِّعَہ ع جماعت جہاد کرنے والی لڑنے والی کفار سے۔
مُطَالعَہ ع کسی کو دیکھنا انکشاف حال کے لیے۔
مُطہِرہ ع آفتابہ آب جس سے نمازی وضو کرتے ہین۔
مُطرقَہ ع ہتھوڑا لوہارونکا جس سے لوہا کوٹتے ہین۔
مَطَالبہ ع طلب کرنا مانگنا خواہش کرنا۔
مُطرِبَہ ع وہ عورت گانے والی جس سے خوشی حاصل ہو۔

## میم با ظاء

مَظِنَّہ ع جائے گمان و مقام وہم و خیال و ظن و شک و شبہ۔
مَظَلَّہ ع سائبان اور درخت سایہ دار۔
مَظْلَمہ ع ظلم کرنا جور و جفا و تعدی کا مرتکب ہونا۔
مَظْلَمہ ع اندھیرا تاریکی سیاہی ظلمت۔

## میم با عین

مُعَاہدہ ع آپسمین عہد و پیمان کرنا قول و اقرار کرنا۔
مُعَانقہ ع بغلگیر ہونا آپسمین گلے لگنا۔
مُعَبلہ ع پیکان دراز و چوڑا پھل تیر کا لمبا اور چوڑا ہو۔
مَعصَرہ ع جس سے کوئی چیز نچوڑی جائے اور تیل نکالا جائے تیلیون کا کولھو جسمین وہ تیل نکالتے ہین۔
مُعتَصَرہ ع نچوڑی ہوئی چیز جسکا کولھو مین تیل نکل چکا ہو اور اسکا پھوک جو رہ جائے۔
مَعشُوقہ ع جس عورت سے عشق ہو پیاری محبوبہ۔
معجزہ ع عاجز کرنے والا اعجاز یعنی خلاف عقل کام و خوارق وکرامات جسکو دیکھکر ولی یا نبی کے معجزے اور کرامت مین شک رہے سنکر یقین کرلے۔
معارضہ ع جھگڑا مقدمہ و جائے اعتراض۔
معمورہ ع آبادی و قریہ و گانون و شہر۔
معظمہ ع صاحب عظمت و بزرگ عورت۔
معزی الیہ ع جسکی طرف اشارہ ہو چنانچہ موحی الیہ و مشارالیہ
مُعَاینہ ع روبرو دیکھنا اپنی آنکھ سے دیکھنا۔
مِعْدَہ ع وہ عضو جسمین کھانا ہضم ہوتا ہے۔
مَعتُوہ ع بیعقل و دیوانہ و بے شعور نادان۔
مَعرکہ ع لڑائی کا مقام و جائے گوشمالی و تنبیہہ۔
مُعَذِّبہ ع عذاب مین ڈالنے والا دکھ دینے والا۔
مُعَامَلہ ع عمل کرنا کام کرنا آپسمین لین دین کرنا۔
مُعَدَّدہ ع شمار کیا گیا اندازہ کیا گیا۔
معاذاللہ ع پناہ چاہتا ہون خدا کی۔
معتزلہ ع ایک فرقہ منکر رویت خداتعالے ہے وہ کہتے ہین کہ لقاء الٰہی ہرگز نہین

## میم با غین

مَغَارَہ ع پہاڑ مین جو غار ہو اور مقام غار۔
مُغلَقہ ع دروازہ بند و مشکل سخن مشکل تقریر۔
مَغرَفہ کفگیر و کفچہ جو ہنڈیا مین پھیرتے ہین۔
مَغلَطہ ع غلطی کا مقام جہان غلطی واقع ہوئی ہو۔
مُغَلَّظہ ع سطبر و درشت و نامطبوع و خراب۔
مَغبُوطہ ع گوندھا گیا اور حسد کیا گیا۔
مُغَالطہ ع غلطی مین ڈالنا بھولا دینا کسی کو راستہ سے۔

مغرہ ۶ گل سُرخ یعنی گیرو جسکا رنگ سُرخ ہوتا ہی -

## میم با فاء

مفاوضہ ۶ سپرد کرنا و خط و مکتوب و شراکت -
مفاخرہ ۶ فخر کرنے والا شیخی کرنے والا -
مفازہ ۶ جو ہونکے بچنے کی جگہ یعنی سوراخ موش و جیسین چھپے ہون -
مفاصلہ ۶ جو آپسمین فرق ہو فرق درمیان دو چیز کے -
مفرغہ ۶ گرانا پانی وغیرہ کا -
مفردہ ۶ تنہا اکیلا ۔ ایک آدمی -
مفازہ ۶ مقام رہائی خلاصی کا مقام -

## میم با قاف

مقبرہ ۶ جائے قبر جسجگہ قبر بنی ہوئی ہو -
مقاسمہ ۶ سوگند کھانا کچھ دینا بانٹنا تقسیم کرنا -
مقلقلہ ۶ آواز صراحی کی پیالہ مین شراب لینے کے وقت -
مقصورہ ۶ چھوٹا حجرہ جو مختصر مقام عبادت کا ہو -
مقابلہ ۶ برابری کرنا روبرو کرنا سامنے جانا -
مقدمہ ۶ آگے چلنے والا اور وہ عبارت جو کتاب کے اول ہو -
مقدمہ ۶ آگے رکھا گیا پیشی کسی حاکم کی جھگڑا جھگڑا ناخوشی وغیرہ -
مقنعہ ۶ چادر زنانہ اوڑھنی جو عورتین سر پر اوڑھتی ہین -
مقراضہ ۶ قسم پیکان و قسم شیرینی جو باریک کاغذ کترے ہوے کی طرح ہوتی ہی -
مقرعہ ۶ تازیانہ جس سے مجرم کو سزا دیتے ہین یا درہ یا گھوڑے کا -
مقاتلہ ۶ لڑائی جنگ معرکہ کشت و خون -
مقامرہ ۶ جوا کھیلنا قمار بازی کرنا -

مقدسہ ۶ پاک عورت نیکوکار پاکدامنہ -
مقررہ ۶ جو بات قرار پائے اور عہد جو ہو جائے -
مقلہ ۶ تمام کاسہ چشم مع سفیدی و سیاہی -
مقارنہ ۶ جمع ہونا نزدیک ہونا قرین ہونا -

## میم با کاف

مکایلہ ۶ پیمانہ سے ناپنا غلہ وغیرہ چیزون کا -
مکرمہ ۶ بزرگ عورت صاحب تعظیم مثلاً والدہ و جدہ -
مکتسبہ ۶ کسب کیا گیا حاصل کیا گیا کمائی کیا گیا -
مکرعہ ۶ پانی کی مشک جو چمڑے کی ہوتی ہی -
مکابرہ ۶ اپنی بزرگی دوسرے پر ثابت کرنا بڑائی ظاہر کرنا -
مکنسہ ۶ جاروب یعنی جھاڑو مکان صفا کرنے کی -
مکتب خانہ ف لکھنے اور پڑھنے کا مکان -
مکارہ ۶ عورت مکارہ یعنی صاحب مکر و فریب -
مکارہ ۶ سختیان اور بہت سے رنج و دکھ -
مکاتبہ ۶ آپسمین خط لکھنا کتابت کرنا -
مکاشفہ ۶ ظاہر کرنا ظاہر ہونا پردہ سے نکلنا -

## میم با لام

ملطیہ ۶ نام شہر جو روم مین واقع ہی -
ملتحمہ ۶ پہلا طبقہ آنکھون کے سات طبقون سے -
ملازہ ۶ گوشت پارہ جو گلے مین لٹکتا ہی ہندی مین اُسکو کاگ کہتے ہین -
ملاحظہ ۶ گوشہ چشم سے دیکھنا آنکھ پھیر کر دیکھنا -
ملاطفہ ۶ مکتوب مراسلہ و نیکی کرنا لطف کرنا -
ملکہ ۶ بادشاہ کی عورت اور قوت و طاقت علم کی -

مُلَاعَنہ ع جمع ملعون خلاف قیاس یہ جمع ہے۔

مُلّازادہ ف نام کتاب علم معانی میں۔

مُلَاحِدہ ع جمع ملحد یعنی کافر بیدین و نام قوم جو بیدین ہے۔

مَلِکشاہ و نام بادشاہ سلجوق جسکا وزیر نظام الملک تھا۔

مَلَکات فاضلہ چہارگانہ حکمت شجاعت عفت عدالت۔ چار نیک خصلتیں۔

مَلَکات رذیلہ ہشتگانہ حسد بغض بخل حرص کذب غضب کبر حیا یعنی آٹھ بد خصلتیں۔

مَلَکات فاضلہ ع خصائل خوب و سیرتہائے نیک۔

مَلحَمہ ع جنگ و فتنہ و فساد و لڑائی و خصومت۔

مُلَاعَبہ ع کھیلنا بازی کرنا بیفائدہ کام کرنا۔

مَلَائکہ ع فرشتے پیدایش آسمانی۔

مُلَاعِقہ ع چچیرو تاشق۔

مُلک آوازہ ف بلند آوازہ و مشہور و معروف۔

## میم با میم

مُمَوَّہ ع زر اندودہ و ملمع ہوئی چیز۔

مُمَسَّحہ ع گلمالہ معماروں کا جس سے وہ گارا بچھاتے ہیں۔

## میم با نون

مَنَصّہ ع ظاہر ہونا و تخت عروسی جس پر دولہا دولہن بیٹھتے ہیں۔

مُنسَفہ ع چوب پنج شاخہ جسکے ساتھ خرمن غلہ درست کیا جاتا ہے۔

مُنَاظِرہ ع نظر کرنا فکر کرنا و نام علم بحث۔

مِنطَقہ ع کمربند یعنی پٹکہ جس سے کمر کو باندھتے ہیں۔

منکوحہ ع جس عورت سے نکاح ہووے۔

مَنیژہ ع دختر افراسیاب جسپر بیژن پسر گیو پہلوان عاشق ہوا تھا۔

مُنکَسِرہ ع لوٹنے والا نقصان اٹھانے الا۔

مَنَارہ ع بلند عمارت اونچا ستون عمارت کا۔

مَنطُوقہ ع کلام و سخن و گفتگو بات چیت۔

مُنَاصَفہ ع لنصف نصف کرنا آدھو آدھ کرنا۔

مَنقَلہ ع مجمر یعنی انگیٹھی آگ کے رکھنے کی۔

منزلگاہ ف جائے مقام اور سکونت کی جگہ۔

مُنَاقَضہ ع آپس کا جھگڑا و دشمنی و عداوت۔

مُنَاکَحہ ع باہم نکاح ہونا عورت خاوند کا۔

مَنظُومہ ع نظم کی ہوئی کتاب مثنوی و دیوان وغیرہ

مُنیَہ ع آرزو و مطلب مقصود و التجا و مدعا۔

مُنَاحَہ ع نوحہ و ماتم کرنا آواز کے ساتھ رونا۔

مُنَزَّہ ع پاک کیا گیا اور پلیدی سے دھویا گیا۔

مُنَاقَہَہ ع رغبت کرنا میل کرنا متوجہ ہونا۔

مُنتَبِہ ع آگاہ و خبردار و صاحب علم و خبر۔

مُنَاقَشہ ع نزاع کرنا مقدمہ کرنا جھگڑنا۔

مُنَاضَلہ ع برابری کرنا تیر اندازی میں ایکدوسرے سے سبقت لیجانا

منصوبہ ع تدبیر جو قرار پائے اور تجویز جو جائز متصور ہو۔

مُندَفہ ع دھنی ہوئی روئی۔

## میم با واو

موسیچہ ف ہندی ممولا جو مشہور جانور ہے۔

موازنہ ف ہموزن ہونا برابر ہونا تول میں۔

موقنہ ع عورت صاحب یقین و صاحب اعتقاد۔

مودعہ ع سونپا ہوا تفویض کیا ہوا۔

مواضعہ ع باہم شرکت کرنا شریک بننا۔

مویہ ع گریہ و نوحہ اور چلا نا رونا آواز سے۔

مومی الیہ ع جسکی طرف ایما ہو جیسے کہ مشار الیہ معزی الیہ وغیرہ۔

موصی الیہ ع جسکے نام کی وصیت ہو اور مرنے والا اسکو وصی بنا یا گیا ہو۔

مواجہہ ع روبرو ہونا مقابل ہونا سامنے ہونا۔

موجہہ ع خوب پسندیدہ و مطبوع طبع۔

موچینہ ع آلہ آہنی جس سے بال اکھاڑتے ہین۔

موالید ثلاثہ ع نباتات و جمادات حیوانات۔

مولہ ع شیفتہ و عاشق و درخت بید مجنون۔

مواخذہ ع گرفت کرنا پکڑنا مزاحم ہونا۔

موئینہ ف پوستین جسپر بال ہون۔

مورچانہ ف زنگار جو لوہے کو لگجاتا ہے۔

مورچہ ف چھوٹی چیونٹی جو مشہور جانور ہے۔

## میم با ہا

مہمہ ع بیابان جنگل و ویرانہ زمین۔

مہمہ ع کار ضروری جسکا کرنا واجب ہو۔

مہموسہ ع وہ حروف جو نرم و پست ادا ہون چنانچہ ت ث ح ہ ک خ ص ف س ہ۔

مہلکہ ع جائے ہلاک و قتلگاہ و مقام کشت و خون۔

مہرہ ع مٹکا اور عربی مین کرہ اسپ یعنی چھوٹا گھوڑا۔

مہملہ ع خالی بے نقطہ حرف جیسے کہ ا ح د ر س ص ط ع ک ل و ہ۔

مہ ف چاند ستارہ آسمانی عربی مین اسکو قمر کہتے ہین۔

مہ ف بزرگ و سردار قوم و افسر و سرگروہ و صاحب عزت۔

## میم با یا

میاہ ع جمع ما آب یعنے بہت سے پانی۔

میوہ ف مشہور لفظ ہے یعنی پھل کسی درخت کا جسکو کھائین۔

میمنہ ع دست راست و فوج طرف راست۔

میسرہ ع دست چپ و فوج طرف چپ۔

میذنہ ع اذان کہنے کی جگہ بانگ کہنے کی جگہ۔

سیمونہ ع کشتی کے فنون سے ایک فن ہے۔

میدہ ع آرد خشکہ گیہون کا۔

میکدہ ف شرابخانہ جہان شراب کھینچی یا بیچی جائے ہون۔

## پچیسوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف نون اور اخیر مین ہا ہے

## نون با الف

ناتراشیدہ ف بے ادب ناخواندہ بد خلق - بد خو - بیوقوف آدمی۔

نارسیدہ ف نابالغ و کم عمر لڑکا اور کچا میوہ۔

ناخنہ ف آنکھ کی بیماری کا نام ہے۔

نائزہ ع آفتابہ کی ٹوٹی نیز میانہ خالی جو بانس سوراخ ذکر۔

ناشایستہ ف نالائق بے ہنر و بے علم آدمی۔

نابہرہ ف بے نصیب و کم قسمت و کم طالع۔

نادانستہ ف بھول کر جو کام کیا جائے۔

ناخواندہ ف بے علم آدمی جسنے کچھ پڑھا نہو۔

نادیدہ ف جسکو دیکھا نہو اور بر درحریص و طماع۔

ناستودہ ف جسکی صفت نہو سکے۔

ناسفتہ ف جو بیدھا نہو موتی وغیرہ۔

نادرہ ع عجیب و غریب و عمدہ تحفہ۔

نازلہ ع سختی و حوادث زمانہ رنج و غم۔

نائبہ ع حادثہ و واقعہ و تپ گرم و بیماری۔

نالہ ف آواز بلند جو سوز دل سے ہو چلا کر رونا۔

نائحہ ع گریہ و نالہ و ماتم و رنج و غم و اندوہ۔

ناصیہ ع موے پیشانی ماتھے کے بال۔

نانخواہ ف ایک گھاس کا نام ہے جسکے کھانے سے بھوکھ لگتی ہے ہندی اجوائن۔

ناظورہ ع معشوقہ محبوبہ عورت۔

ناوہ ف بدررو پانی کا پرنالہ۔

نافلہ ع جو عبادت سواے فرض کے ہو یعنی نفل۔

نابہ ف شراب خالص عمدہ و قیمتی شراب۔

نامیہ ع یہ ایک قوت جسم پیدایش نباتی و حیوانی مین ہے جسسے وہ پھولتا اور بڑھتا ہے۔

ناسرہ ع کھوٹا درہم و دینار اور قلب روپیہ۔

ناجیہ ع نجات پانے والا رہائی پانے والا۔

ناحیہ ع کونا کنارہ گرد و نواح کشتی کا۔

نازل منزلہ ع قائم مقام و جانشین و وارث۔

ناشائستہ ف نالائق و کم عقل آدمی۔

ناعمہ ع نرم بدن عورت کا جسکا جسم نازک ہو۔

نافجہ ع خوشبو چیز جسسے خوشبو آئے۔

نافہ ف کستوری کا نافہ جو مشہور ہے۔

ناکاشتہ ف جو بویا نہو۔

ناکارہ ف بیکار و خراب۔

ناقہ ع اونٹنی مادہ شتر۔

نائرہ ع شعلہ آتش۔

ناگاہ ف اچانک اور فی الفور۔

نامہ ف خط مکتوب کتاب۔

نائچہ ف حقہ کا نیچا جو نے سے بنایا جاتا ہے۔

## نون با باء

نبہ ع آگاہ ہونا اطلاع پانا کسی بات پر۔

نباہ ع امیر و دولتمند صاحب عزت آدمی۔

نبردگاہ ف میدان جنگ لڑائی کا مقام۔

نبیلہ ع خوبصورت بزرگ پسند خاطر و عزیز دل۔

نبیرہ ع پوتا یا دوہتا پوتی یا دوہتی۔

نبلہ ع مٹی کا ڈھیلا جسسے استنجا کرین۔

نبردہ ف بہادر و دلاور و جوانمرد آدمی۔

نبیہہ ع بروزن وجیہہ خبردار کرنے والا۔

نبیسہ ع پسرزادہ یا دخترزادہ۔

## نون با تاء

نتیجہ ع ثمر حاصل مطلب خلاصہ کلام۔

## نون با ثاء

نثرہ ع نام آٹھوین منزل کا منازل قمر سے۔

## نون با حاء

نحلہ ع بخشش عطا صدقہ جو دیا جاوے۔

## نون با خاء

نخلہ ع درخت خرما یعنی کھجور کا درخت جو مشہور درخت ہی۔

نخالہ ع آٹے کا چھان جو چھلنی سے چھن کر نکلتا ہی اور ابھی اسکو کہتے ہین۔

## نون با دال

ندبہ ع نوحہ و شیون و نالہ و زاری اور گریہ یعنی آواز سے رونا۔

## نون با زاے

نژادہ ف اصل و اصیل آدمی خاندانی۔

نزلہ ع رسد جو کسی کو دیجاے اور نام بیماری زکام کا۔

نزہ ع بے عیب تازہ اور خوب اور اچھا۔

## نون با سین

نسیئہ ع قرض ادھار اور وام جو کسی کو دیا جاے۔

نسخہ ع لکھا ہوا نقل کیا ہوا اور کتاب و صحیفہ و رسالہ

## نون با شین

نشا [illegible] ع برادہ چوب ساج [illegible] [illegible]

نشاستہ ع سپیدی گیہون کا جو گیہون بھگو کر نکالتے ہین

نشرہ ع تعویذ جو صاحب عمل لکھتے ہین۔

نشرہ ع ختم قرآن تمام قرآن پڑھنا۔

نشہ ف بیہوشی اور مستی جو شراب وغیرہ سے حاصل ہوتی ہی

## نون با صاد

نصیبہ ع قسمت و نصیب۔

## نون با طاء

نطفہ ع صاف و سفید پانی اور تخم آدمی کا۔

## نون با ظاء

نظارہ ع دیکھنا نظر کرنا آنکھ سے دیکھنا سیر کرنا۔

نظارہ ع دیکھنے والے لوگ سیر کرنے والے لوگ

نظارت پیشہ ف نگہبان و خواجہ سرائے۔

## نون با عین

نعجہ ع میش یعنی بھیڑ جو مشہور چارپایہ ہی۔

نعامہ ع شتر مرغ جو ایک جانور ہی۔

نعرہ ع بلند آواز۔

نعوذ باللہ ع پناہ مانگتے ہین ہم اللہ سے۔

## نون با غین

نغمہ ع سرود راگ جو گایا جاتا ہی۔

نغمۂ ع آواز لطیف اور مطبوع آواز۔

نغولہ ع موئے پیچیدہ اور گوندھی ہوئی زلفین۔

## نون با فاء

نفس اماره ع خواہش طبیعت بطرف بدی۔

نفس [illegible] [illegible] نفس لوامہ [illegible]

[illegible] والملائک۔

نفس ناطقہ ع نفس انسانی جو بولتا ہے یعنے بولنے والا نفس

نفقہ ع خرچ عیال و اطفال اور ضروری خرچ -

نفخہ ع ایک مرتبہ پھونکنا دم لگانا -

نفطہ ع آبلہ اور چھالا جو بدن پر ظاہر ہوتا ہے -

نفحہ ع بوے خوش عطر و کستوری وغیرہ کی -

## نون با قاف

نقاوہ ع برگزیدہ آدمی بہت اچھا آدمی -

نقلہ نقل کرنے والا نقشہ اُتارنے والے -

نقرہ ع چاندی جو مشہور دھات ہے -

نقشہ ف تصویر و نمونہ کسی چیز کا جیسی وہ ہو -

نقطہ ع خط کی مقدار اور وہ مقدار جو منقسم نہو -

نقبہ ع مرض خارش کھجلی کی بیماری -

نقیعہ ع ضیافت قدوم یعنی اُسکی ضیافت جو سفر سے آیا ہو مجازاً مسافر کی مہمانی -

## نون با کاف

نکتہ ع سخن پاکیزہ و پوشیدہ -

نکرہ ع ناشناختگی ضد معرفہ یعنی وہ جسکی پہچان نہو سکے -

نکوہیدہ ف ملامت کیا گیا بد و زشت و زبون -

نگارخانہ ف تصویر خانہ جہان بہت سی تصویرین ہون -

## نون با میم

نمگیرہ ف پلنگ پوش اور چھپرکھٹ کا غلاف -

نمیقہ ع لکھا ہوا خط نقش کیا ہوا -

نمرقہ ع چھوٹا گاؤتکیہ پشت پر رکھنے کا -

نمیمہ ع چغل خوری و غمازی -

نمونہ ف دکھلاوا کسی چیز کا اصل لفظ کا نمودہ تھا -

نملہ ع ایک قسم کی پھنسیان ہین -

## نون با واو

نواخانہ ف قیدخانہ جہان قیدی مقید ہون -

نوباوہ ف میوہ تازہ و نورسیدہ -

نورہ ف چونہ جس سے بال اکھاڑ یجاتے ہین -

نوالہ ع لقمہ طعام کا -

نوادہ ف پوتا بیٹے کا بیٹا -

نوخواستہ ف نوجوان بچہ -

نوزدہ ف اونیس جسکو عربی مین تسعہ عشر کہتے ہین -

نوشتہ ف لکھا ہوا -

نوشابہ نام ملکہ بردع جسکی ملاقات سکندر سے ہوئی تھی

نوکیسہ ف نو دولت جو پہلے مفلس تھا اور اب دولتمند ہوا -

نوشہ ف نوجوان و نوکدخدا یعنے جسکی نئی شادی ہوئی ہو -

نوحہ ع آواز سے رونا چلاکر رونا کسی ماتم و غم کی حالت مین -

نوچہ ف جوان نوخواستہ بالغ لڑکا -

## نون با ہا

نہانخانہ ف مقام پوشیدہ تہ خانہ خلوت کا مقام

سنئیہ ع عقل و ہوش۔

سنئیہ ع غارت و تاراج اور آواز کرنا۔

## نون با یاء

نیم کلہ ف ناتمام چیز جو ابھی پوری نہوئی ہو۔

نیم کارہ ف ناتمام چیز ناقص چیز۔

نیمہ ف آدھا و جانب و طرف۔

نیشہ ف نی کوچک میانہ تہی جسکو پچھی کہتے ہین۔

نیلہ ف نام چارپایہ صحرائی جسکو نیل گاؤ کہتے ہین۔

نیفہ ع بند کش ازار و قسم پوستین جو قیمتی ہوتی ہے۔

نیزہ ف برچھی جو ایک قسم کا مشہور ہتھیار ہے۔

نیچہ ف چھوٹی نے حقہ پینے کی جس سے تماکو کا دھوان لیتے ہین

## چھبیسوین فصل

## ان لغات کے بیان مین جن کے اول حرف واو اور اخیر مین نون ہے

## واو با الف

وابستہ ف متعلق و رشتہ دار۔

والاجاہ ف بلند مرتبہ۔

واقعہ ع حادثہ و رنج و سختی و تکلیف۔

واقعہ ع قسم حریر ابریشمی۔

والہہ نام زن نوح علیہ السلام جو کافرہ تھی۔

والہ ع دیوانہ و عاشق و نام شاعر ہروی۔

واعیہ ع نگاہ رکھنیوالا حافظ و پاسبان و چوکیدار۔

وارستہ ف فارغ البال و رہائی یافتہ۔

واقصہ ع راہ مکہ مین ایک مقام کا نام ہے۔

واماندہ ف باقیماندہ اور بچا ہوا۔

واعجباہ ع کلمہ تعجب و تاسف و حسرت۔

واہیہ ع سست اور گرا ہوا اور خراب خستہ۔

واہمہ قوت وہمی کا نام ہے جو انسان کے قوی مین سے ہے۔

وایہ ع حاجت و مراد و مدعا و ہر روزہ و وظیفہ روزانہ مثل کوکنار و افیون وغیرہ جیسے کھانیکی عادت ہو

## واو با تاء

وتیرہ ع روش طریق و دستور و طرز و عادت و خو۔

## واو با ثاء

وثیقہ ع سند و عہد و پیمان و تمسک و کاغذ قبالہ۔

## واو با جیم

وجہ ع رو و چہرہ و طریقہ و طور۔

وجہہ ع جسطرف رخ کیا جاوے و قبلہ۔

وجنہ ع ابھرے ہوئے رخسار معشوقون کے۔

وجوہ ع جمع وجہ کی بہت سے رو و چہرے و طریقے۔

وجیہ ع خوبصورت و حسین آدمی مقبول صورت۔

## واو با راء

ورطہ ع جائے ہلاکت و گرداب مکان پیچ راہ جسکا راستہ نہو

ورثہ ع میراث لینے والے لوگ جو مردہ کے وارث ہون

## واو با زاء

وزغہ ع غوک مینڈک جو آبی مشہور جانور ہے۔

## واو با سین

وسادہ ف بالین و بالش و تکیہ۔
وسیلہ ع ذریعہ و واسطہ جو کسی کام مین ہو۔

واو با صاد

وصیلہ ع عمارت و فراخی مکان و صحن فراخ۔
وصیفہ ع باندی کنیزک پرستار خدمتگار۔
وصلہ ع ٹکڑا کپڑے کا یا کاغذ وغیرہ کا اور پیوند جوڑا ہوا۔

واو با ظاء

وظیفہ ع جو چیز ہر روز مقرر ہو یعنی روزینہ و راتب و ورد کا

واو با عین

وعدہ ع اقرار اور خبر دینا آگاہ کرنا۔

واو با فاء

وفضہ ع ترکش جسمین تیر رکھتے ہین۔

واو با قاف

وقایہ ع نگاہ رکھنا اور نام ایک کتاب کا۔
وقیہ ع وزن چہل درم یعنی چالیس درم کا وزن۔
وقفہ ع توقف و مہلت و فرصت و میعاد۔

واو با کاف

وکیرہ ع ضیافت تعمیر مکان و خانہ جسکو چٹھہ کہتے ہین۔

واو با لام

ولہ ع سرگشتگی و جنون و عشق و محبت و دیوانگی و خبط۔
ولولہ ف شور و غوغا و بانگ و فریاد و زاری و بیقراری۔
ولیجہ ع دوست [illegible] پیاری عورت اور [illegible] عورت جو بانگ [illegible] کی [illegible] اور [illegible] لی۔

ولیمہ ع پالان واسپ و طعام ضیافت شادی و نکاح۔

واو بالنون

وندہ ع ترہ تیز کہ سبزہ جسکو بالون کہتے ہین۔

واو با ہاء

وہدہ ع زمین پست و نشیب جہان پانی جمع رہتا ہو۔
وہلہ ع ڈر اور ڈرانا و نوبت و کرت۔
وہمہ ع درد زہ یعنی درد ولادت جو عورت کو ہوتی ہے۔

## ستائیسوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف ہاے اور آخیر مین نون ہے

ہاے با الف

ہامہ ع کاسہ سر و پیشانی اور بمعنی بوم یعنی اُلّو جو مشہور منحوس جانور ہے۔
ہالکہ ع نفس و حریص و طامع۔
ہبہ نامہ ع سند بخشش کی جو واہب اپنے اقرار سے لکھدے
ہائلہ ع ہولناک و خوفناک مقام۔
ہالہ ع دایرہ ماہ چاند کا کنڈل۔
ہاویہ ع نام دوزخ جو ساتوان طبقہ ہے۔
ہالگاہ ف میدان چوگان بازی جہان گیند کھیلتے ہین۔

ہاے با باء

ہبہ ع بخشنا بیٹا ملک کا کر دینا [illegible] کسی چیز کا کسی کو۔

ہاے با ذال

[illegible] و بیہودہ بے فائدہ۔

ہدیّہ ع تحفہ چیز پیشکش جو دوست دوستونکو دیتے ہین

## ہائے با رائے

ہراسہ ف خوفناک شکل جس سے کوئی ڈرے۔

ہرانچہ ف جو کچھ جو چیز۔

ہرانکہ ف جو شخص جو آدمی۔

ہرچہ ف جو کچھ۔

ہرکارہ ف قاصد اور ہر کام کرنے والا۔

ہِرّہ ع گربہ بلی جو مشہور جانور ہے۔

ہرزہ ف بیہودہ بیفائدہ بے سود چیز۔

ہرآئینہ ف ناچار بالضرورت البتہ۔

ہرّہ ع بلی مادہ گربہ جو نر نہو۔

ہروله ف رفتار اور یہ جو ایک قسم کی چال ہے۔

ہریسہ ع ایک آش کا قسم ہے جو پیتے ہین۔

## ہائے با زائے

ہزّہ ع ہلانا جنبش دینا حرکت دینا۔

ہزار چشمہ ف سرطان کی بیماری یہ ایک مہلک دنبل پشت پر ہوتا ہے منھ اسکے بہت ہوتے ہین اور وہ مہلک بیماری ہے جس سے آدمی مرجاتا ہے۔

ہزہ ع ہلنا حرکت کرنا جنبش مین آنا۔

ہزارپایہ ف جانور کنسلائی جسکے پانون بہت ہوتے ہین۔

ہزینہ ف نان نفقہ عیال کا اور ضروری خرچ۔

## ہائے با ضاد

ہضبہ ع زمین بلند و پشتہ جہان پانی نہ ٹھہر سکے۔

## ہائے با فاء

ہفتہ ف سات روز اٹھوارہ۔

ہفتدہ ف ۱۷ عدد ہین سترہ عربی مین سبع عشر کہتے ہین

## ہائے با میم

ہمخوابہ ف زن منکوحہ ہم بستر عورت۔

ہمراہ ف ساتھی جو راہ مین ساتھ ہو۔

ہمسایہ ف پڑوسی دیوار بدیوار رہنے والا پاس رہنے والا۔

ہمشیرہ ف بہن جنکے کہ ایک والدہ کا دودھ پیا ہو۔

ہمارہ ع اندازہ و حساب۔

ہمہمہ ف گرجنا شیر درندہ کا۔

ہمہ ف تمام بالکل سارا۔

ہم رشتہ ف رشتہ دار یک جدی و ہم قوم۔

## ہا با نون

ہنیدہ ع سو اونٹ و مقدار صد عدد۔

ہنعہ ع داغ جو اونٹ کی گردن کے پیچھے ہو۔

ہندوانہ ف تربوز جو مشہور پھل ہے۔

ہندسہ ع اندازہ اور نام علم کا۔

ہنگامہ ف وقت و مجلس و مجمع و محفل۔

## ہائے با واو

ہوالہ ع ہولناک جس سے خوف آئے۔

ہواخواہ ف دوست خیر خواہ۔

ہوودہ ف حق و درست چنانچہ بیہودہ وغیرہ۔

## ہائے با یار

ہیاشہ ع ڈوال ڈوری۔
ہیچکارہ ف بیفائدہ نکما آدمی خراب آدمی
ہیچگونہ ف کسی طرح کسی سبب کسی باعث
ہیضہ ع بدہضمی اور بدہضمی کی بیماری۔
ہیمہ ف جلانے کی لکڑی یعنے ایندھن۔
ہیلہ و ہلیلہ ع ہڑ یہ جو مشہور چیز ہے۔

## اٹھائیسوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف یاء اور اخیر مین ہاء ہے

## یائے با الف

یا اللہ ع ای معبود۔
یارانہ ف دوستی امداد خیر خواہی۔
یامہ ع ڈاک کے گھوڑے جو منزل پر ہین۔
یاوہ ف بیہودہ و گم و ناپدید۔
یانہ ت طرف و جانب۔
یاقہ ت گریبان قبا وغیرہ۔
یافتہ یاوہ و گم شدہ و بیہودہ۔
یارندہ ف دست دراز کرنے والا۔
یاسہ ع حکم و قانون و سیاست۔
یارہ ف ہاتھون کے کنگن جو زیور مشہور ہے۔
یازہ ف لرزہ کا پینا اور لرزہ کا بخار۔

یالہ ع گائے کا سینگ۔

## یا با خاء

یخچہ ف اولہ جو بادل سے برستا ہے مجازاً برف۔

## یا با زائے

یزنہ ت بہنوئی کہ شوہر بہن کا ہمشیرہ کا خاوند

## یا با قاف

یراعہ ع قلم نیزہ کی اور رات کو چمکنے والا کیڑا۔
یقظہ ع بیداری ضد خواب کی یعنی جاگنا۔

## یا با کاف

یگانہ ف اکیلا لاثانی آدمی جیسکے ساتھ کا کوئی اور نہو۔
یکدلہ ف شجاع و بہادر و جوانمرد و بیخوف آدمی۔

## یائے با لام

یلمہ ع قسم زرہ جو حیوانات کے چمڑے سے بنتی ہے۔
یلہ ف چھوٹا ہوا بے قید آزاد و زن فاحشہ یعنی بدکار عورت
یلمہ ت جو چیز تغاریمین ڈالکر حیوانکو کھلائین مثل دانہ و بھوسہ وغیرہ

## یائے با میم

یمہ ت خوراک اور کھانا

## یائے با واو

یوزہ ف تنہ درخت یعنی درخت کی شاخ۔
یومیہ ع روزینہ جو کسی کا مقرر ہو۔

## اٹھائیسوان باب

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اخیر

مین یاے ہے اور پہلے حروف بہ رعایت حروف تہجی کے اپنے اپنے موقع پر بدلتے جاتے ہین اسمین ستائیس فصل ہین

## پہلی فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف الف اور اخیر مین یاے ہے

### الف با باء

آبائے علوم ع ساتون آسمان یا سات ستارے۔

آب بازی ف شناوری پانی مین تیرنا۔

آبادی ف بستی شہر قریہ و گانون۔

آب پاشی ف چھڑکاو کرنا کھیتی کو پانی دینا۔

ابلہی ع کمینہ پن۔

آبیاری ع درختون کو پانی دینا سرسبز کرنا۔

آبی ع سرکش و نافرمان و عاق۔

ابدالی ع ظرافت و تمسخر و نام قوم افغان۔

ابہری ع ساکن شہر ابہر جو زنجان کے پاس موجود ہے۔

اَبُوِی ع باپ اور میرا باپ۔

### الف با تاء

آتشی ف قسم دیو و جن و شیاطین۔

آتش نمرودی ف جسمین ابراہیم خلیل اللہ کو ڈالا تھا اور وہ آگ گلزار ہو گئی تھی۔

### الف با ثاء

اثنا عشری ع جو لوگ امامیہ مذہب کے ہین بارہ امام کو امام جانتے ہین چار امام اہل سنت سے منکر ہین ثلاثہ اصحاب کی خلافت کو حق نہین جانتے۔

### الف با جیم

اجنبی ع بیگانہ غیر آدمی جو واقف نہو۔

اچی ت برادر کلان بڑا بھائی جسکو ہم بھی آغ اور خو کہتے ہین

### الف با حاء

احتیالی ع حیلہ انگیزی و بہانہ۔

اَحلیٰ ع نہایت شیرین نہایت مزہ دار و پر ذائقہ۔

احدی ع پیادگان شاہی و سرہنگان سلطانی۔

### الف با خاء

اخیافی ف وہ بھائی جنکی مان ایک اور باپ الگ الگ ہون اور اعیانی وہ جنکا باپ ایک اور مان علحدہ علحدہ ہون

اُخریٰ ع پچھلی عورت یا چیز۔

اخوی ع میرا بھائی۔

اخی ع میرے بھائی۔

### الف با دال

آدم ثانی ع نوح علیہ السلام کا خطاب ہے۔

اَدانی ع خویش اور قریبی لوگ اور رشتہ دار۔

آدمی ف آدم کی اولاد آدم کی نسل۔

ادقہ ع بہت تیز و باریک یا الاکم رتبہ۔

### الف با ذال

اذیٰ ع تکلیف اور دکھ۔

### الف با راے

اراضی ع مشہور جمع ارض ہی بہت سی زمینین -
ارزانی ف ضد گرانی یعنی افزونی -
آردی ف قسم شفتالو اور مشہور ترکاری جسکو
اربی اور اردی کہتے ہین -
ارمی ف بیائے معروف آخور اصطبل -
آرے ف بیائے مجہول یعنی ہلے یعنے ہان -
آرائے ف جمع راے جسکے معنی فکر کے ہین -

## الف با زاے

ازلی ف منسوب بازل مانند ابدی یعنی ہمیشہ کی خیر ابتدا کی -

## الف با سین

اسامی ع جمع اسما و اسما جمع اسم کی ہی -
اسارٰی ع جمع اسیر قیدیان و زندانیان -
اسماعیلی ع نام قوم گمراہ جو گھوڑیکی آلت کو پوجتے ہین
اور نام فرقہ ملحدیہ اسماعیلیہ جو شش پرست ہین -
اسی ع اندوہگین و غمناک و پریشان -
آسی ع غمناک طبیب و دلنشین جو طبیب کہلاتے ہین -
آسمانی [illegible] جو آسمانکی طرح ہو -
آسانی ف [illegible] ہونا -

## الف با شین

آشنائی ف دوستی و محبت و پیار و یگدلی -
آشنا فروشی ف خوشامد و تملق و چاپلوسی -
اشرفی ع سکہ زر منسوب باشرف جسنے پہلے پہل
طلائی سکہ جاری کیا تھا -
اشعری ع نام ایک شخص کا جسکے بدن پر بڑے بڑے بال تھے
اشقی ع ستالی جو چیونٹی جیسی چھوٹی ہوتی ہین اور جسکا زہر
اشہی ع آرزومند خواہشمند و صاحب اشتہا یعنی بھوکھا -

## الف با صاد

اصمعی ع نام ایک فاضل علم لغت کا ہی -
اصلی ع منسوب بہ اصل یعنی اصل بات -
آصفی ع نام ایک شاعر کا ہی -

## الف با عین

اعمی ع اندھا جسکو آنکھون سے نظر نہ آئے -
اعمی قطرے ع اندھا مادرزاد جو مان کے پیٹ
سے اندھا پیدا ہوا ہو -
اعیانی ع نام ایک دوا کا ہی جسسے بیمار ہل نہین سکتا
اعالی ع بلند مرتبہ لوگ عزت دار و امیر لوگ
اعادی ع جمع عدو دشمنان بہت سے عداوتی لوگ
اعجمی ع جو اچھی گفتگو نہ کرسکے زبان اسکی پھسلتی ہو گفتگو مین -
اعلی ع بلند و اونچا و دولتمند اوپر چڑھا ہوا -
اعرابی ع صحرانشین جنگلی آدمی -
اعنی ع مراد میری یہ ہی مطلب میرا یہ ہی -

## الف با غین

اغانی ع نام ایک ساز کا ہی جسکو بجاتے ہین -

## الف با فاء

افتابی ف سورج مکھی پھول جو چوڑا پھول زرد رنگ ہی
افاعی ع بہت سے سانپ جمع افعی کے لفظ کی -

افعی ع سانپ یعنے ایک سانپ -
افضلی ع تخلص شاعر خاقانی کا ہے -

الف با قاف

اقاسی ع داروغہ جو دیوان خانہ کا داروغہ ہو -
اقاصی ع دور تر بہت دور فاصلہ -

الف با کاف

اکسیری ف کیمیا گر جو کیمیا بنائے سوسی -
آگاہی ف خبرداری ہوشیاری -

الف با لام

آلچی ت پکڑنیوالا یعنے والا قبضہ میں لانے والا -
المعی ع مرد نیک رائے و ہوشیار و دانا -
ایلچی ت مال و قیدی جو ملک بیگانہ سے لیتے ہیں
الٰہی ع یا خدایا اے خدا تعالی اے میرے معبود -

الف با میم

اُمّی ع ناخواندہ محض اور وہ شخص جسکی والدہ یا ایام شیرخواری مر جائے باپ کی پرورش سے بھی وہ محروم رہے یہ لفظ خطاب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا ہے -
امہات سفلی ع اربع عناصر جس سے سب چیز پیدا ہوئی ہے -
امانی ع جمع امنیہ آرزو یعنی امیدیں مقصود دلی -
امام محمد غزالی ع ایک بزرگ طوس میں رہتا تھا کتابیں اسکے بہت تصنیف کیں ہیں مثل کیمیائے سعادت وغیرہ -
آموی ف ایران و توران میں ایک رود کا نام ہے -

الف با نون

انگشتری ف انگوٹھی جو انگلی میں پہنتے ہیں -
النسی ع آدمی و جانب اندرون ہر چیز و جانب راست یعنی داہنی طرف -
انبازی ف شریک میں شریک ہونا سہیم ہونا -
انوری ع یہ ایک اجل شاعر استاد مشہور ہے دیوان انوری اسکا اسکا یادگار ہے مولد اسکا موضع مہنہ خراسان میں ہے
انانی ع پیدائش مخلوقات عالم کائنات و عالم ظاہر
انفسی ع عالم ارواح و عالم باطن و عالم ملکوتی -
اندامی ف جامہ چست و درست اور بدن پر پورا -

الف با واو

اُولی ع خداوندان و مالکان -
اَولی ع بہت اچھا بہت بہتر -
اُولی ع پہلی عورت -
اوجی ع تخلص ایک شاعر -
اوانی ع ظروف و اوندھا جمع انا کے لفظ کی -
اویس قرنی ع نام بزرگ جو عاشق رسول مقبول تھا -
آوارگی ف خرابی و ویرانی و پریشان حالی -

الف با ہا

اہالی ع جمع اہل خلاف قیاس و بیچی دولتمند و اعیان و اشراف و امرائے حکام وقت -
آہنی ف لوہے کی چیز جو لوہے سے بنائی جائے -

الف با یا

ایادی ع جمع ایدی و ایدی جمع ید او سر ہر کے معنی

اتھ یعنی بہت سے ہاتھ ۔
ایشیک آقاصی ت داروغہ دیوانخانہ ۔
ائی ف حرف ندا فارسی ہین اور یا عربی مین ۔
آئی ۶ چہ وکدام کونسا کون شخص کون ادمی ۔
آیا ہی ۶ مجہاد ہیہن ترجیہ ایک لفظ کا جو فارسی ہی
الیشی ۶ عصف زنان عورتونکا گروہ عورتونکی جماعت ۔
آیلخی ت گلہ اسپان گھوڑونکا گلہ بہت سے گھوڑے ۔

## دوسری فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف با ء اور اخیر مین نون ہی

### با با الف

بارانی ت وہ کھیتی جو بارش کے پانی سے پختہ ہو چاہ کا پانی دہمین نطے ۔
بازندگی ف مکاری وحیلہ گری وکھیل وکود ۔
بادہ ریحانی ف شراب خشبو دار جو ایک قسم کی شراب ہوتی ہی
بارگی ف گھوڑا سواری کا اور راہوار گھوڑا ۔
بانی ۶ بنا کرنیوالا بنیاد ڈالنے والا کسی مکان کا ۔
باد مسیحی دم عیسی جسکے پھونکنے سے مردہ زندہ ہو جاتا تھا
باغی ۶ نافرمان اور عاق جو مالک کا حکم نہ مانے ۔
بازی ت کھیل کود لڑکون کا ۔
بادی ۶ ابتدا کرنے والا اور فارسی مین ہوائی ۔
باکی ۶ رونے والا گریہ وزاری کرنے والا ۔
باری ف ببائے مجہول ایک مرتبہ ایک دفعہ ۔

بارتعالی ۶ خداوند تعالی جل جلالہ وعم نوالہ ۔
بازرگانی ف سوداگری مال وسوداگری طرق وغیرہ
بالائی ف بلندی اونچائی ۔
باورچی ف روٹی پکانیوالا طعام پکانیوالا ۔
بالیدگی ف بڑھنا درخت وغیرہ کا سرسبز ہونا ۔
باقی ۶ رہ جانے والا بچ رہنے والا ۔
پاسداری ف چوکیداری وحفاظت وذمہ داری ۔
باری ۶ خدا کا نام ہی پیدا کرنے والا ۔
بالی ۶ کہنہ وپرانا وقدیمی ۔
باشی ت سردار افسر امیر سرگروہ ۔
باجی ت خواہر وہمشیرہ یعنی بہن ۔
بارکی ف نظارت وداروغگی وافسری ۔
پاکی ف استرہ جس سے بال مونڈتے ہین ۔
پاسبانی ف حفاظت وچوکیداری ۔
پاجی ف کمذات آدمی بدذات شخص ۔
پارگی ف پورانا بیکار ہونا ۔
پائین پرستی ف خدمتگاری ۔
پاکوبی ف ناچنا رقص کرنا کودنا ۔
پائی ف پانون قدم انسان یا حیوان یا درخت وغیرہ کے
پالائی ف صاف کرنیوالا صفائی دینے والا ۔
پارکابی ف مقدار قلیل تھوڑا مقدار ۔
پالانی ف اسپ باربردار جسپر بوجھ لادین
پامردی ف جستی وچالاکی وچالاکی ۔

پابوسی ف پیر چومنا قدمبوسی کرنا۔

## با با حا ء

بحری ف دریائی چیز دریائی جانور۔

## با با خا ء

بخردی ف دانائی عقلمندی و ہوشیاری۔

بختی ف بغدادی اونٹ باربردار اونٹ بوجھ اٹھانے والا۔

بخشی ف تنخواہ دینے والا حصہ بانٹنے والا فوج کو روپیہ دینے والا۔

## با با دال

بدنی ف منسوبہ بدن یعنی خلط بدنی یا و آتش بدنی وغیرہ۔

بدوی ع ابتدائی پہلا اولین۔

بدی ف بد ہونا برائی اور خرابی۔

بدری ف باپ کا۔

بدوی ع بادیہ نشین جنگلی جو لوگ جنگل میں رہیں۔

بدیہی ع فی الفور بے تردد کلام کرنا بے سوچے جواب دینا۔

## با با راے

برخی ف اندکے یعنی تھوڑا سا بہت کم۔

برخی ف بروزن درپے فدیہ و قربانی و صدقہ و زکوة۔

برکی ف ایک قماش کا نام ہے جو شتر یعنی اونٹ کی پشم سے بناتے ہیں اور وہ لباس فقرا کا ہوتا ہے۔

بری ع پاک و بیزار و بیگناہ و بے عیب شخص۔

بری ع ہر چیز جو جنگل میں ہو بخلاف بحری کے۔

برد خطی ع منقش و خط دار چادر پھولدار کپڑا۔

براری ع جمع بریت کے جنگل اور ویرانہ زمین۔

برائی ف واسطے۔

برہنگی ف ننگا ہونا عریان ہونا بے لباس ہونا۔

پراگندگی و پریشانی ف ابتر ہونا و خراب ہونا۔

برہنہ گوئی ف صاف صاف کہنا رو برو کہنا۔

برد قلمی ع وہ چادر جس پر قلم سے نقش کئے ہوں۔

برد یمانی ع قسم چادر جو یمن میں بنتی ہے۔

برنائی ع جوانی اور جوانی کی عمر۔

برپائی ف ایک قسم کا پیالہ ہے جو چکی میں بنا کر نکالتے ہیں۔

برج آبی ف سرطان عقرب حوت تین برج ہیں۔

برج خاکی ف ثور سنبلہ جدی تین برج ہیں۔

برج بادی ف جوزا میزان دلو تین برج ہیں۔

برج آتشی ف حمل اسد قوس تین برج ہیں۔

پرپائی ف قسم کبوتر یا مور جیسکے پاؤں پر پر ہوتے ہیں۔

پری ف قوم جن و یعنی روز گذشتہ۔

پردہ عنبی ف آنکھ کے ایک پردہ کا نام ہے۔

پردہ زنبوری ف خانہ جالی دار۔

پردہ بازی ف شب بازی۔

پردگی ف پردہ نشین و ستر دار عورت۔

پرسیدنی ف لائق پوچھنے کے۔

پردہ بینی ف نتھنے کا پردہ۔

پرافشانی ف ترک علائق و ترک دنیا۔

پروانگی ف اجازت۔

پرداری ف موٹا تازہ۔

پرستگی ف لائق ایسے جسکے بندگی کے طریق۔

## باب را

پرگیری ف مکر و حیلہ و فریب دونا و داؤ کھیلنا۔

پربازی ف بچانا بکری اور بندر کو۔

پزشکی ف طبابت کرنا معالجہ کا کام کرنا۔

## باب سین

پستی ف نیچائی زیر ہونا نیچے ہونا۔

بسی ف بہت بیشمار جسکی تعداد نہو۔

بستان سرا ف عمارت جو باغ میں ہو بارہ دری وغیرہ عمارتیں

## باب شین

بشر حافی ع نام ایک مرد عابد کا جو ولی کامل تھا۔

بشری ع خوشخبری اچھی خبر نیک بات۔

پشتی ف مدد و حمایت و پناہ۔

پشیمانی ف پچھتانا نادم ہونا اپنے اعمال پر۔

پشت گرمی ف مددگاری و حمایت۔

## باب طا

بطی ع درنگ کرنیوالا و آہستہ کام کرنیوالا۔

## باب عین

بغی ع نافرمانی و بغاوت و عدم اطاعت۔

بغی ع نافرمان و باغی جو حاکم کی اطاعت نہ کرے۔

بغلی ف زنبیل گدائی کی جو فقیر بغل میں رکھتے ہیں۔

## باب فا

بفشری ف کارگاہ بافندہ جہاں وہ کپڑا بنتا ہے۔

## باب کاف

بنگلی کشمیر میں ایک علاقہ کا نام ہے۔

## باب لام

بلے بلے ع ہاں آرے۔

بلندی ف درازی او نچائی۔

بلاتحاشی ع بیدرنگ بلا توقف فی الفور۔

بلغی ف بیہدہ فروش اور ترکی میں گذربان اور گدائے راہ نشین جو راستہ میں بیٹھکر گدائی کرے۔

## باب نون

بنی طی ع نام قبیلہ جس میں حاتم طائی سخی پیدا ہوا تھا۔

بنائی ف بنیاد و ابتدا اور بنیو دیوار کی۔

بندگی ف پرستش عبادت اور بندہ ہونا۔

بنی ع جمع ابن کی بہت سے بیٹے اور نسل اور اولاد

بندی ف قیدی و اسیر و گرفتار و مبتلا۔

بنجرری ف نام ایک منصب بادشاہی کا ہے۔

## باب واو

بولی ف جانور شکاری مثل باز و شکرہ وغیرہ۔

بولسری ف نام درخت جو مولسری مشہور ہے۔

بواسحاقی ف ایک فیروزہ کی کان کا نام ہے جس سے فیروزہ نکلتا ہے۔

بواقی ع جمع باقی کی یعنے بہت سی باقیان -
بوادی ع جمع بادیہ بہت سے جنگل اور ویرانی -

## با با ہا ے

بہی ف بہلوئی و بہتری و نام ایک قسم کے میوہ کا
جس سے بہدانہ نکلتا ہے -
پہلوی ف پرانی فارسی زبان جو پہلو نوح کے
پوتے کے نام سے منسوب ہے -
بہی ع روشن و تابان و خوب و زیبا و پسند خاطر و مقبول -

## با با یا ے

بیچھوری ف بیماری و ناتوانی و کمزوری -
بید طبری ف ایک قسم کا درخت ہے -
بی اندامی ف بے ادبی و کج ادائی -
بے نمازی ف ایام حیض کے جو عورت کو آتے ہین
بیضاوی ف منسوب بہ بیضا یعنی بیضا کا رہنے والا -
بیضی ع روشن اور صاف اور چمکتا ہوا -
بیرنگی ف عالم یعنی جہان کوئی رنگ و صورت اور جسم نہین ہے
بیدماغی ف بے اتفاقی و کم توجہی -
بیچگری ف خوفناک ہونا بیدل ہونا -
پی ف عصب یعنی پٹھا اور سرا پیچ اور قدم اور کھوج
و دنبال و تاب و طاقت و قوت و زور و اختیار -
پیکانی ف قسم نوشادر و قسم لعل و یاقوت جو مشہور جواہر ہے -
پیرانہ سری ف حالت ضعیفی و کمزوری و ناتوانی -
پیشدستی ف نہایت زور و مندی و چالاکی -

پیشانی ف ماتھا جسکو سیا بھی کہتے ہین -
بیت اقصی ع بیت المقدس قبلہ تمام پیغمبرون کا -
بیشی ف زیادتی افزونی ترقی کسی چیز کی -
بیضوی ع انڈے کی شکل پر جو چیز ہو -
بینی ف ناک جو مشہور عضو ہے -
پیاپی ف پے در پے بار بار گھڑی گھڑی -
پیشوائی ف استقبال کرنا آگے کو یعنی جانا -

## تیسری فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف تا اور آخر مین یا ہے

## تا با الف

تاقی ف کلاہ ٹوپی جو سر پر رکھتے ہین -
تازگی ف تازہ ہونا خوش و خرم -
تازی ف عربی زبان یا اسپ جو عربی ہو -
تانی ع دیر و درنگ و توقف و سستی -
تاسی ع پیروی کرنا اطاعت و متابعت کرنا -
تالی ف حد و دو تودہ و لائی و تختہ کاغذ کا و
طاق ضد جفت یعنی اکیلا جو جوڑا نہو -
تازہ دماغی ف دانائی و خوشحالی و فراغت -
تالی ع پیچھے چلنے والا ماخوذ تلو سے جسکے معنی
پیچھے چلنے کے ہین اور پیروی کرنے کے -
تاری ع تاریک اندھیرا سیاہ -
تاریکی ف اندھیرا اور سیاہی -

## تا با بار

تباہی ف اوجڑنا خراب و ویران ہونا۔
تبنی ع بیٹا بنانا فرزند بنانا۔

## تا با تار

تتری ف تاتار کا رہنے والا تاتار کا متوطن۔

## تا با جیم

تجلی ع ظاہر ہونا روشن ہونا اور جلوہ نور کا۔
تجزی ع جزو جزو کرنا ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
تجنی ع کسی پر گناہ باندھنا تہمت کرنا بدنام کرنا۔

## تا با حا

تحاشی ع یکسو ہونا یکطرف ہونا۔
تحری ع صواب ڈھونڈھنا سزاوار و بہتر ڈھونڈھنا۔
تحفگی ف نادر ہونا تحفہ ہونا بہت بہتر ہونا۔
تحافی ع ننگ ہونا جدا ہونا الگ ہونا۔

## تا با دال

تداوی ع دوا کرنا علاج کرنا کسی بیماری کے لئے جائز چیز کرنا۔

## تا با را

تردامنی ف گنہگاری و بدکرداری و خطاواری۔
ترجی ع امیدوار ہونا چیز ممکن الحصول کا۔
تریاکی ف افیونی آدمی جسکو افیون کھانیکی عادت ہوجائے۔
ترشی ع چیز ہے مشہور سیکر ہوتی ہے یعنی وبال کیطرح چوڑی ہے۔
تردماغی ف عقل و شعور و سرور و مستی جو بیہوشی کی حد تک پہونچے۔
ترجی ع مراد و امید رکھنا کسی سے اپنی بہبودی کے لئے
تریاق الافی ف زہر مہرہ مانند سلان کے جو نہایت اچھا ہو
ترانی ع سستی و تغافل و لاپرواہی جو کسی کام میں کیجاوے
ترابی ع نوبادہ میوہ نو رسیدہ یعنی تازہ لوٹا اور تازہ میوہ
ترقی ع بلند ہونا اوپر چڑھنا زیادہ ہونا بڑھنا۔
ترخانی ف نام منصب بادشاہی جو امراؤ کو ملتا ہے۔
ترکتازی ف حملہ مردانہ و چالاکی و تیز رفتاری۔
ترشی ف بیدماغی و ناخوشی و درشتی و ناراضامندی
تراضی ع رضامندی و خوشنودی و خوشدلی۔
ترش روئی ف ناراض و حالت غضب و غصہ۔
ترمذی ف منسوب بشہر ترمذ یعنی ترمذ کے رہنے والے شخص
ترکی ف منسوب بولایت ترکستان یعنی ترکستان کے رہنے والے شخص۔

## تا با زا

تزکی ع نام ایک امیر کا امرائے سلطان معزالدین سے۔

## تا با سین

تساوی ع برابر ہونا اور برابر کرنا۔
تسلی ع ڈھارس خاطر جمع۔

## تا با شین

تشفی ع آرام پانا شفا پانا۔
تشنگی ف پیاس پانی پینے کی خواہش۔

## تا با صاد

تصدی ع پیش آنا روبرو آنا سامنے آنا۔

## تا با عین

تعدی ع ظلم و جفا جور و ستم زبردستی -
تعالی ع بلند یہ لفظ خدا کے نام کے ساتھ بولا جاتا ہے

## تا با غین

تغالی ت ماموں برادر مادر یعنی خال -
تغشی ع غش کھانا بیہوش ہو کر گرنا -

## تا با فاء

تقفی ع بے وزن تہ کی تنگی و دشواری -
تفنگچی ف بندوق چلانے والا بندوقچی -

## تا با قاف

تقضی ع گذرنا مدت کا پورا ہونا میعاد کا -
تقی ع ڈرنے والا خدا سے مجازاً پرہیزگار -
تقوی ع ڈرنا و پرہیزگاری کرنا -
تقاوی ع قوت دینا مدد ملنا سرکار کی طرف سے زمیندار کو زراعت میں
تقلیدی ع پیروی کرنے والا -

## تا با کاف

تکافی ع برابر ہونا کفایت کرنا بس ہونا -
تکامشی ف تگ و دو کرنا دوڑنا تلاش و جستجو میں مصروف ہونا

## تا با لام

تلافی ع پانا ہاتھ میں لانا دلجوئی کرنا -
تلاقی ع ملاقات کرنا ملنا آپس میں -
تلنگی ف بجانا دف اور دائرہ کا ساز بجانا -
تلاشی ع ماخوذ لاشی سے نیست و نابود ہونا -
تلقی ع ملاقات کرنا آپس میں ملنا ایک دوسرے سے -

## تا با میم

تمشی ع روان کرنا جاری کرنا ارادہ کرنا راہ چلنا -
تمنی ع آرزو کرنا التجا کرنا مانگنا -
تمغاچی ف محصول لینے والا محصولیہ جو سرکار سے مامور ہو
تمطی ع خمیازہ ہندی انگڑائی -
تمادی ع دراز ہونا نہایت تک پہونچنا -

## تا با نون

تن آسانی ف راحت و آرام و آسائش و دلجمعی -
تناہی ع انتہا تک پہونچنا اخیر تک جانا -
تنگ چشمی ف بخل اور مسکی و تنگ حوصلگی -
تنگ درزی ف اختلاط کرنا و پیوستگی کرنا -
تنگری ت نام حق تعالی تہ کی زبان میں -
تنداری ف بیوقوف بیعقل بیہوش -
تنگنای ف کوچہ تنگ اور مشکل کام -
تنافی ع نفی کرنا دور کرنا محو کرنا -
تن دہی ف کوشش و تلاش و جستجو -
تندی ف غضبناکی و خشمگینی و بدخوئی -
تنگی ف تنگ ہونا -

## تا با واو

تولی ع پھرنا واپس ہونا حکومت کرنا ولایت کرنا
نائب ہونا کسی کے کام پر ممتاز ہونا -
توازی ع برابر ہونا ایک وزن اور ہمسر ہونا -
توقی ع نگہبانی و پاسداری و حفاظت -

تونگری ف مالدار ہونا صاحب قوت ہونا دولتمند ہونا۔

توزی ف قسم جامۂ توزجو شہر توز مین بنتا ہی۔

توانی ع سستی کرنا تقصیر کرنا بھول جانا۔

توہی ت شادی عروسی کدخدائی بیاہ۔

تونی ع کناس دوزود غابازو فریبی و مکار و خاکروب

توانائی ف زور و قوت طاقت دولت حشمت۔

توالی ع پے در پے ہونا بار بار ہونا۔

تواری ف پوشیدہ ہونا چھپنا آنکھون سے۔

### تا با ہاے

تہ بندی ف جز بندی و جلد بندی۔

تہادی ع ہدیہ بھیجنا تحفہ دینا۔

تہی ف خالی جو اندر سے پولا ہو مجازاً کم ہمت و کم عقل

تہجی ع ہجو کہنا اور حروف مفردہ الف با تا وغیرہ۔

تہانی ع مبارکباد کہنا تہنیت ادا کرنا کسی شادی و عید مین

### تا با یاء

تیردستی ف عصا اور لاٹھی ہاتھ کی لکڑی۔

تیرگی ف اندھیرا کدورت سیاہی میلاپن۔

تیرہ روئی ف عیاری و مکاری و فریب بازی۔

تیغ مغربی ف کنایہ ماہ نو اور قسم تلوار کی۔

## تیسری فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے
اوّل حرف ثا اور آخر مین یاء ہی

### ثا با الف

ثانی ع دوسرا۔

ثانوی ع دوسرے والا۔

### ثاء با دال

ثدی و ثدی ع پستان زنان و مردان و بہائم۔

### ثاء با راے

ثری ع زمین کا نچلا درجہ اور دولت و مال۔

### ثاء با عین

ثعلب مصری ع ایک دوا کا نام ہی چونکہ اکثر وہ مصر مین پیدا ہوتی ہی اُسکو ثعلب مصری کہتے ہین۔

### ثاء با لام

ثلاثی ع وہ لفظ جو تین حرف کا ہو چنانچہ درد کا لفظ۔

### ثاء با نون

ثنائی ع لفظ دو حرفی اور پہلے دو دانت آدمی کے

ثنی ع گائے و گوسپند جو تیسرے سال مین ہو۔

### ثاے با واو

ثوانی ع جمع ثانیہ جسکے معنی دو کے ہین۔

## چوتھی فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے
اوّل حرف جیم اور آخر مین یاء ہی

### جیم با الف

جاری ع روان بہتا ہوا پانی اور چلتا ہوا راستہ وغیرہ

جاری مجری ع قائم مقام و جانشین۔

جانفشانی ف سخت محنت و عرق ریزی۔

جامی ف یہ تخلص عبدالرحمن نام جام شہر میں رہتا تھا۔ شاعر اجل و فاضل اکمل عالم مشہر جسکی چو الیس کتابیں تصانیف مثل شرح ملا و یوسف زلیخا تحفۃ الاحرار وغیرہ آجتک مقبول فضلائے روزگار ہیں۔

جارچی ت نقیب اور منادی کرنے والا آواز دینیوالا۔

جای ف جگہ مکان اور گھر و قیامگاہ۔

جانی ع دوست پیارا اور گنہگار اور لاد جینونکی۔

جالی ع جلا دینیوالا روشن کرنیوالا صاف کرنیوالا۔

جامگی ف وظیفہ و پس ماندہ و فضلہ جام جو پیالہ میں بچا ہے۔

جادوئی ف سحر و ساحری یعنی جادو اور جادوگر۔

جافی ع ظلم و جفا کرنیوالا زبردستی و تعدی کرنیوالا۔

جاودانی ف ہمیشہ رہنے والی چیز قائم رہنے والی۔

چاشنی ف تھوڑی چیز شراب اور طعام سے جو چکھنے کیلئے لیجائے۔

چار جوئی بہشتی ف بہشت کی چار نہریں اول نہر آب دوم نہر شیر سوم نہر شراب چہارم نہر شہد۔

چاپلوسی ف نرم زبانی و خوشامد و شیرین کلامی۔

جاجی ف جو کمان شہر جاج کی بنی ہوئی ہو۔

چالکی ف تیزی و اسپ تیز رفتار۔

چائی ف مشہور چیز ہے جسکا قہوہ بنا کرتے ہیں۔

چادر کافوری ف صبح اور صبح کی روشنی۔

چارپائی ف پلنگ اور کھاٹ جسپر سوتے ہیں۔

چالاکی ف تیزی و تندی و مستعد ہونا۔

## جیم با با

جنبلی ع طبق سپید آلیشی مادی اصلی۔

چپاتی ف فطیری روٹی جو خمیری نہو۔

## جیم با تا

چتر سیاہی ف چودھویں رات کا چاند۔

چتر کحلی ف آسمان و ابر سیاہ۔

## جیم با دال

جدری ع چیچک یعنی سیتلا جو ایک بیماری مہلک ہے۔

جدی ع نام دسویں برج آسمان کا۔

جدائی ف الگ ہونا علحدہ ہونا۔

## جیم با راے

جری ع مرد دلیر و بہادر و جوانمرد و جنگ آور۔

چرخی ف نام ایک ریشمی کپڑے کا ہے اور وہ چیز جو پھرتی رہتی ہے۔

چرخگی ف رقص کرنا ناچنا۔

چرخچی ف ہراول فوج کے آگے چلنے والا۔

چرخ دولابی ف آسمان پھرتا ہوا۔

## جیم با زاے

جزورسی ف کفایت اندیشی کرنا۔

جزوی ع تھوڑا سا اندک و کم مقدار۔

## جیم با سین

جسمانی ف جسم کا۔

جسدی ع جسمی اور بدنی۔

چستی ف مضبوطی و محکمی و استواری۔

## جیم با با

## جیم با شین

چشم پوشی ف لحاظ کرنا کسی کے گناہ سے درگذر کرنا
چشم نمائی ف دھمکانا معتوب کرنا۔

## جیم با عین

جعلی ع ایک نئی چیز جو اصلی چیز کی طرح بنائی جائے
جعفری ف نام ایک پھول زرد رنگ کا ہے۔

## جیم با غین

چغلی ف کسی کی برائی کرنا پیٹھ پیچھے بدی کرنا۔

## جیم با کاف

چگونگی ف کیفیت حقیقت و ماہیت و اصل حال۔

## جیم با لام

جلدی ف شتابی کرنا کسی کام میں۔
جلی ع روشن و آشکارا و بڑا۔
جلقی ع مشت زنی کرنیوالا شخص۔
چلمچی ت ہاتھ دھونے کا طشت جس میں ہاتھ دھلاتے ہیں۔
چلی ف حمق و بیعقلی و نادانی و بیوقوفی۔
چلی ف نامردی و کم ہمتی و سستی و کاہلی۔

## جیم با میم

جمادی الثانی ع نام چھٹے ماہ قمری کا۔
جملگی ف تمام اور بالکل اور سارا۔

## جیم با نون

جنگ زرگری ف فریبی جنگ کرنا یعنی دلمیں دوستی ہو اور ظاہر میں عداوت کا اظہار کرے
چندی ف تھوڑا سا کسی قدر۔

جنی ع قوم جن اور جنون زدہ دیوانہ۔
چنگی ف چنگ نواز جو چنگ بجانے والا ہو۔

## جیم با واو

جوی ف نہر پانی کی جو جاری ہو۔
جودی ع پہاڑ جسپر نوح کی کشتی ٹھہری تھی۔
جوہی ف ایک قسم کے پھول کا نام ہے۔
چوکی ف نگہبانی و چوکیداری و پاسبانی و حفاظت۔
جوقی ع ایک قسم کی مچھلی کا نام ہے۔
جولقی ع پشمینہ پوش قلندر فقیر و بینوا۔
جوحی ع بجائے مسخرہ و ظریف یعنی بھانڈ۔
جوہری ف جوہر شناس جواہر کا پرکھنے والا۔
جوہر ثانی ع عقول عشرہ سے دوسری عقل۔
جواری ع کنیزان و دختران گھر کی عورتیں انگوٹھیاں
اور چیزیں جاری ہونیوالیاں۔
جوانی ف بالغ ہونے کی عمر زور و قوت کا زمانہ۔
جوز ہندی ف مغز ناریل جو مشہور چیز ہے۔
جوز خراسانی ف اخروٹ خراسان کے ملک کا ہے
جوزی ع جوز کا رہنے والا جو ایک شہر ہے۔
جولانی ف اسپ و پیالہ شراب جو دوڑتی ہو
چوگانی ف چوگان باز جو گیند کھیلے۔
چوبکی ف چوبدار جو امراء کی اردلی میں رہتے ہیں۔
چوبی ف لکڑی کی بنی ہوئی چیز۔

## جیم با ہا

جهودی ف ایک شخص جو قوم جہود سے ہو۔
چہرہ کشائی ف مصوری و نقاشی و پردہ دری او ظہار عیب

## جیم با یاء

چی ف نام پرگنہ ملک اصفہان سے۔
چیرہ دستی ف غالب ہونا زبردست ہونا۔
چینی ف چین کی چیز اور چین کا آدمی۔
چی ت غم و اندوہ و فکر و اندیشہ۔

## پانچویں فصل
## اُن لغات کے بیان میں جن کے اول حرف حا اور اخیر میں یاء ہے

## حا با الف

حاکی ع حکایت کرنے والا بات کرنے والا۔
حاوی ع احاطہ کرنے والا گرد پکڑنے والا۔
حامی ع حمایت کرنے والا مدد کرنیوالا پناہ دینے والا
حافی ع پا برہنہ جسکے پاؤں میں جوتی نہو۔
حاضری ع مخفف ما حضر طعام جو موجود ہو۔
حالی ع بیائے مجہول کسی وقت کسی زمانہ میں۔
حالی ع بیائے معروف فی الحال اور وہ شخص جسنے نیا بیاہ ہو
حاجی ع حج کرنیوالا زیارت کرنیوالا۔

## حا با باء

حبالی ع حاملہ عورت پیٹ والی عورت۔
حبالی ع حاملہ عورتیں پیٹ والی عورتیں۔
حباری ع جانور جسکا حرز نام ہے۔

---

جلشی ف جبش کا رہنے والا شخص۔

## حا با تاء

حتی ع یہانتک۔

## حا با جیم

حجی ع عقل اور کنارہ ہر چیز کا۔

## حا با راے

حرز یمانی ع ایک دعا کا نام ہے جو با توریہ دعا یمنین سے ہے
حرامی ف چور راہزن ڈاکو دھاڑوی۔
حرکت مذبوحی ع بیفائدہ کام۔
حرکات نفسانی ف غم و فرحت وغیرہ۔
حرارت غریزی ع گرمی طبعی و نفسی۔
حرارت غریبی ع گرمی غیر طبعی جو نفسی نہو۔
حری ع سزاوار و لائق کسی اچھے کام کے۔
حریری ع ریشمی کپڑے کی پوشاک۔

## حا با سین

حسینی ع خوبصورت عورت معشوق جمیل۔
خمسی ع منسوب بحواس خمسہ۔
حسینی ع نام سرود جو پچھلی رات گاتے ہیں۔
حسنی حسینی سادات حسنی حسینی جو امام حسن حسین کی اولاد ہیں

## حا با فاء

حفی ع مہربان دوست پیارا۔

## حا با قاف

حقانی ع خدا کا دوست۔

حقیقی ع اصلی بات حق کی بات درست اور سچ بات -

## حا با کاف

حکمت مدنی ع شرع محمدی صلی اللہ علیہ وسلم -
حکمت عملی ع تین قسم پر منقسم ہی ایک تہذیب
اخلاق دوم تدبیر منزل سوم سیاست مدن -

## حا با لام

حُلی ع جمع حلیہ زیور چاندی سونے کے -
حلبی ف جو چیز حلب کی ہو خصوصاً شیشہ -
حلواے مقراضی ع قسم حلوا جو خشک اور کترے
ہوئے کاغذ کی طرح ہوتا ہی -
حلوائی ف حلوا بنانے والا شیرینی بیچنے والا -
حلواے پشمینی ع قسم شیرینی جو پشم کی طرح ہوتی ہی -
حلقی ف جلیبی جو مشہور شیرینی ہی -

## حا با میم

حمی ع سبزہ زار ستوران یعنی وہ چراگاہ جہان چارپاے چرین -
حمّی ع تپ گرم اور تپ ہر ایک قسم کی -
حمری ع سرخ رنگ عورت و سرخ پوش -

## حا با واو

حواس باطنی ع پانچ حس باطن کے حس مشترک
خیال متصرفہ واہمہ حافظہ
حواس ظاہری ع پانچ حس ظاہر کے ذائقہ
باصرہ شامہ لامسہ سامعہ -
حواشی ع جمع حاشیہ و خدمتگاران و کنیزان -
حویشی ع امالہ حواشی غلامان و خدمتگاران -
حواری ع یاری دینے والے اور نام اصحاب حضرت
عیسیٰ علیہ السلام کا جو دھوبی قوم کے تھے -
حواری ع پالان سفید پوست طعام سفید و ہر چیز سفید
حوالی ع گرداگرد چارون طرف -
حویلی ع امالہ حوالی مشہور لفظ ہی مجازاً مکان گھر و محکمہ کو کہتے ہین

## حا با یاے

حیوانی ع جو چیز حیوان سے پیدا ہو مثل گوشت
و شیر و روغن و حجرات وغیرہ -
حی ع زندہ حیا و نیز نام خداے تعالیٰ و نام قبیلہ عرب
اور جمع کرنا و حاصل کرنا -

## چھٹی فصل
## اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف خا اور اخیر مین یاے

## خا با الف

خاشی ع ڈرپوک خائف ترسناک -
خاوی ع خالی جسمین کچھ نہو -
خاصگی ف مقرب و مصاحب و خزانچی و امانت دار -
خاکشی ف خوبکلان مشہور دوا ہی -
خانی ف حوض کوچک و قسم زر مسکوک -
خارج آہنگی ف وہ سرود جو بیفائدہ ہو -
خام وشتی ف ناتجربہ کاری و ناآزمودہ کاری -
خاتم بندی و خاتم کاری ف ہڈی یا ہاتھی دانت

وغیرہ پر گل پھول و نقش بنانے -
خاطی ع جو اپنے ارادہ سے خطا کرے -
خاکی ف جو خاک سے پیدا ہوا انسان و حیوان وغیرہ
خاکبازی ف مٹی سے کھیلنا لڑکوں کا -
خالی ف مشہور لفظ ہے یعنی جو چیز اندر سے پولی ہو -
خامی ف بیوقوفی اور کچا پن اور جہل و نادانی -

## خا با تاء

ختلی ف گھوڑا ولایت ختلان کا جو بہت اچھا ہوتا ہے -

## خا با دال

خدری ع ایک بیماری کا نام ہے جس سے بدن انسان کا بے حس ہو جاتا ہے -
خدمتی ف تحفہ و پیشکش و نذرانہ

## خا با راے

خرابی ف ویرانی و سرگشتگی و خرابی -
خرقانی ف ابو الحسن خرقانی ایک بزرگ کا نام ہے -
خراسانی ف قسم طعام ہے اور قسم اجوائن کی -
خراطی ع خراط کرنیوالا لکڑی کو -
خردمندی ف دانائی و عقلمندی و ہوشیاری -

## خا با زاے

خزی ع رسوا و بدنام و خراب و خستہ -
خزری ع منسوب بخزر جو ایک ملک کا نام ہے -
خزانگی ف جو چیز خزانہ میں ہو گھر میں رکھی ہو -
خزانچی جسکے سپرد خزانہ ہوا ہین آدمی -

## خا با سین

خسروانی ف ایک راگ کا نام ہے -
خسروی ف بادشاہی اور حکومت اور راج -
خستگی ف زخمی ہونا ٹوٹنا نقصان میں آنا -

## خا با شین

خشکی ف بیوست سوکھنا بے آب ہونا -
خشک مغزی ف دیوانگی و جنون و خبط و مالیخولیا -
خشوی ف مادر زن و مادر شوہر یعنی ساس -
خشی ع خوف ڈر بیم و ترس -

## خا با صاد

خصمی ع دشمنی عداوت بیر و خصومت -
خصی ع جسکے خصیہ نکال ڈالیں -

## خا با طاء

خطمی ع نام ایک دوا کا ہے جو بیج ہوتے ہیں تخم خطمی بھی اسکو کہتے ہیں -

## خا با فاء

خفگی ف گلا گھوٹنا مجازاً غصہ و غضب و خشمناکی -
خفی ع پوشیدہ چھپا ہوا آنکھوں سے -

## خا با لام

خلاق المعالی ع لقب حکیم خاقانی کا -
خلی ع بے غم و بیفکر و بے اندیشہ -

## خا با میم

خم عیسی ف عیسی کا مٹکا جس سے وہ براہ اعجاز

ہر ایک رنگ کا کپڑا رنگ دیتے تھے ۔

خماسی ع وہ کلمہ جسمین پانچ حرف ہون ۔

## خا با نون

خنثی ع جو شخص نہ عورت ہو نہ مرد ۔

## خا با واو

خودسری ف تکبر و غرور و عجب و بڑائی ۔

خورائی ف لائق شخص اور لائق چیز ۔

خون گرمی ف الفت و محبت و پیار اور جوش محبت کا

خواری ف خرابی و ویرانی و خستگی ۔

خورسندی ف خوشی ۔

خورمی ف خوشی ۔

خوشنودی ف خوشی ۔

خواصی ف خدمتگار ۔

خوبانی ف زرد آلو خشک جسکی گٹھلی کا بادام ہوتا ہے

خوردنی ف کھانیکی چیز طعام و میوہ وغیرہ ۔

خوردی ف چھوٹا پن کم عمر ہونا لڑکا ہونا ۔

خونی ف قاتل جو کسی کو قتل کر دیوے ۔

خویشی ف رشتہ داری و قرابت و ہم قومی ۔

خواستگاری ف طلب نکاح ۔ ناتہ نسبت ۔

خوئی ف پسینہ و عادت و طرز و طریق ۔

خودسازی ف اپنے آپ کو سنوار کر دکھلانا ظاہر آرائی کرنا ۔

خوشی ف مشہور لفظ ہے لیئے شادی و خرمی جو غمی

و عشرت و عیش ۔

## خا با ہا

خہی ف کلمہ تحسین و آفرین شاباش واہ واہ ۔

## خا با یا

خوف بکھال پانی کی ۔

خیلے ف اکثر ۔

خیری ف ایک پھول کا نام ہے جسکو گلخیرو کہتے ہین

خیرہ رای ف کم عقل و بیوقوف و نادان ۔

خیرگی ف تیرگی و تاریکی و کم عقلی و نادانی ۔

خیمگی ف جو شخص خیمہ مین ہو پردہ نشین ۔

# ساتوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف دال اور اخیر مین یا ہے

## دال با الف

داہی ع دانا و زیرک و صاحب علم و ہوشیار ۔

داعی ع دعا کرنیوالا طلب کرنیوالا بلانے والا

داونی ف قرض جو واجب الادا سے ہو ۔

دارچینی ف ایک دوا کا نام ہے ۔

دانائی ف عقلمندی و ہشیاری ۔

دائمی ف ہمیشہ ہر لحظہ ہر وقت ۔

دارائی ف بادشاہی اور نام ایک ریشمی پارچہ کا ۔

داروبیہوشی ف ایک دوا کا نام ہے ۔

دامنی ف چادر باریک یک عدد

داتی ع ناکس و فرومایہ و خراب و خستہ و پریشان۔
داوری ف حکومت و جنگ و شکایت۔

## دال با باء

دبیقی ع قسم دیباے لطیف جو قبیصی کپڑا ہوتا ہے۔

## دال با راے

درازدستی ف ستم و تعدی و ظلم و جور و جفا۔
درازنفسی ف پرگوئی و طول کلامی و بدزبانی۔
دراری ع ستارگان روشن۔
دری ع ستارہ روشن آسمانی۔
دری ف فارسی زبان جو فارس مین رائج ہے۔
دریوزگی ف گدائی فقیری بینوائی۔
درزی ف سینے والا درزی کپڑے سینے والا۔
درشتی ف سختی و بدخلقی و فربہی۔

## دال با زاے

دزدی ف چوری و سرقہ چورانا کسی کے مال کا۔

## دال با سین

دستیاری ف زور آزمائی و پہلوانی۔
دستکاری ف کاریگری و صناعی۔
دست ربائی ف ہاتھ پاؤن و تلاش و محنت و مزدوری۔
دست موسی ع کنایہ آفتاب یعنی سورج۔
دستوری ف رخصت و اجازت و بے روانگی۔
دست چربی ف امداد و اعانت و حمایت۔
دعاوی ع دعوی کی جمع ہے بہت سے دعوے۔

دعی ع متبنی کیا گیا فرزند بنایا گیا۔

## دال با فاء

دفلی ع خرزہرہ۔
دفتی ف کتاب کا سقوہ۔

## دال با لام

دلیلی ف ایک قسم کے سیب کا نام ہے۔
دلربائی ف معشوق ہونا اور دلربا معشوق دل لیجانیوالا
دلدہی ف تسلی و اطمینان۔
دل گرمی ف مدد و حمایت و پناہ۔
دلیری ف بہادری جوانمردی۔
دلبری ف معشوق ہونا محبوب ہونا۔
دلبستگی ف علاقہ معنوی۔
دلاوری ف بہادری جوانمردی دلیری۔

## دال با میم

دم کشی ف نغمہ سرائی یعنی راگ گانا۔
دموی ع مرض خونی و غلبہ خون کا۔

## دال با نون

دنی ف ناکس و پست فطرت و کمینہ و سفلہ آدمی۔
دنیوی ع منسوب بدنیا دنیا کی چیز و اسباب۔
دندان زنی ف برابری و خصومت و عادت۔

## دال با واو

دو پیرہنی ف دوہرا چھانا ہوا اسیدہ جو بار یک ہو
دوستی ف محبت یارانہ۔

دوشیزگی ف کنوارا ہونا۔

دوسری ف نفاق جو بظاہر دوستی اور دلی دشمنی ہو۔

دوروئی ف نفاق کرنا دو رخہ ہونا۔

دوائر فلکی ف دائرہ ہاے آسمانی۔

دوست کامی ف دوست کی خاطر اپنے فائدہ سے دست بردار ہونا۔

دوئی ف دو ہونا ضد یگانگت۔

دوی ع بولنا کان کا اگر آواز نرم اور غلیظ ہو اور اگر باریک و تیز ہو تو طنین نام ہے۔

دوزخی ف منسوب دوزخ یعنی جو شخص دوزخ کے لائق ہو۔

دوالک بازی ف مکاری و فریب و دغا۔

دواعی ف خواہشین جمع داعیہ یعنی ارادے۔

دواہی ع سختیان زمانہ کی اور رنج اور تکلیفین۔

## دال با ہاے

دہ دہی ف خالص ہونا کامل ہونا کھرا ہونا۔

دہ پنجی ف ناقص ہونا عیب دار ہونا۔

دہن مصری ف روغن بلسان جو مصر مین نکلتا ہے۔

دہری ف پیرسالخوردہ اور نیز وہ شخص جو عالم کو قدیم جانے مگر قیامت کا قائل نہو۔

## دال با یاے

دی ع ماہ ماگھ و موسم سرما اور نام نوین تاریخ کا ہر ماہ شمسی سے و شب تاریک۔

دیوانگی ف دیوانہ پن و خبط و جنون۔

دیوانی ف وہ عدالت جسمین نقد روپیہ اور قرضہ کے دعوے دائر ہون۔

دی ف روز گذشتہ جو گذر چکا ہو۔

دین حنیفی ع دین ابراہیم خلیل اللہ کا۔

دیلمی ع نام قوم جنہین سے بہت بادشاہ ہوئے چنانچہ عضد الدولہ دیلمی وغیرہ۔

## آٹھوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف ذال اور آخر مین یا ہے

## ذال با الف

ذات الکرسی ع نام ایک شکل کا اشکال آسمانی سے۔

## ذال با کاف

ذکی ع تیز طبع فہیم دانا عقلمند ہونا۔

## ذال با میم

ذمی ع اہل کتاب جو زنہاری ہو جسکے ذمہ دار اہل اسلام ہون

## ذال با یاے

ذی ع خداوند و صاحب و مالک۔

## نوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف راے اور آخر مین یا ہے

## راے با الف

رادی ع بدلا سخاوت و جوانمردی و حکمت۔

رافضی ع وہ شخص جو اپنے مالک کے ساتھ بیوفائی

کرے چونکہ زید شہید کے پیرودں نے اُنکے ساتھ وقت پر بے وفائی کی اور الگ ہو گئے اسواسطے انکا خطاب رافضی ہوا۔

راہداری چوکیداری و پاسبانی۔

راہی ف مسافر راستہ چلنے والا۔

رامی ع تیرانداز و سنگ انداز و تہمت کرنیوالا۔

راعی ع شبان و حاکم و نگہبان قوم کا۔

راستی ف سچائی و درستی۔

راضی ع رضا مند۔

راجی ع امیدوار جیسے کسی کو نیکی کی طمع ہو۔

راوی ع روایت کرنیوالا دیکھی بات کرنیوالا۔

راقی ع افسونگر و عزیمت خوان اور اوپر کو چلنے والا۔

رائی ف عقل و فکر ہندی میں چھوٹا راجہ۔

رامشی ف مطرب گانیوالا سرود کرنے والا۔

راشی ع رشوت لینے والا ناجائز حق کسی کام میں لینے والا شخص۔

## راے با باء

رباعی ع چار مصرع کا شعر اور ہر چیز جو چار کی تعداد پر ہو۔

ربانی ع پروردگار کا بندہ چنانچہ محبوب ربانی۔

## راے با جیم

رجعت قہقری ع اُولٹے پاؤں چلنا پیچھے کو چلنا چنانچہ بعض ستاروں کی گردش اولٹی ہے۔

## راے با دال

ردی ع رد ہوا ہوا مردود و رانذہ۔

## راے با سین

رستی ف راحت و فراغت و نعمت و رزق و روزی

رسمی ع چاکر و خراج و محصول۔

رسائی ف پہونچ پہونچنا۔

رسمی ف بموجب رسم کے۔

رستنی ف گھاس پات اُگنے والی چیز۔

رسیدگی ف بالغ ہونا جوان ہونا پہونچنا اپنے حد مقدار بلوغ تک۔

## راے با ضاد

رضی ع خوشنود اور رضا مند و خوشدل۔

رضاعی ع ہم شیر جیسے کسی اور سے ملکر ایک دایہ کا دودھ پیا ہو وہ دوسرے شخص کا یار اور رضاعی ہوا یعنے دودھ بھائی۔

رعنائی ف خود آرائی و زیبائی و خوبی و حسن جمال و زینت

رعی ع چرنا چرانا و نگہبانی کرنا مویشی یعنے گائے بیل بھینس بکری بھیڑ کا۔

رعی ع گھاس مویشی کے چرنے کی اور سبزہ خوراک مویشی کا۔

## راے با کاف

رکابی ف چھوٹا طشت چھوٹا رکاب۔

رکنی ع زر خالص رکن نام ایک کیمیاگر کا تھا اُسکا بنایا ہوا سونا خالص ہوتا تھا۔

رکن یمانی ع ایک رکن کعبہ کا نام ہے۔

## راے با میم

رمی ع تیر چلانا کمان سے ۔

## راے با واو

روحانی ع آسایش و تازگی و پاکیزگی و آرام و چین و عیش و عشرت ۔

رُوحانی ع جو چیز روح سے متعلق ہو یعنی باطنی چنانچہ محبت روحانی و دلی محبت ۔

رُوعانی ع دلی و عقلی ۔

روح حیوانی ع وہ روح جس سے زندگی متعلق ہو اور ہر ذیجان اُس سے زندہ رہتا ہو ۔

روح نفسانی ع نفس ناطقہ یعنی نفس بولنے والا کلام کرنے والا یہ خاص انسان کو ملا ہو ۔

روح نباتاتی ع نباتات کی روح جس سے تازہ تازہ رہتی ہین اور بڑھتی جاتی ہین ۔

روزی ع رزق جو انسان کو رزاق مطلق سے ملتا ہو ۔

روح طبعی ع جس سے طبیعت کو قوت حاصل ہوتی ہو ہضم غذا و توالد و تناسل متعلق اسکے ہو ۔

روستائی ف جاٹ زمیندار کھیتی کرنے والا ۔

رودکی ف منسوب برودک جو علاقہ سمرقند کے نزدیک ہو یعنی رودک کے رہنے والا ۔

روسپی ف زن فاحشہ اور کسبی عورت زناکار و بدکار

روائی ف ایک راگ کا نام ہو ۔

روائی ف جاری کرنا چنانچہ حاجت روائی ۔

روی ف چہرہ اور کانسی جو مشہور دھات ہو ۔

روی ع سیراب و تازہ و سرسبز ۔

روشنی و روشنائی ف اُجالا ۔

روشناسی ف واقفیت اور پہچان آدمی کی

روبہ بازی ف مکر و فریب حیلہ بہانہ و دغا ۔

## راے با ہاے

رہائی ف خلاصی علیحدگی کسی قید و بلا و مصیبت سے

رہی ت غلام و عبد یعنی بندہ خادم تابعدار ۔

رہاوی ع موسیقی کے ایک مقام کا نام ہو ۔

## راے با یاے

ریباری ہ شتر سوار سانڈنی اسوار جو شخص ونٹ پر چڑھا ہو

ریحانی ف وہ شراب جو سبز رنگ ہوتی ہو ۔

ریسمانی ف بازیگر جو رسی پر چڑھ کر کھیلتا ہو ۔

ریسمان بازی ف بازیگری ۔

ریاضی ع مشہور علم ہو جسکے متعلق علم حساب و جبر و مقابلہ و ہندسہ و جغرافیہ و تاریخ و مساحت وغیرہ ہو ۔

ریش قاضی ف کنایہ وہ روئی جو شراب کی بوتل کے منھ پر رکھی جاتی ہو ۔

ریزہ خوانی ف آواز پیچیدہ گلے سے نکالنی یعنی گٹکری ۔

رے ع ایک شہر کا نام ہو ۔

## دسوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے

اول حرف زاے اور آخیر مین یاء ہے

زاے با الف

زانی ع زنا کرنیوالا نامحرم عورت سے صحبت کرنیوالا-
زاری ف رونا عجز کرنا فریاد کرنا-
زایندگی ف پیدا ہونا اولاد کا اور بچہ کا ماں کے پیٹ سے

زاے با باء

زبانی ع موکلان دوزخ یعنی دوزخ کے فرشتے-
زبان بازی ف برابری و خصومت و طول کلامی-
زبردستی ف زور آوری و ناانصافی و جوانمردی-
زبان درازی ف بہت بولنا گالی دینا کسی کو-

زاے با دال

زدائی ف صاف و پاک کرنیوالا درست کرنیوالا-

زاے با راے

زردوزی ف طلا کا کام کپڑے پر کرنا-
زرگری ف سنار کا کام اور مکر و فریب حیلہ و بہانہ کرنا
زرجعفری ع زر خالص اور جعفر کیمیاگر تھا جو جعفر
برمکی ہارون رشید کا وزیر تھا-
زر مغربی ف سونا خالص ملک مغرب کا جہان خالص سونا ہوتا ہے-
زرعونی ف نام معجون مقوی کمر و پشت و مقوی باہ-
زری ف قسم پارچہ زرین مثل کمخواب وغیرہ-

زاے با کاف

زکی ع پاک گناہ سے اور صاف و خوبصورت-

زاے با لام

زلالی ف نام شاعر جسکا فارسی دیوان مشہور ہے-

زاے با میم

زمجی ہنگی ف دم طائر و بیخ و دم طائر یعنی پرند کی دم
زمانی ع زمانہ کا چنانچہ ملکہ زمانی-

زاے با نون

زنہاری ف جو کسی کی پناہ مین اور اسکی پناہ مین
اگر ہر ایک دشمن سے بیخوف ہو-
زنگی ف حبشی زنگبار کا آدمی جو ایک مشہور ملک ہے-
زندگی ف عمر اور جینا و حیات-
زندگانی ف عمر اور جینا اور حیات-
زنجیری ف قیدی جسکو زنجیر پہنائی گئی ہو-
زنبوری ف ایک قسم کی کستوری نہایت عمدہ ہوتی ہے
زنگاری ف مشہور رنگ ہے زنگار کے رنگ پر-
زودی ف شتابی جلدی بلا توقف-

زاے با ہاے

زہی ف کلمہ تحسین ہے واہ واہ بہت خوب بہت بہتر

زاے با یاے

زہی ف کنارہ حد طرف جانب و مخفف زیست
اور صیغہ امر زیستن-
زیادہ سری ف خودسری سرکشی و تکبر-
زیرکی ف دانائی عقلمندی ہشیار مآل اندیشی
زیّ ع لباس و جامہ و پوشاک-
زیتونی ف ایک رنگ کا نام ہے-

زیر بریانی ف قسم طعام جو نہایت لذیذ ہوتا ہے۔
زیربائی ف ایک قسم آش کا ہے۔
زیر پائی ف کفش یعنی جوتی جو پانو مین پہنتے ہین۔

## گیارھوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف سین اور آخر مین یاے ہے

### سین با الف

سامری ع قوم موسی مین ایک مرتد کا نام ہے جسنے موسی علیہ السلام کی غیبت مین سرا و مکر و فریب سونے کا بچھڑا بنا کر قوم کو گمراہ کیا تھا اور بہت سے لوگ اُسکے فریب مین آگئے تھے۔
سادگی ف صفائی بے تکلفی اور بیعقلی اور سادہ لوحی۔
سال شمسی ع وہ برس جو سورج کی چال سے محسوب ہو چیت کے مہینے سے۔
سال قمری ف چاند کی چال کا برس محرم سے ماہ ذی الحجہ تک۔
سالوسی ف چرب زبانی فریب و مکر و دغا بازی۔
سائی ف گھسنا رگڑنا چنانچہ آسیا سائی۔
ساعی ع کوشش کرنے والا۔
سانگی نام میوہ جسکو ساوگی کہتے ہین۔
سائی ع اثر کرنے والا سرایت کرنے والا۔
ساہی ع غافل اور فراموش اور بھولا ہوا۔
ساقی ع پلانے والا پانی شراب وغیرہ کا۔
سامی ع بزرگ بلند اونچا۔

ساری ع جاری و روان۔

### سین با بار

سبکی ف ہلکا پن مندگرانی کی اور خفت و بیعزتی۔
سباعی ع سات آسمان یا سات ستارے یا سات ولایتین۔
سبعی ع درندگی دکھلانا۔
سبع المثانی ع سات آیتین جو دوبار نازل ہوئین یعنی سورۃ فاتحہ یہ سورۃ ایک مرتبہ مکہ اور دوسری مرتبہ مدینہ مین نازل ہوئی۔
سبز بختی ف نیک طالعی و دولتمندی و نیک نصیبی۔
سبکروحی ف بے تعلقی و ترک و تجرید۔
سبکسری ف حماقت بیوقوفی نادانی۔
سبکروی ف تیز رفتاری تیز چلنا دوڑنا۔
سپردنی ف لائق سپرد کرنے کے۔
سبزی ف ساگ پات گھاس وغیرہ اشیاء۔
سپنجی سراے ف خانہ بے ثبات صرف اس جہان مین تین یا پانچ دن تک قیام ہو مجازاً خانہ نی یعنی جھونپڑا۔
سپری ف گذرا ہوا آخر ہوا ہوا ختم ہوا ہوا۔

### سین با تاء

ستی ف فولاد و آہن و نیزہ و سنان یعنی برچھی۔
ستبری ف موٹائی موٹاپن و فربہی۔

### سین با جیم

سجاوندی ف قرائت کے علم مین ایک کتاب ہے۔

## سین با حاے

سحائی ع وہ تاگا جو خط پر باندھتے ہین اس لیے کہ کوئی اسکو کھول نہ سکے۔

## سین با خاء

سختی ف دشواری و تنگی و ناچاری۔

سخی ہ صاحب بخشش و سخاوت کرنیوالا آدمی۔

## سین با دال

سدرۃ المنتہی ع بیری کا درخت ساتوین آسمان پر اور اسپر جبرئیل کا مقام ہے۔

## سین با راے

سر دستی ف جو کچھ حاضر ہو جو موجود ہو۔

سراری ع جمع سریہ کی لونڈیان مدخولہ کنیزین۔

سراے ف مکان گھر مسافرخانہ۔

سر بازی ف لڑائی جنگ فساد معرکہ آرائی۔

سر پنجگی ف زورآوری و جوانمردی۔

سرافرازی ف سربلندی عزت آبرو و بادشاہی وغیرہ۔

سرخی ف سرخ ہونا لال ہونا غصہ مین آنا۔

سرتابی ف نافرمانی و بغاوت۔

سرگرانی ف غروری سفلہ پن بے آبروئی۔

سروسہی ف کنایۃً قد معشوق سیدھا قد۔

سرکردگی ف سرداری افسری سرگروہی۔

سرخوشی ف سرور و نشہ شراب کا جو تھوڑا ہو۔

سرکاری ف منسوب بسرکار چنانچہ فوج سرکاری۔

سردار کار یعنی کوتوال و داروغہ وغیرہ۔

سربراہی ف درستی و انتظام و بند و بست۔

سر بالائی ف اظہار عزت و بزرگی۔

سر زدہ ف ٹھوکر و ضرب جو کسی کو لگ جائے۔

سرگوشی ف کان مین باتین کرنی آہستہ باتین کہنی۔

سرائیلی قوم بنی اسرائیل یعقوب نبی کی اولاد۔

سرابیلی ہ مرد مخنث یعنی ہیجڑا آدمی۔

سرگرانی ف ترش رو و بدمزاج و بدخو۔

سری سقطی ہ نام بزرگ جو کامل ولی مشہور ہے۔

سرآوری ف گردآوری یعنی جمع کرنا۔

سرپرستی ف مختاری و افسری و سرداری۔

سرپائی ف جماع کرنا صحبت کرنا۔

سردردی ف محنت و تکلیف و درد سر۔

سردی ف ٹھنڈک جاڑا سرد ہونا۔

سرسری ف بے تامل بے تحقیق فی الفور۔

سروری ف سرداری افسری و بالائی۔

سری ف سرداری افسری عزت و آبرو۔

سرمدی ف ہمیشگی۔

سرکشی ف نافرمانی کرنا بغاوت کرنا۔

سرمہ سلیمانی ف قسم سرمہ کا ہے۔

## سین با عین

سعی ع کوشش و تن دہی و تیز رفتاری و محنت

سعدی تخلص شاعر جسکا نام مصلح الدین شیرازی تھا

کتاب پندنامہ و گلستان و بوستان و دیوان
سعدی اسکی یادگار ہین اور مشہور و نامی شعرا ہین ہر -
سغری ع چپٹی کھیلنے والی عورت اور شہوتی عورت -

## سین با فاء

سفلی ع پستی اور زیرین یعنی نچلی اور نیچے کی -
سفلیٰ ع پست ترین مؤنث اسفل کے لفظ کی -

## سین با لام

سلواہی ع نام جانور پرند جو موسی نبی کے لشکر مین
آتے اور وہ لوگ اسکے کباب کرکے کھاتے -
سلاحی ع سپاہی ہتھیار باندھے ہوے -
سلاخی ع چمڑا اکھاڑنا پوست اتارنا -

## سین با میم

سمائی ع نام طائر جسکو سلوی کہتے ہین ہندی بٹیر
سماوی ف آسمانی ستارہ یا کوئی اور چیز جو آسمان
سے نازل ہوئی چنانچہ کتب سماوی آسمانی کتاب -

## سین با نون

سنی ع رفیع و بلند و روشن و تابان اور مشہور فرقہ
اہل سنت وجماعت کا جسمین سب لوگ محمد صلی اللہ علیہ وسلم
کے ابوبکر عمر عثمان علی چارون جانشینون کو
خلیفہ برحق مانتے ہین بخلاف شیعہ کے -
سنگدلی ف بیرحمی و ظلم و ستم -
سنجیدگی ف وزن دار ہونا وزن کرنا -

## سین با واو

سوسنی ف ایک رنگ کا نام جو سرخ و نیلا ہوتا ہر -
سوائی ف اس سے الگ اور بغیر -
سوختگی ف جلن سوزش -
سودائی ف دیوانہ اور خبطی -
سوداگری ف تجارت کرنا سودا بیچنا -
سواسی ع برابر ہموار -
سوری ف ایک سرخ پھول کا نام ہر -
سوانی ع شتران آبکش یعنی اونٹ پانی کھینچنے والے -
سواقی ع جمع ساقیہ یعنی جھوٹے خورد و چھوٹی نہر -
سوفسطائی ع قوم حکمائے باطلہ جو نفی حقائق مین
تقریر کرتے ہین اور خدا کی ہستی کے قائل نہین -
سوی ف طرف اور ترکی مین پانی -
سوقی ع بازاری و بازار نشین دوکاندار -
سوزنی ف ایک قسم کا فرش ہر جسپر بخیہ اور سوئی کا
کام ہوتا ہر کشمیر مین بکثرت بنایا جاتا ہر -

## سین با ہاء

سہروردی ع نام خاندان مشائخ ہر جن کے امام
شیخ شہاب الدین سہروردی ہین اور سہرورد
ایک شہر عجم مین ہر -
سہی ف راست قد کی تعریف مین آتا ہر مثلاً سہی سرو وغیرہ

## سین با یاء

سیری ف پیٹ بھر جانا کھانے کے بعد -
سیلی ف مکا اور گھونسہ -

سی ف تیس ترکی مین او یعنی وہ۔

سیہ کاری ف ظلم و بدی و خرابی و فتنہ و فساد۔

سیر السوانی ع رفتار شتران آب کش۔

## بارھوین فصل

## اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف شین اور اخیر مین یاے ہے

### شین با الف

شاکی ف شکایت کرنیوالا ناراض آدمی۔

شاطی ع کنارہ دریا و ساحل دریا نہر کا کنارہ۔

شافعی نام امام مذہب اہل سنت کے چار امام سے ایک کا نام ہے۔

شاخچہ بندی ف پیوند کرنا جوڑنا انتظام کرنا۔

شاہی ف بادشاہی دربار و بادشاہی محل وغیرہ باتین جو بادشاہ کے ساتھ منسوب ہون۔

شامی شام کا رہنے والا شام کے ملک کا۔

شانی ع دشمن اور بیری و عداوتی آدمی۔

شانہ بندی ف مشکین باندھنا بازو باندھنا۔

شادی ف خوشی و عیش و عشرت۔

شافی ع شفا دینے والا آرام بخشنے والا یہ نام خدا تعالے کے نامون مین سے ہے۔

### شین با باء

شبانی ف چرواہا ہونا مویشی چرانا۔

شبلی ع نام ایک مرد عابد کا ہے جو کامل ولی تھا۔

شب گردشی رات کو پھرنا گشت کرنا کوتوال کا رات کو پھرنا

### شین با تاء

شتی ع متفرق الگ الگ۔

### شین با راے

شربتی ف عقیق و قسم جامہ ابریشمی جو شربتی رنگ ہوتا ہے۔

شرابزدگی ف کمال بیہوشی جو شراب پینے سے واقع ہو۔

### شین با سین

ششتری ف قسم جامہ منسوب بشہر ششتر۔

### شین با کاف

شکر رنگی و شکر رنجی ف آزردگی و رنجیدگی۔

شکرتری ف شکر سفید کھانڈ و قند سفید۔

شکوی ع گلہ شکایت و ناراضی جو زبان سے بیان کیجائے۔

### شین با لام

شلائینی ع شوخی و چپیدگی اور چبک۔

### شین با میم

شماسی ع مرد شمس پرست جو سورج کو پوجے۔

شماخی ع شروان کے پاس ایک قصبہ ہے۔

شماعی ف شمع روشن کرنیوالا چراغ جلانیوالا۔

### شین با واو

شوری ع مشورت صلاح و تجویز و تدبیر آپس مین کرنا

شومی ف نحوست بدبختی خرابی و ابتری۔

شوخ چشمی ف شوخی و کج ادائی۔

شوی ف عورت کا شوہر یعنی خاوند عورت کا

### شین با ہاء

شہوت کلبی ع گرسنہ رہنا ایک بیماری کا نام ہی جس سے آدمی کا پیٹ نہین بھرتا یعنی کتے کی بھوک ۔
شہرنبی ف مدینہ منورہ جو محمد صلعم کا مسکن ہی ۔
شہنائی ف ایک ساز کا نام ہی جو جنگ مین بجایا جاتا ہی بگل اسکو کہتے ہین ۔
شہیدی ف ایک شاعر کا نام ہی جسکا دیوان مشہور ہی ۔
شہی ف بادشاہی سلطنت حکومت و فرمان فرمائی
شہری ف ایک سرود کا نام ہی اور شہر مین رہنے والا ۔
شہوی ف صاحب شہوت جسکو خواہش بہوت ہو ۔
شہوانی ف خواہشمند و طالب جاہ رکھنے والا ۔

## شین با یای

شیفتگی ف حیرانی و دیوانہ پن و پریشانی ۔
شیئ ع چیز ۔
شیدی ف لقب حبشیان و زنگیان ۔
شیلانجی ف دارو غہ باورچیخانہ کا ۔
شیرینی ف حلوا و غیرہ میٹھی چیز ۔
شیرین کاری ف سرانجام کار بوجہ احسن ۔
شیعی ف جو شخص شیعہ مذہب ہو ۔
شیخ نجدی ف لقب شیطان لعین کا ۔
شیخی ف فخر و بڑائی و تکبر و غرور ۔

## تیرھوین فصل

ان لغات کے بیان مین جن کے اول حرف صاد اور آخر مین یاے ہو

## صاد با الف

صاحی ف قسم انگور و نام جامہ ابریشمی مخطط ۔
صافی ع صاف و بے کدورت و آبدار ۔

## صاد با باء

صبوری ع صبر کرنا ٹھہر رہنا مصیبت کیوقت بیقرار نہونا ۔
صبی ع بچہ و کودک کم عمر لڑکا ۔
صبوحی ع شراب بامداد صبح کی شراب ۔
صبی ع طفلی و کودکی و کم عمری ۔

## صاد با حاء

صحاری ع جمع صحرا بہت سے جنگل اور ویرانے ۔

## صاد با راے

صرعی ع جو مرگی کی بیماری سے بیمار ہو ۔
صراحی ع شراب یا پانی رکھنے کا برتن ۔
صرفی ع جو علم صرف کا پڑھا ہو ۔

## صاد با فاء

صفی ع برگزیدہ و خاص و لقب آدم علیہ السلام ۔
صفراوی ع جو مرد مرض صفرا سے بیمار ہو ۔

## صاد با لام

